اس کتاب کے تمام حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۹۱۴ء کے رُو سے ملک چنن الدین کے نام محفوظ ہیں

527

سلسلہ تصوف نمبر ۱۴۳

اُردو ترجمۂ کتاب

مکتوبات شریف

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ نقشبندی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

سے

اللہ والے کی قومی دکان اور رسالہ "اسرار تصوف" کے

مالک و ایڈیٹر

ملک چنن الدین خلف الرشید ملک فضل الدین ککے زئی نقشبندی مجددی تاجر کتب

منزل نقشبندیہ

کوچہ ککے زیاں بازار کشمیری

لاہور نے

عاشقانِ رسولِ اکرم و محبانِ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے بصرفِ زرِ کثیر بامحاورہ اُردو ترجمہ کرا کر نہایت صحت و صفائی کے ساتھ شائع کیا

726

(اس کتاب کے جملہ حقوق بحق ملک چنن الدین محفوظ ہیں)

527

سلسلہ تصوف نمبر (۱۴۳)

اردو ترجمہ کتاب

726

مکتوبات شریف

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ نقشبندی دہلوی علیہ الرحمۃ

مترجمہ

جناب عالم نبیل و فاضل جلیل حامی دین متین حضرت مولوی قاضی عالم الدین صاحب خلیفہ مجاز حضرت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین فخر خاندان عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مقبول رب الرحیم حضرت خواجہ حاجی حافظ محمد عبد الکریم صاحب سلمہ

جس کو

اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ)

مالک ملک چنن الدین تاجر کتب قومی بازار کشمیری لاہور

نے

بصرف زر کثیر بامحاورہ اردو ترجمہ کرا کر لاہور سے شائع کیا

بار

قیمت ۱۲/

Marfat.com

شجرہ شریف

اولاد حضرت خواجہ کلاں صاحب رح

سید رضی الدین احمد الملقب خواجہ محمد باقی باللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تاریخ وصال سنہ ۱۰۱۲ ہجری

۶ رجب المرجب سنہ ۱۰۱۰ ہجری بوقت صبح تشریف دنیا میں لائے اور اپنے بڑے بھائی سے چار ماہ چھوٹے اور دوسری والدہ کے بطن سے ہیں۔ زندگی سے وصال تک دہلی ہی میں سکونت رکھی۔

اولاد حضرت خواجہ خورد صاحب رح

- خواجہ عبید اللہ صاحب معروف خواجہ کلاں
  - خواجہ دین الدین صاحب
    - خواجہ مغیث رح
      - خواجہ اسرار صاحب
        - خواجہ احمد یار صاحب
          - محمد وزیر لاولد
          - خواجہ میر عبد اللہ صاحب
            - خواجہ محمد امیر صاحب
              - حافظ سید محمد نصیر صاحب
                - مظفر علی
                - صفدر علی
                - فاطمہ بیگم
                - منور علی
                - محمد ابراہیم
                - محمد کبیر
                - امت اللہ بیگم
          - رضیہ بیگم لاولد
- خواجہ عبد اللہ صاحب عرف خواجہ خورد علیہ الرحمۃ
  - خواجہ علی پسر رح
    - امت الباقی بیگم
      - میر سید محمد صاحب
        - میر سید علی گوالیار
          - سعیدہ بیگم
          - سید حیدر
        - خواجہ احمد میر
          - صاحبزادی بیگم
            - بیوی بیگم
          - بدر الدین عرف فقیر صاحب بھرتپور
            - سید محمد
            - سید احمد
            - سید حامد
            - حمید الدین
        - شاہ نظام الدین صاحب عرف شاہ جی صوبہ شیر دہلی
          - نواب محمد میر خاں
            - سید محی الدین عرف نواب بڈھے صاحب
              - بیوی بیگم
              - سید محمود
              - ابو القاسم
                - سعیدہ بیگم
              - غوث محمد
          - نواب سید میر خاں
            - سید ابراہیم
              - ہدایت بیگم
                - موتی بیگم
          - بنو بیگم
            - خواجہ محمد امیر
              - حافظ محمد فقیر صاحب
                - فاطمہ بیگم
                - منور علی
                - مظفر علی
                - صفدر علی

53456

Marfat.com

726

اُردو ترجمہ کتاب

مکتوبات

حضرت قدوۃ الواصلین زبدۃ العارفین حضرت خواجہ باقی باللہ فانی فی اللہ قدس سرہٗ

نماز کی حقیقت کے بیان میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے دوست! اللہ تعالیٰ تجھے فناء و بقاء کی دولت سے مشرف فرمائے۔ تجھے جاننا چاہیئے۔ کہ نماز کی ایک حقیقت ہے۔ اور ایک صورت۔ جب تک موت اختیاری کے ساتھ مشرف نہ ہوں نماز کی حقیقت ظاہر نہیں ہوتی۔ سلوک کی راہ سے اس شرف اور مرتبہ کا حاصل ہونا دس اصلوں پر مبنی ہے۔ (۱) توبہ۔ (۲) زہد (۳) توکل (۴) قناعت (۵) عزلت۔ (۶) ذکر (۷) توجہ (۸) صبر (۹) مراقبہ (۱۰) خلوۃ۔ صلوٰۃ حقیقی کے طالب میں اگر جذب الٰہی کے نزول کی استعداد ہو۔ اور سلوک پر جذبہ کے مقدم ہونے کی قابلیت رکھتا ہو۔ تو اُس کو لازم ہے۔ کہ اوّل باطن کو توبہ خالص کے ساتھ پاک کرے۔ اور دل کو نفسانی اور دُعائی خواہشوں سے خالی کرے۔ جو کہ زاہد سے مراد ہے۔ پھر بھلے اور بُرے اعتقادات سے پاک و صاف ہو کر مجمل اور مجسم توجہ بن کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہو۔ اور کلمہ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا (یعنی میں نے اپنے مُنہ کو اُس ذات کی طرف سیدھا کیا۔ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے) کو اپنے باطن کا شعار بنائے۔ اُمید ہے کہ اُس کو غیبی کشش آگھیرے۔ اور اس کو اپنی ہستی اور خودی سے فانی اور محو کر دے۔ اور وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ (میں مشرکوں سے نہیں ہوں) کے معنی اس کے اختیار کے بغیر اس میں جلوہ گر ہوں۔ اور جب اس کو پھر بقاء سے مشرف فرما دیں۔ تو اس کی پیاس اور زیادہ ہو۔ اور اس کا تعلق زیادہ قوی ہو جائے۔

Marfat.com

اور حقیقت مراقبہ کہ جس سے مراد مقصود کے حاصل ہونے کا انتظار ہے ظاہر ہو جاوے۔ اور اُس کی طہارت کے لئے ایک اعلےٰ قسم کی صفائی حاصل ہو جاوے۔ اور تجلّی ذاتی کا پرتو زبانِ حال کے ساتھ بغیر کسی قسم کے سبب اور واسطہ کے اس کے مطلب کو پورا کر دے۔ اور توکل کے معنی اسباب کو مدِ نظر نہ رکھنے سے مراد ہے معلوم کرلے۔ اگر اللہ تعالےٰ کی مہربانی اُسکی مدد فرما تو دیکھ لیتا ہے کہ یہ توجہ بھی اسی کی طرف سے ہے۔ اور اپنے آپ کو اس صفت سے خالی پہچانتا ہے۔ اور اَللّٰهُ اَكْبَرُ مِنْ اَنْ يَّتَوَجَّهَ اِلَيْهِ غَيْرُهٗ (ترجمہ اللہ تعالیٰ بہت بڑا ہے۔ اس بات سے کہ کوئی اور اُس کی طرف توجہ کر سکے) کا مفہوم یہاں ظاہر ہوتا ہے۔ اس وقت ایک اور توجہ پیش آتی ہے۔ اور وَمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ کو دوسری زبان کے ساتھ پڑھتا ہے۔ اس وقت اس کے ظاہری باطنی حواس و قویٰ بالکل عمل سے معزول ہو جاتے ہیں۔ اور وہ طالب عزلت کی صفت سے موصوف ہو جاتا ہے۔ اور وراثت کے طور پر فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ (پس رات کو جاگتا رہ یہ تیرے واسطے زیادتی اور ترقی کا باعث ہے) کے خطاب کی قبولیت پیدا کر لیتا ہے۔ اور وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ (یاد کر اپنے رب کو جب تو بھول جائے) کے امر سے عہدہ برآ ہوتا ہے۔ اور حق تعالےٰ کو تنزیہ سے یاد کرتا ہے۔ اور سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ (یا اللہ تو پاک ہے تیری حمد کرتا ہوں) کہنے لگتا ہے۔ اور توحید و اتحاد کے مقام میں قدم رکھتا ہے۔ پھر یہاں تک ترقی کرتا ہے کہ تمام موجودات کو فانی اور ناچیز معلوم کرتا ہے۔ اور کلمہ لَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ (اُس کے سوا کوئی معبود نہیں) کے نقاب سے ظہور کرتا ہے۔ یہاں پہنچکر قناعت کا خلاصہ طالب کو نیستی کے مقام میں ڈال دیتا ہے۔ پھر ہو سکتا ہے۔ کہ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ دوسرا لباس پہنکر اس کا کام بنا دیوے۔ اور اپنے آپ کو بُعد اور دوری میں جان کر صرف علم کی مشقت پر صبر کرے اس مقام میں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بھیجنے کی حکمت اور تکلیف شرعی کے نتیجے اس پر کھل جاتے ہیں۔ اور اَعُوْذُ پڑھ کر بے تکلف نماز کے پڑھنے میں مشغول ہو جاتا ہے۔ اور دوسری قسم کی فتح اور کشائش ظاہر ہوتی ہے۔ اور صراطِ مستقیم کی طرف اس کو ہدایت ہو جاتی ہے۔ اور رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ (اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اُس سے راضی ہیں کی سعادت سے بہرہ ور ہو جاتا ہے۔ جب اس مقام میں اُس کو تمکین اور اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔ تو اُس کا حال فِيْ صَلٰوتِهِمْ دَآئِمُوْنَ

Marfat.com

(وہ ہمیشہ اپنی نمازوں میں ہیں) کے موافق ہو جاتا ہے یہ ہے نماز حقیقی۔ اگر کنہ ذات اُس پر تجلی کرے۔ خواہ اس سے اگلی فنا حقیقی کی منزل میں اس کا باطن تمام امور سے سرد ہو جاتا ہے۔ اور نایافت کا درد اُس کی جان کا گریبان پکڑ لیتا ہے۔ اور اشتہی عدماً لا عود لہ (میں ایسا عدم چاہتا ہوں جس کے لئے اعادہ نہیں) کہ معنی دل نشین ہو جاتے ہیں۔ رباعی

میخانہ میں رہتے ہیں رند ایسے ایسے — نادانوں سے وہ نہیں ہیں ملتے جلتے
واقف نہیں کوئی حال سے ان کے — ہیں نعمتوں پہ دونوں جہاں کے ہنستے

ہو سکتا ہے کہ اس کا فقر نہایت تک پہنچ جاوے۔ اور اسم غنی کا مظہر بن جاوے۔ نہیں نہیں ابھی وہ درد مند ہی رہتا ہے۔ یہ وہ درد ہے۔ جو پیدائش کا مقصود ہے۔ اور عبادت روحیہ حقیقت میں یہی درد ہے۔ ابیات

بھیج اتنا درد جتنا چاہیئے — ناتواں کیا جانے کتنا چاہیئے
درد ذرہ اچھا ہے آفاق سے — درد ذرہ اچھا ہے عشاق سے

حضرت مولانا قاضی ؒ نے کتاب سلسلۃ العارفین میں قطب المحققین غوث الاسلام والمسلمین حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ سے نقل کیا ہے۔ کہ حضرت خواجہ احرار ؒ فرمایا کرتے تھے۔ کہ حضرت مولانا جلال الدین رومی قدس اللہ سرہٗ سے پوچھا گیا کہ عقل کیا ہے۔ مولانا صاحب ؒ نے فرمایا کہ عقل یہ ہے۔ کہ حق تعالےٰ کے سوا اور کسی چیز کے ساتھ آرام نہ پکڑے۔ اور حق تعالےٰ وہ ہے۔ کہ ہرگز ہرگز ادراک میں نہ آئے۔ ایسے ہی ان حروف کے راقم نے جناب ارشاد مآب مولانا خواجہ امکنگی قدس سرہٗ سے سُنا ہے کہ خواجہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد بزرگوار نیز ایک واسطہ سے مولانا اسمٰعیل شیروانی رح سے نقل کرتے تھے۔ کہ تجلی ذات بحت میں نہیں ہوتی ؎

بارگاہِ الست کے دانا — کچھ نہیں جانتے ہیں ہست سوا

بلکہ محققین کا اس پر اتفاق ہے۔ کہ ذات مطلق علم کے احاطہ میں نہیں آسکتی۔ خواہ اُس کی اضافت خلق کی طرف کریں۔ خواہ حق کی طرف۔ وہ شخص جاہل ہے۔ جو یہ کہتا ہے۔ کہ علم کے احاطہ میں نہ آنے سے معلومیت کی نفی لازم آتی ہے۔ کیونکہ علم کی حقیقت احاطہ ہے۔ جناب ولایت مآب شیخ اللہ بخش علیہ الرحمۃ جو حق تعالےٰ کے شیدائی اور ذات الٰہی کے مجذوب میر سید علی قوام جونپوری ؒ کے مرید تھے۔ اور کمال فنا اور تفرید و تجرید کے

Marfat.com

کے مشرب پر تھے۔ اسی کو نہایت جانتے تھے۔ واقعی ایسا ہی ہے۔ یہ بات ذات بحت کے ساتھ گرفتاری کا اثر ہے۔ اور کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ کی حقیقت ہے۔ حضرت خواجہ محمدؐ پارسا قدس سرہٗ رسالہ قدسیہ میں حضرت خواجہ بزرگؒ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ خواجہ بزرگ فرمایا کرتے تھے کہ جذب کے شروع میں جب خواجہ اویس قرنی رضی اللہ عنہ کی روحانیت کی طرف توجہ کی جاتی ہے۔ تو تمام ظاہری باطنی تعلقات سے پورے طور پر بے تعلق ہونا اس توجہ کا اثر معلوم ہوتا ہے۔ نیز اس رسالہ میں حضرت خواجہ رو سے نقل کرتے ہیں۔ کہ جو کچھ دیکھا گیا اور جانا گیا سب غیر ہے۔ مقصود نہیں مقصود ذاتِ بحت ہے۔ جو علم میں نہیں آتی ؎

ذاتِ حق کو کوئی نہیں پاتا ہاتھ خالی ہے۔ کوئی نہیں جاتا

پس جو لوگ ذات بحت کے ساتھ گرفتار ہیں۔ اُن کی خلاصی اس امر میں ہے۔ کہ انفاس کے موافق۔ جود اور لوازم وجود کی نفی کی طرف متوجہ ہوں۔ اور اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللہِ (فقیر اپنے رب کا محتاج نہیں) کے معنی کو تازہ کریں۔ اور گرفتاری کی صفت کو اصل کے حوالہ کریں۔ اور ہو اصل مطلب سے ہم دور جا پڑے۔ غرض تو حقیقت صلوٰۃ اور صورت صلوٰۃ کا بیان کرنا تھا۔ اب پھر ہم اپنا مقصود بیان کرتے ہیں۔ چونکہ صلوٰۃ حقیقی کا بیان کچھ ہو چکا ہے اب ہم صلوٰۃ صوری کا بیان شروع کرتے ہیں۔

نماز کی صورت کے بیان میں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ (کوئی شے اس کے مثل نہیں اور وہی سننے والا دیکھنے والا ہے) اس کے معنی کی تحقیق تیرے حوصلہ کے لائق نہیں۔ تجھے اتنا ہی کافی ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ بے مثل بے مانند ہے۔ جو کسی طرح ادراک کے احاطہ میں نہیں آسکتا۔ لَا یُدْرِکُہُ الْاَبْصَارُ (اس کو آنکھیں نہیں پا سکتیں) باوجود اس کے اللہ تعالیٰ ہر ذرہ کو محیط ہے اور جہان کے تمام ذرات اُسی کی صفات کے آئینے اور مظہر ہیں۔ اگر کہیں علم ہے تو اسی کا ہے۔ اور اگر قدرت ہے تو اسی کی۔ اسی طرح سب اُسی کی صفات ہیں جنہوں نے مخلوقات کے پردہ سے ظہور کیا ہے۔ بلکہ سب کچھ وہی ہے۔ مخلوقات محض

Marfat.com

ایک بے بود نمود ہیں۔ جیسے کہ آئینے میں صورت دکھائی دیتی ہے لیکن آئینہ صورت ویسے ہی پاک صاف ہوتا ہے۔ صورت نہ تو آئینے کے اوپر ہے۔ نہ اس کے اندر۔ صرف نمود بے بود ہے جب تو نے اس بات کو معلوم کر لیا۔ اب تجھے لازم ہے کہ ہمیشہ حق تعالیٰ کی طرف متوجہ رہے اور حق تعالیٰ کو اپنے اوپر حاضر و ناظر تصور کرے۔ بلکہ اس طرح جانے کہ جو کچھ علم و قدرت اور دوسری صفتیں تجھ میں موجود ہیں۔ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔ اور تو محض خالی ہے بلکہ تو کچھ بھی نہیں۔ محض نمود بے بود ہے۔ خارج میں صرف وہی حق تعالیٰ موجود ہے۔ لَیْسَ فِی الدَّارِ غَیْرُہٗ دَیَّارٌ (گھر میں اس کے سوا اور کوئی رہنے والا نہیں) اور وہ اپنی خالص یکتائی اور یگانگی پر ہے۔ اور جسم جسمانی و جوہر و عرض ہونے سے پاک و منزہ ہے۔ اور خارج میں اس کے سوا اور کوئی موجود نہیں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام جو اسم جامع اللہ کے بھیجے ہوئے ہیں۔ اور اس اسم جامع کی حقیقت علیہ کے موافق جامع کتاب ہمراہ لائے ہیں۔ وہی صاف آئینہ ہے۔ جو اس صورت جامع کے نہایت اچھی صورتوں میں ظہور پانے اور اس کے احکام و آثار کے ساتھ مفید ہونے کے لئے بشریت کا لباس پہنکر آیا ہے۔ اور اسم محمدیہ سے موسوم ہوا ہے۔ پس تجھے چاہیے کہ مراتب کا لحاظ رکھے۔ اور ایک مرتبہ کے اسم کو دوسری مرتبہ پر اطلاق نہ کرے۔ اور شریعت کے احکام کو اچھی طرح نگاہ رکھے۔ اور شریعت کی متابعت میں اپنی سعادت جانے ؎

اطاعت ہو نہ جب تک مصطفےٰ کی ۔۔۔ نہیں ملتی ہے راہ ہرگز صفا کی

توحید کا مختصر بیان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَعَہٗ شَیْءٌ (اللہ تعالیٰ تھا اور کوئی شے اس کے ساتھ نہ تھی) یہ وہ کلام ہے۔ جو چراغ نبوت صلے اللہ علیہ وسلم سے ظاہر ہے۔ اور شان کما کان (ابتک ویسا ہی ہے جیسے کہ پہلے تھا) جو اس چراغ نبوت کے انوار سے حاصل ہے۔ بعض بزرگ صوفیہ کی زبان پر جاری ہوا ہے۔ اس کلام سے ملتا جلتا ہے۔ چونکہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ اس ملک کے اکثر متصوفہ اس کلام سے توحید مراد رکھتے ہیں۔ بغیر اس امر کے اَلْعَالَمُ لَمْ یَظْہَرْ قَطُّ (جہاں کبھی ظاہر نہیں ہوا) حقیقت سے بے خبر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم کو اور تمام مسلمانوں

Marfat.com

کو اس امر کی برائی سے بچائے۔ اس لئے دل میں آیا۔ کہ اس کلام کی حقیقت مختصر اور مجمل طور پر بیان کی جاوے +

واضح ہو کہ کان اللہ ولم یکن معہ شیئ مرتبہ اطلاق کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس کو تمام مراتب پر تقدم ذاتی حاصل ہے۔ کیونکہ صاحبانِ کشف کے نزدیک مقرر ہے۔ کہ کاملین کے ارواح قدیم ہیں۔ اور الآن کما کان سے مراد یہ ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ اسی طرح اپنی خالص اطلاق پر ہے۔ مقیدات کے ظہور نے اطلاق کے جلوہ کو دور نہیں کر دیا۔ اس بارگاہ میں ازل و ابد و ظاہر و باطن ایک ہی نقطہ میں جمع ہے۔ جب اس چند روز تک رہنے والے وہمی اتصال والے جہان کے ذرات ظاہر ہوتے ہی عدم کو چلے جاتے ہیں۔ اور وحدت حقیقی کامل طور پر ظہور کرتی ہے۔ تو ان دونوں کے درمیان اس قدر نامتناہی اور بے شمار اطلاق ہیں۔ کہ ان بے انتہا اطلاقات کے سامنے مقیدات کا ظہور اس قدر کم ہے کہ اس کو دیکھ کر عارف کی نظر کل شیئ ہالک الا وجہہ (اللہ تعالےٰ کے سوا ہر شے ہلاک ہونے والی ہے) کو دائمی دیکھتی ہے۔ اور یہ جو عارف کہتے ہیں کہ حفظ ما بین النفسین (یعنی دونوں سانس کے درمیان کو نگاہ رکھنا) اس سے مراد دو نفس رحمانی ہیں۔ اسی واسطے بزرگوں نے کہا ہے۔ کہ عارف کے لئے اصلاح بین بہ نسبت حفظ ما بین النفسین کے بہتر ہے۔ ورنہ عارف کو حفظ ما بین النفسین کی کیا احتیاج ہے وہ اس سے الگ نہیں ہے۔ نہ اصلاح بین میں نہ اس کے سوا کسی اور حال میں۔ ہم کہتے ہیں کہ الآن کما کان سے مراد یہ ہے۔ کہ اشیاء محض ایک بے بود نمود ہیں۔ کہ وجود خارجی کی بو بھی ان کے دماغ تک نہیں پہنچی۔ ویسے ہی علم میں آرام کئے ہوئے ہیں۔ یا ہم کہتے ہیں۔ کہ اللہ تعالےٰ بہت جاننے والا ہے۔ کان اللہ وقت کے ظہور کے بعد ہوا ہوگا کہ جس کی تائید میں لی مع اللہ آیا ہے۔ اور الآن کما کان بھی ایسے ہی ہے۔ یا یہ کہ الآن کما کان انہی معنی میں صحیح ہے۔ اگرچہ کان اللہ پہلے معنوں میں ہو۔ یعنی میرے شہود کی نظر میں ویسے ہی تھا

رباعی

میں ہیچ ہوں ہیچ سے بھی ناکار — پھر ہیچ سے ہوگا کیا کار
کہتا ہوں حقیقت کے جو اسرار — حاصل ہے فقط مجھ سے گفتار

جو کچھ تو نے بویا ہے اس کو پانی دے۔ اور جو کچھ عبد اللہ نے بویا ہے۔ اس کو پانی میں بہا دے +

Marfat.com

آعوذ کے معنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

آعوذ باللہ من الشیطان الرجیم یعنی رد کئے ہوئے شیطان کی شرارت سے اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں پناہ مانگتا ہوں۔ قرآن مجید کے پڑھتے وقت (خواہ نماز میں پڑھیں خواہ نماز کے باہر) آعوذ کا پڑھنا حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم پر فرض تھا۔ اور خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی متابعت کے باعث حضور ؐ کی اُمت پر سُنّت ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کلمہ تعوذ کے پڑھنے کے وقت اِس کلمہ کے نہایت اعلےٰ درجہ کے معنی اور مفہوم سے واقف ہوتے ہوں گے۔ پس متابعت کا طریق یہی ہے۔ کہ صرف اِس کلمہ کے کہنے پر ہی کفایت نہ کریں۔ بلکہ باطن کے لحاظ سے اپنے آپ کو محض عاجز جان کر شیطانی وسوسوں کے دُور کرنے میں قادر مطلق کی بارگاہ میں التجا کریں۔ تاکہ کلام الٰہی کا پڑھنا دل کو پراگندہ کرنے والے شیطانی اندیشوں کی کدورت سے خالی ہو۔

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اِس قسم کا تعوذ توکّل کے مقولہ سے ہے۔ یعنی خدا تعالےٰ کو اپنا وکیل بنانا اور اپنی قدرت و طاقت کو اپنے آپ سے الگ کر دینا یہ توکّل ایمان کی قسموں سے ہے۔ کیونکہ جس شخص کا اِس بات پر ایمان ہے۔ کہ تمام جُزو کل کا پیدا کرنے والا اللہ تعالےٰ ہی ہے وہ جانتا ہے کہ جو فعل اور صفت اِس سے یا کسی اور سے ظاہر ہوتی ہے۔ وہ سب اِس وحدہٗ لاشریک پیدا کرنے والے کی قدرت سے ظاہر ہوتی ہے۔ نہ یہ کہ اِس کی ہستی کے خزانہ میں کوئی امر موجود ہے یا آئندہ موجود ہوگا۔ جس کے ذریعے سے ضرر کو دُور کر سکتا ہے یا نفع حاصل کر سکتا ہے۔ اللہ تعالےٰ حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تعوذ کا حکم فرما کر ارشاد فرماتا ہے۔ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطَانٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّہِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ ۔ یعنی شیطان رانے ہوئے کے شر سے اللہ تعالےٰ کے ساتھ پناہ پکڑ۔ کیونکہ شیطان کا اِن لوگوں پر کوئی غلبہ اور تصرف نہیں ہے۔ جو ایمان لائے ہیں۔ اور اپنے پروردگار کو اپنا وکیل بنا لیا ہے۔ یہی آیت ہمارے بیان پر گواہ صادق ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ہم کو بھی اِس سے کامل حصّہ ملے گا۔

Marfat.com

فصل

حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کے کلمات قدسیہ میں لکھا ہے۔ کہ جس کمزور کو کسی قوی دشمن کے ساتھ مقابلہ آپڑے۔ تو جب وہ صدق و یقین کے ساتھ اپنی طاقت و قوت سے باہر نکل آئے گا۔ تو ضرور اُس کو اللہ تعالےٰ کی طرف سے طاقت و قوت کی مدد پہنچے گی۔ جس کے ذریعے سے دینی اور مذہبی دشمنوں پر غلبہ پالیگا۔ حضرت مولانا محمد قاضیؒ نے جو آنجناب کے مخلص دوستوں میں سے تھے۔ لکھا ہے کہ جب کبھی آنجناب کسی ضروری کام کے لئے اپنے وقت کے حاکموں اور بادشاہوں کی طرف لکھنا چاہتے تھے۔ تو ایک گھڑی تک خاموش اور بیکار رہتے۔ پھر لکھنا شروع کرتے۔ اور اس خاموشی اور بیگاری کا سبب بھی آپ ہی بیان فرماتے۔ کہ ایک ساعت کے لئے اپنے آپ کو اپنی ہستی سے خالی کر کے اللہ تعالےٰ کے حوالہ کرتا ہوں۔ پھر دیکھتا ہوں۔ کہ قلم دوسری جگہ سے جاری ہوتی ہے۔ اور میں ہرگز درمیان نہیں۔ اس بات کے ذکر سے مقصود یہ ہے۔ کہ اگر تعوذ اور تلاوت کے ارادہ کے وقت حقیقت ایمانی کے ساتھ کہ جس سے اس قسم کا تعوذ پیدا ہوتا ہے۔ متحقق ہو جائے۔ تو قرب فرائض کے ساتھ مشرف ہو جاوے گا۔ چنانچہ فَاَجِرْہُ حَتّٰی یَسْمَعَ کَلَامَ اللّٰہِ (پس پناہ دے اُس کو تاکہ اللہ تعالےٰ کا کلام سنے) کو اہل نے اسی مقام میں بیان فرمایا ہے۔ اس وقت قاری کی زبان حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درخت کا حکم پیدا کرے گی۔ بیت

ہوگی وہ آواز بیشک شاہ کی　　اگرچہ ہو آواز عبد اللہ کی

اور امام محقق حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا کلام اِنِّیْ اُکَرِّرُ آیَۃً اَسْمَعُ مِنَ الْمُتَکَلِّمِ (میں ایک آیت کو بار بار دوہراتا رہا۔ حتّٰی کہ میں نے اُس کو متکلم حقیقی یعنی اللہ تعالےٰ سے سُن لیا) کو شیخ شہاب الدین علیہ الرحمۃ نے بھی اس مقام سے بیان فرمایا ہے۔ ابیات

مرد پر آجائے غالب جب پری　　دُور ہوتی ہے وصف انسان کی

اس کا کہنا ہے پری کا سر بسر　　وصف انسانی ہے اس سے دُور تر

جب پری کا ہے تصرف اس قدر　　ہو خدا کا پھر تصرف کس قدر

مراقبہ کی حقیقت انتظار ہے۔ اور انتظار کی صفائی طلب میں مقصود ہے۔ اس حالت میں کہ

Marfat.com

کہ طالب اپنی طاقت و قوت سے باہر آیا ہو۔ اور اپنے مقصود کے دیدار کا مشتاق ہو۔ اور اس کے عشق کے دریا میں ڈوبا ہو۔ جل ذکرہ غیروں کی قوت اور طاقت کا دیکھنا کوشش ہے۔ اور محبوب کی دہلیز کا انتظار کشش ہے۔ اس قسم کا مرتبہ سوائے منتہی اور قریب الانتہا کے کسی اور کو حاصل نہیں ہوتا۔ اس لئے ابو الجناب حضرت نجم الدین کبریٰ قدس سرہٗ نے دس اصلوں کے بیان میں کہ جن پر سیر ارادی کا مدار ٹھیرایا ہے۔ اس مراقبہ کو آٹھواں اصل مقرر کیا ہے۔ لیکن مبتدی عاشق کو منتہی کی تقلید کرنی چاہیئے اور اپنے آپ کو اپنی طاقت و قوت سے نکالکر محض انتظار ہونا چاہیئے۔ باقی وہ تمام مراقبے جو مطلوب کے لئے مفید نہیں اور شکل و مثال و علم و خیال کر کے تعقل و تفکر میں لاتے ہیں۔ سب کے سب اس سے نیچے ہیں۔ اور کسی نہ کسی علت پر معلول ہیں۔ شعر

تو نے جو کچھ کہ جانا پہچانا — اس سے بہتر خدا ہے دانا
اس کی بارگاہ وہ عالی ہے — لاد ہوئے کا بھی ہاتھ خالی ہے

اللہ تعالیٰ نے حضرت پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرمایا ہے۔ کہ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (جب تو قرآن پڑھنے لگے۔ تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شیطان راندے ہوئے سے پناہ مانگ) ظاہر ہے۔ کہ یہ بات فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ (اللہ تعالیٰ کی طرف بھاگو) اور تَقَرَّبُ اِلَيْهِ (اس کی طرف قریب ہو جاؤ) کے مضمون کے شامل ہے۔ کیونکہ استعاذہ کے معنی ہیں۔ کسی سے التجا کرنا۔ اور اس کے پڑوس اور پناہ میں چلے جانا۔ پس سنت کے تابعدار کو لائق ہے۔ کہ اپنے آپ کو عاجز جان کر اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آجاوے۔ اور شیطانی وسوسوں کے دور کرنے میں اللہ تعالیٰ کو اپنا وکیل بنالے یعنی ہمہ تن اس کے انوار میں فانی ہو جائے۔ اور کلمات ادا کرنے اور معانی کے سمجھنے میں توجہ کو پراگندہ نہ کرے۔ کیونکہ وہی حافظ اور وکیل ہے۔ جس طرح چاہتا ہے۔ ظہور میں لاتا ہے حضرت امام ہمام حسن ابن علی رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے نماز کے وقت غیر کو خیال و خطرہ ہم میں پیدا ہی نہیں کیا۔ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا (اے اہل بیت اللہ تعالیٰ تم سے پلیدی کو دور کرنا چاہتا ہے۔ اور تمہیں پاک کرنا چاہتا ہے، فقرات اسراریہ میں لکھا ہے۔ کہ حقیقی نسبت اہلبیت کی نسبت ہے۔ اور اپنی نسبت کے متعلق جو کچھ انہوں نے بیان فرمایا ہے اس سے ظاہر

Marfat.com

ہوتا ہے۔ کہ حضرت امام رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے کلام کے یہ معنی ہیں۔ کہ نماز کے وقت ہمارے سر میں ملک و ملکوت کا کوئی نشان نہیں ہے۔ نہ یہ کہ یہ موجود نہیں۔ اور غیریت کا لباس دور کئے ہوئے ہیں۔ جیسے کہ بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ قرب نوافل میں خلقیت کی جہت پر حقیقت کی جہت غالب ہے۔ ہر باعی

اپنے بندوں کو جب تو اے مولا بخشتا ہے تو قربت نفلوں کا
قاریوں پر بقدر استحقاق غالب آتی ہے وحدت اطلاق

قرب نوافل میں نسبت کے لباس کے باوجود غیریت ان سے دور ہو چکی ہے۔ جیسے کہ توحید صوری والوں کے ہوتی ہے۔ اے طالب اللہ تعالےٰ تجھے نور پاک کے ساتھ مدد دے +

تجھے واضح ہو۔ کہ اس قسم کا تعوذ منتہی کو حاصل ہوتا ہے۔ یا کچھ کچھ اس شخص کو جس کی نہایت اس کی بدایت میں مندرج ہے۔ لیکن وہ لوگ جو یقین ایمانی سے مشرف نہیں۔ ان کو چاہیئے کہ احسان کے اخیر مرتبہ کو ہاتھ سے نہ دیں۔ احسان یہ ہے۔ کہ تو اللہ تعالےٰ کی اس طرح عبادت کرے۔ کہ گویا تو اس کو دیکھتا ہے۔ اور اگر تو اس کو نہیں دیکھتا۔ تو سمجھ لے کہ وہ تجھے دیکھتا ہے۔ پس تلاوت کے وقت ایسا سوچیں کہ اللہ تعالےٰ اس کو دیکھ رہا ہے اور یہ عمل اللہ تعالےٰ کے حضور میں کر رہا ہے +

تنبیہ۔ بعض عارفوں نے فرمایا ہے۔ کہ انسان روح اور ظاہری صورت سے مرکب ہے۔ اور دونوں کو استعاذہ کا امر ہوا ہے۔ جو کچھ روح کا نصیب ہے۔ وہ سابقہ کلمات سے معلوم ہو چکا ہے۔ بدن کا حصہ یہ ہے۔ کہ اسم المضل کے مظاہر یعنی بری ہمنشین اور حرام و مکروہ کھانے پینے والی اشیاء اور تمام برے اوضاع و اخلاق سے پرہیز کرے اور اسم الہادی کے مظاہر یعنی موافق ہمنشینوں اور شرعی اور مسنونہ اوضاع و اطوار کی طرف توجہ کرے۔ اور زبان کا نصیب اس کلمہ کے ساتھ بولنا ہے۔ لیکن اگر کامل استعاذہ حاصل نہ ہو۔ تو بالکل اس سے محروم نہ رہنا چاہیئے۔ اگر محلہ میں بعض لوگ کجرو اور ناموافق ہوں۔ تو سب کو ناموافق اور کجرو نہ چھوڑنا چاہیئے۔ یا اللہ تو ہم کو اس کے معانی اور مفہوم کے موافق عمل کرنے کی توفیق دے۔ اور اسلام ہو۔ اس شخص پر جو ہدایت کے راستہ پر چلا +

Marfat.com

بسم اللہ و سورہ فاتحہ کے معنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بسم اللہ جو سورتوں کے اول ہے۔ علماء حنفیہ کے نزدیک قرأت کے شروع کرنے کے لئے ہے۔ قرأت میں داخل نہیں ہے۔ اگرچہ صحیح قول کے موافق قرآن میں داخل ہے پس قاری بسم اللہ کے پڑھتے وقت یہ ارادہ کرتا ہے۔ کہ میں اللہ رحمن رحیم کے نام سے اپنی قرأت شروع کرتا ہوں بزرگانِ صوفیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کی اصطلاح میں اسم مبارک اللہ کے تین اطلاق ہیں۔ ایک ذات احدیت۔ دوسری ذات مقید بمرتبہ الوہیت تیسری احدیت جمع مطلق۔ لیکن کاتب سامع کے احوال کے مناسب دوسرا مرتبہ ہے۔ جو سالکوں کی توجہ کا قبلہ اور مشتاقوں کا آرامگاہ اور تمام جہان والوں کا رب اور جزا کے دن کا مالک ہے۔ پہلا مرتبہ عبارت و اشارت سے منزہ پاک ہے۔ تیسرا مرتبہ بہتوں کی گمراہی اور بہتوں کے توقف اور تعطیل کا باعث اور پاک لوگوں کی لغزش اور خطا کا موجب ہے۔ اب ہم دوسری مرتبہ کی شرح کرتے ہیں۔ جو پاک نظر والے عالی ہمتوں کا معشوق ہے۔ اللہ اسم ذات ہے۔ جو تمام صفات کمال کا جامع ہے۔ یعنی ایسا اسم ذات کہ جب یہ جہان نہیں تھا۔ تب بھی اپنی صفات کاملہ کے ساتھ تھا۔ اور اب جب کہ جہان عدم کے جنگل سے خیال کے میدان میں آچکا ہے۔ اسی طرح اپنے قرار پر ہے۔ بقاء و ثبات صرف اسی کے لئے لائق ہے۔ دوسرے سب معرض فنا و ممات میں ہیں۔ ؎

نہیں کوئی معبود اس کے سوا وہ کیسا ہے کوئی نہیں جانتا

اگر اس کی ذات کے بارے میں سوال کرے۔ تو اس کی نسبت آچکا ہے۔ لَا تَفَکَّرُوْا فِیْ ذَاتِہٖ (اس کی ذات میں فکر نہ کرو) اور اس کی صفات کی نسبت پوچھے۔ تو قرآن مجید میں جیسے کہ علماء اہل سنت و جماعت میں سے اہل زبان سمجھتے ہیں۔ آچکا ہے۔ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ کوئی شے اس جیسی نہیں۔ وہی سننے والا۔ دیکھنے والا ہے۔ اگر ظاہر ہے۔ تو وہی ہے۔ کیونکہ ظہور کا مدار فعل و اثر پر ہے۔ اور فعل و اثر اسکی جانب سے ہے۔ اور اگر باطن ہے۔ تو بھی وہی ہے۔ سر یعنی باطنی آنکھ جو میدان شہود کی محرم

Marfat.com

ہے۔ اس کے کمال کے مطالعہ ہے۔ اور سر یعنی ظاہری آنکھ جو اس ظاہری جہان کے کارخانہ کی رہبر ہے۔ اس کے جمال کے مشاہدہ میں اندھی ہے۔ کیونکہ وہ گردن کی رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اور وہ وہی ہے۔ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ رحمٰن اسم ذات ہے۔ اس اعتبار سے کہ اس کے ذریعے ممکنات کے حقائق کو وجود کا فیضان ہوا ہے۔ یہ اسم خاص ہے۔ کسی دوسرے سے وجود بشری کا فیضان نہیں ہو سکتا۔ رحیم بھی اسم ذات ہے۔ اس اعتبار سے کہ وجود کے تابع اور اس کے متعلق جس قدر نعمتیں ہیں۔ وہ سب اسی اسم کے ذریعہ ملی ہیں۔ یہ اسم عام ہے۔ کیونکہ دوسرا بھی اللہ تعالیٰ کی توفیق سے بعض انعامات کا فیضان کر سکتا ہے لیکن اس اسم کے معنی عام نہیں ہیں۔ کیونکہ تمام موجودات ہر وقت انعام کی مستحق نہیں ہیں۔ الحمد للہ علماء کے اتفاق سے اس کے معنی ہیں کہ جو کچھ تعریف و ستائش اور ثنا کی جنس ہے۔ سب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ اس سے مقصود حق تعالیٰ کے جمال کا اظہار ہے نہ کہ اس علم کے ساتھ خبر دینا۔ یہی وجہ ہے کہ نفس الحمد للہ بھی ستائش و تعریف ہے۔ علماء اہل سنت و جماعت فرماتے ہیں۔ کہ یہ جہان جو آپ نے تمام ذوات و صفات و افعال کے ساتھ میدان وجود میں ظہور کئے ہوئے ہیں۔ اس کی نسبت جہان کے پیدا کرنے والے کے مقابلہ میں ایسی ہے۔ جیسے صفحہ کاغذ کے نقشوں کی نسبت نقاش کے مقابلہ میں۔ اگر کوئی یہ کہے کہ یہ بات جبر تک پہنچا دیتی ہے۔ تو ہم کہتے ہیں کہ اہل سنت و جماعت کے علماء آدمیوں میں اختیار کی صفت کو بغیر اس بات کے کہ کوئی اثر اس پر مترتب ہو مخلوق کہتے ہیں۔ اللہ اس قدر اعتقاد کے ساتھ جبریہ سے ممتاز و الگ ہو جاتے ہیں۔ تمام کشف والے محققین کا اس معنی کے صحت و درستی پر اجتماع و اتفاق ہے۔ یا اللہ تو ہمیں قول ثابت پر ثابت رکھ ۔

وصل۔ صوفیہ موحدہ رحمۃ اللہ علیہم جو اہل سنت میں خاص ہیں باوجود علم اہل اور تحقیق کے کہتے ہیں۔ کہ جہان کی صورتوں کے نقوش جو اللہ تعالیٰ کی قدرت سے نمودار وجود کے میدان میں ظاہر ہوئے ہیں۔ سب اللہ تعالیٰ کے اسم پاک کی تجلیات سے ظاہر ہوئی ہیں۔ اور حق تعالیٰ نے اپنی صفات و شیون کے موافق ان کے لباس میں ظہور کیا ہے۔ بلکہ دونوں ایک ہی ظہور سے ظاہر ہوئے ہیں۔ اسی واسطے فتوحات

Marfat.com

مکتیہ الا یعنی شیخ محی الدین ابن عربیؒ فرماتا ہے۔ پاک ہے وہ ذات جس نے اشیاء کو ظاہر کیا اور وہ اِن کا عین ہے۔ یعنی ظہور میں۔ کیونکہ جہان کی حقائق مرتبہ علم میں صفات و شیون کی مظہر ہیں۔ پس اگر اللہ سے ذات احدیت مراد لیں۔ تو سب قسم کی حمدیں اور تعریفیں خواہ اس سے ہوں۔ خواہ کسی اور سے سب اسی کی طرف راجع ہوتی ہیں۔ علم نہایت ہی پوشیدہ ہے۔ جس قدر مجمل ہو۔ اسی قدر بہتر ہے۔ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ (تمام جہان والوں کا پالنے والا ہے)۔ اس مقام میں اس صفت کے ذکر کرنے سے اس امر کا ثابت کرنا مقصود ہے۔ کہ تمام محامد اور ثنائیں اللہ تعالےٰ کے لئے ہی خاص ہیں۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (وجود کا بخشنے والا اور اِن لوازم وجود کا دینے والا ہے۔ جن کا تمام جہان محتاج ہے) ربوبیت کے ذکر کے بعد اِن دونوں صفتوں کے بیان کرنے سے اس امر کی طرف اشارہ ہے۔ کہ اس کی تربیت تمام نعمتوں کو شامل ہے۔ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ (جزا کے دن کا متصرف و حاکم ہے) رحمت کے ذکر کے بعد اس صفت کے بیان کرنے میں امت کے گناہ گاروں کے لئے بڑی بھاری خوشخبری ہے۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ (یعنی تیری ہم ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں) اور ان دونوں امروں میں کسی اور کو شریک نہیں کرتے۔ ہو سکتا ہے کہ اس عبادت سے مراد عبادت اضطراری ہو۔ عبادت اضطراری یہ ہے۔ کہ بندہ اللہ تعالےٰ کے ارادہ کے موافق ہو جائے۔ اور اس کی قضاء و قدر کے ماتحت عملدرآمد کرے۔ اس صورت میں ایاک نعبد کے معنی مالک یوم الدین کے موافق ہوں گے یعنی تمام اوقات و احوال کا مالک تو ہی ہے۔ اور ایاک نستعین سے اخیر تک دعا میں داخل ہے۔ یعنی تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ تاکہ تو ہمیں سیدھا راستہ دکھائے۔ تاکہ ہم اس پر چلیں۔ اور ہماری عبادت و اختیاری تیری رضا کے موافق ہو جائے۔ اگر ایاک نعبد کو عبادت اختیاری پر محمول کریں۔ تو اس سے اپنی فرمانبرداری اور انقیاد کا ظاہر کرنا مقصود ہے۔ اور ایاک نستعین سے یا تو وہی معنی مقصود ہیں۔ جو بیان ہو چکے ہیں۔ یا اس بات کا اظہار مقصود ہے کہ اس اطاعت و انقیاد اور فرمانبرداری کو بھی تیری توفیق اور مہربانی سے جانتے ہیں یا اس انقیاد و اطاعت پر ثابت قدمی کا طلب کرنا مقصود ہے اِہْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ یعنی ہمیں سیدھا راستہ دکھا صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ

Marfat.com

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ یعنی ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا ہے چنانچہ کلام الٰہی میں ان کا بیان آ چکا ہے۔ وہ لوگ نبی صدیق۔ شہید اور صالحین ہیں۔ ان لوگوں کا راستہ نہ دکھا۔ جن پر تو نے غضب کیا اور نہ ان لوگوں کا راستہ جو گمراہ ہیں۔ تمام محققین اور صادقین کا اتفاق و اجماع ہے۔ کہ صراط مستقیم اہل سنت وجماعت کا راستہ ہے۔ جو انہوں نے الٰہیات و نبوت و علوم آخرت کے بارہ میں بیان فرمایا ہے +

وصل شیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے علما کے ظاہر عقائد پر چند عقیدے اور زیادہ کئے ہیں۔ بغیر اس امر کے کہ ان کی نفی کرے۔ کیونکہ سلف صالحین کے عقائد کے برخلاف چلنا سراسر گمراہی اور غوایت ہے۔ اللہ تعالےٰ کی حمد ہے۔ کہ ہم انہی عقائد پر قائم ہیں اور امید ہے کہ انہیں پر مریں گے۔ اور انہیں پر اٹھائے جائیں گے۔ اب ہم الٰہیات میں اس بزرگ کے عقیدہ کی شرح کرتے ہیں۔ یعنی ہم کو انبیاء و صدیقوں کا راستہ دکھا۔ نہ ان لوگوں کا راستہ جو سب کچھ خلقت ہی دیکھتے ہیں۔ جیسے کہ دہریہ اور طبیعیہ جو مغضوب علیہم گروہ میں داخل ہیں۔ اور خواہ حقانیت کے طور پر دیکھتے ہیں۔ جیسے کہ بعض صوفیہ جو توحید صوری میں معطل و مجوس ہیں جن کے حق میں اَضَلَّہُ اللّٰہُ عَلٰی عِلْمٍ (اللہ تعالےٰ نے اس کو علم پر گمراہ کیا) درست ہے۔ ہمہ تن اپنے آپ اور اپنے امثال کے ساتھ گرفتار ہیں۔ اور توجہ کا منہ مبدا کی طرف سے پھیرے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ آپ بھی گمراہ ہیں۔ اور اوروں کو بھی گمراہ کرنے والے ہیں۔ اور نہ ان لوگوں کا راستہ جو سب کچھ حق تعالےٰ ہی دیکھتے ہیں۔ اور جہان کو محض خیال اور شعبدہ سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ بھی گمراہ ہیں۔ اور فلسفہ کی طرف مائل ہیں۔ اور نہ ان لوگوں کا راستہ دید حق کے باوجود خلق کا وجود الگ ثابت کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کا راستہ بھی انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے راستہ کے موافق نہیں ہے۔ مراد اس راستہ سے وہی معرفت ہے نہ ان معنوں میں کہ ان کی معرفت انبیاءؑ کی معرفت کے برخلاف ہے۔ حاشا و کلاّ یہ لوگ اللہ تعالےٰ کے برگزیدہ اور خاص ہیں۔ ہاں ان کی معرفت اس قدر وسیع نہیں ہے۔ جتنی کہ انبیاءؑ کی معرفت۔ پس صراط مستقیم معرفت میں اس صدیق کامل کے اعتقاد کے موافق حق و خلق دونوں کی دید ہے۔ لیکن خلق کا وجود علیحدہ نہیں ہے

Marfat.com

جیسے کہ آئینے میں صورت کا وجود۔ جو ظاہر میں ہست ہے اور حقیقت میں نیست۔ لیکن یہ نمود اور ظہور حق تعالےٰ کی قدرت کاملہ سے پیدا ہوا ہے۔ عالم کے خلق سے مراد یہی اظہار ہے۔ اور عالم حق تعالےٰ کے علم میں ثابت ہے۔ یہ وہ اثبات نہیں ہے۔ جو علماء متکلمین صور علمیہ میں اذعان کی نسبت بیان کرتے ہیں۔ بلکہ یہ وہ ثبات ہے۔ جو ثبات خارجی کی جنس سے ہے۔ یعنی موجود خارجی نے شیون و صفات کے موافق علم میں تنزل کیا ہے۔ اور عالم کے حقائق ظاہر ہوئے ہیں۔ اور یہ حقائق اپنے اصل کی طرف عود کرنے اور وجود میں ظہور کرنے کے بعد اس طرح مخلوق و ممکن ہوئے ہیں۔ جیسے کہ آئینہ میں صورت ظاہر ہوتی ہے۔ اور ممکن سے جو افعال و آثار ظاہر ہوتے ہیں۔ وہ اس کے اصل کی طرف سے ہیں۔ چونکہ ممکن پردہ دار ہے۔ اس لئے لَوْنُ الْمَاءِ لَوْنُ اِنَائِہٖ (پانی جس برتن میں ہو اسی کا رنگ پکڑ لیتا ہے) کے بموجب محجوب لوگ تصور کرتے ہیں کہ یہ فعل و اثر ممکن کا ہے۔ وَاِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (اللہ تعالےٰ ایک ہی ہے۔ اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔ وہی رحمٰن و رحیم ہے۔ آمین ایسا ہی ہو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ محقق لوگ ظاہر مخلوقات کی تعظیم کو مقام معرفت کے آداب سے جانتے ہیں۔ کیونکہ یہ سب جمال مطلق کے مظہر ہیں۔

وصل۔ اللہ تعالےٰ تجھے نور پاک سے مدد دے۔ تجھے جاننا چاہیئے۔ کہ مخلوقات جو مطلق کے مظہر ہیں۔ اس کے یہ معنی نہیں ہیں۔ کہ یہ مطلق کی عین ہیں۔ اللہ تعالےٰ اس بات سے بہت ہی بزرگ و برتر ہے۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ لَوْنُ الْمَاءِ لَوْنُ اِنَائِہٖ (پانی کا رنگ اس کے برتن کا رنگ ہے) اس موافق مطلق کے افعال و صفات نے ان کے پردہ سے انہی کے رنگ پر ظہور کیا ہے۔ اس اجتماع و کثرت میں مشاہدہ والے لوگوں کی کامل چشم بصیرت ذاتی نور کے سوا اور کسی شے پر نہیں پڑتی اس سے یہ نہ سمجھنا۔ کہ ذات ان کے اوراق میں آجاتی ہے۔ نہیں بلکہ اس کی ہستی کو فوق و محبت و فنا و نیستی کے طور پر معلوم کر لیتے ہیں۔ مثلاً فرض کریں۔ کہ ایک آئینہ نہایت ہی صاف شفاف ہے۔ کہ جب تک اس پر کوئی صورت ظاہر نہ ہو۔ اس کی ہستی معلوم نہیں کر سکتے۔ اگر کوئی شخص آئینہ کا عاشق ہو۔ اور صورت کے پردہ میں اس کی

Marfat.com

بصیرت کی آنکھ آئینہ کی شعاع کو معلوم کرلے اور محبت و شوق کے غلبہ کے باعث اُس کی ہستی میں فانی و مستغرق ہو جائے۔ تو کہہ سکتے ہیں۔ کہ وہ شخص آئینہ کی ذات کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔ خاصکر جبکہ وہ اِس بھید سے واقف ہو جائے۔ کہ وہ ظاہری صورت آئینہ کے اوپر ہی ہے درمیان میں کچھ موجود نہیں ہے۔ درمیان میں کچھ موجود نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایک بے بود نمود ہے۔ موجود صرف وہی آئینہ ہے۔ اس کلام کو اس پر ختم کرتے ہیں +

سورۂ والشمس کے معنی

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا یعنی سورج اور اُس کے نور کی قسم ہے۔ نور کے ذکر میں اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ آفتاب کی تعظیم اِس کے نور کے باعث ہے۔ تاکہ بشارت والے لوگ معلوم کرلیں۔ کہ مظاہرہ کی تعظیم ظاہر کے لحاظ سے کرنی چاہیئے۔ نہ کہ نفس مظاہر کے جہت سے۔ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا یعنی چاند کی قسم ہے۔ جبکہ سورج کے پیچھے پیچھے آئے۔ نور روشنی میں اُس کے قدم بقدم چلے۔ یہاں مراد ماہِ تمام یعنی چودھویں رات کا چاند ہے۔ اس آیت میں سابقہ بشارت کے باوجود اُن لوگوں کی تعظیم کی طرف اشارہ ہے۔ جنہوں نے کمال پیروی کرکے آفتاب محمدی کے چراغ سے نور حاصل کیا ہے۔ ؎

نبی ہے آفتاب اور ہے ولی ماہ　　انہیں حاصل ہی شان لی مع اللہ

اللہ تعالےٰ نے قمر کے بیان میں نور کا ذکر نہیں کیا۔ جیسے کہ والشمس کے بعد وضحٰہا کہا ہے۔ کیونکہ قمر کے لئے اپنا کوئی نور نہیں۔ اس کا نور وہی ہے۔ جو آفتاب سے اُس پر منعکس ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں قمر کو نور کے اسم سے ذکر کیا گیا ہے وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُورًا (اور بنایا قمر کو ان میں نور) اس کے یہ معنی ہو سکتے ہیں۔ کہ قسم ہے چاند کی۔ جبکہ وہ سورج کے پیچھے پیچھے چلے یعنی جس خط پر سورج چلتا ہے۔ اسی پر وہ چلے۔ یعنی قسم چاند کی جبکہ سورج گہن لگا ہو۔ کیونکہ اِس وقت بہ نسبت اور وقتوں کے چاند سورج کے بہت ہی قریب ہوتا ہے۔ اور اِس کی مشابہت بارگاہ عزت کے پردہ نشینوں کے ساتھ اس وقت زیادہ ظاہر ہوتی ہے۔ اس کا باطنی حصہ سورج کے نور میں غرق ہوتا ہے۔ اور اِس کا ظاہری حصہ حجاب میں آیا ہوتا ہے۔ اِس آیت میں اس امر کی تنبیہ ہے کہ کئی ایسے شریف اور عظیم وجود ہوتے ہیں۔ جن کی عزت و شرافت کو لوگ

Marfat.com

نہیں جانتے۔ پس بے سمجھے کسی کو حقارت سے نہ دیکھنا چاہیئے۔ اور اس آیت میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے کہ جس طرح لطف کے مظاہر کی تعظیم کی جاتی ہے۔ ویسے ہی قہر کے مظاہر کی تعظیم بھی کرنی چاہیئے۔ اس اشارہ میں قہر کے مظاہر سے یہ مراد ہے کہ قہر اس سے ظاہر ہو۔ نہ یہ کہ قہر اس پر واقع ہو۔ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا یعنی اس روز روشن کی قسم ہے۔ جو طلوع کے غبار اور بادل کے پردے اور ہوائی کدورت سے پاک و صاف ہو۔ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا یعنی رات کی قسم ہے۔ جب کہ وہ سورج کے نور کو ڈھانپ لے۔ اس سے مراد وہ اندھیری رات ہے۔ جس میں شفق کا نور اور چاند کی روشنی نہ ہو۔ کیونکہ یہ دونوں سورج کا نور ہیں۔ یہ رات سب راتوں سے کامل ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ اس رات سے چاند گہن کی رات مراد ہو۔ کیونکہ اس رات میں سورج کا وہ نور جو چاند کے آئینہ سے ظاہر ہے۔ چھپ جاتا ہے۔ اور چاند اس رات میں برخلاف دوسری راتوں کے زمین کے سایہ میں آجاتا ہے۔ نیز ہو سکتا ہے کہ اس رات سے ایام بیض کی رات مراد ہو۔ کیونکہ وہ رات روشنی میں آفتاب کو ماند کر دیتی ہے۔ اور دلوں سے بھلا دیتی ہے۔ ان کو ایام بیض اس لئے کہتے ہیں۔ کہ ان اوقات میں رات نہیں ہوتی۔ گویا رات دن روز روشن ہی معلوم ہوتا ہے ۔

وصل شیخ محی الدین ابن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ ایام بیض کی راتیں اور راتوں میں اس طرح ظاہر ہیں جس طرح خلق میں حق کا ظہور ہے۔ کیونکہ ان راتوں میں آفتاب پورے طور پر چاند میں ظاہر ہوتا ہے۔ ایسے ہی چاند جو نور کے نام میں حق تعالیٰ کے ساتھ شریک ہے۔ خلق میں پورا ظاہر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے نور کو اپنے ناموں میں سے شمار کیا ہے۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اللہ تعالیٰ آسمان اور زمینوں کا نور ہے) اور چاند کو بھی نور فرمایا ہے۔ وَجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا (اور بنایا چاند کو ان میں نور) بلکہ حق تعالیٰ اس اسم کے موافق قمر کے ظہور میں ظاہر ہے۔ اس لئے روزہ کہ وہ بھی خلق میں حق تعالیٰ کے ظہور کے مقولہ سے ہے۔ ان دونوں میں معتبر ہے۔ رسولِ خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایام بیض کے روزے دہر کے روزے ہیں یعنی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ ایام بیض کے روزے تمہارے نہیں ہیں بلکہ دہر (زمانہ) کے روزے ہیں۔ اور دہر حق تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ جیسے حدیث میں آیا ہے۔ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ (دہر کو برا نہ کہو کیونکہ اللہ تعالیٰ ہی کا دہر ہے) یعنی دہر کے بارہ میں ادب کو

Marfat.com

ملحوظ رکھو کیونکہ وہ اس نام میں اللہ تعالےٰ کے ساتھ شریک ہے۔ پس بندہ بمنزلہ چاند کے اور دن بمنزلہ چاند کی روشنی کے۔ اور حق تعالیٰ جو اس نور کے موافق قمر میں ظاہر ہے بمنزلہ سورج کے ہے۔ اسی واسطے حدیث صحیح میں آیا ہے۔ کہ الصوم لی یعنی روزہ جو صمدانیت کی صفت ہے اور غذا وغیرہ سے پاک صاف رہنا مراد ہے۔ میری صفت ہے یہی وجہ ہے کہ سحرگی روزہ میں سُنت ہے۔ یعنی ادب یہ ہے کہ بندہ اپنی عاجزی کو ظاہر کرے۔ کہ یہ صفت خاص تیرے ہی لئے ہے۔ میں بغیر قائم رکھنے والی چیز کے اس صفت میں داخل نہیں ہو سکتا ۔

وصیت۔ حضرت شیخ رضی اللہ عنہ کا کلام چراغ نبوی صلے اللہ علیہ وسلم سے مقتبس ہے اپنی عقل وفہم کی کسی طرح بھی اس میں دخل نہ دینا چاہیئے۔ اور تصرف و تکلف کے بغیر سادہ پن سے قبول کرنا چاہیئے۔ اور جو کچھ فہم وسمجھ میں آوے اپنی بے علمی سمجھنی چاہیئے ۔

وصل۔ ہو سکتا ہے۔ کہ سورج کی تعظیم اس لئے ہو۔ کہ اس کا طلوع یعنی صبح کے ظہور کا وقت پاک لوگوں کی عبادت کے ظہور کا وقت ہے۔ اور ضحیٰ کی تعظیم بشرطیکہ اس سے چاشت کا وقت مراد ہو۔ اس لئے کہ عبادت مسنونہ کا وقت ہے۔ اور قمر کی تعظیم بشرطیکہ اس کے آفتاب کے پیچھے پیچھے چلنے کو ہلال سے تعبیر کریں۔ جیسے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے۔ اس لئے کہ بعض معتبر عبادتوں یعنی غرہ ماہ (ہر چاند کی پہلی تاریخ) کے روزوں کا مورث ہے شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ ہر ایک مہینہ اللہ تعالیٰ کی طرف ایک مہمان ہے اور مہمان کی ضیافت جس قدر جلدی ہو سکے مسنون ہے۔ اور مہمان کی مدت تین دن تک ہے۔ نسائی نے حضرت ابن مسعود سے روایت کی ہے۔ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے پہلے تین روزہ رکھتے تھے۔ اور دن کی تعظیم جبکہ آفتاب روشن ہوتا ہے بشرطیکہ اس سے ایام بیض کی راتیں مراد لیں۔ اس لئے ہے۔ کہ عبادت معتبرہ یعنی ایام بیض کے روزوں کی مورث ہے۔ جیسے کہ پہلی فصل میں بیان ہو چکا ہے ۔

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ وہ دن جو آفتاب کو ظاہر کرتے ہیں۔ ایام بیض کی راتیں ہیں۔ برخلاف دوسرے دنوں کے کہ جن کو آفتاب ظاہر کرتا ہے۔ یہ اثر سے مؤثر کی طرف جانا ہے۔ اور وہ مؤثر سے اثر کی طرف۔ وہ عباد کا طریق ہے۔ اور یہ عارفوں کا طریقہ۔ اور رات کی تعظیم جبکہ سورج کے نور کو ڈھانپ لے اس سبب سے ہے۔ کہ عابدوں کی فراغت کی جگہ اور ذاکروں کی آرامگاہ اور محبوں کا خلوت خانہ ہے ۔

Marfat.com

پوشیدہ نہ رہے کہ رات کے آفتاب کے نور کو ڈھانپ لینے سے مراد یہ ہے۔ کہ آفتاب کا نور اس وقت عدم کے رنگ میں رنگا جاتا ہے گویا کہ وہ نور ہے۔ جو ظلمت کے رنگ میں ظاہر ہوا ہے۔ اور ظلمت بعض ان اشیاء کے پوشیدہ ہونے کا اثر ہے۔ جو دن میں ظاہر ہوتی ہیں۔ یہ مثال جہان کے ظہور میں بہت ہی اچھی ہے۔ یعنی واجب تعالےٰ اس طرح بطون یعنی پوشیدگی کے مقام میں ہے۔ لیکن اس کے احکام و آثار نے جو اسی کے اسماء و صفات ہیں ظہور کیا ہے۔ اسی طرح ممکن بھی عدم کے مقام میں پوشیدہ ہے۔ لیکن اس کا حکم و اثر ظاہر ہو کر واجب کے احکام و آثار کے ساتھ مل گیا ہے۔ اور مقصود و مطلوب کے آگے حجاب و پردہ بن گیا ہے۔ اس بیان سے معلوم ہوا وَاَکِیْلِ اِذَا یَغْشٰہَا کو ایک اور طرح بھی ایام بیض کی راتوں پر حمل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ ان اوقات میں چاند کا آئینہ آفتاب کے سامنے پورا پورا ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن چونکہ وہ ایسا ظہور ہے جو آئینہ کے رنگ میں رنگا ہوا ہے۔ اس لئے عالموں کی نظر سے پوشیدہ ہے۔ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰہَا یعنی آسمان کی اور اس کے بنانے والے کی قسم ہے یعنی اس کے نور بخشنے والے کی قسم۔ کیونکہ اس کے بنانے سے مراد اس کا روشن کرنا ہے۔ یعنی وہ اسی طرح عدم کے پردہ میں ہے۔ حقیقت میں اسکے معنی یہ ہیں۔ کہ آسمان اور اس کے نور کی قسم ہے۔ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰہَا یعنی زمین اور اس کے فراخ کرنے والے اور بچھانے والے کی قسم ہے اس کے بھی یہی معنی ہیں۔ کہ زمین اور اس کے نور دینے والے کی قسم ہے۔ لیکن آسمانوں کا روشن کرنا اس صفت پر واقع ہوا ہے۔ جو ہماری نسبت بلندی کا پیدا کرنے والا ہے اور زمین کا روشن کرنا اس صفت پر واقع ہوا ہے جو ہماری نسبت پھیلاؤ کا ظاہر کرنے والا ہے وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰہَا یعنی بنی آدم کے نفوس میں سے ہر ایک نفس اور اس کے برابر کرنیوالے کی قسم ہے نفس کے برابر کرنے سے یہ مراد ہے کہ وجود نفسانی کے لوازمات سے جو کچھ اس کو درکار تھا عطا فرمایا ہے۔ فَاَلْہَمَہَا فُجُوْرَہَا وَتَقْوٰہَا پس نیکی و بدی کی طرف اس کو الہام دینے والا یعنی اس ذات پاک کی قسم جس نے نفس کو برابر کیا۔ اور پھر خیر و شر کا راستہ اس پر واضح کر دیا۔ اور ہر ایک فعل کا اختیار اس کو بخشا۔ اب اس بات کے نزدیک ہے۔ کہ فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ یعنی نفس کے برابر کرنے کے بعد اس میں وہ روح پیدا کی۔ جس کے ذریعے سے اس کو نیک و بد کی تمیز اور ہر ایک نیک و بد فعل کا اختیار اس کو حاصل ہوا اسکے یہ بھی

Marfat.com

معنی ہو سکتے ہیں کہ مختلف افراد کے موافق اس کو خیر شر پر آگاہ کر دیا۔ اِن قسموں کا جواب یہ ہے۔ کہ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰہَا یعنی وہ شخص خلاصی پا گیا جس نے اپنے نفس کو برے اور ہلاک کرنے والے اخلاق یعنی کبر و حسد و بخل وغیرہ کی آلودگی سے پاک صاف کر لیا۔ وَ قَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰہَا یعنی وہ شخص نا امید ہو گیا جس نے اپنے نفس کو نافرمانی اور گمراہی میں خراب کر دیا۔ اور کھو دیا فدنفس کے کھو دینے سے مراد اس روح کے کھو دینے سے مراد ہے۔ جو اس کے ارکان کے تسویہ و تعدیل کے بعد اس میں پھونکی جاتی ہے۔ اور اس نفخ کے اثر سے اسی کا رنگ پکڑ لیتی ہے۔ اسی واسطے بہت سے علماء سوائے نفس اور ظاہری ہیکل و صورت کے اور کوئی اثر ثابت نہیں کرتے حالانکہ عام آدمی بھی اسی منزل میں ہیں۔ اور روح کے کھو دینے سے روحانی خواص کا کھو دینا اور چار پاؤں کی طرح زندگی بسر کرنا مراد ہے۔ اُولٰٓئِکَ کَالْاَنْعَامِ بَلْ ہُمْ اَضَلُّ (یہ لوگ چار پائے ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گذرے ہیں) اللہ تعالےٰ کی رحمت سے نا امید اور مایوس ہونا کافروں کے ساتھ مخصوص ہے لَا یَایْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰہِ اِلَّا الْقَوْمُ الْکٰفِرُوْنَ (اللہ کی رحمت سے کافر ہی محروم ہیں) کیونکہ جو کوئی خدا اور رسول کے ساتھ ایمان لے آتا ہے۔ اس وقت نفس کی قید سے بالکل آزاد ہو جاتا ہے۔ اور روحانیت کی ایک خاص صفت سے مشرف ہو جاتا ہے۔ بلکہ اخلاق الٰہیہ میں سے ایک خلق کے ساتھ موصوف ہو جاتا ہے۔ اسی واسطے کتب فیضیہ میں مذکور ہے کہ ایمان غیر مخلوق ہے۔ **بیت**

مومنو تم خوش رہو اور شاد ہو　　آتشِ دوزخ سے تم آزاد ہو

وصل۔ حضرت مولانا علاء الدین مکتب دار جو فیہ کے بزرگ گروہ میں سے ہیں ایک دن حضرت مولانا عبد الرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور شیخ محی الدین ابن عربی رح کے اس کلام کو (کہ جو شخص نفس کی قید سے نہیں چھوٹا اس کا روح بدن سے جدا ہونے کے بعد فلک قمری یعنی پہلے آسمان کے نیچے رہ جاتا ہے) سن کر نہایت ہی ملول ہوئے کہ بے شمار مومن اسی صفت پر ہیں۔ جب وہ دنیا کو چھوڑ کر پہلے ہی آسمان کے نیچے رہ جاویں گے تو بہشت میں جو ساتویں آسمانوں کے اوپر ہے کیسے پہنچ جاویں گے۔ حضرت مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب میں فرمایا۔ کہ جو کوئی اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ ایمان لے آتا ہے۔ وہ گویا فلک قمری میں رخنہ اور سوراخ کر لیتا ہے جس کے ذریعے سے آخر کار وہ اوپر نکل جاویگا۔ سلسلہ نقشبندیہ کے بعض بزرگوار اس کلام کے یہی معنے

Marfat.com

مراد لیتے ہیں۔ کہ انسان ایمان لانے کے وقت بالکل نفس کی قید سے چھوٹ جاتا ہے خواہ صرف ایک ہی سانس ہو۔ بعض اولیائے بزرگ نے فرمایا ہے کہ جو شخص شرک دنیا سے خالی ہو کر ایک سانس کے لئے بھی خدا کی طرف متوجہ ہو جائے۔ تو اُمید ہے کہ یہی سانس مرتے وقت اس کی دستگیری اور مدد فرمائے گا۔ بہت سے محقق مشائخ یوں فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص خدا و رسول کے ساتھ ایمان تحقیقی لے آئے۔ پھر اس کا ایمان کبھی رد نہیں ہوتا۔ اور جو شخص ایمان لانے کے بعد مردود ہو جاتا ہے۔ اس کا صرف تقلیدی ایمان ہوتا ہے۔ اور یہ جو حضرت شافعیؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں انشاء اللہ مومن ہوں۔ بعض نے اس کے معنی یہی کئے ہیں۔ کہ میں انشاء اللہ مومن تحقیقی ہوں۔ صحیح حدیث میں جناب رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ جو شخص صدق دل سے اس بات کی گواہی دیدے کہ اللہ تعالےٰ کے سوا اور کوئی بندگی کے لائق نہیں۔ اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ تو اللہ تعالےٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دیتا ہے۔ باوجود اس امر کے یہ بات بھی ثابت ہے۔ کہ بعض گنہگار مومن دوزخ میں ڈالے جائیں۔ اور کوئلہ کی طرح جل بھن جائینگے۔ ان میں سے بعض حیات کے حوض میں نہا دھو کر تازہ روح اور نئی زندگی پاکر بہشت میں داخل ہوں گے۔

کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا یعنی قوم ثمود نے اپنی سرکشی کے باعث حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ السلام کو جھٹلایا۔ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا یعنی اُنہوں نے جھٹلا۔ جبکہ ان میں سے ایک بہت ہی بدبخت آدمی جس کا نام قدار بن سالف تھا۔ اپنی جماعت کو ساتھ لیکر حضرت صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹنے کے لئے اُٹھ کھڑا ہوا۔ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ پس ان کو حضرت صالح علیہ السلام نے فرمایا۔ نَاقَةَ اللّٰهِ کہ اللہ تعالےٰ کی اونٹنی کا پیچھا چھوڑ دو۔ اس کو اللہ تعالےٰ نے محض اپنی قدرت سے پیدا کیا ہے۔ اور اس کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے۔ وَسُقْيٰهَا اور اس جگہ کے گرد مت پھرو۔ جہاں سے وہ اپنی باری میں سب پانی پی جاتی تھی۔ اس لئے باری ٹھیرائی تھی۔ کہ ایک روز وہ لوگ پانی پیا کرتے تھے۔ اور ایک دن اونٹنی۔ فَكَذَّبُوْهُ پس انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام کو جھٹلایا کہ یہ اونٹنی خدا کی اونٹنی نہیں ہے۔ یہ تو تیرے سحر اور جادو سے پیدا ہوئی ہے۔ فَعَقَرُوْهَا پس اُنہوں نے اس کی کونچیں کاٹ ڈالیں فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ پس اللہ تعالےٰ نے ان پر ان کے اس گناہ کے عوض کہ اونٹنی کی کونچیں کاٹ دی تھیں۔ ہلاک کر دینے والا عذاب

Marfat.com

عذاب بھیجا۔ فَسَوّٰہَا پس عذاب کو اُن پر برابر کیا۔ یعنی ایسا عذاب نازل کیا کہ سب چھوٹے بڑے مر گئے۔ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰہَا اور اللہ تعالےٰ اس کام کے انجام یعنی ان کے ہلاک کرنے سے نہیں ڈرتا۔ یعنی اُس کو کسی چیز اور کسی شخص کی پرواہ نہیں ہے۔ اور نہ ہی کوئی شے اس سے بھول ہوئی ہے۔ اور نہ ہی کسی کو اُس کے سامنے دم مارنے کی طاقت ہے۔ بعض مخلص اور معزز دوستوں کی التماس پر اس سورہ کی تفسیر اور تاویلات بیان کی گئی +

سُورۂ اخلاص کے معنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اس سورہ کو سورہ اخلاص اس لئے کہتے ہیں۔ کہ اس سورہ کے سننے سے بندہ کا اعتقاد اپنے پیدا کرنے والے پر شرک جلی اور شرک خفی کے غبار سے پاک وخالص ہو جاتا ہے۔ اور عمل میں بھی کچھ کچھ اخلاص حاصل ہو جاتا ہے۔ شرک خفی سے اعتقاد کا خالص ہونا اس طرح پر ہے کہ الوہیت میں اعتقاد کرے۔ کہ وہ ایسی ذات ہے۔ کہ اس کی مثل اس امکان کے میدان اور جہان میں کوئی شے نہیں۔ ورنہ جو کچھ اس کے اعتقاد میں آیا ہوگا۔ وہ ممکن ہی ہوگا۔ اسی واسطے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ توحید یہ ہے کہ قدم کو حدث سے الگ ثابت کریں۔ حضرت بوعلی وقاق رحمۃ اللہ علیہ نے بھی توحید حالی کے بارہ میں اس طرح فرمایا ہے کہ توحید ایسا قرض خواہ ہے جس کا قرضہ ادا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بشریت کے آثار ونشانات کا پورے طور پر نیست وفانی ہونا کبھی کبھی حاصل ہوتا ہے۔ اور وہ بھی بجلی کی چمک کی طرح گذر جاتا ہے بلکہ اس سورہ سے اس صاحب دولت کو کہ جس کو صفائی قلب حاصل ہو۔ اعتقاد کے پردہ ہی میں وہ توحید حاصل ہو جاتی ہے۔ جس کا حال کسی مخلوق کو میسر نہیں ہوتا +

حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے فرمایا ہے۔ کہ اخلاص یہ ہے کہ صفات کی نفی کی جاوے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس درجہ میں توحید کا تعلق احدیت ذات کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور تجلی مقام احدیت میں ہرگز نہیں ہوتی اگرچہ احدیت کی صفت پر ہو۔ سمجھا جس نے سمجھا۔ اب ہم اپنے مقصود کو شروع کرتے ہیں۔ بعض کافروں نے کہا۔ کہ اے محمدؐ کہو کہ خدا کیا چیز ہے کھاتا ہے اور خدائی کس سے میراث میں لی ہے۔ اور پھر اس کی میراث کون لیگا۔ پس یہ سورہ نازل ہوئی۔ قُلْ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یعنی کہو اے محمدؐ کہ خدا تعالےٰ ایک ہی یگانہ ہے اس

53456

Marfat.com

کے حق میں نہیں کہہ سکتے کہ کیا چیز ہے۔ اس کو کسی شے کے ساتھ کسی قسم کی شراکت نہیں۔ جس کے سبب کہہ سکیں کہ وہ کیسا شے ہے۔ پس معلوم ہوا کہ حق تعالےٰ میں کسی قسم کی کثرت اعضاء و جوارح اور صفاتِ زائدہ کی قسم سے نہیں ہے۔ بلکہ وہ ذات مجرد اور ہستی محض ہے۔ اس بیان سے شبہ پڑتا ہے کہ حق تعالےٰ کو معطل اور بیکار اور محض بے صفت کہا جاوے۔ اس لئے اس کے بعد اللہ الصمدؔ فرمایا یعنی اللہ تعالےٰ بے نیاز ہے۔ سب اسی کے محتاج ہیں۔ اور یہ بات صفات کاملہ کے بغیر ہو نہیں سکتی۔ پس اَللّٰہُ اَحَدٌ اللّٰہُ الصَّمَدُ کے معنی حقیقت میں لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ کے معنی ہیں۔ اس توحید کا حاصل یہ ہے کہ حق تعالےٰ ایسا یگانہ و یکتا ہے کہ بغیر آلہ اور جوارح و اعضا کے اور بغیر صفات زائدہ کہ اپنی صرف ذات کے ساتھ جانتا ہے۔ سنتا ہے کہتا ہے اور جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ لَمْ یَلِدْ یعنی اس نے کسی کو نہیں جنا۔ اس کا کوئی بیٹا بیٹی نہیں۔ اس میں یہودیوں کی بات کا رد ہے۔ اور حضرت عزیر علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا کہتے تھے۔ وَلَمْ یُوْلَدْ اور وہ کسی سے پیدا نہیں ہوا۔ یعنی اس کا کوئی باپ دادا نہیں۔ اس میں بعض عیسائیوں کے قول کا رد ہے۔ جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو خدا کہتے تھے۔ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اور اس کا کوئی ہمسر اور بیوی وغیرہ نہیں اس میں عرب کے مشرکوں کے قول کا رد ہے۔ جو خدا کے لئے شریک اور ہمسر ثابت کرتے تھے +

سورہ فلق کے معنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ کہو پناہ مانگتا ہوں میں صبح کے پیدا کرنے والے کیساتھ جن و انسان اور تمام اس مخلوقات شریرہ کے شر سے جو اللہ تعالےٰ نے پیدا کی ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ اس سے مراد وہی صبح ہو اور صبح کے شر سے مراد وہ شر ہو جو بیداری میں بشریت کے لوازم کے سبب ظہور میں آتا ہے۔ بھید اس امر میں یہ ہے کہ صریح طور پر شر کو صبح کی طرف منسوب نہیں کیا۔ جیسے کہ غاسق یعنی رات کی طرف منسوب کیا گیا ہے اس واسطے کہ صبح کا شان بہت ہی عظیم ہے۔ کیونکہ انوار کے ظہور کا وقت ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ معنی بھی انہی معنوں کی طرح ہو۔ کہ بعض بزرگوں نے فلق سے مراد خلق لی ہے۔ اور اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ مراد رکھی ہے عبارت ما خلق میں شر کے لانے سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ خلق کا شر حق تعالےٰ کا پیدا کیا ہوا ہے۔ لیکن تصریح نہیں کی۔ بلکہ ظاہر

Marfat.com

طور پر مخلوق کی طرف منسوب کیا ہے۔ تاکہ بندہ کا راستہ جبر اور قدر کے درمیان ہو۔ قدر ظاہر ہے۔ اور جبر باطن۔ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ یعنی پناہ مانگتا ہوں میں صبح کے رب کے ساتھ رات کے شر سے جبکہ اس کی تاریکی و سیاہی تمام چیزوں پر چھا جائے۔ اس سے مراد سیاہ رات ہے۔ اور اس کے شر سے مراد دشمنوں اور ان کیڑے مکوڑوں کا شر ہے۔ جو رات کے وقت ظاہر ہوتے ہیں۔ شر کی نسبت رات کی طرف صرف ظاہری اور صوری شر کے ظاہر ہونے کے باعث نہیں ہیں۔ بلکہ اس مناسبت کی وجہ سے ہے جو شب اور شر کے درمیان ہے۔ یعنی رات عدم کی جہت سے ظاہر ہوتی ہے۔ جب سورج کی روشنی چھپ جاتی ہے رات آجاتی ہے ایسے ہی محققین کے نزدیک شر انعدام امر کی نسبت سے ہے نہ جو امر کی جہت سے۔ وجود محض خیر ہے۔ جیسے کہ اپنی جگہ پر بیان ہو چکا ہے۔ اس میں یہ بھی اشارہ ہو سکتا ہے۔ کہ ادب کے لحاظ سے ایسا فرمایا ہو۔ یعنی ادب یہ ہے۔ کہ مذمت و برائی کو ظاہر کی طرف نسبت نہ دیں۔ بلکہ مظاہر کی طرف منسوب کریں۔ اور اس کی بدبختی کا نشان سمجھیں یعنی گناہوں کو بندہ اپنی کسب اور استعداد سے جان کر رَبَّنَا ظَلَمْنَا (اے رب ہم نے ظلم کیا) کہے نہ یہ کہ وجود کی طرف منسوب کرے۔ اور یوں کہے کہ میں تو صرف ایک مظہر ہوں۔ جو کچھ مجھ میں ہے۔ وہ کسی اور طرف سے آیا ہے۔ یا یوں کہے کہ میں کیا کر سکتا ہوں سب کچھ اللہ تعالےٰ کی تقدیر اور خلق سے ہے ۔

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ صبح و شب سے حضور اور غفلت مراد لے سکتے ہیں۔ اور غاسق سے خلق مراد ہو سکتی ہے۔ کیونکہ غاسق کے لغوی معنی پُر اور بھری ہوئی شے کے ہیں۔ خلق کا بھی یہی حال ہے۔ کہ اپنے خالق قیوم کے نور سے پُر ہے۔ اگر وجود کا نور خلق کے ایک ذرہ بھر سے دور ہو جائے۔ تو اسی وقت وہ ذرہ معدوم ہو جاوے۔ نیز غاسق سائل کو بھی کہتے ہیں۔ خلق بھی سائل ہے۔ اَلْاَعْرَاضُ لَا تَبْقٰی زَمَانَیْنِ (اعراض دو زمانہ باقی نہیں رہتے) اور خلق کے شر سے پناہ لینے کا مقصود یہ ہے۔ کہ باطن کے خلیت خانہ میں نہ آئے۔ اور مقصود کا حجاب و پردہ نہ بن جائے۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِی الْعُقَدِ اور پناہ مانگتا ہوں میں صبح کے رب کے ساتھ گرہوں میں پھونکیں مارنیوالیوں کی شر سے۔ اس میں اس مشہور قصہ کی طرف اشارہ ہے کہ عرب کی بعض عورتوں نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر جادو کیا تھا۔ اس طرح پر کہ ایک رسی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر گرہیں لگائی تھیں۔ پھر جادو کے کلمات پڑھ کر

Marfat.com

اِن پر پھونکا تھا۔ پھر اِس رسی کو ایک کنوئیں میں ایک بھاری پتھر کے نیچے دبا دیا تھا۔ یہ دونوں معوذتین سورتیں اِن گانٹھوں کے کھولنے کے لئے نازل ہوئیں۔ کیونکہ معوذتین کے نازل ہونے سے پہلے کسی طرح نہ کھلتی تھیں۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ یعنی پناہ مانگتا ہوں میں صبح کے رب کے ساتھ حاسد کے شر سے جبکہ وہ اپنے حسد کے موافق عمل کرے۔ ہو سکتا ہے کہ خلق کے بعد رات کا ذکر اِس لئے ہو کہ خلق بھی رات کی طرح سیاہ ظلمانی ہے اگرچہ برزخ ہونے کا مرتبہ اُس کو حاصل ہے۔ اور وجود کے رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔ رات بھی سایہ کی وجہ سے کہ جس پر اس کا مدار ہے۔ برزخ کے مقام میں ہے۔ سایہ نور اور سیاہی کے درمیان برزخ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکیم اس کو ضوء ثانی یعنی دوسری روشنی کہتے ہیں۔ (اللہ تعالےٰ نے مخلوقات کو اندھیرے میں پیدا کیا۔ اور پھر ان پر اپنا نور چھڑکا) رات کے بعد نفاثات (پھونکیں مارنے والیں) کا ذکر اُن کی سیاہ دلی اور سخت دلی کے باعث ہے۔ اور اس میں اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ رات سے بھی زیادہ سیاہ دل ہیں۔ اور حاسد پر ختم کرنے سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت کے موافق اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ جہان میں حسد سے بڑھ کر بُری شے کوئی نہیں ہے۔ عجب نہیں کہ ان جادوگر عورتوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض ازواج مطہرات رضؓ کے ساتھ حسد کرنے کے باعث ایسا کام کیا۔ ہر شفا قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہم الرحمۃ میں لکھا ہے کہ اِس جادو کے اثر سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک سال تک حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبوس رہے۔ اور اُن پر قادر نہ ہو سکے +

سُورۂ ناس کے معنی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ کہہ پناہ مانگتا ہوں میں انسانوں کے پیدا کرنیوالے مَلِکِ النَّاسِ انسانوں کے بادشاہ اِلٰہِ النَّاسِ۔ انسانوں کے معبود کے ساتھ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ۔ وسوسہ کرنیوالے اور پھر دل میں دھس جانے والے کے شر سے۔ اِس میں اس کی غارت اور ناطاقتی کی طرف اشارہ ہے۔ بعض بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ دشمن کی چنداں عزت و توقیر نہ کرنی چاہئے بلکہ اس کو حقیر جاننا چاہیے۔ کیونکہ اس بات کو اس کے مغلوب ہونے میں بہت دخل ہے۔ نیز اس میں اپنی کمال عاجزی کا ظاہر کرنا مقصود ہے۔ پس شیطان کا دل میں وسوسہ آدمی کے

Marfat.com

ذاکر ہونے کے وقت ہے ۔ جب بندہ غافل ہوتا ہے۔ اور وہ وسوسہ ڈالتا ہے اور جب حاضر اور ذاکر ہوتا ہے۔ تو دل سے دور رہ جاتا ہے۔ اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ط یعنی وہ شیطان جو آدمیوں کے دل میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جن اور انسان کی قسم سے ہے ۔

وصل۔ وہ وسوسہ جو شیطان جن اور انسان کی طرف سے ڈالتا ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ ان میں قدرت اور فعل کی دید کی جہت سے ہو۔ یہ وسوسہ تین قسم پر ہے۔ اول صرف خطرے اور خیالات۔ یہ اُس شخص کی نسبت ہوتے ہیں۔ جو اللہ تعالےٰ کی توفیق سے اس بات پر ایمان رکھتا ہے کہ بندوں کے افعال کا پیدا کرنے والا حق تعالےٰ ہے لیکن ظاہری عقل اور حس سے مشاہدہ کرتا ہے کہ بندوں کے اختیار پر وابستہ ہیں۔ دوم یہ کہ افعال کا خالق بندوں کو جانیں۔ جیسے کہ تمام جنوں اور آدمیوں کی نسبت معتزلہ کا خیال ہے۔ اور ان سے بڑھ کر بُرا عمل عام لوگوں کا ہے۔ کیونکہ معتزلہ تو بندہ کے فعل کو حق تعالےٰ کی قدرت سے جانتے ہیں۔ یعنی حق تعالےٰ نے اس کو ایسا ہی پیدا کیا ہے۔ کہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ اور عام لوگ اپنے معاملات میں ان سے بھی بڑھ کر گئے گذرے ہیں۔ تیسرے یہ کہ بندہ کے لئے الوہیت کا رتبہ کریں۔ جیسے کہ شداد و فرعون کا حال ہے۔ پہلا وسوسہ تو اس طرح دور ہوتا ہے۔ کہ حق تعالےٰ کو خلق سے جدا نہ جانیں۔ اور خلق کے فعل و صفت کو حق تعالےٰ کے فعل و صفت کا سایہ خیال کریں۔ اور ربوبیت سے مراد مربوب کی صورت میں رب کا ظہور سمجھیں۔ جیسے کہ شیخ ادھمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ ؎

جب تلک ہاتھ ہلتا رہے سایہ بھی اس کے ساتھ ساتھ ہلے

پس رب الناس کے ساتھ پناہ مانگنا اس وسوسہ کے مناسب ہے۔ اس بات سے دوسرا وسوسہ بھی اڑ جاتا ہے۔ لیکن ملک الناس کے ساتھ پناہ مانگنا اس بات کے لائق ہے کہ ان کی عاجزی ظاہر ہو جائے۔ واضح ہو کہ یہ وسوسہ بھی دوسرے وسوسہ کے شبیہ اور مانند ہے۔ کہ اس میں قدرت کے ظہور کو کامل طور پر اعتقاد کریں۔ تاکہ اس کے اور معتزلہ کے درمیان ظاہر اور مظہر کے سوا اور فرق نہ رہے۔ اس کا علاج بھی ملک الناس کے ساتھ پناہ لینا جو جمع کا مرتبہ ہے۔ تاکہ ظاہر ہو جائے۔ کہ شبیہ کا راز ازلیت ہے۔ اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (تو جس کو چاہے ہدایت نہیں دے سکتا۔ بلکہ اللہ تعالےٰ جس کو چاہے ہدایت دیتا ہے) جب بنی آدم کے سردار آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ حال ہے۔ تو پھر دوسروں کی نسبت کیا کہا جائے ۔ نیز ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ قدرت و فعل اس کے مظہر ہیں۔ لیکن خلق و تاثیر اس کے مظہر میں نہیں ہے۔

Marfat.com

جہاں ہر آن میں عدم کو جاتا ہے اور اس جیسا اور ظہور میں آتا ہے۔ خلق و تاثیر سب مرتبہ الوہیت کی طرف سے ہے۔ اس بات سے تیسرا وسوسہ بھی دور ہو جاتا ہے۔ بلکہ اسی کے ساتھ ظاہر و مظہر کا تفرقہ دور ہوا تھا۔ یعنی فرعون اور شداد کی صورت کو الوہیت کے رتبہ میں تسلیم کیا تھا نہ کہ ان کی حقیقت کو۔ الہ الناس کے ساتھ پناہ مانگنا اس وسوسہ کے دفع کرنے کے لئے مناسب ہے +

دھل خناس کا وسوسہ تین قسم سے باہر نہیں۔ یا گناہ میں ڈال دیتا ہے یا بندہ کے دل کو تصرف میں لاکر خطروں اور خیالوں کا غلام بنا دیتا ہے۔ بغیر اس کے کہ اس سے گناہ صادر ہو۔ یا کفر میں ڈال دیتا ہے۔ اللہ تعالےٰ اس کے شر سے بچائے۔ پہلی قسم میں رب الناس کے ساتھ التجا کرنا مناسب ہے۔ کیونکہ معصیت اور گناہ موت کا واسطہ ہو جاتی ہے۔ چنانچہ بعض محققین کشف والوں نے فرمایا ہے۔ کہ عاصی اور گنہگار دوزخ میں مر جائینگے۔ نہ کہ کفار۔ کیونکہ ان کے حق میں لَا یَمُوْتُ فِیْهَا وَلَا یَحْیٰی (نہ مرینگے نہ جئینگے) آچکا ہے۔ اور ربوبیت حیات کے وجود کا واسطہ ہے۔ دوسری قسم میں کہ شیطان کا مسخر اور مملوک ہے۔ ملک کے ساتھ پناہ لینا مناسب ہے۔ اور تیسری قسم الٰہ کے ساتھ التجا کرنا مناسب ہے +

دعائے قنوت کا ترجمہ

اس دعا سے مسلمانوں کے گروہ کی صفتوں کا ظاہر کرنا اور ان صفتوں کو ان پر اللہ تعالےٰ کی رحمت کے نازل ہونے کا سبب بنانا اور اپنے آپ کو ان لوگوں کی حمایت و مدد کے سایہ میں ڈالنا مقصود ہے۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اپنے آپ کو ان لوگوں کے درمیان ڈال لو بہتر اپنے آپ کو ان سے اور ان کے دوستوں سے ظاہر کرو۔ اگرچہ تو جانتا ہے کہ تو کیسا ہے۔ تو خوار و رسوا ہی ہے۔ پس نمازی مناجات کے وقت کہتا ہے کہ اے خداوند ہم سب مسلمان۔ تجھ کو اپنا مددگار اور بخشنے والا جانتے ہیں۔ یعنی ہمارا پیشہ اور کام یہی ہے۔ اور جو کچھ مخبر صادق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہمیں پہنچا ہے۔ دل کے ساتھ اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ اور زبان سے اقرار کرتے ہیں کہ ہم ایمان لائے۔ اور تصدیق کی۔ اور رزق کا ضامن تجھے جانتے ہیں۔ بلکہ اسباب کے ہوتے ہوئے ہمارا بھروسہ تجھی پر ہے۔ تمام کیفیتیں اور خاصیتیں تیرے ہی حکم کے تابع ہیں۔ ہر چیز میں تیری ہی تعریف کرتے ہیں۔ اور تیرا ہی شکر بجا لاتے ہیں۔ اور تیری نعمت کی ناشکری نہیں کرتے۔ اور اس چیزہ نعمت کو کسی دوسرے کی طرف سے نہیں پہنچتے اور نہ ہی

Marfat.com

کسی اور کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور کافروں۔ فاجروں کی زندگی کا لباس دُور کرتے ہیں۔ اور انکی صحبت و مجلس سے الگ رہتے ہیں۔ اے خدا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور تیرے لئے نماز پڑھتے ہیں سجدہ کرتے ہیں۔ اور اس نماز و سجدہ میں تیری طرف جلدی جلدی دوڑتے ہیں۔ تیری رحمت کی اُمید رکھتے ہیں۔ تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ۔ یہ جملہ مسلمانوں کی دُعا کا تتمہ ہے یعنی تیرا عذاب کافروں پر پڑا رہے۔ اور ان سے کبھی دور و جدا نہ ہو۔ بلکہ حقیقت میں دُعا یہی ہے۔ اور پہلے جملے دُعا کے مقدمات ہیں والسلام والاکرام +

ملفوظات خواجہ قدس سرہٗ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حمد اور صلوٰۃ کے بعد واضح ہو۔ کہ جب یہ ذرہ ناچیز (جو اپنے نام کو نہایت بے اعتباری کے باعث اس بلند قدر نامہ میں درج کرنے کے لائق نہیں دیکھتا) اللہ تعالےٰ کی ازلی عنایت اور دائمی سعادت کی رہنمائی سے جہان کو پناہ دینے والے۔ حق پرستوں کے مرجع۔ سچے اور نیک لوگوں کے قبلہ۔ ہدایت کے سورج۔ معرفت کے آسمان۔ کامل نور۔ اللہ تعالیٰ کے سر اعظم۔ انفسی اور آفاقی تصرف کے مالک ابوالوقت خواجہ محمد باقی نقشبندی اویسی (کہ اللہ تعالےٰ جہان والوں پر اُن کی بقا سے احسان کرے اور انکے لقا سے مسلمانوں کے سینوں کو کھولے) کی درگاہ کے خدمتگاروں اور غلاموں میں داخل ہوا۔ تو اکثر اوقات حضور کے رعب۔ داب اور ہیبت کے باعث خلوت خاص میں حاضر ہونا بہت مشکل ہوتا۔ مگر حضور کا دریائے کرم اپنی عام مہربانی سے مدد فرما کر اس جگہ میں حاضر ہونے کی اجازت بخشتا۔ اور بعض مجلسوں میں جب وہ لسان وقت موتیوں کی سی بیش قیمت گفتگو فرماتے۔ تو اس خاکسار کے جلے ہوئے اور فریفتہ اور دیوانہ دل میں آتا کہ ان جان کے بڑھانے والے کلمات اور خوش کرنے والی باتوں کو (جو قوتِ سامعہ کو روشن کرتی ہیں۔ اور غفلت کی روئی کو جلاتی ہیں۔ دل کی رہنمائی کرتی ہیں اور دماغ کو تر و تازہ بناتی ہیں۔ ہوش کو مدہوش اور روح کو آزاد کر دیتی ہیں) تحریر کی قید میں لایا جائے۔ تاکہ جو شخص دل میں خدا پرستی کا مزہ اور ذوق میں حقیقت شناسی کی لذت اور استعداد میں تحقیق کی طلب رکھتا ہو۔ ان کے مطالعہ سے خوش ہو کر فائدہ اُٹھائے۔ شاید اس صاحب دل کے باطن کا پرتو لکھنے والے کے وقت پر پڑ جائے۔ اور اس کو تعلقات کی تنگی

Marfat.com

سے خلاص کردے۔ اب یہ خاکسار اس خواہش پر کامیاب ہوتا ہے! اللہ تعالیٰ حضور کے وجود کو طالبوں کے سر پر قائم دائم رکھے۔ اور یہ بیش قیمت موتی ظہور کے صفحہ پر جلوہ گر ہوتے رہیں۔ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور آلِ پاک کی طفیل +

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اس رسالہ میں جہاں کہیں حضرت ایشان کا لفظ لکھا جائیگا۔ اس سے مراد خواجہ صاحب ہیں۔ اور وہ حقائق و معارف جو حضرت ایشاں کی زبان مبارک سے سُننے میں آئے تھے۔ چونکہ لکھنے والے کی قوت مدرکہ ان کی حقیقت کما حقہ اک سے قاصر تھی۔ اور قوت حافظہ ان شریف عبارتوں کو بعینہ ضبط کرنے میں کوتاہ تھی۔ اس لیے اگر ان کے بیان کرنے میں کسی قسم کی لفظی یا معنوی غلطی ہو جائے تو لکھنے والے کے قصور فہم اور نقصان حال پر محمول کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالےٰ اس کو اور تمام مسلمانوں کو معاف کرے +

اِن کے بعد خاکسار نے چاہا کہ حضرت ایشان کا کچھ مبدا حال یعنی آپ نے نسبت کہاں کہاں سے حاصل کی۔ اور کن کن گذشتہ وسیلوں سے طریقہ اخذ کیا۔ اس رسالہ کے شروع میں درج کرے۔ کچھ حال تو آنحضرت کے ایک مبارک خط سے نقل کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے۔ پہلے پہل حضرت خواجہ عبیدؒ کی خدمت میں ہو کر گناہوں سے توبہ کی۔ لیکن ابھی باطن میں رجوع کا خیال اور ترک کا ارادہ تھا۔ اور ظاہر میں ناقہ کی التماس تھی۔ خواجہ عبید رحمۃ اللہ علیہ جو مولانا لطف اللہ کے خلیفہ تھے۔ اور مولانا لطف اللہ حضرت مولانا خواجگی امکنگی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے۔ جب اپنے آپ میں استقامت نہ دیکھی۔ دوبارہ حضرت افتخار شیخ جو سمرقند کے رہنے والے تھے اور حضرت خواجہ احمد یسوی رحمۃ اللہ علیہ کے خاندان کے بزرگوار سے تھے، کی خدمت میں حاضر ہو کر توبہ کی۔ اگرچہ وہ بزرگ راضی نہ تھے۔ اور فرماتے تھے۔ کہ تم جوان ہو۔ لیکن چونکہ حضرت ایشان کا ارادہ پکا تھا۔ اس لئے چار و ناچار فاتحہ پڑھا اور دعا فرمائی کہ خدا تعالےٰ استقامت بخشے۔ اِن بزرگواروں کے دلی فراست کے موافق یہ ارادہ بھی ٹوٹ گیا۔ اور طرح طرح کی خرابیاں آپڑیں۔ پھر ان کے اپنے تکلف و اختیار کے بغیر حضرت امیر عبداللہ بلخی مدظلہ کے خدمت عالیہ میں از سرِ نو توبہ ظہور میں آئی۔ مصافحہ کے ہوتے ہی وہ نعمت حاصل ہوئی۔ جس کی اُمید نہ تھی۔ اُمید ہے کہ اس بخشش اور انعام کی برکتیں قیامت تک جاری رہینگی۔ غرض کچھ مدت تک تو اسی طرح شریعت اور

Marfat.com

طریقت کی حدوں کو نگاہ رکھتے رہے پھر اسم السفل کی تاثیر نے اس دیوار کو توڑ دیا۔ آخر کار محض اللہ تعالےٰ کی ہدایت سے خواب میں حضرت خواجہ بزرگ خواجہ بہاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں توبہ کرنے کا شرف حاصل ہوا۔ اور دل میں اہل اللہ کے طریقہ کی خواہش پیدا ہوئی جس طرح ڈوبنے والا ہر گھاس پات پر ہاتھ مارتا ہے۔ اسی طرح پھر ادھر اُدھر ہاتھ پاؤں مارنے لگے۔ ایک دن کسی مخدوم نے فرمایا۔ کہ وہ ذکر جو دست بدست حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے۔ بہت فائدہ دیتا ہے۔ دل میں خواہش تو تھی ہی۔ یہ بات سُن کر اُس بزرگ کے سلسلہ کے وظائف اور ذکر و مراقبہ پر قائم رہے۔ چونکہ سُنا ہوا تھا کہ جب تک سالک چالیس سال کی مدت تک لاالہ کے میدان کو طے نہ کرے الا اللہ کی منزل تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس لئے بے سمجھی کے باوجود اسی بات کو غنیمت سمجھا۔ کہ اس قدر وقت ذکر میں گذر جائے۔ اور اسی ظاہری عبادت پر قناعت کی جائے اگرچہ کبھی کبھی کسی اور طریقہ کے سلوک کے لئے غیبی اشارے بھی ہوتے تھے لیکن چونکہ اس بات پر قدم ایسا جمایا ہوا تھا۔ کہ جگہ سے نہیں ہلتا تھا۔ اس لئے اسی طریقہ کے بزرگوں کے کرم کی زمین میں وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ (اس میں وہ سب کچھ ہے جو نفس چاہے) کا بیج بوتے تھے۔ اور جانتے تھے۔ کہ ایک دن ضرور ان بزرگوں کا دستِ کرم اس بیج کو مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ (اس کو آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا) کی نہر سے سیراب و سرسبز کر دیگا۔ آخر کار کشمیر پہنچے۔ اور حضرت شیخ بابا بھائی والی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہونے اور اُن کی نظر کی برکات سے بہرہ مند ہونے کا اتفاق ہوا۔ اللہ تعالےٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے۔ کہ ان نظروں نے قبولیت کے دروازہ کو کھول دیا۔ چونکہ حضرت شیخ موصوف کو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کی طرف سے بھی طریقہ تعلیم کرنے کی اجازت حاصل تھی۔ اور طالب کی استعداد بھی اپنے بزرگوں کے دروازہ کی طرف لگی ہوئی تھی۔ اس لئے ربانی فیض کے جھونکے اس خاندان کے دروازہ سے ہلنے لگے۔ خواجہ صاحب موصوف کے دار القرار کی طرف انتقال کر جانے کے بعد وہ غیب جو حضرات مشائخ نقشبندیہ کے نزدیک مضمر ہے۔ جلوہ گر ہوا۔ اور ان بزرگوں کی پاک رُوحیں خوابوں میں ظاہر ہو کر تلقین فرمانے لگیں اور ان بزرگوں کی توجہ کی برکت سے وہ نسبت قوی ہوگئی۔ اور غیبت کا دائرہ وسیع

Marfat.com

ہوگیا۔ اور آگے کے لئے راستہ روشن و صاف ہوگیا۔ اور کچھ کچھ جمعیت حاصل ہوگئی۔ حتیٰ کہ ان بزرگواروں کی عنایت نے کھینچتے کھینچتے مخدومی حقائق پناہی ارشاد و ستگاہی حضرت مولانا خواجگی باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت بابرکت میں پہنچا دیا اور اپنی رضا و رغبت سے بیعت و مصافحہ کرکے حضرت خواجگان کا طریقہ حاصل کیا۔ اور آنحضرت کی برکت اور حضرت خواجہ نقشبندؒ اور ان کے خلفا کے پاک روحوں کی طفیل سے اس راہ کے سالکوں اور اس درگاہ کے نیازمندوں میں داخل ہوئی۔ اے اللہ تو مجھے مسکین ہی زندہ رکھ۔ اور مسکین ہی مار۔ اور مسکینوں کے گروہ میں اٹھا۔ والسلام علےٰ من اتبع الھدیٰ (اور سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کے راستہ پر چلا) ✦

مجلس اوّل

بروز ہفتہ یکم صفر ۱۰۰۹ھ کو یہ فقیر حضرت ایشان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ان دنوں میں فقیر کے دل میں ایک جوان کی بہت محبت تھی۔ ہر وقت اس کا خیال آکر دل کو پریشان کرتا۔ باطنی زبان سے حضرت ایشان سے مدد چاہی۔ تاکہ اس پریشانی سے خلاصی ہو۔ تھوڑی دیر نہ گذری تھی کہ ایک مخلص جس کی ابھی نئی شادی ہوئی تھی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا۔ اور آداب سلام بجالایا۔ حضور نے اس کے حال پر بہت مہربانی فرمائی اور بیٹھنے کا حکم دیا۔ ایک گھڑی کے بعد حضور نے یوں فرمایا۔ کہ شادی کے تین ضرر ہیں۔ پہلا ضرر نفس کو پہنچتا ہے کیونکہ نفس میں شہوات کا خیال زیادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ سردی کا مارا ہوا سانپ جو بیحس و حرکت پڑا ہوتا ہے۔ جب اس پر سورج کی دھوپ لگتی ہے۔ تو فوراً از سر نو زندہ ہو جاتا ہے۔ اسی طرح نفس بھی اس وقت قابو سے نکل جاتا ہے اس کا علاج یہ ہے کہ ہر وقت شہوات و کامرانی میں غرق نہ رہے اور اختیار کی باگ کو بہت ڈھیلا نہ چھوڑ دے۔ دوسرا ضرر دل پر پڑتا ہے۔ اور وہ یقین کا برطرف ہونا ہے۔ کیونکہ اس موقعہ پر رزاق حقیقی کے رازق ہونے کے یقین میں فتور اور توکل میں نقصان آجاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ روزی کا غم نہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ وہ رزاق مطلق بندوں کا ضامن ہوا ہے۔ اسی موقعہ پر حضور نے فرمایا۔ کہ توکل یہ نہیں کہ اسباب کو چھوڑ کر بیکار بیٹھ رہیں۔ کیونکہ یہ بے ادبی ہے۔ بلکہ اسباب مشروعہ مثل کتابت وغیرہ کے اختیار کرنے چاہئیں اور نظر سبب پر نہ رکھنی چاہیے۔ کیونکہ سبب ایک

Marfat.com

دروازہ ہے جس کو حق تعالےٰ نے روزی کے پہنچنے کے لئے بنایا ہے۔ اگر کوئی شخص دروازہ کو بند کر دے۔ اور اس ارادہ پر کہ روزی اوپر سے آجاوے گی۔ تو کس قدر بے ادبی ہے کیونکہ دروازہ اس نے اسی لئے بنایا ہے۔ کہ اس کو کھولکر بیٹھیں۔ آگے اس کا اختیار ہے۔ خواہ دروازہ سے بھیجے خواہ اوپر سے۔ اور وہ شخص جو دروازہ بند کر کے بیٹھ رہے۔ اور فتوح پر نظر رکھے۔ اس کا بھی یہی حال ہے۔ کیونکہ کسب پر قادر ہونے کے باوجود فتوح پر نظر رکھنی بے ہمتی اور ترک اسباب ہے۔ تیسرا ضرر روحانی ہے۔ اور وہ انجذاب کی سستی ہے۔ جو خوبصورت شکلوں کی طرف زیادہ مائل ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔ کیونکہ روح حق تعالےٰ کے انجذاب کی جگہ ہے۔ جب حسین و شکیلہ صورتوں کی طرف رغبت پیدا ہو جاتی ہے۔ بارگاہ الٰہی کا انجذاب کم ہو جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ کہ خوبصورت شکلوں کی طرف زیادہ مائل نہ ہوں۔ کیونکہ جو شخص اس جہان میں صورت کے عشق میں پھنسا رہتا ہے۔ اور ہمیشہ کے لئے بڑے بھاری حجاب و پردہ میں رہتا ہے۔ اور اگر وہ صورت نامحرم ہو۔ تو قیامت میں اس کو بڑی مشکل سے بدلکر اس کے مبتلا اور عاشق پر اس کو مسلط کر دے گی۔ اس وقت اللہ تعالےٰ کے حضور کی کوئی لذت اس کو حاصل نہیں ہوتی۔ اور یہ جو بزرگوں نے عشق صوری کو طریقت میں شمار کیا ہے۔ اس میں بہت تامل ہے۔ اور طریقہ عالیہ نقشبندیہ میں بہت ہی غیر معتبر اور بعید ہے پھر حضورؒ نے فرمایا۔ کہ بعض کتابوں میں لکھا ہے۔ کہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند قدس سرہٗ کبھی کبھی بعض موٹی استعداد والے طالبوں کا علاج ابتدا میں اس طرح کرتے تھے۔ کہ پہلے عشق صوری حاصل کریں۔ جب ان کو اس عشق میں کمال بے تعلقی حاصل ہو جاتی۔ حتیٰ کہ اس ایک تعلق کے سوا کوئی اور تعلق نہ رہتا تھا۔ تو تھوڑے ہی تصرف سے ان کے دلوں کو اس صوری محبت سے پھیر لیتے تھے۔ چونکہ تمام تعلقات پہلے ہی ان سے دور ہوتے تھے اس لئے ان کو حضور و آگاہی حاصل ہو جاتی تھی۔ خواجہ صاحب کا یہ عمل فقہ کے اس مسئلہ پر مبنی ہے کہ اگر طبیب حاذق کسی بیمار کو حرام شے کے کھا لینے کا حکم دے۔ کہ جس کے بغیر اس کا کوئی اور علاج نہیں ہو سکتا۔ تو بعض اماموں کے نزدیک ایسی حرام شے کا کھا لینا جائز ہے حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ جو طریقت کے پیشوا ہیں۔ ان لوگوں کو کافر کہتے ہیں۔ جو اس امر کو مباح جانتے ہیں۔ چہ جائیکہ سلوک کا مدار اس پر قائم کریں۔ اور حضرت خواجہ بزرگ کی ہرگز یہ شان نہیں۔ کہ ہر ایک شخص کو جس میں سلوک کی اہلیت اور لیاقت ہوتی تھی اس

Marfat.com

کام کا حکم دیتی تھی۔ نہیں بلکہ وہ لوگ جو طریقت میں داخل ہونا چاہتے تھے۔ لیکن اس کی استعداد میں حضور اور آگاہی کے طریق کی قبولیت پہلے نہ ہوتی تھی۔ تو ان کی ابتدا میں چند دن تک اس کام پر لگاتے تھے۔ پھر اپنی توجہ اور تصرف سے مقصد اعلیٰ تک پہنچاتے تھے۔ اس اثناء میں اس فقیر نے عرض کی۔ کہ اگر کوئی شخص سلوک طریق اور حضور کے وقت اس بلا میں مبتلا ہو جائے۔ تو کیا علاج کرے۔ تو حضور نے فرمایا۔ کہ اگر اس کا کوئی مرشد ہے تو اس کے آگے بیان کرے۔ تاکہ وہ اپنے تصرف سے اس کو اس مصیبت سے بچائے یا سفر اختیار کرے۔ اور اس شہر کو چھوڑ دے۔ جب اس کو حضور و آگاہی کی نسبت ایک حد تک حاصل ہوئی ہوگی۔ تو یہ محبت اس کو زیادہ نہ رہیگی۔ اور سفر اس کو اتنا مشکل معلوم نہ ہوگا۔ کیونکہ حضور میں وہ خاصیت ہے جس کے مقابلہ میں کسی چیز کی لذت اور رونق نہیں رہتی۔ اور دوام حضور کے حاصل کرنے کے لئے اس بیت کو حضور نے پڑھا۔ بیت

کچھ دنوں خاموش اونا کام ہو　　بعد ازاں تو بیٹھ یار جام ہو

اس کے بعد فرمایا کہ حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کا ایک دوست ملا لطف اللہ نام تھا۔ جو نہایت ہی ظریف طبع تھا۔ چنانچہ اکثر اوقات خواجہ صاحبؒ اس کے ساتھ دل لگی کیا کرتے تھے۔ ایک دن اس سے پوچھا کہ ملا لطف اللہ! اگر تم شادی کرنا چاہو۔ تو بتاؤ تم کو کس قسم کی عورت چاہیئے۔ اس نے جواب میں فرمایا کہ حضور سبز و شیریں۔ پھر حضور نے فرمایا۔ کہ تھوڑے ہی زمانہ میں سب شیرینی دور ہو جائیگی۔ اور سبزی ہی رہ جائیگی۔ پھر اس بات کے مناسب حضور نے فرمایا۔ کہ بزرگوں میں سے کوئی بھی کمال صورت کی طرف متوجہ نہیں ہوا۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی علیہ رحمۃ نے بھی جو اس قافلہ کے پیشرو تھے۔ اخیر میں اس کو ترک کر دیا تھا۔ جیسے کہ ان کے احوال اور کلام سے پایا جاتا ہے۔ اُن میں سے ایک یہ رباعی ہے۔ **رُباعی**

بتوں کے عشق کا اب کچھ رہا نہیں کھٹکا　　نشان اُنکی محبت کا دل سے خوب مٹا

ہوا فریفتہ اب حُسن پر جسے ہے بقا　　بھلا یا حسن وہ دل سے جو ہے فنا ہی فنا

بس حضور کا کلام ختم ہو چکا۔ اللہ تعالیٰ ان کو علامت و باقی رکھے۔ جب یہ کاتب مجلس سے اُٹھا۔ تو اس تعلق کا دل میں نام و نشان نہ تھا۔ بالکل دور ہو چکا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا حمد اور اس کا احسان ہے۔

Marfat.com

مجلسِ دوم

بروز اتوار دوم صفر ۹۰۰ھ کو زمین بوسی کی دولت نصیب ہوئی۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے دریافت کیا کہ وہ حضور جو نفی اثبات کی مزاحمت کے بغیر ہے۔ جیسے کہ اس طریقہ علیہ کے رسالوں میں لکھا ہے۔ اس سے کیا مراد ہے۔ فرمایا کہ جب حضور صاف جو خود بخود قائم ہو۔ حاصل ہو جائے۔ تو پھر نفی اثبات کی مزاحمت نہیں رہتی۔ پھر فرمایا کہ جب تک سالک کو حضور ذاتی جس سے مراد حضور صاف ہے حاصل ہو جائے۔ توحید جسمانی کی قید سے نہیں نکل سکتا۔ چنانچہ وجود جسمانی اپنے آپ کو اور اپنے غیر کو وجود حق جانتا ہے۔ اس وقت تمیز و تفرقہ باقی رہتا ہے۔ روح ابھی فنا و استغراق کے درجہ تک نہیں پہنچی۔ کیونکہ ہر چیز کی تمیز روح کے ساتھ ہوتی ہے۔ یہ موحد ابھی اس توجیہ تک نہیں پہنچا۔ جو علماء دینی اور صوفیہ محققین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے نزدیک مقرر اور ثابت ہے۔ اور وہ آیت کریمہ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ (اللہ تعالیٰ ان کے گھیرنے والا ہے) کے مفہوم سے مراد ہے۔ یعنی تنزیہیہ کی صفت سے منزہ اور پاک ہے۔ جب تک حضور ذاتی کی روشنی اپنی چمک نہ دکھائے اور روح کو فنا اور استغراق نہ پہنچائے مقصود کے چہرہ سے پردہ دور نہیں ہوتا۔ اگرچہ یہ حال ایک لمحہ ہی ہو۔ اور یہ حال جس قدر کسی کی قسمت میں ہو۔ اپنی اپنی استعداد کے موافق حاصل ہوتا ہے۔ پس ہمیشہ اسی امر کا منتظر رہنا چاہیے۔ کہ اللہ تعالیٰ اس وجود موہوب کو صفائی کے ساتھ مشرف فرمائے۔ جس کے ساتھ اس نے اپنے مقربوں کو مخصوص کیا ہے۔ یہاں کسب کا کوئی دخل نہیں محض اللہ تعالیٰ کی بخشش پر موقوف ہے۔ اس مقام میں اس مصرعہ کا مفہوم مطابق حال ہو جاتا ہے۔ مصرعہ

گذر کے علم سے معلوم تک پہنچے

ذلک ہو الفوز العظیم۔ یہی بڑی بھاری کامیابی ہے ۔

مجلسِ تیسری

بروز جمعرات چھٹی تاریخ ماہ صفر سن مذکور کو حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ محبت ذاتی اور محبت صفاتی کی تحقیق میں گفتگو شروع ہوئی۔ فرمایا کہ محبت صفاتی یہ ہے۔ کہ کوئی شخص

Marfat.com

کسی کو اس کے عالم یا شجاع ہونے کے باعث دوست رکھے۔ اس صورت میں اس کی محبت علم و شجاعت کی صفت پر موقوف ہوگی۔ یعنی اگر یہ اوصاف اس سے دور ہو جائیں تو محبت بھی نہ رہے گی۔ اور محبت ذاتی یہ ہے۔ کہ کوئی کسی کو صفات کے لحاظ کے بغیر دوست رکھے۔ یعنی نہ تو اس کی محبت کسی صفت کے ساتھ موصوف ہونے کے باعث زیادہ ہو اور نہ کسی صفت سے موصوف نہ ہونے کے باعث کم۔ پھر فرمایا۔ کہ اہل شہود میں سے اس شخص کو محبت ذاتی حاصل ہوتی ہے جس کی اپنی کوئی غرض درمیان نہ ہو۔ چنانچہ بعض اس جہت سے دوست رکھتے ہیں کہ محبوب کے مشاہدہ سے لذت و سرور حاصل ہو۔ تو محبت ذاتی کے منافی نہیں۔ بلکہ یہ بات محبت ذاتی کا کمال ہے۔ اس وقت حضور نے حضرت مولانا جامی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کتاب جو حضور کے سامنے پڑھی تھی۔ اٹھالی اور کھولی۔ اس میں سے یہ حدیث قدسی نکلی۔ مَنْ قَتَلَ حُبِّیْ فَاَنَا دِیَتُہٗ (جس کو میری محبت نے قتل کیا۔ میں اس کی دیت یعنی خوبنہا ہوں) حضور عالی نے فرمایا۔ کہ اس میں اللہ تعالےٰ نے طریقہ مراقبہ بیان فرمایا ہے۔ کہ جب محبت ذاتی فنا و دامنت کے درجہ تک پہنچ جاتی ہے۔ تو محب یافت اور تجلی ذات کے ذوق سے کامیاب ہو جاتا ہے۔ اور یہاں دیت سے مراد یہی یافت کا ذوق ہے جو محبت ذاتی میں فانی ہونے کے بعد ظاہر ہوتا ہے۔ یعنی مراقبہ مذکورہ کا طریقہ جو محبت ذوقیہ کے ظہور سے مراد ہے۔ البتہ مقصود تک پہنچانیوالا ہے۔

پھر فرمایا۔ کہ ہمارے طریقہ کا مدار ان تین چیزوں پر ہے۔ اول اہل سنت و جماعت کے عقیدوں پر پکا ہونا۔ دوسرے دوام حضور۔ تیسرے عبادت جس کسی میں ان تینوں میں سے ایک میں فتور آگیا۔ وہ ہمارے طریقہ سے نکل گیا۔ اللہ تعالےٰ سے پناہ مانگتے ہیں کہ عزت دیکر پھر ذلیل نہ کرے اور قبول کر کے رد نہ کرے۔ اس کے بعد ان سطروں کے لکھنے والے فقیر نے عرض کی۔ کہ فقیر کی خواہش ہے۔ کہ جو کچھ حضور کی بارگاہ میں مذکور ہوتا ہے اگر حضور اجازت بخشیں۔ تو فقیر ان کو لکھا جائے۔ بڑی خواہش کے بعد فرمایا۔ کہ لکھ کر مجھے دکھلا لیا کرو۔ فقیر یہ بات سن کر بہت ہی خوش ہوا۔ دل میں آیا کہ بڑی بھاری دولت ہے جو اس فقیر کو حاصل ہوئی ہے۔ شاید کہ یہ خوشی نفسانی ہوگی۔ چند مجلسیں جو اجازت کے بغیر لکھی تھیں۔ پیش کیں۔ ملاحظہ کر کے فرمایا۔ کہ اس طرح کی باتیں بزرگوں کی کتابوں میں بہت ہیں اس بات کے لکھنے کی کیا حاجت ہے۔ کہ میں نے فلاں شخص سے سنی ہیں۔ فقیر نے عرض کی۔

Marfat.com

کہ ان باتوں کے نور سے فقیر کا باطن نورانی ہو جاتا ہے۔ اور بزرگوں کی باتوں کو سمجھنے کی طاقت پیدا ہوتی ہے۔ اور راستہ صاف و روشن ہوتا ہے۔ فرمایا۔ اگر تمہیں اس قسم کی باتوں کا خیال ہے۔ تو اس علم کو پڑھ لو۔ لکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس میں تمہارے نفس کا بہت دخل ہے۔ ناچار اس دولت سے ہاتھ ہٹا لیا۔ اور اس ارادہ کو دل سے نکال دیا۔ ابیات

دیکھا مجھ کو محروم اس نفس نے — پھنسایا خواری میں اس نے مجھے
میں پاؤں گا اب قافلے کو کہاں — اٹھا لائے گدھاں مری ہڈیاں

حتیٰ کہ ماہ رمضان المبارک سنہ مذکور کو اللہ تعالیٰ کی عنایت شامل حال ہوئی۔ نصیب نے یاوری کی امید کا منہ کھلا۔ اور مقصود کے چہرہ سے پردہ ہٹ گیا۔ اور سعادت کا پھل لایا۔ یعنی حضرت شیخ احمد سرہندی وغیرہ جو حضور کے مقربوں اور مقبولوں میں سے ہیں۔ کسی تقرب پر حاضر ہوئے۔ اور دوبارہ اس ضروری کام کے قبول کرنے کی درخواست کی۔ بڑے تردد اور تامل کے بعد قبول فرما کر ارشاد کیا۔ کہ وہ باتیں جو طریقہ میں داخل ہوں۔ وہ لکھ لیا کرو اور مشائخ کی حکایات اور معاملات کو جن کا اکثر ذکر ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ شامل نہ کرو اور دکان نہ بنالو۔ چونکہ فقیر کی یہ آرزو پہلے ہی سے تھی۔ اور اس عرصہ سے نفسانی خواہشیں اور طبعی ارادے دور ہو چکے تھے۔ اور کمزور ہو گئے تھے۔ اس لئے یہ دولت پھر فقیر کے ہی سپرد ہوئی۔ اور یہ سعادت اسی دیوانہ کے نام نامزد ہوئی۔ بیت

چاہا چیونٹی نے کعبہ جاؤں — پر کبوتر کا لیا پکڑ گئی جھٹ میں وہاں تک

حضور کے حکم کے موافق وہ حکائتیں جو مجلس مبارک میں بیان ہوتی تھیں۔ اگرچہ ان میں بیشمار فائدے تھے۔ حتی الامکان نہیں لکھیں۔ البتہ وہ حکائتیں لکھی گئی ہیں۔ جن پر حضور کی کلام کی تحریر موقوف تھی۔ اب اللہ تعالیٰ کی تائید اور حضرات خواجگان کی روحانی مدد اور حضور کی باطنی اعانت سے فقیر اس کام کو شروع کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ لغزش اور خرابی سے بچائے ۔

چوتھی مجلس

بروز جمعرات ۱۱۔ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۰۰۰ ہجری کو فقیر زمین بوسی کی سعادت سے مشرف ہوا۔ روزہ افطار کر چکنے کے بعد شیخ جلال تھانیسری کے صوفیوں میں سے ایک صوفی حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ یہ شخص روزہ افطار کرنے کے وقت سے اول گھبرایا ہوا تھا

Marfat.com

لیکن دروازہ پر اس لئے بیٹھ رہا تھا۔ کہ طعام سے فارغ ہولیں۔ اس شخص کی عادت تھی۔ کہ ہمیشہ تہجد بعد کھانا کھاتا اور ہمیشہ روزہ رکھتا۔ حضور پر اس کا یہ حال واضح ہوگیا۔ حاضرین کو مخاطب کرکے فرمایا کہ روزہ رکھنا گویا اللہ تعالےٰ کی ایک صفت کے ساتھ موصوف ہونا ہے۔ چونکہ اللہ تعالےٰ کھانے پینے سے پاک ہے۔ بندہ بھی چاہتا ہے کہ کچھ وقت کے لئے اس خلق کے ساتھ متخلق ہو جائے۔ لیکن بندہ کو چاہئے۔ کہ اپنی عاجزی کو ظاہر کرنے کے لئے سحر گی کھالے۔ پھر ادب و عجز کے ساتھ روزہ شروع کرے۔ تاکہ بندگی کے دائرہ سے باہر نہ نکل جائے۔ اور قدرت اور قوت کو جو اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے۔ اسی کے ساتھ مخصوص کرے۔ اسی طرح قیام لیل (رات کا کھڑا ہونا یا جگراتا) بھی۔ حق تعالےٰ کی صفت کے ساتھ موصوف ہوتا ہے۔ چونکہ حق تعالےٰ نیند سے پاک ہے اس لئے بندہ بھی اس صفت میں اس کی پیروی کرکے قیام لیل شروع کرتا ہے۔ تو چاہیے کہ گستاخ ہوکر اپنی طاقت و قوت کے بھروسہ پر اس صفت کو اختیار نہ کرے۔ بلکہ چاہیے کہ رات ہوتے ہی کھانے میں جلدی کرے تاکہ بندہ کی عاجزی ظاہر ہو۔ اس شخص نے فوراً اپنی پہلی وضع کو بدل دیا۔ اور جھٹ کھانا مانگا اور عرض کیا کہ اگر کھانا حاضر ہو تو بندہ کھالیوے۔ کہتے ہیں کہ یہ شخص اپنی ضد اور ہٹ پر ایسا پکا تھا۔ کہ والدین کے کہنے پر بھی کھانا نہ کھاتا تھا۔ ہمیشہ تہجد اور تراویح سے فارغ ہوکر کھانا کھاتا۔ اور ہمیشہ روزہ رکھتا۔ بعد ازاں جس غرض کے لئے آیا تھا۔ عرض کی اور واپس چلا گیا +

پھر حضور نے فرمایا۔ کہ فوائد الفواد میں لکھا دیکھا ہے۔ کہ حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ ابتداء حال میں لکڑیاں بیچ کر اپنا وقت حاصل کرتے تھے۔ انہی دنوں میں ایک عابد مرد ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جو تمام رات قیام میں گذار دیتا تھا۔ حضرت ابراہیم ادہمؒ کو ثابت ہوا۔ کہ اس کا کھانا شبہ کا ہے۔ اس کو فرمایا۔ کہ کیا اچھا ہو۔ کہ اگر تو چند روز تک ہمارے ہاں کھانا کھالے۔ وہ راضی ہوگیا۔ دو تین دن میں ہی لقمہ پاک کی برکت سے اس کا کام یہاں تک ڈھیلا پڑ گیا۔ کہ سنت موکدہ بھی اس سے بمشکل ادا ہونے لگیں۔ فقط حضور کا کلام ختم ہوا۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کا قیام نفسانی تھا۔ لقمہ پاک کی برکت سے نفسانیت جاتی رہی۔ اور اس کی بجائے عبدانیت آگئی +

Marfat.com

پانچویں مجلس

بروز بدھ ۲ شوال ۱۰۰۹ھ کو حضور کی سعادت حاصل ہوئی۔ حضور نفحات الانس کا مطالعہ فرما رہے تھے۔ کہ جاہ میں گفتگو شروع ہوئی۔ فرمایا۔ کہ شیخ عبداللہ خفیف رحمۃ اللہ علیہ کو وہ مرتبہ اور جاہ ملا تھا۔ کہ زمانہ کے بڑے بڑے مشہور لوگ اپنی بیٹیوں کو فخر اور تبرک کے لئے نیاز کے طور پر انکی پیش کرتے اور وہ اپنے نکاح میں لے آتے۔ اور ہر ایک کے بجائے پہلی عورتوں میں سے ایک ایک کو طلاق دیدیتے۔ اسی طرح ستر عورتوں سے انہوں نے نکاح کیا۔ لیکن اُن میں سے کسی ایک کے رنج دیک نہ گئے۔ جب اِن عورتوں کے دل میں کچھ ارادہ پیدا ہوا۔ تو اُن سب نے جمع ہوکر ایک عورت سے جو نہایت ہی خوبصورت اور وزیر کی بیٹی تھی۔ اور شیخ کی بہت خدمت کیا کرتی تھی۔ اور شیخ کی بھی رغبت اُس کی طرف بہت تھی۔ حقیقت حال دریافت کیا۔ اُس نے کہا مجھے اِس قدر معلوم ہے۔ کہ ایک دن حضرت شیخ میرا ہاتھ اپنے گریبان کے اندر لے گئے۔ مَیں نے دیکھا کہ اُن کے سینے سے ناف تک سترہ گلولے نکلے ہوئے ہیں۔ میں نے پوچھا کہ یہ کیا ہے فرمایا کہ یہ سب صبر کے باعث ہے کہ مَیں نے اپنے آپ کو تیرے جیسی نازنین عورت سے بچا رکھا ہے +

پھر فرمایا۔ کہ اللہ تعالےٰ پیشواؤں کو ہر زمانہ میں اس حال پر رکھتا ہے جس میں اس وقت کے مریدوں کی بہتری ہو۔ اِس وقت مریدوں کے لئے شادی مضر ہوگی۔ اِس وقت حاضرین میں سے ایک مجذوب نے سوال کیا۔ کہ ان بندگوں نے جو یہ حکم کیا ہے (اور اشارہ اِن بزرگوں کی طرف کیا جن کا ذکر نفحات میں ہے) اور مشائخ کے احوال کی تشخیص کی ہے۔ کہ فلاں بزرگ ایسا تھا۔ اور فلاں ایسا۔ کیا اُنہوں نے لوح محفوظ میں اس کا حال دیکھ کر کہا ہے۔ یا محض اپنی قیاس اور تخمین سے +

فرمایا۔ کہ جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے الہام سے کہتے ہیں یا اس کامل فراست سے جو اللہ تعالےٰ نے اِن کو عطا کی ہوتی ہے۔ حکم کرتے ہیں۔ اور ہر ایک اپنی اپنی ان صفات کے اندازہ کے موافق جو ان کو فیاض یعنی اللہ تعالےٰ کے صفات کے مبداء سے ملی ہوتی ہیں۔ کچھ کچھ سمجھ لیتے ہیں۔ ائمہ مجتہدین نے قرآن کے معنوں سے علوم

Marfat.com

شرعی کے نکات نکالے۔ اور اولیاء اللہ نے اِن معنوں سے حقائق و معارف کا پتہ لگایا۔

پھر فرمایا کہ ایک شخص نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے پوچھا۔ کہ آپ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں سے ہیں۔ اور آپ سے زیادہ قریب اور کوئی نہ تھا۔ آپ بتلائیں کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم آپ کو وہ کچھ بتلایا کرتے تھے۔ جو اوروں کو نہیں بتلاتے تھے۔ تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہے بلکہ جیسے اوروں کے آگے بیان فرماتے تھے۔ ویسے ہی ہمارے پاس بیان کرتے تھے۔ لیکن اللہ تعالےٰ نے ہم کو وہ سمجھ اور فہم دیا ہے۔ جو اوروں کو نصیب نہیں۔ **ابیات**

نام تیرا سُن کے اہلِ دین تمام — آتے ہیں تا سیکھیں تجھ سے نیک کام
تیری پیدائش سے پہلے سالہا — ان کو تیرے حال کا ہوگا پتا

پھر اس مجذوب نے عرض کیا کہ مجتہد خطا بھی کرتا ہے۔ اور صواب کو پہنچتا ہے۔ یعنی اولیاء کا خلاف بھی امامان شروع کے خلاف کی قسم سے ہے۔

حضرت نے فرمایا۔ کہ ان لوگوں کی خطا ایک دوسرے کے کلام کے مفہوم میں ہے نہ کہ اصل مسئلہ میں۔ اصل میں سب کا اتفاق ہے۔ خطا صرف مفہوم میں ہے۔ یعنی قائل فصیح نہیں ہے۔ اس کی عبارت میں قصور ہے۔ جس کے باعث اپنے مفہوم پر دلالت نہیں کرتی۔ یا یہ باعث ہے کہ ایک کا حال دوسرے کے حال کے برابر نہیں ہے۔ ایک نے دوسرے کے زائد احوال کو اپنے حال کے موافق اور طرح پر سمجھ لیا ہے۔ اور خطا کی ہے۔ شیخ علاء الدولہ سمنانی رحمۃ اللہ علیہ نے جو شیخ محی الدین عربی رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت خطا کی ہے۔ وہ دوسری قسم سے ہے۔ نفحات میں لکھا ہے کہ بعض بزرگوں جو ان دونوں بزرگوں کے معتقد ہیں۔ تحقیق کی ہے۔ کہ ان دونوں بزرگوں کی مخالفت صرف مفہوم میں ہے۔ اصل مسئلہ میں ان کی کوئی نزاع نہیں۔ لیکن ان فاضل نے مخالفت کو دوسرے قسم سے نہیں جانا۔ اور اپنی بے سمجھی کا عذر نہیں کیا۔ نفحات میں بھی یہ لکھا ہے کہ شیخ علاء الدولہ رحمۃ اللہ علیہ نے فتوحات کے حاشیہ میں شیخ کی نسبت یہ لفظ لکھے ہیں اَیُّہَا الْمُحَقِّقُ اَیُّہَا الصِّدِّیْقُ (اے محقق! اے صدق) اور جہاں کہیں شیخ نے خطا کی ہے۔ اس کی تکفیر کی ہے۔ اس بات سے اس امر کی تائید ہوتی ہے۔ کہ خطا عدم فہم کے باعث ہے یعنی جو کچھ سمجھ لیا ہے قبول کرتا ہے اور جو کچھ نہیں سمجھا ہے۔ اس کی نفی کر دی ہے۔ نفسانیت کا

Marfat.com

اس میں کوئی دخل نہیں۔ پھر اس مجذوب نے عرض کیا۔ کہ یہ لوگ اپنی اپنی استعداد پیدائش ہی سے ساتھ لائے تھے کہ ایسے ایسے ہو گئے یا مرشد کی توجہ سے ولایت کے درجہ تک پہنچ گئے۔ فرمایا کہ یہ بھی تھا اور وہ بھی تھا۔ کیونکہ استاد کیمیا گر چند جوہروں مثلاً پارہ اور تانبہ وغیرہ کو ملا کر سونا بنا سکتا ہے۔ مٹی سے کچھ نہیں بنا سکتا۔ **بیت**

نہ ہوں باریک نکتے جب تلک حاصل نہیں کرتا ہے کچھ شفقت کوئی کامل

کچھ دیر لقمہ کی احتیاط کے بارہ میں گفتگو شروع رہی۔ بزرگوں میں سے ایک بزرگ کا نام لیکر فرمایا کہ اس نے کہا ہے۔ کہ کھانا ضرور دل سے کھانا چاہیئے۔ تاکہ غفلت سے نہ کھایا جائے۔ کیونکہ لقمہ بیج کی طرح ہے۔ اگر حضور کے ساتھ کھایا جائے۔ تو حضور پیدا کرتا ہے۔ ورنہ پریشانی اور غفلت۔ خواہ لقمہ پاک ہی کیوں نہ ہو۔ یہ بات سن کر حاضرین میں سے ایک فقیر نے سوال کیا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر شبہ کا کھانا بھی حضور دل سے کھائیں۔ تو پھر بھی حضور حاصل ہوگا۔ آنحضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ کیوں نہیں۔ لیکن آرام میں فتور آجاوے گا۔ اور ترقی کا راستہ دوام آرام کے سوا حاصل نہیں ہوتا۔ آرام والا شخص اس سوالی کی طرح ہے جو سخی کے دروازہ پر کھڑا ہو کر ہمیشہ کچھ مانگتا رہے۔ آخر ایک دن اس کو کچھ مل ہی جاتا ہے۔ اس کلام کے موافق اس حدیث کو بیان فرمایا۔ مَنْ دَقَّ بَابَ الْكَرِيمِ وَلَجَ (جس نے سخی کا دروازہ کھٹکھٹایا اور اصرار کیا وہ داخل ہوا) اور آرام نہیں رکھتا۔ تو اس کو بیقراری حاصل ہوگی۔ اور بے قرار آدمی اس سوالی کی مانند ہے۔ جو سخی کے دروازہ پر کھڑا ہو۔ اور ضروری کاروبار میں ادھر ادھر بھی پھرتا ہو۔ پھر شکایت کرتا ہو۔ کہ مجھے نہیں دیتے اور کیوں نہیں دیتے۔ اس حال میں اس کو کچھ نہیں ملیگا۔ اس فقیر نے سوال کیا۔ کہ آرام اور قلق کے سوا کوئی اور حالت بھی ہے۔ فرمایا کہ طالب کا حال ان حالتوں کے سوا نہیں ہوتا۔ یا آرام ہوگا یا قلق اور جس کو ان میں سے ایک بھی حاصل نہیں وہ طالب نہیں۔ پھر فرمایا۔ کہ شبہ کا لقمہ اس دھوئیں کی طرح ہے۔ جو رائی (دیکھنے والا) اور مرئی (جس کو دیکھیں) کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔ اور مقصود کے چہرہ کو نظر سے چھپا دیتا ہے۔ جو شخص حضور الٰہی کا واقف ہوتا ہے۔ وہ سمجھ لیتا ہے۔ اور بیقرار ہو جاتا ہے۔ بعض بزرگ اپنے مریدوں کو دور سفر سے منع کرتے تھے۔ ایک خراسان کے سفر سے۔ کیونکہ وہاں کی اوقات اکثر بے احتیاطی میں

Marfat.com

اور مریدوں کو مضر تھیں۔ اور مقصود سے ہٹا رکھتی تھیں۔ دوسرے یمن کے سفر سے۔ کیونکہ وہاں حسن بہت تھا۔ تاکہ کہیں حسن کے گرفتار ہو کر راستہ سے نہ بہک جائیں۔ اور یہ جو بعض بزرگوں نے عشق صوری کی اجازت دی ہے۔ وہ اپنے آپ میں اس قدر تصرف کی طاقت رکھتے تھے کہ مریدوں کو اپنے تصرف کے ساتھ اس سے ہٹا سکیں۔ اور مرید میں بھی یہ استعداد دیکھتے تھے کہ مرید کا کام اس کے بغیر نہیں بن سکتا۔ لیکن عشق صوری سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ سراسر مضر ہے۔ وہ باطنی راہ ہی ہے جن سے انسان منزل مقصود تک پہنچ سکتا ہے۔ پھر حضور نے یہ بیت پڑھے۔ **ابیات**

تیری ذات ہے تیرا خرچین و کیسہ — اگر تو ہے رامین[1] تو ڈھونڈا نچا دیسہ
ترا کیسہ خرچین ہے تیری ہی ذات — تعلق تیرے حق میں ہے ہائے آفات
تو کیوں ڈھونڈھتا ہے ادھر اور ادھر — بغل میں چھپا ہے تیرا یار دلبر

ایک دن حضور نے ایک مخلص کو پوچھا۔ کہ ہماری خدمت میں تو کس نیت سے آیا کرتا ہے۔ کہا کہ مسلمان ہونے کی نیت سے۔ فرمایا۔ بس یہی مراد ہونی چاہیئے۔ پھر فرمایا۔ کہ مسلمان یہ ہے کہ احکام ازلی خداوندی کو مان لیں۔ اور ان کے موافق فرمانبرداری کریں۔ لیکن جب تک کامل طور پر تجلی ذاتی نہ ہو مسلمان ہونا مشکل ہے مصرعہ

یہ نہ ہو وہ نہ ہو بس مسلمان ہو

ایک دن بعض عالموں نے جو حضور کی آستان بوسی کی ملازمت سے مشرف ہیں شرح رباعیات (جو حضرت ایشان کی حقیقتوں کو لکھنے والی قلم کی لکھی ہوئی ہے) کہ اس عبارت پر (کہ علمیہ صورتیں ذات کے اعتبارات اور حیثیات کے عکس میں ہیں۔ اور وجودات کے خارجی نمود عکس العکس۔ یعنی ان علمیہ صورتوں کا عکس ہے۔ جو ذات کے آئینہ پر پڑا ہے) شبہ ظاہر کیا۔ کہ اگر صور علمیہ کا عکس ظاہر وجود پر پڑے۔ تو اس سے ذات حق کی نہایت اور وجود مطلق محل ہونا لازم آتا ہے۔ حضور نے اسی وقت ان کے پاس پہنچکر فرمایا۔ کہ کیا مذکرہ ہو رہا تھا۔ انہوں نے اپنے شبہ کو ظاہر کیا۔ حضور نے فرمایا۔ کہ حق تعالےٰ کی بے نہایتی میں حل نہیں۔ جس طرح جسموں میں طول و عرض کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ بلکہ اس لحاظ سے ہے۔ کہ وہ بے تعین و بے تمیز ہے۔ دوسرے ان صورتوں کا محل ذات

[1] رام یا رامین نام عاشق کا ہے۔ اور دیس یا دیسہ اس کی معشوقہ کا نام ہے۔ مترجم ۱۲

Marfat.com

نہیں کہ اس کا محل ہونا لازم آئے۔ بلکہ اس کا محل وہم ہے۔ جیسے کہ آئینہ کی نقش کی ہوئی صورت نہ اُس کے اندر ہوتی ہے نہ اس کے باہر۔ لیکن وہم حکم کرتا ہے۔ کہ آئینہ کے اوپر ہے۔ اور اس کا محل خیال ہے۔ جس کو مثال متصل کہتے ہیں۔ اور آئینہ ویسے ہی اپنی خالص بیرنگی پر ہوتا ہے۔ پھر فرمایا۔ کہ توحید حاصل کرنی چاہیئے۔ متکلمین محققین کی توحید لَا مُؤثِّرَ فِی الْوُجُوْدِ اِلَّا اللّٰہ ہے۔ یعنی اپنی تمام قدرت کو حق تعالےٰ کے حوالہ کرنا اور اپنے آپ کو اس سے خالی کرنا۔ اگرچہ بعض متاخرین عالم قدرت مؤثرہ کو بندہ میں بھی کچھ کچھ ثابت کرتے ہیں۔ اور ان کی توحید لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ ہے۔ لیکن مذہب صحیح بھی ہے کہ لَا مُؤثِّرَ فِی الْوُجُوْدِ اِلَّا اللّٰہ۔ اور صوفیہ جس طرح فعل و قدرت کو حق تعالےٰ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ باقی صفات سبعہ یعنی علم و سمع و بصر و حیات و کلام کو بھی حق تعالےٰ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں۔ کہ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہ۔ غرض توحید حاصل کرنی چاہیئے۔ اگرچہ وہ عکس العکس معلوم نہ بھی ہو۔ تو قیامت میں اس پر مواخذہ نہ کریں گے۔ اور اس توحید خاص کی نسبت نہ پوچھینگے۔ اور جس توحید کے لئے انسان مکلف کیا گیا ہے۔ وہ لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہ ہے لیکن چونکہ اس توحید کے بغیر جو صوفیہ کے نزدیک ثابت و مقرر ہے کامل اخلاص حاصل نہیں ہوتا۔ اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ۔ (خبردار دین خالص اللہ کے لئے ہی ہے) اس لئے اس توحید کو حاصل کرنا چاہیئے۔ تاکہ اخلاص پیدا ہو۔

وصل۔ ایک دن مقامات شیخ حسین خوارزمی قدس سرہٗ مطالعہ فرما رہے تھے۔ شیخ خلیل اللہ (جو شیخ کے خلفاء میں سے تھے) کی بہت تعریف کی۔ اور فرمایا۔ کہ حب جاہ ان سے نکل چکی تھی۔ پھر اس مضمون کے مناسب فرمایا۔ کہ حب جاہ دو قسم پر ہے۔ ایک وہ جاہ جو لوگوں کے نزدیک ہو۔ جو نفس کی بقایا خواہشوں میں سے ہے۔ یہ حب جاہ ان لوگوں کے نزدیک بجائے خود شرک ہے۔ دوسرے وہ جاہ جو اللہ تعالےٰ کے نزدیک ہو۔ یہ روح کی بقایا آرزوؤں میں سے ہے۔ اور یہ جو بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ صدیقین کے سر سے جو چیز آخیر پر نکلتی ہے۔ وہ حب جاہ ہے۔ اس سے مراد دوسری قسم ہے۔ یہ جاہ ان سے دور ہو چکی تھیں۔ چنانچہ ان کے چند مرید جن کو ان کے طریقہ میں شیخی کی استعداد حاصل تھی۔ ان کے مزار کے نزدیک رہتے تھے اور گوشہ نشینی میں بسر کرتے تھے۔ وہ ہرگز کسی جگہ نہ گئے۔ اور شیخی نہ کی۔ یہ سب کچھ اس نظر کی برکت ہے

Marfat.com

نیز انہی مقامات میں مذکور ہے۔ کہ شیخ قدس سرہٗ کے صوفیوں میں سے ایک پرمال غالب تھا۔ اُس نے شیخ کے آگے عرض کیا کہ میں اپنے آپ کو ایک نورانی جنگل میں حق تعالےٰ کے ساتھ حاضر پاتا ہوں۔ اور اب بھی یاروں کے ساتھ بیٹھا ہوں۔ اِن سے غائب ہوں۔ اور اِس جنگل میں حاضر ہوں شیخ نے اس کو اشارہ کر کے فرمایا۔ کہ خلوت در انجمن جو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں ہے۔ یہی ہے۔ حضرت ایشان نے فرمایا۔ کہ خلوت در انجمن جو اس سلسلہ میں مشہور ہے اور چیز ہے۔ اور یہ اور چیز ہے۔ جو اس سلسلہ کے مبتدیوں کو دن میں حاصل ہو جاتی ہے۔ پھر شیخ نور الدین رحمۃ اللہ علیہ کی استقامت کی نسبت گفتگو شروع ہوئی۔ یہ شیخ نور الدین پنجاب کے مشہور علماء میں سے تھا۔ اور اس طرف کے بہت لوگ اِس کے مرید تھے۔ فرمایا۔ کہ اس کی عمر ایک سو بیس سال تک پہنچ چکی تھی۔ اور بہت ہی بوڑھا ہو گیا تھا۔ لیکن بہت نفل ادا کرتا۔ اور راتوں کو جاگتا۔ اور عمل میں بہت کوشش کیا کرتا تھا۔ کہتے ہیں کہ اس نے تیس سال تک اپنا پہلو زمین پر نہیں رکھا۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کی۔ کہ اِس شیخ سے حقائق و معارف ہرگز سُننے میں نہیں آئے۔

حضور نے فرمایا۔ کہ آدمی شرائع کے بجالانے پر مامور ہے۔ حقائق و معارف کے لئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو معارف صوفیہ کے لئے مکلف نہیں کیا۔ ہمیشہ شریعت ہی کی تلقین کیا کرتے تھے۔ اور یہ بڑے اعلےٰ درجہ کی سعادت ہے۔ کہ انسان حضرت مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم کی متابعت پر ثابت قدم رہے۔ اور عمل میں کوشش کرتا رہے۔ نیز فرمایا کہ معرفت کی بہت سی قسمیں اور مرتبہ ہیں۔ اگر انسان کو حقائق و معارف سے بہت سا حصہ حاصل ہو۔ تو بہتر اور خوب ہے لیکن اصلی کام شریعت پر قائم رہنا ہے۔ نیز فرمایا کرتے تھے۔ کہ توحید سالم یہ ہے۔ کہ تمام نقائص اور عیوب کو اپنے یقین کی طرف (کہ جس کے سر پر آنا پڑتا ہے) منسوب کرے اور اِس کی استعداد سے جانے۔ اور تمام کمالات کو حق تعالےٰ کی طرف منسوب کرے۔ خواہ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللہ کا معتقد کیوں نہ ہو۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے پوچھا۔ کہ شیخ بوعلی فارمدی قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔ کہ ہو سکتا ہے کہ سالک حق تعالےٰ کے تمام اسماء و صفات کے ساتھ متخلق ہو جائے۔ اور ابھی واصل نہ ہو۔ یہ بات اس مشہور بات کے مخالف ہے۔ جو یہ کہتے ہیں۔ کہ اخلاق الٰہی کے ساتھ متخلق ہونا وصول کے بعد حاصل ہوتا

Marfat.com

ہے۔ فرمایا۔ کہ ان کے کلام میں تواند کا لفظ آیا ہے۔ پس ہو سکتا ہے۔ کہ بعض کو سیر فی اللہ کے وقت وصول سے پہلے یہ بات حاصل ہو جائے۔ لیکن اکثر یہی ہے۔ کہ سیر فی اللہ کے مقام پر پہنچنے کے بعد یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی اصلاح بنالے۔ تو وصول سے پہلے یہ بات حاصل ہو جائے۔ لیکن اکثر یہی ہے۔ کہ سیر فی اللہ کے مقام پر پہنچنے کے بعد یہ مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ لیکن اگر کوئی اصطلاح بنالے تو وصول سے پہلے مخلق کو متحقق کہیں گے۔ اور وصول کے بعد تخلق کے لئے تحقق مناسب ہے +

چھٹی مجلس

بروز بدھ ۱۳ ذیقعدہ سن مذکور کو زمین بوسی کی سعادت حاصل ہوئی۔ پیر کے متعدد ہونے میں گفتگو شروع۔ حضرت ایشان نے فرمایا کہ پیر تین ہیں۔ ایک پیر خرقہ۔ دوسرے ذکر بتانے والا پیر۔ تیسرے پیر صحبتی۔ واضح ہو کہ پیر خرقہ وہ ہے جس سے خرقہ ارادت پہنا ہو اور جس شخص سے تبرک و اجازت کا خرقہ پہنا ہو۔ ان لوگوں کی اصطلاح میں اس کو پیر خرقہ کہتے ہیں۔ اور ذکر بتلانے والے پیر کا حال ظاہر ہے۔ اور صحبتی پیر وہ ہے جس کے ساتھ صحبت رکھیں۔ اور اس کی صحبت سے منافع اور ترقیات حاصل کریں +

پھر فرمایا۔ کہ ہندوستان میں سلسلہ چشتیہ و سہروردیہ کا مدار خرقہ پر ہے۔ ان کا سلسلہ والوں کی اصطلاح میں پیر خرقہ کو ہی پیر مطلق کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پیر کا متعدد ہونا ناجائز نہیں سمجھتے۔ اور پیر تعلیم اور پیر صحبت کو مرشد کہتے ہیں۔ اس بات کے موافق ایک بزرگ کا نام لیکر فرمایا۔ کہ اس نے اپنے رسالوں میں لکھا ہے کہ پیر خرقہ کا متعدد ہونا مکروہ ہے۔ ایسے ہی پیر تعلیم کا حال ہے۔ ہاں پیر صحبت متعدد ہو سکتے ہیں۔ بشرطیکہ پہلا پیر اجازت دے۔ اس کی صحبت فوت ہو جائے۔ اس کے بعد فرمایا۔ کہ ہاں پیر خرقہ متعدد نہیں ہو سکتے لیکن پیر تعلیم پیر صحبت کی طرح متعدد ہو سکتے ہیں۔ اور اسی پر سالکوں کا معمول ہے۔ پھر آپ نے فرمایا کہ ان سلسلوں میں خرقہ کی اسناد حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم تک دست بدست ظاہر کرتے ہیں۔ مگر عن فلاں و عن فلاں کا ذکر بیان نہیں کیا۔ لیکن سلسلہ نقشبندیہ اور کبرویہ میں عن فلاں عن فلاں کا ذکر حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے لیکر آجتک دست بدست پہنچتا

Marfat.com

درمیانی واسطوں میں کوئی فتور نہیں ہے۔ اسی موقعہ پر حاضرین میں سے ایک شخص نے سوال کیا۔ کہ یہ جو کہتے ہیں۔ کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں رابطہ کا طریقہ حضرت صدیق اکبر رض سے اور ذکر کا طریقہ حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے پہنچا ہے۔ یہ کیسے ہے۔ فرمایا کہ وہ ذکر جو اس سلسلہ میں ہے جس کو ان کے مقررہ طریق کے مطابق وقوف عددی کہتے ہیں۔ جیسے کہ حبس نفس۔ اور محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اس کے ساتھ ملانا حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے دست بدست پہنچا ہے۔ اور صحبت کا طریق بھی انہی سے پہنچا ہے۔ کیونکہ آپ سفر اور حضر میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہے ہیں۔ اور صحبت کے طریق سے فیض حاصل کیا ہے۔ اصل اس کام میں صحبت ہی ہے۔ اور رابطہ اس کا ظل یعنی سایہ ہے۔ ظاہری صحبت کے نہ ملنے کی صورت میں رابطہ بھی جو باطنی صحبت ہے۔ کفایت کر جاتا ہے پھر فرمایا۔ کہ اگر کوئی شخص پیر صحبتی کی صحبت سے کمال تک پہنچ جائے۔ تو اس کو پیر تعلیم کی حاجت نہیں رہتی۔ تاکہ اس سے ذکر سیکھے مثلاً جب کوئی شخص منزل پر پہنچ جائے۔ تو پھر اس کو گھوڑا خریدنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس کلام کے ختم کر چکنے کے بعد یہ نقل حضرت ایشان کی نظر مبارک میں آئی۔ کہ حضرت مخدومی مولانا عبد الرحمن جامی قدس سرہ نے نفحات انس میں لکھا ہے۔ کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ حضور کے وقت بغیر اس بات کے کہ جس سے غائب ہوں۔ غیبی امور کی بعض حقیقتیں ان لوگوں پر کشف ہو جاتی ہیں۔ اس کو مکاشفہ کہتے ہیں اور مکاشفہ ہرگز جھوٹا نہیں ہوتا۔ کیونکہ مکاشفہ یہ ہے۔ کہ روح بدنی حجابوں سے بالکل الگ تعلق ہو کر بذات خاص غیبی امور کا مطالعہ کرتی ہے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ یہ مضمون حضرت مولانا جامی قدس سرہ نے ترجمہ عوارف سے نقل کیا ہے۔ اور تحقیق یہ ہے۔ کہ بعض ان مکاشفات میں بھی جن میں خیال کا دخل ہوتا ہے خطا ہو جاتی ہے۔ لیکن ان علوم یقینی میں جو مدرکہ پر طریق الہام وارد ہوتے ہیں خطا کا دخل نہیں۔ اس وقت حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کی۔ کہ بعض علوم یقینی میں بھی الہام کے طور پر مدرکہ کو معلوم ہوتے ہیں خطا پائی جاتی ہے۔ فرمایا کہ اس کا سبب یہ ہے۔ کہ بعض ان اپنی مسلمہ مقدمات کو جو صاحب مکاشفہ کے نزدیک یقینی طور پر ثابت ہوتے ہیں۔ ان علوم کے ساتھ ملا لیتا ہے۔ جن کے باعث خطا ہو جاتے ہیں ورنہ جہاں صرف علوم ملہمہ ہیں۔ وہاں خطاب کی گنجائش نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ علماء معقولین جو علم معقول کو استعمال کرتے۔ اور منطقی قوانین کو مدنظر رکھتے ہیں۔ ان کے

Marfat.com

فکر میں بھی خطا ہو جاتی ہے۔ اس کا بھی یہی سبب ہے۔ کہ اپنے مقررہ مقدمات کو یقینی خیال کر کے
انہیں داخل کر لیتے ہیں۔ ورنہ منطق تو وہ علم ہے۔ کہ جس پر عمل کرنے سے انسان کا ذہن فکر
میں خطا کرنے سے بچ جاتا ہے۔ اگر صرف علم منطق کو ہی استعمال میں لائے۔ اور اپنی طرف سے
اور مقدمات اس کے ساتھ نہ ملائے۔ تو ہرگز خطا نہ ہوتی۔ اس کلام کو پورا کر چکنے کے بعد فرمایا
کہ جو لوگ اللہ تعالےٰ کی طرف متوجہ ہیں۔ ان کو کشف کی کچھ حاجت نہیں۔ کشف دو قسم کا ہے
ایک کشف دنیوی جو سراسر بیفائدہ اور بیکار ہے۔ دوسرے کشف اخروی جو کتاب و سنت
میں ظاہر ہو چکا ہے۔ اور جو عمل کے لئے کافی ہے۔ اس کشف کے برابر اور کوئی کشف نہیں
نیز فرمایا۔ کہ مشائخ کے لئے ان تین چیزوں میں سے ایک چیز خلق کی تربیت اور ارشاد
کا باعث ہوتی ہے۔ اول اللہ تعالےٰ کا الہام دوسرے پیر کا حکم۔ تیسرے خلقت
شفقت۔ جب خلق کو گمراہی پر دیکھتے ہیں۔ تو ان سے ضرر کو دور کرتے ہیں۔ اور وہ ضرر یہ ہیں
مثلاً دوزخ کا عذاب۔ اور قیامت کے ہولناک احوال وغیرہ۔ پس شفقت کا منشاء یہ ہے۔
کہ شریعت کے حکموں کو رواج دے کر لوگوں کو وعظ اور نصیحت کریں۔ تاکہ شریعت کے آداب
اور حدود کو مدنظر رکھیں۔ اور احکام کی پابندی کریں۔ فقہ و حدیث پڑھیں اور پڑھائیں۔ اور
ان کے مطابق عمل کریں۔ نہ یہ کہ ان کو واصل کریں۔ واصل کرنا شفقت کی شرط نہیں شفقت میں
اتنا ہی کافی ہے جو بیان ہو چکا ہے۔ پھر کچھ دیر تک مشائخ کی ایک دوسرے پر فضیلت
اور شرف کے بارہ میں گفتگو رہی۔ فرمایا۔ کہ مشرف صفاتی ہوتا ہے۔ یعنی ایک کی معرفت
دوسرے کی معرفت سے زیادہ ہوتی ہے۔ یا ایک کے خوارق دوسرے کے خوارق
پر فوقیت رکھتے ہیں۔ لیکن ذات میں سب برابر ہیں۔ اور یہ یہ بات کہ ایک شیخ کے
بہت لوگ معتقد ہوں۔ اور دوسرے کے تھوڑے۔ کوئی فضیلت کا باعث نہیں ہے
فضیلت وہی معتبر ہے۔ جو اللہ تعالےٰ کے نزدیک زیادہ قرب اور معرفت میں اس کو
حاصل ہو۔ نیز فرمایا۔ کہ اس طریقہ سے مقصود اس انجذاب ایمانی کی تربیت ہے۔ جس کے
لئے تمام انبیاء اور رسل مبعوث ہوئے۔ نیز فرمایا کہ حق تعالےٰ کی ذات کے ساتھ بندہ کا نہایت
قرب اور اتصال صرف اسی قدر ہے۔ کہ اس کو وہ دوام آگاہی اور آرام حاصل ہو جائے۔ جس
سے فنا کے درجہ تک پہنچ جائے۔ جب یہ نسبت حاصل ہو گئی۔ تو سالک گویا مرتبہ ولایت کے
ساتھ مشرف ہو گیا۔ اور وہ کمالات جو اسماء و صفات کے مقامات و تجلیات کے ساتھ

Marfat.com

مشرف ہونے میں دوسرے طریقہ والوں کو تفصیل وار حاصل ہوتے ہیں۔ وہ اور ہیں۔ لیکن حق تعالےٰ کی ذات کے ساتھ قرب و اتصال کی نسبت کے حاصل ہو جانے سے سبب اخص خواص کی ولایت کے درجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ نیز فرمایا۔ کہ اس طریقہ کے طالبوں کی پہلی دوڑ فنا کی سرحد تک ہے۔ اور ابتداء میں انتہا کے درج ہونے کے معنی بھی یہی ہیں جس کی طرف اس طریقہ علیہ کے بزرگوں نے اشارہ کیا ہے۔ نیز فرمایا۔ کہ ابتداء میں یہ خیال کئی دفعہ دل میں آیا کرتا تھا۔ کہ تفصیل وار سلوک کیا جائے جیسے کہ سلسلہ کبرویہ میں کرتے ہیں۔ حضرت خواجہ محمد پارسا رحمۃ اللہ علیہ خواب میں ملے انہوں نے فرمایا۔ کہ تفصیل کے ساتھ سلوک کرنے کا مقصود یہ ہے۔ کہ اچھے اخلاق حاصل ہو جائیں جب یہ مطلب حاصل ہو جائے۔ تو پھر تفصیلی سلوک لاحاصل ہے ؛

نیز فرمایا۔ کربلا والے لوگوں کو بلا بلا نظر نہیں آتی۔ اور نہ ہی وہ اس سے بڑا مانتے ہیں۔ اس لئے وہ جانتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ کا فعل ہے۔ نیز فرمایا کہ حضرت داؤد دینوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ معدہ کھانے کا محل ہے۔ اگر اس میں حلال ڈالا جائے۔ تو بندگی کی قوت زیادہ ہوتی ہے۔ اور اگر شبہ کا کھانا ہو۔ تو راہِ حق پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ اور اگر حرام ہو تو نافرمانی اور گناہ بڑھتے ہیں۔ نیز فرمایا۔ کہ شیخ ابو سعید ابو الخیر قدس سرہٗ کسی راستہ میں سے جا رہے تھے۔ کہ کسی شخص نے پیچھے سے آکر تھپڑ دے مارا۔ شیخ نے پیچھے مڑ کر جو دیکھا تو اس شخص نے کہا۔ کہ اے صوفی کیا دیکھتا ہے۔ اس کو حق تعالےٰ کی طرف سے جان۔ شیخ نے کہا میں جانتا ہوں۔ کہ حق تعالےٰ کی طرف سے ہے۔ لیکن دیکھتا ہوں۔ کہ اس شقاوت اور بدبختی کا مظہر و محل کون ہوا ہے ؛

ساتویں مجلس

بروز ہفتہ ۲۳ ذیقعدہ ۱۰۰۹ھ کو زمین بوسی کی سعادت پائی۔ لقمہ کی احتیاط میں گفتگو شروع ہوئی۔ فرمایا کہ صرف لقمہ حلال پر کفایت نہ کرنی چاہیئے۔ بلکہ چاہیئے کہ لکڑی اور پانی اور برتن بھی وجہ حلال سے ہوں اور پکانے والا بھی حق تعالےٰ کے ساتھ حضور رکھتا ہو اور کھاتے وقت بھی حضور اور آگاہی سے کھائیں۔ کیونکہ بے احتیاط لقمہ سے ایک بیسا دھواں اٹھتا ہے۔ جو فیض کے راستوں کو بند کر دیتا ہے۔ اور پاک رہیں جو فیض کا

Marfat.com

واسطہ میں قلب کے مقابل نہیں ہوتیں۔ پھر فرمایا۔ کہ کمزور دماغ والوں کو وہ کھانا کھانا چاہئے جو اُن کی طبع کے مناسب اور مقوی دماغ ہو۔ مثلاً اگر کمزور دماغ والا جَو کی روٹی کھانے لگے گا تو اُس کے دماغ میں خشکی پیدا ہو کر فیض کے راستہ کو بند کر دے گی۔ پھر اسی کے موافق فرمایا کہ ایک خاص فیض ہے جو دماغ میں آتا ہے جب دماغ میں خشکی ہو۔ تو پھر وہ فیض نہیں آتا۔ پس اس کھانے سے بچنا چاہیے۔ جو طبع کے موافق نہ ہو۔ اسی طرح زیادہ روزی بھی اپنے اوپر لازم نہیں کرنی چاہیئے۔ کہ یہ بھی دماغ کی کمزوری کا باعث ہے۔ خاصکر کشف والوں کو اپنے دماغ کی تقویت میں بڑی احتیاط کرنا چاہیئے۔ کیونکہ دماغ کی خشکی سے کشف میں غلطی واقع ہو جاتی ہے۔ پھر ایک شخص نے خدمت عالیہ میں بیان کیا کہ فلاں آدمی کہتا ہے (اور وقت کے بزرگوں میں سے ایک کا نام لیا) کہ حضور اپنے طالبوں کو اس اعتقاد سے جو پہلے پیروں پر رکھتے ہیں پھیر دیتے ہیں۔ اور افادہ کو اسی پر موقوف رکھتے ہیں۔ فرمایا کہ ایسا نہیں ہے۔ بات اصل میں یہ ہے کہ جب بعض طالبوں میں تذبذب اور پراگندگی دیکھتا ہوں۔ تو ان کو صرف ایک ہی طریق پر چلنے کی ترغیب دیتا ہوں۔ اور اس قسم کی باتیں ان لوگوں کی کتابوں میں بہت ہیں۔ چنانچہ ایک بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ جو کوئی ایک جگہ ہے سب جگہ ہے۔ اور جو سب جگہ ہے وہ کسی جگہ بھی نہیں۔ ایک اور بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ مطلب کا واحد ہونا راستہ کی شرط ہے۔ علیٰ ہذا القیاس۔ پس جب اصل معاملہ اس طرح ہے۔ تو جو کچھ حق ہے۔ وہ مگر ان کو نہ کہوں تو آوارہ ہو جائینگے۔ جو لوگ میرے پاس آتے ہیں۔ استفادہ کے لئے آتے ہیں۔ نہ کہ کسی اور مطلب کے۔ پھر فرمایا کہ جو اعتقاد ہم سلسلہ چشتیہ و قادریہ و سہروردیہ کے بزرگوں کے ساتھ رکھتے ہیں اور لوگ کہاں رکھتے ہیں۔ خاص کر ہند کے عام لوگ جن کا اعتقاد قریباً قریباً شرک تک پہنچا ہوا ہے۔ ہم ان سلسلہ والوں کو فانی فی اللہ جانتے ہیں۔ اور یہ لوگ اپنے اعتقاد میں ان کو مستقل مؤثر مانتے ہیں۔ پھر اس حدیث قدسی کے بیان میں گفتگو شروع ہوئی۔ اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ (میں اپنے بندے کے اتنا نزدیک ہوں جتنا اس کا مجھ پر گمان ہوتا ہے) فرمایا کہ اللہ تعالیٰ پر نیک گمان رکھنا چاہیئے۔ اور اپنے نفس پر بُرا گمان اور ڈرتے رہنا چاہیئے۔ مشائخ کا اس بارہ میں اختلاف ہے۔ کہ بندہ کے حال پر رجا غالب ہونی چاہیئے یا خوف۔ بعض نے کہا ہے۔ کہ بڑھاپے میں رجا۔ اور جوانی میں خوف۔ لیکن تحقیق یہ ہے۔ کہ ہمیشہ رجا غالب ہونا چاہیئے۔ تتمہ حدیث اِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ

Marfat.com

فِی نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِنْہُ ۔ اگر بندہ مجھے اپنے نفس میں یاد کرتا ہے میں بھی اس کو اپنے نفس میں یاد کرتا ہوں۔ اور اگر وہ مجھے گروہ میں یاد کرے تو میں اس کو بہتر گروہ میں یاد کرتا ہوں۔ یعنی فرشتوں کے گروہ میں۔ فرمایا۔ کہ گروہ کا بہتر اور خیر ہونا اس صورت میں ہے کہ اللہ تعالےٰ بندہ کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے گروہ میں یاد کرے۔ نہ کہ اس اعتبار سے کہ رسل ملک رسل بشر سے افضل ہیں۔ بلکہ خیریت اس اعتبار سے ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا وجود روحانی جملہ اعلیٰ میں ہے۔ اللہ تعالےٰ اس گروہ میں بندہ کو یاد کرے۔ یا گروہ کی خیریت اس اعتبار سے ہے کہ فرشتوں کی ایک جماعت ہے۔ جن کو حُفَّظَۃ کہتے۔ وہ رسل بشر سے افضل ہیں۔ اللہ تعالےٰ بندہ کو اس گروہ میں یاد کرتا ہے ۔

آٹھویں مجلس

بروز سوموار ۲۵۔ ذیقعدہ ۱۰۰۹ھ کو زمین بوسی کی سعادت حاصل کی۔ موت کے بعد کی ترقی میں گفتگو شروع ہوئی۔ فرمایا۔ کہ شیخ ابن عربی رضی اللہ عنہ نے کہا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص درست نیت اور صحیح اعتقاد کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے راستہ میں داخل ہو جائے اور شریعت کے آداب کو اچھی طرح بجا لائے۔ اور زندگی میں اس کو صوفیہ کے ذوق اور وجد کچھ حاصل نہ ہوں۔ تو موت کے بعد اس کو ضرور یہ سب کچھ دینگے۔ حضرت ایشاں نے کچھ تامل کر کے فرمایا۔ کہ ایسے شخص کو اسی جہان میں موت کے حاضر ہونے کے وقت اس دولت سے مشرف فرماتے ہیں۔ بعد ازاں فرمایا۔ کہ اعتقاد کا درست ہونا اور احکام شریعت کی پابندی اور اخلاص اور اللہ تعالےٰ کی بارگاہ میں توجہ کا دائمی ہونا نہایت ہی اعلےٰ درجہ کی دولت ہے۔ کوئی ذوق اور وجد اس کے برابر نہیں۔ اگر یہ حاصل ہو۔ تو پھر کسی اور شے کی حاجت نہیں ۔

نانویں مجلس

ہفتہ اخیر ذیقعدہ سنہ مذکور کو مجلس علیہ میں حاضر ہوا۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے سوال کیا۔ کہ حضرات خواجگان قدس سرہم کی نسبت خود قدیم ہے۔ وہ کیا چیز ہے جو حضرت خواجہ

Marfat.com

نقشبند قدس سرہٗ نے اس کے ساتھ ملائی ہے جس کے باعث سلسلہ نقشبندیہ مشہور ہو گیا ہے
فرمایا۔ کہ بعض تعلیمات اور کیفیات زیادہ کی ہیں۔ جیسے کہ حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ نے لکھا
ہے۔ کہ اس نسبت کے ختم کرنے والے کامل طور پر آپ ہی تھے۔ اور خاتم وہ شخص ہے۔ جو
پورا کرنے کے بعد ختم کر دیتا ہے۔ اور حضرت خواجہ نقشبند قدس سرہٗ نے آپ بھی فرمایا ہے
کہ میں نے ایک ایسا طریقہ اختیار کیا ہے۔ جو بیشک موصل یعنی اللہ تعالیٰ کو پہنچانے والا ہے۔
اور وہ ایک خاص طور پر محبت اور انجذاب کا طریقہ ہے۔ جو اس طریق میں معمول ہے۔
پھر اس کے بعد حضور نے فرمایا کہ انجذاب و محبت کا طریقہ بے شک موصل
الی اللہ ہے اور اس کا رُخ صرف ذات کی طرف ہے۔ برخلاف دوسرے طریقوں کے کہ انوار کی طرف
بھی رُخ رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ بعض انہی انوار میں رہ جاتے ہیں۔ اور یہ انجذاب و
محبت تمام اس سلسلہ عالیہ میں واقع ہے۔ اس سلسلہ میں اسی انجذاب کی تربیت کرتے
ہیں حضور فرمایا کرتے تھے۔ کہ رویت بالبصر یعنی ان آنکھوں سے خدا تعالیٰ کو دیکھنا
کا قیامت و حشر کے دن وعدہ کیا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ دل کی آنکھوں سے
اس جہان میں خدا کو دیکھ سکتے ہیں تحقیق یہی ہے کہ قلبی رویت بھی بصری رویت کی طرح
موعود ہے۔ کیونکہ رویت سے انکشاف تام ہے۔ اور جب روح کا تعلق بدن کے ساتھ
ہے۔ پورا پورا انکشاف ناممکن ہے۔ خواہ کتنا ہی بے تعلق ہو جائے۔ پھر بھی کچھ نہ کچھ
حیات کا علاقہ باقی رہے گا۔ گرچہ صرافت اصلی پر نہ رہے گا۔ لیکن مائی تعلق ضرور باقی
رہے گا۔ پھر کچھ دیر تک تو حیہ۔ وجودی اور اس اختلاف کے متعلق جو شیخ علاؤ الدولہ سمنانی
رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ محی الدین عربی رحمۃ اللہ علیہ کے درمیان ہے۔ گفتگو رہی۔ حضور نے
فرمایا۔ کہ ان علمائے نے جو ان دونوں بزرگواروں کے معتقد ہیں۔ اس نزاع اور اختلاف کو
جو حق تعالیٰ کے اطلاق کے بارہ میں ان دونوں بزرگواروں کے درمیان ہے۔ لفظی اختلاف بیان کیا ہے
اکثر یوں لکھا ہے کہ شیخ محی الدین عربی رحمۃ اللہ علیہ نے حق سبحانہٗ کے وجود کو مطلق کہا ہے
اور شیخ علاؤ الدولہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس اطلاق سے مطلق بشرط لا شے سمجھ کر شیخ محی الدین عربی
رحمۃ اللہ علیہ پر طعن و اعتراض کیا ہے اور خطا کار سمجھا ہے۔ لیکن شیخ محی الدین عربی رحمۃ اللہ
علیہ کی مراد یہ نہیں بلکہ شیخ رحمۃ اللہ علیہ کی مراد اس اطلاق سے مطلق لا بشرط شے ہے۔ اور
شیخ علاؤ الدولہ رحمۃ اللہ کا اعتقاد بھی یہی ہے۔ پس ان دونو بزرگوں کا اختلاف لفظی ہے

Marfat.com

نہ کہ معنی میں۔ پھر حضور نے فرمایا۔ کہ ابھی یہ نزاع و اختلاف دور نہیں ہوتا۔ جب تک کہ شیخ علاؤالدولہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کا قائل نہ ہو جائے۔ کہ موجودات خارجی صرف علمی وجود رکھتے ہیں۔ اور علمیہ صورتیں ذات کے اعتبارات اور شیونات ہیں۔ ایک دن میاں شیخ احمد سرہندی کو جو حضور کے بزرگ یاروں میں سے ہیں۔ سرہندی کی طرف رحلت فرما رہے تھے۔ رخصت کے وقت ان کو مخاطب کر کے فرمایا۔ کہ اس نسبت کو حتی المقدور پوشیدہ رکھنا۔ صبح کی نماز سے لیکر اشراق تک جائے نماز پر بیٹھے رہنا لیکن حلقہ نہ کرنا۔ اس کے بعد دینی علوم کے دو درس کہنا۔ لیکن طالب علمی کا وقت درمیان ہو۔ اکثر اوقات تصحیح کتب اور مطالعہ در پیش رکھنا اگر گفتگو کرنی ضروری معلوم ہو۔ تو علماء کے طور پر کرنی نہ کہ صوفیہ کے طور پر۔ اور اگر کبھی صوفیہ کے طور پر کلام کرنے کا اتفاق بھی ہو جائے۔ تو ایسا مشکل کلام کہنا۔ جس کو مخاطب کے سوا اور کوئی نہ سمجھ سکے۔ ایسا نہ ہو کہ دوسرا شخص اس سے ایسا مطلب سمجھ لے جو اس کی لغزش کا باعث ہو جائے۔ اور تہجد سے لیکر صبح کی نماز تک بالکل خاموش رہنا پھر حضور نے اسی مقام پر فرمایا۔ کہ افادہ و استفادہ کا راستہ جنسیت و مناسبت پر موقوف ہے۔ نہ خوارق و تصرفات پر مستفید کو جس قدر مناسبت مفید کے ساتھ ہوتی ہے۔ اسی قدر اس کے کمال کا معتقد ہو جاتا ہے۔ اور اس سے اسی قدر کمالات کا استفادہ کر لیتا ہے۔ اور جنسیت کے موافق اس کے خوارق اور تصرفات کا مشاہدہ کرتا ہے۔ اور جنسیت کے موافق اس کا معتقد ہو جاتا ہے۔ مثلاً اگر کسی پر عرفان کا اعتقاد رکھتا ہے یا کسی کو حق تعالےٰ کا محب جانتا ہے۔ تو معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس کے باطن میں عرفان کا مادہ اسکی استعداد میں جسی نسبت کا پرتو موجود ہے۔ اگر ظاہر نہیں تو پوشیدہ ہوگا۔ برے اوصاف کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیے۔ جیسے کہ بت پرست کا حال ہے کہ اس کے دل کو جتنی مناسبت پتھر کے ساتھ ہوتی ہے۔ اسی کے موافق اس پتھر کے کمالات حاصل کر لیتا ہے۔ اور پتھر کے ساتھ ہم جنس ہونے کے باعث اس کو نفع اور فائدہ پہنچ جاتا ہے۔ الغرض جب تک جنسیت اور مناسبت درمیان نہ ہو۔ افادہ اور استفادہ کا راستہ بند رہتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ابو طالب کے حق میں کس قدر تصرفات کئے اور کس قدر معجزے دکھائے۔ حالانکہ بچپن ہی سے آنحضرت صلے علیہ وسلم کے معجزات دیکھتا رہا تھا۔ لیکن چونکہ فی مابین میں مناسبت نہ ہی تھی۔ کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اللہ تعالےٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے

Marfat.com

اِنَّکَ لَا تَھْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جس کو تو چاہے ہدایت نہیں دے سکتا۔ ہاں اللہ تعالےٰ جسے چاہے ہدایت دے سکتا ہے) مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

باعث ایماں نہیں ہیں معجزے — بوئے جنسیت دلوں کو کھینچ لے
معجزے مغلوب دشمن کو کریں — بوئے جنسیت سے دل فوراً ملیں

دسویں مجلس

جمعہ ۱۳ ذی الحجہ سنہ مذکور کو فقیر خدمت عالیہ میں حاضر ہوا۔ جب حضور نے اس فقیر کو دیکھا مسکرا کر فرمایا۔ کہ باتیں سننے کے لئے آئے ہو۔ حضور نے حاضرین میں سے ایک شخص کو مخاطب کر کے فرمایا۔ کہ ابو عبداللہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ جب کبھی مشائخ کی باتیں سنتے تو کسی شخص کو فرماتے کہ ان باتوں کو میرے لئے لکھ لو۔ چنانچہ انہوں نے بزرگوں کی باتیں سن سن کر ایک کتاب کی صورت میں جمع کر رکھا تھا۔ جس کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھتے تھے۔ ایک دن دریا کے کنارے وضو کر رہے تھے۔ کہ وہ کتاب دریا میں گر پڑی۔ ابو عبداللہ مروزی رحمۃ اللہ کو بڑا غم ہوا اسی افسوس کی حالت میں ایک رات سہل عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ کو خواب میں دیکھا۔ انہوں نے فرمایا۔ کہ بزرگوں کی باتوں کے موافق عمل کرنا چاہیئے۔ صرف لکھنے سے کیا فائدہ اسی خواب کی حالت میں تھوڑی دیر کے بعد حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنا جمال باکمال دکھا اور ابو عبداللہ مروزی کو فرمایا کہ اس صدیق یعنی سہل تستری رحمۃ اللہ کو کہدو کہ ان بزرگوں کی باتوں کو لکھنا ان کی محبت کا نشان ہے اور ان کی محبت عین مقصود ہے۔ پھر کچھ دیر تک سماع سرود کے بارہ میں گفتگو ہوتی رہی۔ ایک شخص نے شیخ سعدی علیہ الرحمۃ کا یہ مصرعہ پڑھا۔ مصرعہ

کہ ایں حظ نفس است و آں قوت روح

یعنی حسن و جمال کا دیکھنا نفس کا حظ ہے اور نغمہ و سرود کا سننا روح کی غذا اور خوراک ہے۔ حضور نے فرمایا کہ دونو یکساں ہیں۔ یعنی دونوں میں حظ نفس بھی ہے اور قوت روح بھی۔ راقم عفی اللہ عنہ کے فہم قاصر میں ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ جو شخص نفسانی خواہشات میں گرفتار ہے اس کو دونو سے نفسانی لذت حاصل ہوتی ہے۔ اور جو شخص نفسانی خواہشات کی قید سے آزاد ہے۔

Marfat.com

اِن کو دونوں سے روحانی غذا ملتی ہے۔ اِن لوگوں کے نزدیک جنہوں نے سماع نغمہ کو سماع کہا ہے ۔

گیارھویں مجلس

بروز سوار سولھویں ذی الحجہ سنہ مذکور کو بندہ مجلس عالیہ میں حاضر ہوا۔ ایک شخص کسی دوسرے شخص پر دعوے کرنا چاہتا تھا۔ مگر ننگ و عار کے باعث قاضی کے حضور میں نہیں جاتا تھا۔ حضور نے فرمایا کہ قاضی شرع کا نائب ہے۔ جب کسی کا جھگڑا پیدا ہو جائے اور خود بھی یہ شخص شرع کا تابع ہے۔ تو اس کو ضرور قاضی کے پاس جانا چاہیئے۔ اسی مضمون کے موافق حضور نے ایک حکایت بیان فرمائی۔ کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ایک شخص نے حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ پر دعوے کیا۔ جب فریقین یعنی مدعی اور مدعا علیہ دونوں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا۔ کہ اے ابا الحسن۔ مدعی کے برابر ہو کر بیٹھو تاکہ تمہارا جھگڑا سنوں حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہ بات ناگوار گذری لہٰذا فرمایا آپ نے مجھے کنیت کے ساتھ بلایا ہے میں اپنا مدعا آپ کے پاس ظاہر نہیں کرتا۔ آپ کو یوں کہنا چاہیئے تھا۔ کہ اے علی مدعی کے ساتھ برابر بیٹھو تاکہ برابری ثابت ہوتی۔ اور کوئی شان زیادہ لاحق نہ ہوتا۔ اسی حکایت کے مطابق پھر حضور نے فرمایا کہ حضرت مخدوم مولانا خواجگی قدس سرہٗ کے حضور میں موضع امکنہ میں دو آدمیوں کے درمیان جھگڑا پیدا ہوا۔ حضور اس معاملہ سے آگاہ تھے۔ جب انہوں نے فیصلہ کے لئے قاضی کی طرف رجوع کیا۔ تو قاضی نے ان سے شہادت طلب کی۔ حضور نے جس کی طرف کہ حق تھا۔ اس کی شہادت دی۔ دوسرے فریق نے کہا۔ کہ جب تک حضور قسم نہ کھائیں۔ ہم اُن کی شہادت کو نہیں مانتے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ سچی قسم کھانا شرع میں جائز ہے۔ اور مشروع میں کیوں دیر کروں ۔

بارھویں مجلس

بروز سوموار ۱۷ ذی الحجہ سنہ ۱۰۰۹ ہجری کو فقیر مجلس عالیہ میں حاضر ہوا حضور نے اس فقیر کو مخاطب

Marfat.com

کرکے فرمایا۔ کہ جب میں تمہیں دیکھتا ہوں۔ میرے دل میں آتا ہے کہ باتیں سننے کے لئے آئے ہیں۔ صرف باتوں کو سننا ہی کوئی بڑا کام نہیں ہے۔ کوشش کرو۔ اور ترقی کرو۔ تاکہ تم سے اس قسم کی باتیں صادر ہوں۔ ہم خود کسی کی صحبت میں نہیں رہے۔ اور نہ ہی ایسی باتیں کسی سے سنی تھیں۔ پھر سلف صالحین رضی اللہ عنہم کے طریق کی نسبت گفتگو شروع کی اور فرمایا کہ سلف کا طریقہ یہ تھا۔ کہ اوّل نفس کے پاس کرنے اور مقامات کے حاصل کرنے میں مشغول ہوتے تھے۔ چونکہ قرب الٰہی کے موانع یعنی نفسانی خواہشات اور خطرناک تزکیہ کے سوا دُور نہیں ہوتے۔ اس لئے تزکیہ نفس کے موافق ان کا نورِ ایمانی قوی ہو جاتا تھا۔ حتیٰ کہ ان کی چشم بصیرت کے آگے حق سُبحانہٗ کے سوا کچھ نہیں رہتا تھا۔ اور تمام اوصاف و افعال کو حق تعالےٰ کی طرف سے دیکھتے۔ اور صورتیں اور جسم شراب کی طرح دکھائی دیتے تھے۔ اور مظاہر کو مخلوق و معدوم معلوم کرتے تھے۔ اور بعض کو نزول کے بعد توحید صوری حاصل ہو جاتی تھی۔ اور بعض کو نہیں۔ حضور نے فرمایا۔ کہ طریقہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالےٰ اسرارہم وہی سلف صالحین کا طریقہ ہے۔ لیکن ابتدا میں مقامات کے حاصل کرنے کے لئے مقید نہیں ہیں۔ اور وہ لوگ جو توحید طوری کی راہ سے چلتے ہیں۔ ان کو بہت خطرے ہیں۔ پھر حضور نے فرمایا۔ کہ ہو سکتا ہے کہ ایک شخص حضرت حق سُبحانہٗ کی بارگاہ میں اقرب ہو۔ یعنی فنا و نیستی رکھتا ہو۔ اور اکرم نہ ہو۔ چنانچہ کسی شخص کو مقامات تو حاصل ہوں۔ لیکن مقامات کا نتیجہ یعنی فنا و نیستی اس کو حاصل نہ ہو۔ تو یہ شخص اللہ کے نزدیک اکرم ہے۔ آیت کریمہ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ (تم میں سے زیادہ بزرگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ شخص ہے۔ جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے) اسی کے حق میں وارد ہے۔ پھر کچھ دیر تک ولایت بکسر واؤ اور ولایت بفتح واؤ کی نسبت گفتگو شروع ہوئی۔ حضور نے فرمایا کہ ولایت بفتح واؤ سے وہ قرب مراد ہے۔ جو بندہ حق تعالےٰ کے ساتھ رکھتا ہے۔ اور ولایت بکسر واؤ کے یہ معنی ہیں۔ کہ بندہ خلق میں مقبول ہو جاتا ہے۔ اور جہان والے اس کے مطیع ہو جاتے ہیں۔ اس کا تعلق نیات کے ساتھ ہے۔ اور خوارق و تصرفات دوسری قسم میں داخل ہیں۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے سوال کیا۔ کہ وہ برکتیں جو مستعدوں کو پہنچتی ہیں۔ کس ولایت کا اثر ہے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ ولایت بفتح واؤ کا اثر ہے اس کے بعد استفادہ متعلق فرمایا۔ کہ جب طالب کا آئینہ مرشد کے آئینہ کے مقابل ہوتا ہے۔

Marfat.com

تو جو کچھ مرشد کے آئینہ میں ہوتا ہے۔ مناسبت کے موافق مرید کے آئینہ میں پرتو ڈال دے۔ پھر فرمایا۔ کہ ہوسکتا ہے۔ کہ ایک شخص کو دونوں ولایتوں سے کامل حصّہ حاصل ہو۔ یا کسی شخص کو صرف ایک ہی ولایت حاصل ہو۔ اور دوسری حاصل نہ ہو۔ یا ایک کو یک زیادہ حاصل ہو۔ اور دوسری کم۔ حضرات مشائخ نقشبندیہ رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کی ولایت با بفتح ولایت بالکسر پر ہمیشہ غالب رہی ہے۔ پھر فرمایا۔ کہ جب کوئی پیشوا اس جہان سے انتقال کرتا ہے۔ تو ولایت بکسر واؤ کو اپنے مخلصوں میں سے کسی ایک کے حوالے کر جاتا ہے۔ اور ولایت بفتح واؤ کو اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔ کبھی کسی لغزش اور خطا کے باعث ولی سے اُس کی ولایت بکسر واؤ کو واپس بھی لے لیتے ہیں۔ چنانچہ شیخ ابن الفارض لکھتے ہیں۔ کہ ایک پیر بقال تھا۔ جب اس کے مرنے کا وقت قریب ہُوا۔ تو اُس نے مجھے وصیت کی۔ کہ جب میں مر جاؤں تو میرے جنازہ کو فلاں پہاڑ پر لے جا کر رکھ دینا۔ اور انتظار کرنا۔ ایک شخص آکر تجھ پر نماز جنازہ ادا کرے گا۔ تو نے بھی اس اقتدا کرنی ہوگی۔ میں نے ویسا ہی کیا۔ کیا دیکھتا ہوں۔ کہ ایک شخص اس پہاڑ کے اوپر کی طرف جلدی جلدی جانور کی طرح اُڑتا ہوا آیا۔ جس کو لوگ بازار میں اپنی دوکانوں کے آگے دھکے دیکر نکال دیتے تھے۔ اُس نے نماز جنازہ شروع کی۔ اور سبز و سفید رنگ کے جانور زمین سے آسمان تک صف باندھے تسبیح کہتے تھے۔ جب نماز جنازہ سے فارغ ہو چکے۔ تو ایک بہت ہی قوی ہیکل سبز رنگ کا پرندہ آیا۔ اور اُس بقال کے جنازہ کو اُٹھا لے گیا۔ اور نظر سے پوشیدہ ہو گیا۔ میں یہ حال دیکھ کر حیران رہ گیا۔ اس مرد نے کہا کہ حیران کیوں ہو۔ کیا تم نے نہیں سُنا۔ کہ شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کی صورت میں ہوتی ہیں۔ اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی محبت کے مقتول ہیں۔ اُن کے جسم بھی سبز پرندوں کی شکل میں ہوتے ہیں۔ اور اس بقال کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ بھی انہی لوگوں میں سے۔ اور میں بھی انہیں لوگوں میں سے تھا۔ لیکن مجھ سے کوئی قصور ہو گیا۔ اور اس مقام سے گر گیا اور خلق کی نظر میں قبولیت نہ رہی ؛

پھر حضور نے فرمایا۔ برزخ اور حشر کا معاملہ بہت ہی دُور دراز معاملہ ہے۔ تھوڑے سے تامل کے بعد فرمایا۔ کہ کوئی سعادت اُسکی برابر نہیں ہے۔ کسی کو حق تعالےٰ کے ساتھ انس حاصل ہو جائے۔ جب دوام اُنس حاصل ہو جائے۔ تو پھر کوئی انتظار ہی نہیں رہتی ؛

پھر حضور نے فرمایا۔ کہ انسان اخلاص اور محبت کے لئے معمور ہے۔ اور محبت کی نہایت

Marfat.com

اپنے غیر کو جلا دینا ہے۔ باوجود اس کے بہت سی شرعیہ تکلیفیں اس پر رکھی گئی ہیں۔ پھر مرتبہ بندگی اور فرمانبرداروں کے شان کی بلندی اور عبودیت اور اطاعت کی خاصیت اور انسانی نفوس کی کمزوری کی نسبت گفتگو شروع ہوئی۔ حضور نے ایک ایک کو مفصل طور پر بیان فرمایا۔ لیکن فقیر کو یاد نہیں رہا ✤

پھر حضور نے فرمایا کہ آدمی کا وجود سات طبقے ہے۔ روح۔ قلب۔ اور سر وغیرہ مادر جو علم طبقہ اول کو حاصل ہو جائے۔ باقی طبقوں میں سے ہر ایک کو بھی وہی حاصل ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ ان مراتب کا درمیانی فرق عام لوگوں کی نظروں میں سے پوشیدہ ہے۔ اور ہر ایک کے علم کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کر سکتے۔ لیکن کامل لوگوں کے نزدیک ان مراتب کا فرق ظاہر و واضح ہے۔ اور ہر ایک کے مرتبہ علم کو جدا جدا جانتے ہیں ✤

پھر حضور نے فرمایا۔ کہ کام کرنا چاہیئے۔ خواہ یہ مراتب مفصل طور پر معلوم ہوں یا نہ ہوں۔ ایک دن حضرت ایشان قدس سرہٗ مسجد جماعت میں رو رہے تھے۔ حالانکہ خلوت کے سوا آنحضرت قدس سرہٗ کے رونے کی عادت نہ تھی۔ اس وقت مستفیدوں میں سے ایک دوست حاضر تھا۔ چونکہ وہ دوست آنحضرت قدس سرہٗ کی نظروں میں بہت ہی عزیز تھا اور نسبت کا نہایت قرب رکھتا تھا اس نے متعجب ہو کر اس رونے کا سبب پوچھا۔ فرمایا۔ کہ نماز میں روح نے پرواز کی کہ نہایت تک پہنچے۔ یہ مطلب اس کو حاصل نہ ہوا۔ واپس آکر بدن میں بیقرار ہو کر لوٹنے لگا۔ بظاہر اس صورت میں گریہ مطلب کے بے نہایتی معلوم کرنے کے لئے ہوگا یا کسی اور باعث سے ہوگا۔ جو لکھنے والے کے ادراک اور سمجھ میں نہیں آتا حضور اکثر یہ بیت پڑھا کرتے تھے۔ بیت

ہائے اونچی ہے عشق کی دیوار　　اس کا ہانی ہے میرا ہی دلدار

تیرھویں مجلس

بروز اتوار ۲۰ شوال سنہ ۱۰۰۱ھ کو حضرت عالی کے غلاموں کی خدمت میں فقیر حاضر ہوا اہل اللہ کی نسبت گفتگو شروع ہوئی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ اہل اللہ کے تین فرقے ہیں نساک یعنی عابد لوگ۔ (۲) صوفیہ۔ (۳) ملامتیہ ✤

عابد وہ لوگ ہیں۔ جو ظاہری عبادت پر کفایت کرتے ہیں۔ اور فرائض اور سنن کے بجا لانے کے

Marfat.com

بمرتبہ نفلی عبادتوں اور نیک کاموں پر قیام رکھتے ہیں۔ جیسے کہ خیرات اور نیک کاموں میں سے کسی چیز کی فروگذاشت نہیں کرتے۔ اور صوفیہ کے ذوق و وجد وغیرہ سے ان کو کچھ حصہ حاصل نہیں ہوتا۔ اور اگر عابدوں میں سے جس کسی کو صوفیہ کے وجد اور ذوق حاصل ہو جائیں۔ تو وہ گویا اپنے مرتبہ سے نکل کر صوفیہ کے گروہ میں داخل ہو گیا ٭

صوفیہ وہ لوگ ہیں۔ جو مواجید اور اذواق سے بہرہ مند ہیں۔ اور اپنی خوارق و کرامات کو خلقت کی نظر سے پوشیدہ نہیں کرتے۔ اور ان کی نظر تمام امور میں حق تعالیٰ پر ہے۔ اور خلق کو حق تعالیٰ کا ظہور جانتے ہیں۔ اس گروہ کچھ کچھ رعونت اور رعنائی پائی جاتی ہے ٭

ملامتیہ وہ لوگ ہیں۔ جو عام لوگوں کے لباس میں ہیں۔ ان میں اور عوام میں کوئی تمیز نہیں ہے اور ظاہر میں فرضوں اور مؤکدہ سنتوں پر کفایت کرتے ہیں۔ اور حتی المقدور اخلاص میں کوشش کرتے ہیں۔ اور خوارق و کرامات کو ظاہر کر کے اپنے آپ کو مشہور نہیں کرتے۔ اور نہ ہی اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس امر میں انہوں نے حضرت حق سبحانہ کا اتباع کیا ہے چونکہ وہ جانتے ہیں۔ کہ یہ جہان ظہور کا محل نہیں ہے۔ اور حضرت حق سبحانہ و تعالیٰ نے اپنے آپ کو عوام کی نظر سے پوشیدہ رکھا ہے۔ اس لئے یہ لوگ بھی اپنے آپ کو خلق کی نظر سے پوشیدہ رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اکثر لوگ ان کو اپنی طرح خیال کرتے ہیں۔ اور اپنے جیسا جانتے ہیں۔ ان لوگوں میں رعونت بالکل نہیں ہے۔ اور نہ ان میں کوئی ربوبیت باقی ہے۔ یہ لوگ مقام عبودیت کی نہایت تک پہنچے ہوئے ہیں۔ شیخ محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ نے حضرت رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اور اصحاب میں سے حضرت صدیق اکبر اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اور مشائخ میں سے حضرت بایزید بسطامی اور ابو سعید خراز اور ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اور نیز اپنے کو ان لوگوں کا سردار شمار کیا ہے۔ لیکن دوسرے بزرگوں سے خاموش ہے۔ اور ان کی نفی بھی نہیں کی۔ شیخ رضی اللہ تعالیٰ کا طریق یہ ہے۔ کہ جو کچھ خاص وقت میں ان کے کشف میں آجاتا ہے۔ وہی لکھ لیتے ہیں۔ فرقہ ملامتیہ میں سے وہ لوگ جو اپنے آپ کو خلقت کے سامنے ملامت کے طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ اور شریعت پر بھروسہ کر کے بعض ان چیزوں کو جو ظاہری نظر میں ممنوع ہیں۔ لوگوں کے سامنے کر گذرتے ہیں۔ مثلاً وہ لوگ جو رمضان شریف کے دنوں میں سفر کی حالت میں بازاروں میں اس لئے کھاتے ہیں۔ کہ خلقت کی نظر میں

Marfat.com

بے اعتبار اور حقیر دکھائی دیں۔ یہ لوگ رتبہ میں صوفیوں سے بہت نیچے ہیں۔ ابھی تک خلقت ان کی نظروں سے نہیں گری۔

پھر نغمہ کے بارہ میں گفتگو شروع ہوئی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ فقہا اس کو مکروہ جانتے ہیں اور بعض مشائخ نے اس کو مباح کہا ہے۔ لیکن مبتدی کو اس کا مستحق نہیں جانتے۔ وہ لوگ جو نغمہ کے سننے کے قائل ہیں۔ ان کی تردید ایک حکمت اس میں یہ ہے کہ نغمہ سننے کے وقت طبیعت ساکن اور اپنی جگہ پر قائم ہوتی ہے۔ اس لئے روح معانی کے ادراک میں زیادہ پہنچتی ہے۔ کیونکہ ان کا محبوب معانی ہوتے ہیں اور نغمہ کو زیور کی طرح جانتے ہیں۔ وہ نفس نغمہ میں مبتلا نہیں ہیں حضرت شیخ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات میں لکھا ہے۔ کہ نغمہ سننے کی شرطوں میں سے ایک یہ شرط ہے کہ سننے والے پر حق تعالےٰ کی محبت غالب ہو۔ اس موقعہ پر فقیر نے عرض کیا کہ حق تعالےٰ کے محب کی کیا علامت ہے۔ فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کمال فرمانبرداری اور اتباع تام۔ پھر عرض کی۔ کہ ہو سکتا ہے۔ کہ صاحب اتباع کا مطلب بہشت میں داخل ہونا یا عذاب دوزخ سے بچنا ہو۔ فرمایا کہ ایسا شخص کامل اتباع والا نہیں ہے۔ اس کو اہل اللہ کے گروہ سے جانئے۔ ظاہر کا اتباع تو ظاہر ہے۔ باطن کا اتباع یہ ہے کہ اس کے باطن میں حق سبحانہ، تعالےٰ کے سوا اور کچھ مطلب نہ ہو۔

چودھویں مجلس

بروز جمعہ ۱۹۔ ربیع الاول سنہ ۱۰۰۱ھ کو حضور کی قدمبوسی نصیب ہوئی۔ حضرات صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے فضائل میں گفتگو شروع ہوئی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ صحابہ کرام چاروں ہی ترتیب وار اقطاب مطلق تھے۔ اور حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ کے بارہ میں فضائل کے بکثرت وارد ہونے کا باعث یہ ہے۔ کہ بنی امیہ کی خلافت کے زمانہ میں خارجی لوگ بہت زیادہ ہو گئے تھے۔ اس لئے سلف کے بزرگوں کو اہل بیت کے فضائل بیان کرنے کی زیادہ ضرورت ہوئی۔ جس کے باعث ان کے فضائل زیادہ تر کتابوں میں لکھے گئے۔ پھر کچھ دیر تصوف و خوارق کے بارہ میں گفتگو ہوئی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ اصحاب کے زمانہ میں خوارق کا اس قدر ظہور نہ تھا۔ جس قدر بعد میں ظاہر ہوئے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ کمالات کے منتہی کے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر تصرف ظہور میں نہیں آتا۔ اسی واسطے پیغمبروں سے ان کے

Marfat.com

ارادہ کے بغیر خوارق ظاہر ہو جایا کرتے تھے۔ اور بعض سے وقت کے موافق جب کہ کفار ان کا انکار کر دیتے تھے۔ ان کے تصرف اور خواہش کے بغیر معجزہ ظاہر ہو جاتا تھا۔ پھر مشائخ کے انکار کے متعلق گفتگو ہوئی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ اولیاء کبیرہ گناہوں سے محفوظ نہیں ہیں ان سے اگر کوئی گناہ صادر ہو جائے۔ تو ان کے احوال پر بطلان کا حکم کرنا جہالت اور بے سمجھی کا باعث ہے۔ دیکھنا چاہیئے۔ کہ جس مقام اور منزل میں یہ اکثر یا دائمی طور پر ہیں۔ کونسا ہے اس حال میں اکثر بشریت کے باعث ان سے کوئی قصور سرزد ہو جائے۔ تو ان کو معذور سمجھنا چاہیئے۔ پھر فرمایا۔ کہ اگر مشائخ کو ان کی زندگی میں لوگ زندیق اور بے دین کہتے رہے ہیں۔ جیسے کہ حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کا حال تھا۔ لیکن حضرت ذوالنون مصری رحمۃ اللہ علیہ کو مرنے کے بعد قبولیت حاصل ہوئی۔ کیونکہ وہ دنیا سے بالکل پاک و مبرا تھے۔ اگر دنیا میں ہوتے یعنی بادشاہ یا بادشاہ کے وزیر ہوتے تو اس انکار کے باوجود جو کہ ان کی زندگی میں کرتے ہیں۔ کوئی شخص ان کو قبول نہ کرتا۔ اور موت کے بعد بھی لوگوں کے طعن و ملامت سے نہ بچتے۔ یہ سب اختلافات جو اصحاب کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں پیدا نہ ہوئے۔ ان کا سبب یہی ہے کہ دنیا میں منصب خلافت کے باعث تھے۔ ورنہ وہ اصحاب جو پہاڑوں میں چلے گئے تھے۔ اور فقر کے طور پر زندگی بسر کرتے تھے۔ کسی نے ان کی نسبت کلام و گفتگو نہیں کی۔ نیز اصحاب کے بارہ میں گفتگو کرنا دین و ایمان میں داخل نہیں۔ بہت سے ایسے بھی مومن ہیں۔ جو خدا اور رسول کے سوا کچھ نہیں جانتے۔ لیکن ان کے ایمان میں کوئی شک و شبہ نہیں ✦

پندرھویں مجلس

جمعہ ۱۰ جمادی الاول سنہ ۱۰۰۰ھ کو فقیر مجلس عالی میں حاضر ہوا۔ ان سطروں کے لکھنے والے یعنی اس فقیر نے بعض شرعی ضرورتوں کے باعث سفر کی رخصت طلب کی۔ حضور نے دریافت فرمایا کہ کہاں جاؤ گے۔ فقیر نے اپنی عاجزی اور پست ہمتی پر نظر کر کے کہ قرب کی دولت سے دور ہوا جاتا ہوں۔ اور اس کی مجلس سے جدا ہوتا ہوں۔ بڑے ادب سے حیران و پریشان ہو کر عرض کیا کہ بلا و مصیبت لینے جاتا ہوں۔ حضور نے بڑی شفقت اور مہربانی فرمائی اور ایک دنیا دار کی طرف جو اپنے ہمسروں میں بہت ہی نیک مشہور تھا۔ اسی ندامت کے جنگل کے

Marfat.com

آوارہ گرد کی سفارش کے بارہ میں چند کلمات تحریر فرمائے۔ کچھ مدت تک حضور کی ظاہری جدائی اور بُعد مکانی میں بسر کیا۔ اور اس ظاہری باطنی دولت سے الگ ہو کر طرح طرح کی تکلیفیں اور ملامتیں اُٹھاتا رہا اس مدت میں عبودیت کے نشان والے خط اپنے بلاکش دل کے احوال کے متعلق نیاز مندی کی قلم سے لکھتا رہا۔ جو مجلس عالی کے حاضرین کی نظروں میں گذرتے رہے اور بارگاہ عالی کے غلاموں کے مطالعہ میں آتے رہے۔ ایک دن حضرت مخدومی حاجی شیخ عبدالحق کا عنایت نامہ جس میں عمدہ عمدہ حقائق اور اچھی اچھی نصیحتیں درج تھیں۔ کہ وہ سراسر نسخہ سعادت تھا۔ صادر ہوا۔ اس مکتوب کی پشت پر حضرت ایشاں قدس سرہٗ کی عمدہ عمدہ مضمون لکھنے والی قلم کے لکھے ہوئے چند کلمے فقیر کی پیاسی اور منتظر نظر سے گذرے۔ ان کو پڑھ کر وہ حالت طاری ہوئی۔ جو کاغذ اور قلم کے حوصلہ سے باہر ہے۔ اس کا کچھ کچھ مزہ اس مصرعہ سے پایا جاتا ہے۔ مصرع

لگایا میں نے جب اُس کو منہ سے تو مست و بیخود ہوا خوشی سے

وہ کلمات حقائق آیات یہ ہیں۔ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ (اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا دوست ہے۔ ان کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے جو کچھ ضروری اور لکھنے کے قابل تھا۔ وہ حضرت مخدومی کے مکتوب میں لکھا جا چکا ہے۔ زیادہ کیا لکھوں۔ فرصت اور قوت بلکہ وقت اور نفس کو غنیمت جان کر اس کے موافق زندگی بسر کرنی چاہئے۔ افسوس کہ اب اس عاجز اور نفس کے گرفتار میں کام کی طاقت نہیں رہی۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے۔ اس تھوڑی سی عمر میں دیوانوں کی طرح اپنی باز ماندگی اور ناکامی کا ماتم کرتا اور اپنی ساری زندگانی کو اس راہ میں فدا کرتا۔ اللہ تعالیٰ اس اُفتادگی اور کم ہمتی میں بھی درد و شوق عطا فرمائے۔ تاکہ اپنے دونوں جہانوں کے کاموں کو اُس کے قبضہ اقتدار کے حوالہ کر کے تمام گرفتاریوں اور قیدیوں سے آزادی اور فراغت حاصل کروں۔ آمین یارب العلمین۔ اُمید ہے کہ وہ بھائی بھی فقیر کی اس آرزو کے حاصل ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سربسجود ہو کر دعا کریگا۔ کیونکہ غائب بھائی کی دعا غائب بھائی کے لئے بہت جلدی قبول ہوتی ہے۔ والدعا والسلام

اس گروہ کے مذاق والے اور حقائق کے جاننے والے داناؤں پر ظاہر ہے۔ کہ ان کلمات سے کس قدر فنا اور تعطش (یعنی پیاس و شوق) اور اخفا (یعنی اپنے آپ کو چھپانا) اور مجرد مردمی انتہائی اور یکسوئی) اور اسقاط وجود (یعنی خود بینی کا نہ ہونا) اور رضا مندی مفہوم ہوتی ہے مصرع

Marfat.com

جانا ہے دوست کہ بیگانہ نہیں یہ

سولھویں مجلس

بروز ہفتہ یکم ماہ صفر ۱۰۱۲ھ کو فقیر حضور سعادت سے مشرف ہوا۔ حضور نے دریافت فرمایا۔ کہ تو کہاں گیا اور کیسے رہا اور کیا لایا۔ ان کلمات کا جواب اگرچہ قال کی زبان پر یہ تھا۔ کہ گمراہی کی سرحد تک گیا اور تفرقہ اور جدائی میں رہا۔ اور ندامت و شرمندگی لایا۔ لیکن حضور کی ہیبت اور رعب کے باعث حال کی زبان پر سوائے خاموشی کے اور کوئی معقول جواب نہ بن پڑا۔ یا یوں سمجھو کہ پوشیدہ باتوں اور دلی بھیدوں کے جاننے والے آنحضرت قدس سرہٗ کے حضور میں زبانِ حال ہی کو اپنان کرنے کے لیئے کافی سمجھا۔ اور زبان قال سے کچھ کہنا فضول اور بے ادبی کا باعث جانا۔ اور جونہی کہ اس جمال باکمال کا نظارہ اور نیستی اور فنا کا مطالعہ کیا اور ذاتی انوار (جو اس اسماء و صفات کے مظہر پر چمک رہے تھے) کی شعاعوں کا عکس فقیر پر پڑا۔ ساری عقل و ہوش جاتی رہی۔ اور بے اختیار ہو کر زار زار رونے لگا۔ حضور عالی کی مجلس سے الگ چلا گیا۔ اور خوب جی کھول کر رویا۔ بہتیرا یار دوست سمجھاتے اور صبر کی تلقین کرتے مگر رونا نہ تھمتا اور صبر نہ آتا ؎

اگر رو کے دلبر سے مطلب کو پائیں　　تو رو رو کے سب عمر یوں ہی گنوائیں

اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ اس روز سے غفلت کا وہ زنگار جو حضور عالی کی خدمت اقدس سے جدا ہونے کے اس تعلقات دنیاوی کے گرفتار کی استعداد کے آئینہ پر پڑ گیا تھا۔ کچھ کچھ دور ہو گیا۔ اور غیروں کی صحبت کی سیاہی اور عقل کو فریب دینے والے دیو یعنی نفس امارہ کی ہمنشینی کا غبار صاف ہو گیا۔ اور فقیر کا دل حضور کی ظاہری مجلس اور قیمتی باتوں کے سننے کا مشتاق ہو گیا۔ چونکہ حضور نے غیبی اشاروں سے معلوم کر لیا تھا۔ کہ دروازہ خلق پر بند کر دینا چاہیئے۔ فقیر کس گنتی میں ہے۔ اکثر مخلص اس بات کے خواہاں تھے۔ کہ سابقہ دستور کے مطابق حضور کی بارگاہ میں حاضر ہوتے رہیں۔ مگر اس طرح کا حضور میسر نہ ہوتا تھا۔ اسی سبب سے حضور کی حقائق آیات کلمات کے بواسطہ سننے کا اتفاق نہ ہوتا تھا۔ ان غیبی اشاروں میں سے جو حضور کے الگ اور تنہا رہنے اور امرار شاد کی طرف توجہ نہ کرنے اور مریدوں کے احوال نہ پوچھنے کا باعث ہوئے۔ ایک یہ ہے جو نقل صحیح اور معتبر روایت سے لکھا جاتا ہے۔ کہ حضور نے اپنی نسبت

Marfat.com

ایک واقعہ دیکھا۔ جس کے آخر میں یہ عبارت تھی۔ فَبَقِیْتَ وَحِیْدًا طَرِیْدًا فَرِیْدًا (اب تو الگ تنہا اور خلوت میں رہ) ایسے ہی دوسرے واقعات سے بھی ظاہر ہوا۔ کہ مریدوں کو ہر جگہ اور ہر وضع پر مقرر کرنا چاہئے۔ حضور نے بڑی شفقت سے تاکید کر کے فرمایا۔ کہ جب اللہ تعالیٰ کا فرمان اور اس کی مرضی مشیخت کے ترک کرنے میں ہے۔ تو یاروں کو چاہئے۔ کہ ہم کو اپنی تربیت کے لائق نہ سمجھیں۔ اور جہاں چاہیں۔ اپنے مقصود کے حاصل کرنے کے لئے چلے جائیں۔ صرف تین چار دوست اس تکلیف میں شامل نہ تھے۔ جب امیدواروں کے دل اس بات سے بہت ہی پریشان ہوئے تو حضور نے بڑے کرم اور مہربانی سے فرمایا۔ کہ میں امر نہیں کرتا۔ کہ ضرور ہی چلے جائیں۔ اس کہنے سے میرا مقصود یہ ہے کہ اپنے ذمہ سے بری ہو جاؤں۔ کیونکہ بعض دوست درس و تدریس اور بعض تحصیل علم اور بعض اپنے روزگار اور کاروبار کو چھوڑ کر فقر کی محنتیں اور تکلیفیں برداشت کرتے تھے۔ جن دنوں میں تصرف کو ترک کیا ہوا تھا۔ ایک مخلص کے حال پر توجہ فرمائی۔ لیکن ظاہر ہوا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی نہیں ہے۔ اس بات سے نہایت متفکر ہوئے۔ کہ شاید اس معاملہ میں اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور لطف نہیں ہے۔ دو تین دن کے بعد جب ثابت ہوا۔ کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی بہت ہی عنایت کی اور کئی قسم کے پوشیدہ راز ہیں۔ تو یہ فکرمندی دور ہوئی۔ اور قولاً اور فعلاً کھانے پینے کے تمام چھوٹے چھوٹے کاموں میں اس پھول کے پتے کی طرح جو راستہ پر پڑا ہو۔ اللہ تعالیٰ کی خلاف مرضی سے کانپتے تھے۔ اور رضا و تسلیم کے راستہ پر پہاڑ کی طرح ثابت قدم رہتے تھے یہ امر جبکہ رحلت کے ایام قریب تھے۔ بہت ہی قوی ہو گیا تھا۔ اور انتقال کرنے سے پہلے کئی دفعہ حضور نے فرمایا کہ ایسا دیکھا گیا ہے۔ کہ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں سے کوئی بہت بڑا بزرگ فوت ہو جائیگا۔ اس دفعہ کے بعد حضور کے دل میں آیا۔ کہ شہر دہلی کے گرد نواح میں کوئی جگہ اختیار کرنی چاہئے۔ اور خلقت کا ملنا جلنا چھوڑ دینا چاہیئے۔ اور جب عمر ختم ہو جائے۔ تو وہیں دفن ہونا چاہئے۔ اس بارہ میں بہت دوستوں نے استخارہ بھی کیا۔ جب اس ارادہ کے مصمم ہونے پر اجازت نہ ملی تو اس ارادہ سے باز آئے اور اس سے زیادہ واضح ایک اور واقعہ دیکھا۔ جس کا مضمون یہ تھا۔ کہ جس مطلب کے لئے تمہیں جہان میں لائے تھے۔ وہ پورا ہو چکا۔ اب یہاں سے سفر کرنا چاہئے۔ اور انتقال سے چند دن پہلے حضور نے فرمایا بہت ہی عجیب خواب دیکھی ہے۔ کہتے ہیں کہ زمانہ قطب مر گیا۔ اس وقت میں ماتم پرسی کا

Marfat.com

بہت ہی عمدہ قصیدہ اپنے مرثیہ میں پڑھ رہا ہوں۔ اور اس میں نہایت اعلیٰ درجہ کے استعارے اور کنائے درج ہیں۔ اس طرح کسی دوسرے وقت ایک مخلص کو کسی موقعہ پر فرمایا کہ زمانہ کا قطب اور ہے۔ لیکن وہ بعض کامل صفتیں نہیں رکھتا۔ ہم ان صفات میں اس کے مدد اور معاون ہیں۔ تمام دوستوں اور خاصکر ان یاروں کا جو اکثر حضور کی ملازمت اور خدمت میں رہے ہیں۔ اور جنہوں نے ایام سابقہ میں اس نسخہ کمالات کا مطالعہ کیا ہوا ہے۔ ان سب کا اتفاق ہے کہ واقعی حضور کے صفات یہاں تک پہنچے ہوئے ہیں۔ کہ ان سے بڑھ کر اس وقت کسی اور سے متصور نہیں ؎

نظارہ شیشہ جہاں وجود کا نور ۔۔۔ اصل صورت میں کر رہا تھا ظہور

جن دنوں میں حضور کی توجہ امر ارشاد کی طرف بہت کم تھی۔ ایک عزیز نے عرض کی کہ اس تجرد اور تنہائی اختیار کرنے کا سبب کیا ہے۔ فرمایا کہ ہمیں ایک ایسا مقام دکھاتے ہیں جہاں پہنچنے کے لئے مدتوں سے انتظار تھا۔ اس کے بعد بہت فائدے یاروں کو پہنچے ہیں اور اب بھی جو لوگ ہماری طرف متوجہ ہیں۔ ہمارا حاضر و غائب رہنا ان کے حق میں یکساں ہے۔ انہیں اپنے کام میں لگے رہنا چاہیئے۔ ہمارا ان سے غائب رہنا اور ان کے حالات کا نہ پوچھنا ان کی ترقیوں کا مانع نہیں ہے۔ لیکن یہ بات کہ ہم شیخ یا مرشد بنیں یا کچھ ہمارے اپنے اختیار سے ہو جائے۔ درمیان سے اٹھ گئی ہے۔ پھر اس عزیز نے پوچھا۔ کہ اس کے لوازم و آثار کیا ہیں۔ اور وہاں پہنچنے کا وقت کب ہے۔ فرمایا اس کا وقت تب ہوگا۔ جب ہماری عمر چالیس سال تک پہنچ جائے گی۔ اور اس کے لوازم یہ ہیں۔ کہ جو کوئی دیکھے گا سجدہ کریگا۔ جب حضور کی عمر چالیس سال تک پہنچی۔ اس سراسر فانی سے کوچ فرمایا۔ اور آخرت کے باقی ملک کی طرف تشریف لے گئے ؎

ملے جلے ہیں جہان میں بہار اور خزاں ۔۔۔ کہیں خوشی اور کہیں ہے آہ و فغاں

بعض مخلصوں کے خیال میں اس واقعہ کی تعبیر حضور کا وہ کلام ہے۔ جو حضور نے ایام رحلت کے قریب فرمایا تھا۔ کہ ان دنوں میں ہم کو تمام سلسلوں کی اجازت حاصل ہو گئی ہے اور ہر ایک مسلمان کو جس جگہ کہ وہ ہے۔ آیت کریمہ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا (جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔ سب اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہیں۔ رضامندی سے اور نارضامندی سے) کے موافق فائدہ اس کو پہنچتا ہے۔ خواہ وہ جانے یا نہ جانے۔

Marfat.com

پندرھویں ماہ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ کو پرانی دائمی بیماریوں کے علاوہ کہ جن میں بظاہر تندرست دکھائی دیتے تھے۔ تپ بھی لاحق ہو گیا۔ اور یہی آخری مرض تھی۔ اس مرض کی حالت میں حضور فرماتے تھے کہ خواب میں حضرت خواجہ احرار قدس سرہ سے ملاقات ہوئی۔ خواجہ قدس سرہ نے بڑی عنایت و مہربانی فرمائی۔ اور حکم دیا کہ پیراہن پہن لو۔ اس واقعہ کو بیان کر کے حضور نے تبسم کیا۔ اور فرمایا کہ اگر زندہ رہے تو ایسا ہی کریں گے۔ ورنہ کفن ہی پیراہن ہے۔ اس مرض کے لاحق ہونے سے پہلے ایک دن اپنے ازواج مطہرات میں سے کسی ایک کو فرمایا۔ کہ جب میری عمر چالیس تک پہنچ جائے گی۔ مجھے ایک بڑا واقعہ پیش آئے گا۔ اور اس کے سمجھانے کے لئے خوش طبعی کے طور پر نزدیک ہو کر اپنی ہتھیلی کو دکھایا۔ اور فرمایا کہ یہ خط میرے ہاتھ کی تلی میں ہے۔ اس واقعہ کی علامت ہے۔ گھر کے لوگ اس خبر کو سن کر بہت حیران و پریشان ہوئے۔ فرمایا کہ چالیس سال کم نہیں ہیں۔ کیا چالیس سال تک زندگانی کم ہے۔ پھر ان لوگوں کے دل کی تسلی کے لئے فرمایا۔ کہ اس خط کو دوسرے خط سے ملایا ہوا ہے۔ حضور کی عادت مبارک یہ تھی۔ کہ جب کبھی کشف یا خرق عادت و کرامت کی نسبت کلام فرماتے تھے۔ تو اس کو اپنی طرف منسوب نہ کرتے تھے۔ بلکہ اس کو کسی چیز کے حوالہ فرماتے تھے۔ چنانچہ اس قسم کی مثالیں آخری فصل میں بیان کی جائینگی۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ اور اس مرض سے پہلے ایک ہفتہ کھلم کھلا اپنے انتقال کی خبر دی تھی۔ جس کا بیان اس طرح ہے۔ کہ ظاہری ولی نعمت نے جس کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ نے اس عالم اسباب میں اپنے بندوں کی روزی عطاء فرمائی ہے۔ اور حسب و نسب اور سیادت و سعادت سے بہرہ مند فرمایا ہے۔ اللہ تعالےٰ اس کے لئے اس کو اپنے نام کی طرح عزت و شرافت میں یکتا رکھے) دوستوں کی ایک جماعت کو خدمت میں بلایا ہوا تھا۔ جن میں یہ فقیر بھی شامل تھا۔ ایک عزیز نے مجھ ناچیز فقیر کی طرف سے عرض کی۔ کہ اس کو مطالبہ کے لئے لشکر میں بھیجنا چاہئے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ چند دن تک کہیں نہ جائے۔ کیونکہ ہماری عمر کا بازار بند ہونیوالا ہے اور اب ہمارا کام ہو چکا ہے۔ اب اس کو ہم سے منافع کا امیدوار رہنا چاہئے۔ یہ منع باوجود اس قدر بے توجہی کے جو مریدوں کے حق میں فرماتے تھے۔ غرابت اور تعجب سے خالی نہ تھی۔ بروز ہفتہ ۷ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ کو حضرت مخدومی حاجی شیخ عبدالحق سلمہ اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

ہمراہ فقیر مجلس عالی میں حاضر ہوا۔ حضور نے فرمایا کہ کل رات سے بدن کے جوڑ و اعضاء اس قدر درہم برہم ہوئے کہ گویا نزع کی حالت ہو گئی۔ آدھی رات تک ایسا ہی حال رہا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی عنایت سے آرام ہو گیا۔ اگر مرنے سے یہی مراد ہے۔ تو بہت ہی عجیب نعمت ہے۔ کیونکہ اس حال سے نکلنے کو جی نہیں چاہتا تھا۔ اسی بیماری میں حضور نے وصیت فرمائی کہ ہمارے پاس ایک دو مشتبہ کتابیں ہیں۔ ان کو ان کے مالک کے ہاں بھیجدو۔ حالانکہ شرعی ہبہ کے موافق حضور کے قبضے اور ملک میں آچکی تھیں اور وہ میراث جو حضور نے پیچھے چھوڑی نقدی سے ایک روپیہ اور اجناس سے چند کتابیں۔ ایک گھوڑا۔ ایک فرش اور یہ طریقہ ہے جو مریدوں میں معمول ہے ؎

تری راہ میں گر جاں ہو جائے قربان ترا عشق دے جاؤں ورثہ میں اے جاں

جمعرات ۲۳ ماہ مذکور کی شام کو بہت تندرست اور خوش نظر آتے تھے۔ چنانچہ عصا ہاتھ میں لیکر اپنے مبارک پاؤں سے چلکر ایک جگہ سے دوسری جگہ تک تشریف لے گئے اور بہت خوش ہو کر اس گھر میں جو دریا کے کنارے پر تھا۔ اور اس میں مخالف ہوا آتی جاتی تھی رونق افروز ہوئے۔ اور نماز شام اشارہ کے ساتھ ادا فرمائی۔ اور وہ کپڑے جو ہمیشہ بیماری کے دنوں میں پہنا کرتے تھے اتار دیئے۔ اور مثنوی مولوی معنوی بلند آواز سے پڑھنے لگے حضور اس وقت اپنے ساتھ زمزمہ رکھتے تھے۔ وہ مخلص جو بیمار پرسی کی خدمت پر مامور اور مخلص تھے۔ اس حال کو دیکھ کر متحیر اور حیران ہو گئے۔ بعض حاضرین نے بعض پوشیدہ علوم کے متعلق تحقیقات کیں۔ حاضرین میں ایک شخص نے پوچھا کہ قرآن مجید میں جو غیب کے ایمان لانے کا حکم آیا ہے۔ وہ عام مسلمانوں کے لئے ہوگا نہ کہ اہل مشاہدہ کے لئے۔ کیونکہ اہل مشاہدہ اپنے مشہود کے ساتھ ایمان رکھتے ہیں۔ حضور نے فرمایا کہ ایسا نہیں ہے۔ ایمان بالغیب کا حکم عام اور خاص سب مومنوں کے لئے ہے۔ بیت

جو کچھ تو سمجھتا ہے خدا اس سے ورا ہے وہ تیری سمجھ اور فراست سے بڑا ہے

جمعہ کی رات اخیر حصہ میں حضور کے دل کو ضعف آگیا۔ اور بیخود ہو گئے تھوڑی دیر کے بعد پھر ہوش میں آگئے۔ چہرہ مبارک ہشاش بشاش تھا۔ کمال قرار و آرام کے ساتھ اپنی مبارک آنکھوں کو کھولا۔ لیکن اس وقت سے لیکر وصال تک کوئی بات چیت نہیں کی۔ اس خاموشی کے وقت جو صرف بارہ بہر تھی۔ اگرچہ ایسی ایسی دوائیں ملتے رہے۔ جو حضور کی طبع

Marfat.com

شریف کے مخالف نہیں۔ لیکن حضور کی طبیعت میں کوئی ملال نہ آیا۔ بہرحال رضاء الٰہی کو مدنظر رکھتے تھے۔ بلکہ اس حالت میں خاموشی سے پہلے ایک دوست نے بڑی دلسوزی اور محبت سے کہا کہ سبحان اللہ کیا اس قدر نئی پرانی بیماریاں کم تھیں۔ کہ اندرونی سوزش بھی ان پر بڑھ گئی۔ تو حضور نے اس دوست کو جھڑک کر منع کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالےٰ اپنے ملک کا مالک ہے جس طرح چاہتا ہے۔ وہ اپنے ملک میں تصرف کرتا ہے۔ کسی دوسرے کو دم مارنے کی مجال نہیں۔ غرض رحلت فرمانے تک بڑے قرار و آرام کے ساتھ رہے اور سرمو متغیر نہ ہوئے۔ البتہ ہندو طبیب کے آنے سے حضور کے روح مبارک کو بڑا صدمہ ہوا۔ اس کے آنے کو حضور نے مکروہ جانا اور چین بجبیں ہو کر طبیب کی طرف سے منہ پھیر لیا۔ یہ حال دیکھ خواجہ نظام الدین احمد نے عرض کیا کہ حضور کی والدہ ماجدہ کی رضاء سے یہ گستاخی کی گئی ورنہ حضور کی طبیعت مبارک کا حال ہم کو معلوم ہے۔ کہ حضور ہندو طبیب کے لانے پر راضی نہیں ہیں۔ اس بات کے سننے سے حضور کے چہرہ مبارک کا رنگ بدل گیا۔ اور والدہ کی مرضی پر راضی ہو گئے۔ اس وقت ایک دوست نے الہ العالمین کا نام کہا۔ حضور نے بہت جلدی اس کی طرف دیکھا۔ اور اپنے سر مبارک کو جو بیقرار رکھا تھا۔ اس کی طرف پھیر لیا۔ حاضرین میں سے ایک نے کہا کہ دیکھا اپنے محبوب کا نام سن کر حضور کو کس قدر شوق پیدا ہوا۔ یہ بات سن کر حضور کی حقائق بین آنکھوں میں بے اختیار آنسو ڈبڈبا آئے۔

سترھویں مجلس

بروز ہفتہ ۲۵ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ کو حضور کی سعادت حاصل ہوئی۔ یہ گیارھویں کا آخری وقت تھا۔ موت سر ہانے کھڑی تھی اس وقت جو مخلص دیدار کیلئے آتا۔ ایک لحظہ اس کی طرف دیکھتے پھر فوراً کا اشارہ کر کے آنکھ بند کر کے اس کو رخصت فرما دیتے۔ جب اس حسودہ کا جامع (یعنی یہ فقیر) حضور کی نظر مبارک کے سامنے آیا۔ بہت دیر تک فقیر کی طرف متوجہ رہے۔ اور کسی اور طرف نظر نہ پھیری۔ اور برخلاف عادت کے کئی دفعہ شفقت بعد مرحمت کی آنکھ سے فقیر کی طرف دیکھا۔ اللّٰھم متعنا من برکاتہ (یا اللہ ہمیں تو ان کی برکات سے بہرہ مند فرما) مجتہد الاسلام حضرت مخدومی خواجہ حسام الدین احمد رحمہ اللہ تھے حضور نے ایسی خفگی کے ساتھ

Marfat.com

جو وداع کے وقت ہوتی ہے۔ اُن کی طرف دیکھا۔ اور ان کے حال پر بہت ہی شفقت و مرحمت فرمائی۔ لیکن حضور کے چہرہ مبارک پر جیسے کہ حضور کی عادت مبارک تھی۔ تبسم اور تعجب کے آثار ظاہر تھے۔ جس کا مطلب یہ تھا۔ کہ بڑے تعجب کی بات ہے۔ کہ تم اپنے آپ کو درویشوں کے گروہ سے جانتے ہو۔ اور اس معاملہ میں بچوں کی طرح رو رہے ہو۔ پھر بڑی شفقت اور مہربانی سے ان کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیکر دیر تک پکڑے رکھا۔ اور اپنا ہاتھ مبارک ان کے منہ اور سر پر پھیرا۔ اس اخیر بیماری کے وقت خواجہ حسام الدین احمد کے سوا اور کوئی پسران میں سے خدمت عالی میں موجود نہ تھا۔ اگرچہ میاں شیخ الہ داد نزدیک تھے۔ لیکن اس ضعف اور بیماری کے باعث جو حضور کے ضعف اور کمزوری کو دیکھ کر ان کو لاحق ہو گئی تھی مجلس عالیہ میں حاضر نہ ہو سکتے تھے۔ غرض شب و روز حضور کی خدمت میں حاضر رہتے۔ خاصکر بیماری کے دنوں میں ان کے سوا اور کوئی یار حضور کی خدمت و ملازمت میں نہ تھا۔ چونکہ جگہ بہت تنگ تھی۔ یار باری باری شرف ملاقات سے مشرف ہوتے اور باہر آجاتے فقیر بھی ان بزرگوں کے اشارہ سے جو وہاں موجود تھے باہر آگیا۔ اللہ تعالیٰ ان نظروں کی طفیل اور ان اوقات کی صفائی کی برکت سے اس ناکامی کے جنگل کے سرگردان اور کجی طبیعت کے بازیچہ کو بُرے خاتمہ سے نگاہ رکھے۔ اور اپنے کرم و بخشش سے ان خطاؤں اور قصوروں کو جو اس گھر کے پلے ہوئے اژدہا اور عقل کو فریب دینے والے غول یعنی نفس اور شیطان کی ہمنشینی سے صادر ہو رہی ہیں۔ وصول الی اللہ کی راہ سے روکنے والا نہ بنا دے۔ الغرض ہفتہ کے دن سے ابھی تھوڑا وقت باقی تھا۔ کہ بلند آواز کے ساتھ ذکر اسم ذات میں مشغول ہوئے۔ اور اسی حال میں دو تین گھڑی کے بعد وصال فرمایا۔ اور عالم قدس میں جا بسے

مثنوی

جہاں ہے صندلی اور آبنوسی — کبھی ماتم کبھی ہے یا عروسی
غم و شادی کا یاں یک جا ہے ساماں — کبھی روتا کبھی کوئی ہے شاداں

رباعی

کس نے کہا وہ مایہ امید مر گیا — کس نے کہا وہ دولت جاوید مر گیا
اس رشک آفتاب نے چڑھ بام پر کہا — آنکھوں کو بند کر کے وہ خورشید مر گیا

اب فقیر حضور کے چند اخلاق اور اطوار جو عام مخلوقات اور مریدوں کی تربیت کی نسبت

Marfat.com

فرمایا کرتے تھے۔ مختصر طور پر دو فصلوں میں بیان کرتا ہے۔

پہلی فصل

(ان عادات اور احوال میں جو حضور عام مخلوقات کے حق میں برتتے تھے)

حضور کا طریقہ مبارک خلق اللہ کے ساتھ یہ تھا۔ کہ جب کوئی شخص حضور کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوتا۔ حضور اُسی کے موافق اس کے ساتھ سلوک کرتے۔ اُس کی عزت و قدر کے مطابق اپنی بارگاہ میں اُس کو جگہ دیتے۔ علماء و سادات کی بڑی تعظیم بجالاتے۔ زیادہ خاموش رہتے۔ مگر نو وارد کی دلجوئی کے لئے جس قدر کہ جواب کے لئے کافی ہوتا۔ کلام فرماتے۔ لیکن جب تصوف اور وحدت وجود یا کسی اور اختلافی امر کی نسبت گفتگو شروع ہوتی۔ تو نہایت واضح طور پر اور کھول کر بیان فرماتے۔ کیونکہ ایسے موقعوں پر عقل و فہم کے پھسلنے کا اندیشہ ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کوئی کلٹ سمجھ لے۔ اور مذہب صحیح کے مخالف چل پڑے۔ اگر کوئی دُنیادار یا تکلیف والا حاضر ہوتا۔ تو اس کی ذاتی حیثیت کو مدِ نظر رکھ کر ایک دو باتیں تکلف کیساتھ فرماتے۔ اور اس طرح خندہ پیشانی سے اُس کے ساتھ پیش آتے۔ کہ کسی قسم کا تکلف یا کراہت معلوم نہ ہوتی۔ حضور کی بارگاہ میں دُنیا یا دُنیاداروں یا جہان کی خبروں کا ذکر تک نہ ہوتا تھا۔ ہاں جب کوئی حاجت مند دنیادار اپنی حاجت بیان کرتا یا کوئی دُنیا کا کام اِسکے متعلق ہوتا تو اس کے مطابق بقدر ضرورت دنیاوی بات چیت کرتے۔ مسلمانوں کی ضروری حاجتوں کے پورا کرنے میں حتی المقدور کوشش فرماتے۔ اور قول و فعل کے ساتھ حاجت مندوں کی حاجتوں کو پورا کرتے۔ حضور سے کوئی ایسی بات سُننے میں نہیں آئی۔ جو وجود قدرت پر دلالت کرتی ہو (یعنی ایسی بات جس سے پایا جائے کہ میں ایسا کرونگا۔ علےٰ ہذا القیاس) مگر ایک دفعہ جبکہ ایک مخلص نے جو بظاہر اپنی مشغولی یعنی ذکر و مراقبہ میں مست تھا۔ اور بعض اصحاب نے اس پر طعن کیا۔ اور اس نے بڑی عاجزی اور حسرت کے ساتھ اپنی کم توفیقی اور دوستوں کے طعن کی نسبت عرض کیا۔ تو حضور نے فرمایا۔ کہ جس طرح تو چاہتا ہے۔ اسی طرح رہ۔ اور طعن لگانیوالوں کی اندرونی کدورت اور اس مخلص کی دلی نورانیت کا ملاحظہ کر کے فرمایا۔ کہ دل میں آتا ہے۔ کہ متوجہ ہو کر ایک ساعت میں ایک شخص کو بلند مرتبہ پر پہنچایا جائے لیکن ضعف کے سبب کچھ ہو نہیں سکتا۔ ورنہ ابتدا سے لیکر انتہا تک کسی دوست نے

Marfat.com

حضور سے جدا سر دریائے نیستی اور فنا میں غرق تھے۔ اس قسم کی بات نہیں سُنی۔ ایک دفعہ کسی حکمت کے لئے کسی خاص دوست کو فرمایا۔ کہ جب میں اپنے یقین کا تصور کرتا ہوں۔ تو حق تعالےٰ کے بحرِ وجود سے ایک قطرہ کی طرح معلوم کرتا ہوں۔ اور اسی یقین پر زندگانی بسر کرتا ہوں۔ غرض ظاہر باطن اور خلوت و جلوت میں دوام آگاہی اور حق تعالےٰ کے حضور اور شہود میں رہتے۔ اگر کسی شخص سے غیر شرع کام صادر ہوتے دیکھتے۔ تو اس کو سختی کے ساتھ امر معروف نہ کرتے۔ اور اگر ضروری معلوم ہوتا۔ تو اشارہ یا مثال کے ساتھ اس طرح بیان فرماتے۔ کہ اس کے دل نشین ہو جاتا۔ اور امر معروف کے نہ کرنے کا باعث یہ تھا کہ اپنے آپ کو عام انسانوں کی طرح جانتے تھے۔ اور فرماتے تھے۔ کہ امر معروف علماء اور محتسبوں کو ضروری ہے۔ ایک دن ازواج مطہرات میں سے کسی ایک نے حضور کی بے ادبی کی۔ حضور نے علماء سے مسئلہ کی تحقیق فرمائی کہ اگر ہماری بے حرمتی اور بے ادبی کے باعث اس کے ایمان میں فتور آگیا ہو۔ تو پھر از سر نو نکاح کر لیں ایک شخص نے عرض کی کہ اگر اسی طرح کوئی شخص علماء کی ایسی بے ادبی کرے۔ تو اس کا حکم کیا ہے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ ہم علماء کے زمرہ میں داخل نہیں ہیں۔ کتاب میں دیکھو کہ اگر کوئی مومن دوسرے مومن کی بے حرمتی اور بے ادبی کرے۔ تو اس کو کیا لازم آتا ہے۔ اور اس کا کیا حکم ہے۔ غرض شریعت کے راستہ سے ایک بال بھر بھی اِدھر اُدھر نہ ہوتے تھے۔ اور مفتی بہ روایتوں پر عمل کرتے تھے۔ اور جن امور میں کسی قسم کا شبہ ہوتا قولاً و فعلاً اس سے پرہیز کرتے۔ اور اس بارہ میں ایسی باریک نظر رکھتے۔ اور غور فرماتے کہ عقل حیران ہو جاتی۔ اگر کوئی کام کرتے۔ تو اس میں اس قدر حقوق شرعیہ کی رعایت کرتے کہ جب تک اس کی حقیقت نہ کھلتی۔ اس عمل کے اسرار پر اطلاع نہ ہوتی۔ اور معلوم ہوتا کہ آپ کی رعایت کا نہایت درجہ یہیں تک ہے اور ایسا ہی ہونا چاہئے تھا۔ مثلاً ایک دن بیٹھے بیٹھے نماز کا وقت آگیا۔ حضور نے مصلا طلب فرمایا۔ حاضرین میں سے ایک شخص نے اپنا کمربند بچھا دیا۔ حضور نے فرمایا۔ کہ تمہارے کپڑے پر نماز ادا کرنا بے ادبی ہے۔ اس کے کپڑے کو الگ پھینک دیا۔ اور نماز زمین پر ادا فرمائی۔ بعد ازاں معلوم ہوا۔ کہ اس شخص نے وضو کرنے کے بعد اپنے دھوئے ہوئے اعضا کو اس کپڑے کے ساتھ صاف کیا تھا۔ اگر کوئی شخص حضور کی خدمت میں غیبت کا تو کیا ذکر کسی مسلمان کو حقارت یا برائی سے یاد کرتا۔ تو حضور فوراً اس مسلمان کی تعریف اور توصیف

Marfat.com

شروع کر دیتے۔ حتیٰ کہ وہ شخص بھی اس مسلمان کی تخفیف اور تحقیر کو چھوڑ کر حضور کی طرح اس کی تعریف و توصیف کرنے لگ جاتا۔ ایک شخص سے ایسے ایسے بُرے افعال صادر ہوئے ہیں کہ اس کے باپ دادا نے اُس کے حق میں شہادت لکھ دی تھی کہ اس کا قتل کر دینا واجب ہے۔ لیکن قاضی نے اس کے قتل کا حکم نہ کیا تھا۔ ایک عزیز نے اس شخص کی بُرائیوں کو بڑے تعجب اور عجیب چینی کے خیال پر حضور کی خدمت میں بیان کرنا شروع کیا۔ حضور نے سُن کر تعجب نہ کیا۔ بلکہ اُس کے حق میں ہر طرح کی شفقت اور مہربانی فرمائی اس حال کو دیکھ کر وہ بیان کرنے والا شخص وجد میں آگیا اور کہنے لگا۔ سُبحان اللہ حضور جو کہ مخلوق اور مفید ہیں اِن کی شفقت اور مرحمت اس قدر ظاہر ہے۔ تو اللہ تعالےٰ جو کہ ارحم الراحمین ہے۔ اس کی رحمت کس قدر وسیع ہوگی اس نے اس نظر کے غلبہ سے ہنس کر عرض کی۔ کہ اس بات سے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی ایسا گناہ نہیں ہوگا جس کا کرنے والا دوزخ کے لائق ہو جائے۔ حضور نے اس عزیز کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔ کہ تم عزیز آدمی ہو۔ اس لئے تم کو اس کی بُرائیوں سے تعجب آتا ہے اور ہم چونکہ اس کو اپنے نفس کے مقابل خیال کرتے۔ اس لئے کوئی تعجب کی جگہ نہیں کسی شخص نے ظاہر کیا۔ کہ حضور کے صوفی کام بہت کرتے ہیں۔ اور اپنی مشغولی اور وظائف میں مشقت اور ریاضت بجا نہیں لاتے۔ حضور نے فرمایا۔ کہ یہ بیچارے کیا کریں۔ ہم نے بھی اس امر میں کوئی مشقت و تکلیف نہیں اٹھائی۔ جس طرح ہم نے یہ دولت مفت پائی ہے۔ یہ بھی مفت لینا چاہتے ہیں۔ اگر حضور کسی مُرید سے بُرا کام صادر ہوتا دیکھتے یا سُنتے تو تہمت اپنے اوپر لگاتے اور فرماتے کہ یہ سب ہماری بدصفتی کا اثر ہے۔ جب ہم میں بُرائیاں موجود ہیں۔ تو یہ فقیر کیا کریں۔ جو کچھ ہم میں موجود ہے۔ وہی اِن میں پر توڈالتا ہے۔ ایک دفع میاں شیخ تاج نے جو حضور کے خلفاء میں سے ہیں اور سنبھل میں بود و باش رکھتے ہیں۔ سنبھل کے ایک دوست کی نسبت جو بہت جذبہ اور جنون والا تھا۔ شکایت لکھی۔ کہ سنبھل کے لوگ اس کے اوضاع و احوال کو دیکھ کر طعن و ملامت کرتے ہیں۔ حضور نے میاں شیخ تاج کے عریضہ کا جواب یوں لکھا کہ تمہارے دماغ کی خشکی کہ جو تم نے شیخ ابا بکر کے بارہ میں ظاہر کی ہے پڑھا۔ اس قسم کی باتیں شفقت اور کارسازی کے مقام کے مناسب نہیں ہیں۔ جب اولیا کبیرہ گناہوں سے محفوظ نہیں ہیں۔ تو وہ نامُراد

Marfat.com

بیچارہ جس نے صرف چند دن ہی طریق تصفیہ کا سلوک کیا ہو۔ کہاں محفوظ اور معصوم ہو سکتا۔ تاکہ اس سے کوئی کام امید کے برخلاف صادر نہ ہو سکے۔ خاصکر جبکہ اصل میں دیوانہ اور بے عقل ہو۔ تو پھر اس سے صفات و افعال کی استقامت کی امید نہ رکھنی چاہیئے۔ خواہ وہ ولایت ہی کے درجہ پر پہنچا ہو خدا معلوم اس کو اس وقت نامعقول کام کیسا معقول معلوم ہوا ہوگا۔ اور صواب کی صورت اس کی نظر سے دور ہو گئی ہوگی۔ دیوانہ کارخانہ الگ ہے کیا نہیں دیکھتے۔ کہ شرعی تکلیفیں عقل پر وابستہ ہیں۔ غرض سب کو اپنے اپنے مرتبہ پر معذور سمجھنا چاہیئے اور فاعل حقیقی پر نظر رکھنی چاہیئے۔ بلکہ وجود کی معیت کو دیکھنا چاہیئے شناخت اور معرفت کا ادب یہی ہے۔ انسانی نفوس مختلف ہیں۔ یعنی امّارہ اور بعض مطمئنہ اور بعض ان دونو کے درمیان ہیں۔ جن کو تو آمہ کہتے ہیں۔ وہ بھی اگر ذی العقول کے ہوں۔ مطمئنہ تو اولیا کے نفوس ہیں نفس امّارہ والوں کو بھی معذور سمجھنا چاہیئے۔ بلکہ لطف کی نظر سے ان دیکھنا چاہیئے۔ اور ہر کام میں جمیل مطلق کی حکمت و قدرت کا مطالعہ کرنا چاہیئے سنبھل والوں کے طعن کا بھی انکار نہ کرنا چاہیئے۔ بلکہ رحم کی نظر سے اُن کو دیکھنا چاہیئے۔ کیونکہ وہ عقل کی استقامت سے نکلے ہوئے ہیں۔ اور نفوس کے شیوہ اور طریقہ کو بھول گئے ہیں۔ اگر کوئی عاجز ایک گناہ کر بیٹھے۔ تو اس کے بطلان پر کیوں حکم کریں۔ اور تمام امور کا تلبیس پر کیوں حکم لگائیں۔ اللہ تعالےٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے۔ کہ ملامت اولیاء کا حصہ ہے۔ ہم خود ان کے حضور میں دوسرا طریق رکھتے ہیں۔ جب کوئی ملامت پہنچتی ہے۔ تو اپنے آپ میں دیکھتے ہیں۔ اور ایک نہ ایک بدصفتی اپنے آپ میں ضرور پاتے ہیں۔ اور اس اشارہ کو غیبی نصیحت جانتے ہیں۔ چنانچہ اس طرز میں بھی اپنے آپ میں بڑے نفاق اور مکر معلوم کئے۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کی۔ پھر انشاء اللہ تعالےٰ وہ بدصفتی دور ہوئی۔ بھلا بتلاؤ کہ سنبھل والوں کی ملامت سے کیا نقصان ہوگا۔ اس کی عبادت قبول نہ ہوگی یا توجہ کی صفائی دور ہو جائے گی۔ یا درگاہ الٰہی سے مردود ہو جائے گا۔ کچھ نہیں ہوگا ؎

غلام یار کا بن اور جہاں پہ ڈال تو خاک

ایک دن ایک عزیز مخلص نے حضور کی خدمت میں اپنے حال کی شکایت کی۔ کہ مجھے ایک حال پیش آیا ہے۔ اگرچہ جانتا ہوں۔ کہ دوسرے دوستوں کے حال اس سے بہتر ہیں۔ لیکن

Marfat.com

میرا نفس اس پر مغرور ہو رہا ہے حالانکہ استغفار اور توبہ بھی کرتا ہوں۔ لیکن وہ عجب اور غرور دُور نہیں ہوتا۔ ایک اور صوفی خدمت عالیہ میں بیٹھا تھا۔ حضور نے فرمایا یہ مرد بھی تمہاری طرح اسی حال میں گرفتار ہے۔ اس سے علاج پوچھو۔ اس عزیز نے عرض کی۔ کہ ہم دونوں بیمار ہیں بھلا بیمار بیمار کا علاج کیا کرے گا۔ حضور نے فرمایا۔ کہ تم دونوں عزیز آدمی ہو۔ اور بہت کچھ حاصل رکھتے ہو۔ اس لئے تم اپنے آپ میں بہت کچھ دیکھتے ہو۔ ہم چونکہ کچھ نہیں رکھتے۔ اس لئے کچھ نہیں دیکھتے۔ کس چیز پر ہم عجب اور غرور کریں۔ وہ عزیز کہتا ہے کہ اس بات کو سُن کر قریب تھا۔ کہ میری ہستی کا تانا بانا ٹوٹ جائے۔ پھر عجب اور خود بینی کا کیا کہنا اس کے بعد میں پھر کبھی اس طرح کے عجب اور غرور میں گرفتار نہیں ہوا ؎

بحر عرفاں کے ساقی جس دم شراب دیتے پیالے بھر بھر
تو ہوش کانوں کو یوں ہے کہنی ہنو ہمہ تن بغلکل ساغر

ایک دن ایک بے خبر متفقہ عالم نے جو آپ بھی شریعت کے امور کا چنداں پابند نہ تھا حضور پر اعتراض کی زبان دراز کی اور حضور کی اوضاع اور لباس مبارک پر بے جا اعتراض کرنے لگا۔ حضور نے اس کی بڑی تحسین و آفرین کی۔ اور فرمایا کہ آپ جیسا عالم جہان میں نایاب اور بے مثل ہے۔ آپ کو تو ہمیشہ اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ بہت خوب آدمی ہو۔ اتنی مدت ہو گئی ہے۔ آپ جیسا عالم ابھی تک ہمیں نہیں ملا۔ جوں جوں حضور تواضع اور فروتنی کرتے تھے۔ توں توں وہ اعتراض میں بڑھتا جاتا تھا۔ حضور نے کسی قسم کا ملال ظاہر نہ کیا اور نہ ہی اس کیساتھ کسی قسم کی بدخلقی اور بدسلوکی فرمائی۔ حالانکہ اُس کی داڑھی کٹی ہوئی تھی۔ اور نہ ہی کچھ ایسا معتبر عالم آدمی تھا۔ جس کی لوگوں کے ہاں کچھ عزت و توقیر ہو۔ ایک بزرگ دانا نے اُس کو کہا کہ اے خدا سے بے خبر تو کیا جانتا ہے۔ کہ شریعت کا علم کیا ہے سوا ابھی کتابیں پڑھ اور دیکھ۔ اولیاء اللہ سے کوئی کام کتاب کے برخلاف صادر نہیں ہوتا خصوصاً حضور جیسے کامل شخص سے جو کہ ارباب صحو میں سے ہیں۔ ذکر اصحاب سکر سے۔ حضور نے فرمایا۔ چھوڑ دو اس گئے گذرے زمانہ (تھوڑے) زمانہ میں ایسے آدمیوں کا وجود بھی غنیمت ہے۔ اسی اثنا میں کھانے کا وقت آگیا۔ اُس کو بھی اپنے ساتھ شریک کر لیا۔ اور اس پر بڑی شفقت اور مہربانی فرمائی۔ جب اس کے سب اعتراض ہو لئے۔ تو مفتی بہ کتابوں سے ہر ایک کا جواب باصواب بیان فرمایا۔ اس دن سے لیکر آجتک پھر اس متفقہ کا حال معلوم نہیں ہوا۔

Marfat.com

سُنا ہے کہ شہر سے نکل گیا ہے۔ پرانی اور دائمی امراض کے ایام میں جس کو خادم صحت اور تندرستی خیال کرتے تھے۔ حضور کا طریقہ مبارک یہ تھا۔ کہ رات کو عشا کی نماز ادا کر چکنے کے بعد جب مسجد سے تشریف لے آتے تھوڑی دیر مراقب ہیکر بیٹھے رہتے۔ جب اعضا زیادہ تھک جاتے پھر حضور لیٹ جاتے۔ اور جونہی آنکھ خواب کے ساتھ گرم ہوتی۔ اور خادم بھی سو جاتے حضور اٹھ کھڑے ہوتے۔ اور وضو کی جگہ پر جاکر نیا وضو کرتے۔ اور وضو کے نفل ادا کر کے پھر مراقب ہو جاتے۔ پھر جب اعضاء تھک جاتے۔ پھر لیٹ جاتے اسی طرح پانچ چھ بار جاگتے اور نیا وضو کر کے سوتے۔ اور بڑی احتیاط فرماتے کہ خادموں سے کوئی بیدار نہ ہو۔ اکثر راتوں کو حالانکہ دو گھر رکھتے تھے۔ باہر تشریف رکھتے۔ اگر نہانے کی حاجت ہوتی۔ تو جس گھر باری ہوتی وہاں تشریف لاتے اور غسل فرما کر باہر تشریف لاتے اور سو جاتے۔ حضور کے اہل خانہ یعنی ازواج مطہرات نے اپنے سارے اپنے حقوق جیسے کہ قسم اور تقسیم اور باری تک بھی بخشد یئے تھے۔ لیکن پھر بھی حضور اس قدر قسم و باری کی رعایت فرماتے۔ کہ بال بھر فروگذاشت نہ ہونے پاتی۔ چنانچہ جن دنوں میں ضعف اور بیماری کا غلبہ تھا۔ ان دنوں میں بھی ایک گھر سے جو ازواج میں سے ایک کے گھر تک تھوڑا فاصلہ رکھتا ہے۔ دوسرے گھر میں تشریف لاتے۔ جہاں سے دونوں گھروں کا فاصلہ برابر ہے۔ یعنی وہ گھر ان دونوں گھروں کے عین وسط میں ہے اور جس گھر میں رات بسر کرتے فجر کی سنت وہیں ادا فرماتے۔ پھر جماعت کی مسجد میں تشریف لے جاتے۔ نماز شام کے سوا دوسرے اوقات میں وضو کے بعد وضو کے نفل ادا کر کے مسجد میں تشریف لاتے۔ اور اثنائے راہ میں اکثر حاجتمند لوگ اپنی اپنی حاجتیں عرض کرتے حضور تھوڑا سا وقت ٹھیر کر ہر شخص کی حاجت کو سنتے۔ اور بڑی مہربانی سے ہر ایک کو جواب شافی دیتے۔ پھر مسجد میں تشریف لاتے۔ اگر وقت میں گنجائش ہوتی۔ تو تحیۃ مسجد بھی ادا فرماتے۔ ورنہ فرضوں اور مؤکدہ سنتوں پر کفایت فرماتے۔ اسی طرح مسجد سے باہر نکلنے کے وقت بھی حاجت مندوں سے چشم پوشی نہ فرماتے۔ بلکہ خوشی خوشی ان سے باتیں کرتے۔ اور اپنی جگہ پر تشریف لے جاتے چونکہ اسی نیک خصلت کے باعث بڑی بڑی فتوحات اور کشائش حاصل کی تھیں۔ اس لیے خلق اللہ کی حاجتیں برلانے میں بڑی توجہ فرماتے لیکن آخر یہ امر نیستی اور فنا کے باعث کم ہو گیا تھا۔ غرض حضور کی ذات مبارک سے ظاہری باطنی فائدے لوگوں کو پہنچتے تھے۔ مریدوں کو بھی باطنی طور پر تادیب اور تنبیہ فرماتے

Marfat.com

یعنی حال کو سلب فرما لیتا قلق بعد میں ڈال دیتے۔ اس طرح اس شخص کو بہت ہی تنبیہ اور فتوح حاصل ہو جاتی۔ ایک مخلص کو اُس کی بہتری کے لئے قلق میں ڈالا۔ یہ شخص لاہور کا باشندہ تھا لاہور سے ایک شیخ کے ہمراہ دہلی آیا تھا۔ جب خدمات عالیہ میں حاضر ہوا۔ تو حضور نے فرمایا۔ کہ تو اس شیخ کے ساتھ کیوں نہیں گیا۔ اس نامراد پر عجیب حال گذرا۔ تمام رات ماہی بے آب کی طرح تڑپتا رہا۔ اور بیقرار ہو کر نعرے مارتا رہا۔ اور ایسا دردناک روتا رہا کہ یاروں کو ساری رات نیند نہ آئی۔ بلکہ اُس کی کثرت گریہ کے باعث عشا اور فجر کی نماز بھی اچھی طرح ادا کر سکے۔ ماہ رمضان کا اخیر عشرہ تھا۔ تمام یار صبح کی نماز کے بعد حلقہ بنا کر حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھے تھے۔ کہ وہ نامراد اس مجلس میں آ گیا اور کہنے لگا۔ اے مسلمانو۔ خدا کے لئے میرے درد دل کا حال سنو۔ لیکن کسی نے اُس کی بات کی طرف توجہ نہ کی۔ کیونکہ تمام رات اُس کے واویلا سے کان بھرے ہوئے تھے۔ ہر ایک دوست اپنے ذوق میں مست ہوا بیٹھا تھا۔ پھر اُس نے رو رو کر یوں کہنا شروع کیا کہ میں ہمیشہ درویشوں کا طالب اور اِن کا خادم اور معتقد تھا۔ ایک رات میں نے خواب میں دیکھا۔ کہ ایک شخص ابلق گھوڑے پر سوار جا رہا ہے۔ اور لوگ اُس کے پیچھے پیچھے جا رہے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ اپنے زمانہ کا قطب ہے۔ میں بھی دوڑ کر اس کے راہ پر آ کھڑا ہوا۔ اس سوار نے مجھ سے کہا۔ کہ میرا نوکر ہو جا۔ میں نے قبول کر لیا۔ اور چند قدم اُس کی خدمت میں چلا۔ آخر کار وہ ایک پہاڑ پر چڑھ گیا۔ اور میری نظر سے غائب ہو گیا۔ پانچ چھ سال اسی انتظاری میں گذر گئے ایک دن حضور کسی موقع پر اس کوچہ سے جس میں میرا گھر تھا اسی طرز پر جیسا کہ خواب میں دیکھا تھا گذرے۔ جونہی کہ میری نظر حضور کے جمال باکمال پر پڑی۔ میں نے پہچان لیا اور پیچھے پیچھے ہو لیا۔ اور اپنے اس واقعہ کو بیان کر کے حضور کی خدمت میں داخل ہوا۔ اور مشغولی اختیار کی۔ اب پانچ چھ سال ہوئے۔ کہ ان کی محبت سے سیراب ہوں اب فرماتے ہیں کہ اس شیخ کے ہمراہ تو کیوں نہیں گیا۔ اے مسلمانو! خدا کے لئے بتاؤ۔ کہ میں اب کیا کروں۔ جب وہ اپنا درد دل کہہ چکا۔ تمام اہل حلقہ کو ایسا وجد ہوا کہ سر اور پاؤں کی سدھ بدھ نہ رہی۔ اور بیہوش ہو گئے۔ اور ان دوستوں سے جو ستر کے قریب تھے ایک بھی ہوشیار نہ رہا۔ بعض مسجد کے پتھروں سے ٹھوکر کھا کر زخمی ہو گئے۔ تمام قلعہ فیروز آباد میں شور مچ گیا۔ تماشائیوں کا بہت ہجوم ہو گیا۔ جب یہ شور حضور کے مبارک کانوں تک پہنچا مسجد میں تشریف لائے حضور

Marfat.com

کے غرمانے سے دوستوں نے ایک دوسرے کو پکڑا۔ اور اُن کی مستی دُور ہوئی۔ بعد ازاں اس لاہوری آگ بجھانے والے کو بُلایا۔ اور اُس کے قلق کو دُور کیا۔ غرض حضور کی ذات سراسر رحمت کا مظہر تھی ؎

حضور فرمایا کرتے تھے۔ کہ ہم سے کسی کو ضرر نہیں پہنچا۔ فائدہ ہی فائدہ پہنچتا رہا ہے، واقعی جو فائدے اِن دو تین سالوں میں حضور کی ذات سے مریدوں کو حاصل ہوئے گذشتہ زمانہ میں کئی سالوں میں بھی نہیں پہنچے تھے۔ ان کی تفصیل حد بیان سے باہر ہے ؎

اگر آسماں کے برابر دہاں ہو　　تو پھر بھی نہ تعریف اُن کی بیاں ہو

؎

ثناء اس کی دل میں سماتی نہیں ہے　　یہ دُلہن تو حُجلہ میں آتی نہیں ہے

حضور کی ذات مبارک پر مہربانی اس قدر غالب تھی۔ کہ اگر بلی حضور کے دامن پر سو جاتی تو ہرگز اس کو بیدار نہ کرتے۔ اور جب تک وہ سوئی رہتی۔ کوئی حرکت نہ فرماتے۔ اور اسی طرح بیٹھے رہتے۔ اکثر اوقات اسی طرح سردی کی تکلیف برداشت کرتے۔ لیکن بلی کے نیچے سے لحاف نہ کھینچتے۔ دوستوں کے ساتھ جیسی پہلے دوستی کرتے اخیر تک اسی طرح ان کے ساتھ سلوک فرماتے چنانچہ اکثر پہلے دوست اپنے آپ کو حضور سے متمیز نہ کر سکتے تھے۔ ایک عزیز نے حضور کی خدمت اقدس میں بیان کیا۔ کہ بعض کوتاہ بین سیاہ دل کہتے ہیں کہ حضور کی مشیخت کا مدار (زمانہ کے یگانۂ خلقت کے مرجع) نواب قدس القاب شیخ فرید سلمہ اللہ تعالیٰ کی دوستی پر ہے۔ اور ہمیشہ رقعات میں شیخ کی طرف لکھتے ہیں۔ ان کا سرنامہ (قبلہ گاہی سلامت باشند) تحریر فرماتے۔ فقرا سے اس قسم کی خوشامد اچھی نہیں ہے۔ حضور نے اس کے جواب میں فرمایا۔ کہ ہم پر شیخ کے بہت حق ہیں۔ اور ان کے وجود کی برکت سے بڑی فتوحات اور کشائش دیکھی ہیں۔ اب بھی ہمیں کوئی ایسی وجہ شرعی معلوم ہوتی۔ جس کے باعث شیخ موصوف سے دوستی کا تعلق قطع کریں۔ اگر کوئی وجہ ہوتی تو ضرور ایسا کرتے۔ ایسا لکھنے کی وجہ یہی ہے۔ کہ جس طرح شروع ہی سے کسی کے ساتھ سلوک فرماتے تھے۔ اس میں تغیر و تبدل نہ کرتے تھے۔ نیز شیخ سلمہ اللہ تعالیٰ کی سیادت اور بلندی قدری کے حقوق اس سرنامہ کو بدل دینے کی اجازت نہ دیتے تھے۔ ایک دن اپنی والدہ ماجدہ کے ضعف اور کمزوری کو دیکھ کر کھانے پکانے کا کام بعض صوفیوں کے حوالہ کر دیا۔ حضور کی والدہ ماجدہ دیر تک روتی رہیں۔ کہ مجھ سے کونسا قصور

Marfat.com

ہوا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سعادت سے محروم رکھا ہے مجھ سے نیک کام اگر ہو سکتا تھا۔ تو یہی تھا۔ کہ فقرا کے لئے کھانا پکایا کرتی تھی۔ یہ کام بھی مجھ سے چھین لیا گیا۔ کچھ مدت اسی طرح گذر گئی۔ اور دانائی اور نسبت اخلاص اور مریدی کے غلبہ کے باعث جوان کی ذات میں کوٹ کوٹ بھری تھی۔ اس بات کو ظاہر نہ کر سکیں۔ جب یہ خبر حضور کو پہنچی۔ کھانے پکانے کا کام پھر انہی کے حوالہ کر دیا۔ تب ان کے دل کی بیقراری اور اضطراری دور ہوئی۔ اور حضور نے اپنے سالے محمد صادق کی بیوی بی بی بانو اور شیخ محمد صدیق کشمیری کی بیوی بی بی آغا کو خمیر کرنے اور بعض امور میں مدد دینے کے لئے مقرر کیا۔ اور حضور کی ذات سے اختیار اس قدر نکل چکا تھا۔ کہ باوجود ضعف اور دائمی بیماری کے کسی خاص کھانے کے عادی نہ تھے۔ اگر طبیعت کے ناموافق ہوتا۔ تو بھی ظاہر نہ فرماتے۔ کھانے کی طرف زیادہ رغبت اور توجہ کے نہ ہونے اور حق تعالیٰ کی بارگاہ کی طرف دوام مشغولی کے باعث حضور کا بدن شریف اور عنصر لطیف بہت ہی لاغر اور کمزور ہو گیا تھا۔ لیکن باوجود اس ضعف اور کمزوری کے چہرہ مبارک نہایت ہی بارونق اور تر و تازہ دکھائی دیتا تھا ؎

خط ترا سبزہ ہے لب سرخ ہے چہرا پیارا ۔۔۔ سارے محبوں کی ہیں خوبیاں تجھ میں پیدا

قلق اور بیقراری کے غلبہ کے وقت باوجود اس قدر ظہور اور مقتدا ہونے کے کوچوں اور بازاروں تن تنہا ادھر ادھر پھرتے رہتے۔ اور دیواروں کے سایہ میں زمین پر بیٹھ جاتے گویا حدیث کُنْ فِی الدُّنْیَا کَاَنَّکَ غَرِیْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِیْلٍ (دنیا میں اس طرح رہ گویا کہ تو غریب یا مسافر ہے) کا مضمون ظاہر ہوتا تھا۔ حضور کے وجود مبارک سے حق تعالیٰ کا حضور اور شہود ٹپکتا تھا۔ اور ثابت ہوتا تھا۔ کہ تمام اعضا الگ الگ خاص طور پر حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہیں۔ اور خاص خاص فیض حاصل کر رہے ہیں۔ باوجود اس قدر فتوح اور کشائش کے جوہر گھڑی اور ہر لحظہ دیکھتے تھے۔ پھر بھی ہمیشہ انتظار اور تفکر اور حزن میں رہتے تھے ؎

جو پی جائے دم میں ہزاروں دریا ۔۔۔ رہے خشک لب پھر بھی باشد پیاسا

ایک دفعہ کسی موقعہ پر ایک دوست کو فرمایا۔ کہ اگرچہ ہم نے بڑی بڑی محنتیں اور ریاضتیں برداشت نہیں کیں۔ جیسے سلوک والے لوگ کرتے ہیں۔ لیکن ہم نے بڑے انتظار اور قلق اٹھائے ہیں۔ جو ہمیں بڑی بڑی ریاضتوں اور محنتوں کا کام دے گئے ہیں۔ غرض ابتدا سے انتہا تک انتظار ہی میں رہے حضور کے اطوار اور اخلاق اور اوقات کے معمولات کا پورے طور پر بیان کرنا

Marfat.com

انسانی طاقت سے بڑھ کر ہے۔ کیونکہ حقیقت گفتگو میں نہیں آسکتی۔ اور وہ لذت جو روح کو عطا کے معلوم کرنے اور حال کے بسط سے حاصل ہوتی ہے۔ قوت بیانیہ اس کے ادا کرنے سے عاجز ہے۔ اس لکھنے والے فقیر کے اندیشہ اور ادراک نے جو کچھ حضور کے فنا کے نشان والے اوقات کا مشاہدہ کیا ہے۔ اگر ان کا حال یہ عاجز عمر بھر لکھتا رہے۔ اور ہزارہا کتابوں میں درج کرے۔ پھر بھی پورے طور لکھا نہ جائے۔ کسی نے کیا اچھا کہا ہے ؎

کتابوں سے مٹتا نہیں درد دل کا گر دل سے لیں سو کتابیں بنا

اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ حضور کے دیدار سے جو انبیاء اور اولیاء کے اخلاق کا نسخہ تھے۔ فقیر کو اس گروہ پر مشاہدہ کے طور پر یقین اور اعتقاد حاصل ہو گیا اس سے پہلے فقیر صاحب جب پہلے مشائخ کے حالات کتابوں میں مطالعہ کرتا تھا۔ تو ناتجربہ کار دل میں گذرتا تھا۔ کہ مریدوں نے حالات کو مبالغہ کے ساتھ لکھا ہے۔ ورنہ یہ باتیں عقل و قیاس سے باہر ہیں۔ لیکن اب معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بعض بندوں کو یہاں تک ترقی بخشتے ہیں۔ کہ اگر افلاطون اور بو علی اور دوسرے جہان کے دانا اور حکیم اس سے واقف ہو جائیں۔ تو ان کو اپنی نادانی کا اقرار کرنا پڑے ؎

دوسری فصل

(طریقہ کے مریدوں کے ارشاد میں)

طالبوں کی تربیت میں حضور کی عادت مبارک اس طرح تھی کہ جب کوئی طالب خدمت عالیہ میں حاضر ہوتا اور طریقہ میں داخل ہونے کی خواہش ظاہر کرتا۔ اگر اہل شہر سے ہوتا تو کچھ مدت اس کی طرف توجہ نہ فرماتے۔ اور لاپرواہی سے پیش آتے۔ اور اگر طالب مسافر اور روٹی کا محتاج ہوتا۔ تو کچھ دنوں تک جبکہ ارشاد کے کام میں متوجہ ہوتے۔ اس کو روٹی دیتے تاکہ ایسا ہو کہ محض روٹی کے لئے جمع ہو جاویں۔ اور دکانداری بنالیں۔ اور جب کوئی دلیا دار فقراء کے لئے نذرانہ بھیجتا۔ تو اپنے مخلصوں کو نہ دیتے۔ پہلے بیگانہ فقراء کو دیتے اگر کچھ باقی رہ جاتا۔ تو تحقیق کرتے۔ پھر جو دوست سچی طلب اور غرض والا ہوتا۔ اس کو بقدر ضرورت جو اس کے گذارہ کے لئے کافی ہوتا عنایت فرماتے۔ اور دوستوں

Marfat.com

مالی امداد جیسے کہ بعض عام لوگوں کا گمان ہے بہت ہی کم فرماتے تھے۔ کہ جس دوست کی ہم مالی امداد کرتے ہیں۔ وہ یقین کرلے کہ اس کے ساتھ ہماری محبت بہت کم ہے اس امداد کے دکرنے میں حضور کو صوفیوں کی تفتیح اور طالبوں کی تربیت منظور تھی۔ نہ کہ عدم مہربانی بلکہ جو لوگ حرص و آرزو میں گرفتار ہیں۔ اُن کے حق میں نہایت مہربانی یہی ہے جن دنوں میں مشیخت اور ارشاد کا کام ترک کر دیا تھا۔ حضور نے فرما دیا تھا کہ آنیوالے طالبوں کو تین دن تک روٹی دیں۔ کیونکہ ضیافت تین دن تک مسنون ہے۔ اس عرصہ میں بعض سست طلب والے نہیں ٹھیرتے تھے۔ اور اس امتحان کی تاب نہ لاکر چلے جاتے تھے۔ مگر وہ طالب جو طلب قوی رکھتے تھے۔ اور اس کام میں بڑی کوشش سے مشغول ہوتے۔ ان کو طریقہ میں داخل فرماتے۔ اور ذکر و فکر میں مشغول کرنے کے بعد اگر یومیہ خوراک کے محتاج ہوتے۔ تو اُن کے لئے قوت لایموت مقرر فرماتے۔ جس کی مقدار دہلی کا ایک تنگہ تھا۔ ورنہ صرف ڈیڑھ بہلولی۔ اور ایک بہلولی قرض حسنہ کی وجہ سے جو لقمہ کے حلال ہونے کے لئے حیلہ شرعی ہے۔ لیکن یہ بات مسافروں کے ساتھ ہی مخصوص تھی۔ نہ کہ اہل شہر کے ساتھ۔ اور جو شخص حضور کے پڑوس میں ہمیشہ رہتا۔ اور اس کی احتیاج حضور کو معلوم ہوتی۔ تو وہ بھی روزینہ دار مسافروں میں شامل ہوتا۔ طریقت میں مشغول کرنے کا طریقہ اس طرح تھا کہ پہلے استخارہ فرماتے۔ پھر اس کو خلوت میں بٹھاتے اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے شغلوں میں سے جیسے کہ اس سلسلہ کے بزرگوں کے رسالوں میں لکھے ہیں۔ کوئی شغل فرماتے۔ اور بعض کی نسبت اُن شغلوں کے علاوہ بعض کیفیتیں اپنی طرف سے زیادہ بتلاتے۔ جن کو حضور نے اپنے رسالہ میں جو طریقوں کے بیان میں لکھا ہے۔ تحریر فرمایا ہے اور اس کے بارہ میں توجہ فرماتے اور ہمت صرف کرتے۔ اکثر طالب پہلی ہی صحبت میں بیخود ہو کر اپنی جگہ پر گر پڑتے۔ اور ان میں حرکت و شعور کا کوئی اثر باقی نہ رہتا۔ اور اتنی دیر تک کہ جس میں اس کے حال کی بہتری دیکھتے۔ اسی بیخودی میں رہنے دیتے۔ بحالت بعض پر اس طرح گذرتی کہ حاضرین ان کو مردہ خیال کرتے۔ پھر جب اس کے برعکس تصرف کرتے تو ہوش میں آجاتے۔ گویا اَلشَّیْخُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ (شیخ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے) کا مفہوم ظاہر ہوتا تھا۔ اس حالت میں بیخودی اور بے شعوری کے طاری ہونے کے بعد طالب کے بہت سے بُرے اخلاق درست ہو جاتے۔ اور اس کے وجود کا کارخانہ

Marfat.com

زیر و زبر ہو جاتا۔ چنانچہ لوگوں کو اُس کے چہرہ ہی سے اِن حاصل ہوئی ہوئی باتوں کا پتہ لگ جاتا۔ اور پہلے ہی اس کو اپنی وضع کے تغیر و تبدل کرنے کا حکم نہ کرتے۔ بلکہ بیخودی کی لذت چکھنے کے بعد وہ خود ہی حضور کی پسندیدہ وضع کے موافق اپنی حالت بدل لیتا۔ اسی طرح جس پر زیادہ مہربانی اور شفقت فرمائی ہوتی تھی یا اس کی استعداد ناقص ہوتی۔ تو کئی بار اس پر تصرف فرماتے۔ اور بیخودی کی حالت اس پر طاری کرتے۔ اور اس قدر قدرت رکھتے تھے۔ کہ اگر کسی کو چاہتے۔ تو ایک ہی دن میں فنا اور فنا فنا تک جو رتبہ ولایت کے قریب ہے۔ پہنچا دیتے تھے۔ دو تین آدمیوں کی نسبت ایسا واقعہ معلوم ہو چکا ہے اور ہر ایک کو خاص خاص طریق حاصل ہو جاتا۔ بعض کو کشف اور بعض کو مقام قرب میں ترقیاں حاصل ہوتیں۔ اور بعض کا حال بدل جاتا۔ پھر کشف کی بھی کئی قسمیں ہیں۔ کشف حقائق اشیاء کشف توحید اور کشف قبور۔ چنانچہ حضور کا یہ مبارک نامہ جو برادر میاں شیخ احمد سرہندی اور ان کے فرزند ارجمند کی طرف اس بارہ میں لکھا گیا ہے۔ اسی امر کی تائید میں ہے ؎

زُقعہ

قرۃ العین محمد صادق۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ظاہر باطنی سعادتوں سے مستفید فرمائے۔ تمہارے احوال جیسے کہ ظاہر ہیں۔ حمد کے لائق ہیں۔ اپنے اسی حضور پر رہیں۔ اور غیبت و استغراق کا اندیشہ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ سکر صحو میں اور فنا شعور میں مل جائیگا۔ مولانا محمد مسعود کو کشف قبور پر چنداں اعتبار نہ کرنا چاہیئے۔ ظاہری اور صوری کشف میں خطا اور لغزش کا اندیشہ ہے۔ اسے کوشش کرنا چاہیئے۔ تاکہ حضور مع اللہ ظاہر ہو جائے۔ اور دائمی طور پر حاصل ہو جائے۔ اگرچہ عالم صاف ہو گیا ہو۔ اور نورانیت معنی بھی نظر بصیرت سے گذر گئے ہوں۔ پھر بھی کوشش سے کام کرنا چاہیئے۔ کیونکہ حضرات خواجگان قدس سرہم کا جذبہ اور حضور اُدھر ہی ہے۔ اِس مقام میں ماسوی کا نام و نشان بھی نہیں۔ وہاں چھ طرفوں سے خالی اور معرا توجہ ہے۔ کبھی مابالکلیہ اور اکثر بالاصالۃ کبھی فوق کی جہت اس خصوصیت کے باعث جو عرش مجید کے لئے ہے۔ اس توجہ میں آجاتی ہے۔ کبھی تمام جہات کو یا اکثر کو گھیر لیتی ہے۔ اور وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُّحِیْطٌ (اللہ تعالیٰ ان سب باتوں کا احاطہ کرنے والا ہے) کے معنی ظاہر ہوتے ہیں۔ اور اگر معنوی صورتیں اور صوری شکلیں محو نہ ہوئیں۔ اور سراب و خیال کی طرح بے اعتبار پڑی ہیں۔ تو خیالی صورتوں کے دریافت ہونے کے وقت

Marfat.com

ہُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ (وہی اوّل ہے اور وہی آخر ہے) کے معنی درمیان آجاتے ہیں۔ اور اگر وہ توجہ جہات کو یا اکثر کو گھیر لے اور صورتیں اور شکلیں بالکل محو ہو جائیں۔ اور کامل اور تمام صفائی ظاہر ہو جائے۔ تو لَیْسَ فِی الدَّارِ غَیْرُہٗ دَیَّارٌ (گھر میں سوائے گھر والے کے کوئی نہیں) کے معنی جلوہ گر ہوتے ہیں۔ ہوش کرنی چاہیئے۔ کہ ابھی کس وقت معنویہ یعنی باطنی پردہ یا حجاب کم از کم صفت حیات اور ہستی درمیان ہیں۔ اب ایک بات اور سمجھ لیں۔ کہ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُّحِیْطٌ کے ظہور کے وقت بھی ہو سکتا ہے۔ کہ یہی کسوت (پردہ یا حجاب) درمیان ہو۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کی محبت کی نظر بالکل مجرد ہو گئی ہو۔ غرض مقصود کی حقیقت دریافت اور ادراک میں نہیں آسکتی۔ وہاں صرف عشق و محبت اور ماسوی سے سر اور باطن کا تصفیہ ہے۔ اور وہ تحقیقات جو رسالہ سلسلۃ الاحرار میں لکھی ہیں نہایت ہی دقیق اور باریک ہیں۔ اس بحث میں ان کو چھوڑ دیں۔ اور مشہور و متعارف ادراک پر مدار رکھیں۔ حضرت خواجہ نقشبندؒ ؎

خواجۂ پاک نفس و پاک نفس قدس اللہ روحہ الاقدس

فرمایا کرتے تھے۔ کہ جو کچھ دیکھا گیا۔ اور جانا گیا وہ سب غیر ہے۔ کلمہ لا سے اس کی نفی کرنی چاہیئے۔ میاں شیخ احمد بھی اسی مکتوب میں اپنے حال کا مطالعہ فرمائیں۔ اور جان لیں۔ کہ جب تک حضور ذاتی اور وحدت صرف میں استغراق ظاہر نہ ہو۔ اس سلسلہ والے فناء کا اسم اس پر نہیں بولتے۔ اور یہ جو ہم نے کہا تھا۔ کہ ایک درجہ اور درمیان ہے وہ یہی ہے۔ ان باتوں کی حقیقت متشابہ اور مشکل معلوم ہوتی ہے۔ صرف تمہاری خاطر لکھی گئی ہیں۔ وَالسَّلَامُ وَالْاِکْرَامُ +

غرض ہر ایک طالب اپنی واردات و احوالِ خلوت میں حاضر ہو کر عرض کرتا۔ حضور اپنی دقیق نظر اور حکمت بالغہ سے جو اللہ تعالیٰ نے بخشی تھی۔ جو کچھ ان کے احوال اور اوقات کے مطابق بہتر ہوتا امر فرماتے۔ اگر کوئی دوست اپنی خواب یا واقعہ بیان کرتا۔ تو سن لیتے اور کبھی خواب کے بارہ میں فرماتے۔ کہ کہنے کی حاجت نہیں۔ جو کچھ ہونے والا ہے۔ ضرور ہو کر رہیگا۔ اور کوئی دوست اپنا حال اور واقعہ اور خواب بیان کرتا۔ تو اس کی موجودگی میں اس کی تحسین و آفرین اور تعبیر ظاہر نہ فرماتے۔ مگر جس دوست کا حال عالی دیکھتے۔ اس وقت اتنا فرماتے کہ کوشش کر۔ تاکہ ہاتھ سے نہ جائے۔ اور قدم اوپر رکھے۔ ایک دفعہ

Marfat.com

حضور نے ایک دوست کو جبکہ اس نے اپنے احوال عرض کئے۔ یوں فرمایا ؎

ملا ہے بہانہ سے وہ جانور خبردار جانے نہ پائے وہ اڑ کر

ایک طالب کو اس کی بہتری کے لیے اپنی خدمت کے لئے دور کر دیا۔ اور فرمایا کہ اس کی استعداد دوسرے سلسلوں کے مناسب ہیں۔ وہ زیادہ سرگرم ہوگیا۔ پھر چار پانچ دن کے بعد اس کو فرمایا کہ اپنے کسی طالب کو فرما دینگے۔ وہ تمہیں طریقہ بتلا دیگا۔ وہ اسی بات پر راضی ہوکر پیرو ہوگیا۔ اور امیدوار بن گیا۔ ایک دن میاں شیخ تاج الدین جو حضور کے خلفاء میں سے ہیں۔ دہلی سے سنبھل کی طرف جہانگیر وہ بود و باش رکھتے تھے۔ جا رہے تھے۔ راستہ میں اس مرد کے گھر ایک رات رہنے کا اتفاق ہوا۔ اس کی اہلیہ طلب قوی رکھتی تھی۔ خاوند کی اجازت سے شیخ کے ہاتھ پر توبہ کی اور طریقت میں داخل ہوگئی۔ پہلی ہی مجلس میں اس کی استعداد کے موافق اس پر بیخودی طاری ہوئی۔ اور بڑی کیفیت حاصل ہوئی اس کیفیت میں ساتوں آسمانوں کی خبریں بیان کرنے لگی۔ یہ حال دیکھ کر اس مرد کی سرگرمی حد سے زیادہ بڑھ گئی۔ شیخ سے اپنے مطلب کی کوئی بات نہ سنی۔ حیران ہوکر حضور کی خدمت عالیہ کی طرف متوجہ ہوا۔ اور کثرت شوق کے باعث مستوں کی طرح گرتا پڑتا دوڑا۔ کہ اس کے گھٹنے اور ٹخنے اور ہاتھ پاؤں سب چھل گئے۔ جب اس کی نظر حضور کے جمال باکمال پر پڑی۔ حضور کو اس نے پھول کی طرح بغل میں لے لیا۔ اور گھر کے صحن میں لڑھکنے لگا۔ حضور نے اپنے آپ کو اس کی مرضی کے موافق چھوڑ دیا۔ حضور کبھی اس کے اوپر اور کبھی اس کے نیچے ہو جاتے۔ اس طرح حضور کے بدن شریف اور عنصر لطیف کو بڑی تکلیف پہنچی۔ چونکہ وہ زبردست آدمی تھا۔ اور بغل میں خوب پکڑ کر زمین پر لڑھک رہا تھا۔ در و دیوار سے اس بیت کا مضمون ظاہر ہو رہا تھا۔ بیت

ہلا بن شیبا اس کے تن نازک کو دکھ دوگی تو اے باد صبا آئی بن مری تجھ سی بڑی ہوگی

آخر کار حضور نے فرمایا کہ تیرا کیا کام ہے۔ اس نے کہا میرا جو کام ہے تجھ ہی سے ہے۔ اور میرا مقصود تو ہی ہے۔ حضور نے فرمایا۔ تو تو ہمیں مارنا چاہتا ہے۔ لیکن اس بات سے اسے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ پھر فرمایا۔ کہ میرے منہ کی طرف دیکھ۔ جونہی کہ حضور کے چہرہ مبارک کو دیکھا۔ جگر سے کودا۔ اور زمین پر ادب کے ساتھ بیٹھ گیا۔ اور اس جرأت اور دلیری سے بڑا اثر مند ہوا۔ وہ شخص بیان کرتا ہے۔ کہ میں نے اس دن حضور کی آنکھوں میں وہ کچھ دیکھا

Marfat.com

جس کو میں کسی اشارہ اور عبارت سے بیان نہیں کر سکتا۔ اور ابھی تک اس کی لذت نہیں بھولی اگر حضور تصرف کرنا چاہتے یا خرقِ عبادت اور کرامت دکھانا چاہتے۔ تو اس کو اپنی طرف منسوب نہ کرتے۔ بلکہ اس کو کسی کتاب یا قصہ کے حوالہ کرتے۔ مثلاً اگر بیماری میں کسی بیمار پر تصرف کرنا چاہتے تاکہ اس کی بیماری دُور کریں۔ تو طب کی کتاب منگواتے اور اس کو دیکھ کر کوئی دوائی تجویز کرتے۔ اور اس طرف باطنی ہمت اور توجہ سے تصرّف کرتے۔ کبھی اس دوائی کے استعمال سے پہلے کبھی اس کے استعمال کے بعد بیمار کو صحت حاصل ہو جاتی۔

ایک دفعہ ایک لڑکا قلعہ فیروز آباد سے دریا کی طرف جس کی بلندی انسان کے قد سے زیادہ تھی گر پڑا۔ اس کے کان و ناک سے خون بہ رہا تھا۔ اس کا سانس گھٹتا جاتا تھا۔ اس کی ماں اس کو اُٹھا کر حضور کی خدمت میں لے آئی۔ اس کے حال پر مہربانی فرما کر کچھ دیر اپنے باطن کی طرف متوجہ رہے۔ پھر کتاب ہاتھ میں لیکر فرمایا۔ کہ اس کتاب میں لکھا ہے کہ یہ لڑکا زندہ رہیگا۔ وہ لڑکا آجتک زندہ ہے۔ حالانکہ اس کے حال کو دیکھ کر کوئی عاقل نہیں کہتا تھا۔ کہ یہ لڑکا بچ رہے گا۔

اسی طرح ایک بزرگ شہر کا باشندہ کوئی پچاس سال کی عمر کا ہوگا۔ اس عرصہ میں وہ اس کام سے جو عورت اور مرد کے درمیان ہوتا ہے۔ ہرگز آشنا نہ ہوا تھا۔ اس عمر میں اپنے پیر کے حکم سے ایک لڑکی سے نکاح کیا۔ ہر چند کوشش کی اور قوت باہ کی دوائیں بھی کھائیں۔ مگر کچھ نہ ہو سکا۔ اسی طرح ایک سال گذر گیا۔ اور باوجود پرہیزگار ہونے کے تمام جائز و ناجائز ادویہ کا استعمال کیا۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ آخر حیا کے ڈر سے شہر سے بھاگ جانے کا ارادہ کر لیا۔ ایک دن کسی شخص نے یہ حال حضور کی خدمت میں بیان کیا۔ کہ وہ بزرگ شرم کے مارے شہر سے نکل جانا چاہتا ہے۔ حضور کو اس کے حال پر رحم آیا۔ اور فرمایا۔ کہ وہ بیچارہ کس مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہے۔ ایک دن حضور سوار ہو کر کسی راستے جا رہے تھے۔ کہ راستے میں اس بزرگ سے ملاقات ہوئی۔ چونکہ وہ عالم تھا۔ اس لئے اس کی تعظیم کے لئے گھوڑے سے اُتر پڑے۔ اس نے بڑی عاجزی اور نیاز مندی سے اپنا ہاتھ حضور کے مبارک پاؤں کی طرف بڑھایا۔ حضور نے اس کو اپنی بغل میں دبا لیا۔ اور دو تین بار اپنا سینہ اس کے سینے سے لگا کر خوب اچھی طرح سے دبایا۔ اور آہستہ اس کے کانوں میں فرمایا کہ آج کی رات تم دونوں میاں بیوی

Marfat.com

سے ننگے ہوکر سو جاتا۔ وہ بزرگ بیان کرتے ہیں۔ کہ میں نے اُسی وقت اپنے آپ میں قوت معلوم کی۔ اور اپنی بیوی کو بڑے حیا اور شرمندگی سے کہا کہ ایک بزرگ نے اس طرح فرمایا ہے تمسخر اور ٹھٹھے سے یہ مضمون کہا ؎

اور غم ہیں جہاں عاشقی کے یہ بھی سہی

حضور کے فرمانے ہی سے میری مشکل حل ہوگئی۔ اور میں نے وہ قوت پائی۔ جو مدتوں کم نہ ہوئی۔ اوائل حال میں کہ یہ فقیر ابھی اس بلند قدر والے کارخانہ کا نیا تماشائی تھا۔ اور حضور کی ملازمت میں ہوسناک ہوکر آیا جایا کرتا تھا۔ ایک دن اس فقیر کے دل میں آیا کہ اگر آج مہربانی فرمائیں۔ اور مجھے اپنی طرف کھینچ لیں۔ یا کم از کم طریقت کی کوئی پسندیدہ بات ہی فرمائیں۔ تو میں خادموں میں داخل ہو جاؤں گا۔ اس دن ماہِ شعبان کی پندرھویں رات تھی۔ حضور نے فرمایا۔ کہ آج شب برات ہے۔ تمہارے سلسلہ یعنی چشتیہ میں جو نماز اس رات پڑھتے ہیں کتنی رکعت ہے۔ میں نے عرض کیا۔ کہ سو رکعت اور ایک روایت میں دو رکعت بھی آئی ہے۔ اگر دوسری روایت بھی درست ہے۔ تو پھر ہم بھی ادا کر سکیں گے۔ پھر اس کے بعد فرمایا۔ کہ ہمارے جیسے آدمی ریش گاؤ کی مانند ہیں۔ اور وہ اس طرح ہے۔ کہ ایک شخص نے اپنے بیٹے سے پوچھا۔ کہ تو کبھی ریش گاؤ رہا ہے۔ بیٹے نے کہا۔ کہ اس کے کیا معنی ہیں۔ باپ نے کہا اس کے یہ معنی ہیں۔ کہ کوئی شخص گھر سے نکلے اور کہے کہ بغیر رنج کے خرچ نہ پاؤں۔ بیٹے نے کہا اے باپ۔ پھر تو میں جب سے ہوا ہوں ریش گاؤ ہی رہا ہوں۔ حضور نے فرمایا۔ ہم بھی جب سے ہوئے ہیں ریش گاؤ ہی رہے ہیں۔ ایک صوفی نے بیان کیا۔ کہ ایک دن میرے دل میں آیا۔ کہ حضور مجھے کوئی خدمت فرمائیں اور بازار سے کوئی کھانے کی چیز منگوائیں۔ اسی اثنا میں مجھے ایک آدمی بلانے کے لیے آیا۔ جب میں حاضر ہوا۔ تو حضور نے فرمایا۔ کہ جاؤ بازار سے ہمارے لیے تربوز لاؤ۔ میں نے عرض کیا۔ کہ مجھے اچھی طرح تربوز کی پہچان نہیں ہے۔ فرمایا جو لے آئے خیال میں اچھا معلوم ہو۔ لے آؤ۔ اور حضور کی عادت مبارک اس طرح تھی۔ کہ ان خادموں کے سوا جو بعض خاص کاموں اور خدمتوں کے لئے مقرر تھے۔ اور دن کو کوئی کار خدمت نہ فرمایا کرتے تھے۔ خاص کر ان لوگوں کو جو طریق میں نئے داخل ہوتے تھے۔ یہ شخص بھی اس وقت طریقت میں نئے داخل ہوئے تھے دوستوں میں سے تھا۔ نیز اسی صوفی نے بیان کیا کہ جاڑے کا

Marfat.com

موسم تھا۔ میرے پاس کوئی لحاف نہ تھا۔ صرف ایک کپڑا تھا جس میں میری بیوی رات کو اوڑھتے تھے۔ اور گذارہ کی تنگی اور مفلسی کے باعث لحاف بنانے کی طاقت نہ تھی۔ ایک رات میں اپنی بیوی سے بڑا شرمندہ ہوا۔ کہ شاید اس کے دل میں گذرتا ہوگا کہ عجب بے حمیت اور بے حیا سے واسطہ پڑا ہے۔ صبح جب حضور کی خدمت میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کر رہا تھا تو نماز میں بھی رات کا خیال دل میں آتا رہا۔ اور میں اس کو دور کرتا رہا۔ نماز سے فارغ ہو کر جب حضور کی نظر مبارک مجھ پر پڑی۔ ایک مخلص کو جس کے متعلق خرچ اخراجات کا معاملہ تھا۔ فرمایا کہ ہمارے یاروں سے پوچھو کہ جس شخص کے پاس یا اس کی بیوی کے پاس لحاف یا کپڑا نہ ہو۔ اس کو بنا کر دیدو۔ اور بھی دو تین دوست میری طرح حاجت مند نکل آئے۔ اور سب کی ضروریات پوری ہو گئیں۔ اس دوست نے کہا کہ اس کے بعد میں ہمیشہ ڈرتا رہا کہ ایسا نہ ہو۔ پھر کوئی ایسا خطرہ دل میں گذرے۔ جو حضور کے دل پر گراں معلوم ہو۔ اور مقصد سعادت سے روک دے۔ حضور میں ہر قسم کی گفتگو خاصکر علم تصوف میں اس قدر علمی قوت اور قدرت تھی۔ کہ زمانہ کے بڑے بڑے عالم و فاضل جو کئی سالوں تک علوم پڑھتے پڑھاتے رہے حضور سے عمدہ عمدہ فائدہ حاصل کرتے رہے۔ ایک دن ایک عزیز نے التماس کی۔ کہ شرح رباعیات کے اختتام کے لئے جس کا نام سلسلۃ الاحرار ہے۔ اور ان دنوں میں تازہ ہی تحریر فرمائی تھی۔ تاریخ کہی جائے۔ اس مجلس میں قلم دوات لیکر انیس تاریخیں اس رسالہ کے لئے لکھدیں۔ ان میں سے صرف دو تاریخیں فقیر کو یاد ہیں۔ جو مثال کے طور پر لکھی جاتی ہیں۔ باقی سلسلۃ الاحرار کے اخیر میں لکھی ہوئی ہیں۔ ایک تجرع خصوص مکم۔ دوسری نظم وجوب۔ باوجود ان سب باتوں کے ظاہر شریعت کو مدنظر رکھنے کے باعث اپنی اس تصنیف سے جس میں مسئلہ وحدت وجود کو بہت عمدہ تحقیق اور تدقیق سے بیان فرمایا ہے۔ ناراض تھے۔ اور فرماتے تھے۔ کہ اس تصنیف سے ناراضگی کا باعث یہ ہے کہ کوئی بدعتی یا گمراہ آدمی اس کو اپنا معمول بہ نہ بنالے۔ کیونکہ یہ لوگ مسئلہ وحدت وجود ہی کو اپنی بدی اور بدکرداری کا پیشوا اور رہنما بنا لیتے ہیں۔ نیز فرمایا کرتے تھے کہ اس توحید کے راستہ کے سوا ایک اور بڑا وسیع راستہ ہے۔ جس کے مقابلہ میں یہ توحید کا راستہ ایک تنگ گلی کی مانند ہے۔ ایک ہی مجلس میں اس طرح انیس تاریخوں کا جھٹ پٹ لکھ دینا اکثر عقول کی طاقت سے بڑھ کر ہے خاصکر جبکہ مشق اور ورزش بھی نہ ہو۔ بلکہ یہ امر خرق عادت اور کرامت ہے۔ خرق عادت اور کرامت کے ثابت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ حضور کا سامنا

Marfat.com

وجود ہی سراسر خرق عادت اور کرامت تھا۔ اس وقت مجھے شیخ الاسلام پیر ہرات قدس سرہٗ کا کلام یاد آیا ہے۔ جو انہوں نے نفحات میں اس گروہ کے بزرگوں میں سے ایک بزرگ کے حق میں کہا ہے۔ کہ نہ کرامتوں سے اس کی تعریف کریں۔ اور نہ ہی احوال مقامات سے اس کو آراستہ کریں۔ کرامت و حال و مقام و وقت اس کے ہاتھ میں حضرت موسےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درخت کی طرح ہیں۔ ہاں سچ ہے ؎

جس شخص کے حال میں ہے مزہ عشق خدا کا

حضور نے ۲۵۔ جمادی الثانی ۱۰۱۲ھ کو ہفتہ کے دن پچھلے پہر دنیائے فانی سے دار القرار کی طرف کوچ فرمایا۔ اور ۲۶۔ جمادی الثانی کو بروز اتوار حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم گاہ کی شمال کی طرف سلطان فیروز کے قلعہ کے باہر جو قدمگاہ کے مجاوروں کے لئے بنایا گیا تھا۔ دفن کئے گئے۔ ان سطروں کے لکھنے والے اس فقیر نے حضور کے مرثیہ میں یہ چند ابیات تحریر کئے ہیں +

نظم

دل برگرفت زیں چمن تازہ نو بہار — زیں غم بخون دیدہ نشستم چو لالہ زار
کو غم کہ داد خود بستاند ز عیش من — تا بیش ازیں بچہرہ بہ بندم بخون نگار
ایں یک دو روز عمر مداری بریں منہ — ویں بر غلط فریب جہاں دل بریں مدار
بر حال خویش گریہ کند مرغ ایں چمن — بر عمر خویش خندہ زند ملک کوہسار
از ہمرہ ہست قافلہ در نیمہ راہ نماند — ہشدار ہاں دہاں نظر بر قضا گمار
خوش خواں سرودہا کہ دریں راہ چوں جرس — ہر صبح و شام مرثیہ خوان است روزگار
بر خون خلق چرخ دہن باز کردہ است — عبرت بگیر ازیں سبع آدمی شکار

تا قطب نہ فلک بدل عرش جا گرفت
خلوت گزید با حق و جام و بقا گرفت

امشب کہ نالہ بلبل خاموش تازہ کرد — آہنگ گر بر من مدہوش تازہ کرد
ہر نالہ ماتمی دگر افزود بر دلم — داغے کہ خفتہ بود در آغوش تازہ کرد
جوش درون کہ از دم سردم فسردہ بود — آتش بسینہ در زد آں جوش تازہ کرد
خورید در حکایت آں رخ نہفتہ گفت — آشفتگی بسینہ بلا نوش تازہ کرد

Marfat.com

آن خواجہ کہ با دل غرائے ہوشمند — آئین شرع و قاعدہ ہوش تازہ کرد
از بہر حلقہ ہائے غلامیش مہر و ماہ — ہر روز ثقبہائے بنا گوش تازہ کرد
از پیک روزگار برآمد پیام چرخ — بر ما ہزار درد فراموش تازہ کرد

یکرہ خبر دہید کہ آں نو سفر چہ دید
بر اوج نہ سپہر بریں آں قمر چہ دید

آن ہادی زمانہ رخ اندر نقاب کرد — زیں شیوہ خان و مان جہاں را خراب کرد
در عمر روزگار ندیدہ است کس بخواب — زیں صعب تر غمے کہ دل و دیدہ آب کرد
در کام عیش زہر شکست از فراق او — عشرت بجام و شیشہ خود خون ناب کرد
خود وصل برگزید و بیاران فراق داد — خود مادۂ بخورد و دل ما کباب کرد
بر کس کہ نالہائے جگر ریش ما شنید — شب دنمام روز قیامت حساب کرد
بیدار باد دیدۂ عبرت گزین ہوش — کاں بخت ارجمند جہاں عزم خواب کرد

خوں شد دل سپہر ز بسیار خفتنش
در زیر خاک باد دل بیدار خفتنش

واماں کشید مہر ازیں بوستاں چرا است — ایں گلبن شگفتہ رعنا نہاں چرا است
پیمانہ مراد حریفاں نکردہ پر — آں ساقی شراب بقا سرگراں چرا است
پژمردہ گشت غنچۂ امید بے رخش — افسردہ خاطر است چمن آں باغباں چرا است
آں نو بہار تازہ اگر رخ نہفتہ است — گلہا جگر فگار ز دست خزاں چرا است
از ہفت بام چرخ اگر سنگ غم فریخت — بر پشت جانم ایں ہمہ کوہ گراں چرا است
آں آفتاب اوج ہدایت اگر نخفت — ایں تیرگے رسید بہ زمین و زماں چرا است

آں گنج شایگاں کہ نخفتہ است زیر خاک
از مخلصاں نیاز بداں آستاں پاک

گویند خضر وقت و مسیح زمانہ مرد — خورشید نور گستر ایں ہفت خانہ مرد
پوشید چشم یکرہ و شد زندۂ ابد — معشوق دہر بودہ لی عاشقانہ مرد
جز از محبتش ہوسم جملہ مردہ باد — چوں آں مہ دو ہفتہ دو فرد یگانہ مرد
نالند بلبلاں چمن از فراق او — بیہات کان طراوت و زیب و فسانہ مرد

Marfat.com

رنگ زخم شکستہ تر آمد ز جام دل — خوں در رگ ترانہ چنگ چغانہ مرد
رشدی ازاں نفس کہ رخ خود نہفتہ دوست — ساز طرب شکست و نوائی ترانہ مرد
بر حکم وہم و دیدۂ کوتاہ بیں مگوی — کاں روح بخش زندگی جاودانہ مرد

چوں نو عروس وصل در آغوش بر گرفت
از بس حلاوتش لب خاموش بر گرفت

آوخ شہسوار زمین و زمن نماند — گلدستۂ کہ بود بدست چمن نماند
یعقوب وار دیدہ بکوری سپردہ بہ — چوں در زمانہ یوسف گل پیرہن نماند
آشفتہ گشت خاطر مجروحم آں چناں — کز جوش گریہ ہیچ دماغ سخن نماند
دل شاد بلبلے کہ بخوں صد ترانہ داشت — آں گل چو رخ نہفت زبان در دہن نماند
شد برگ ریز لالہ و گل از خزاں دہر — در گلشن نشاط لب نغمہ زن نماند
وہر از فراق چوں شب دیجور تیرہ شد — کاں شمع بزم قدس در ایں انجمن نماند
آں نور قدس روشنی از دیدہ ہو گرفت — خور گو مماں چو شہنشاہ من نماند

دل خون کن زمانہ غم خواجہ باقی است
جانکاہ عاقبت الم خواجہ باقی است

از حق ہزار مکرمت و آفریں برد — شد ختم سرفرازی دنیا و دیں برد
چوں مادر زمانہ ندارد چو او پسر — زاں است گریہائے زمان و زمیں برد
بہارم خود کشید پے فخر چوں مسیح — دل بستہ بود چوں فلک چارمیں برد
دانستم آنکہ بود چو من عاشق رخش — کز بام ریخت زہرہ گل یاسمین برد
بلبل نہفت در غزلش خنجر و سناں — گل چاک کرد پیرہن نازنیں برد
دلہا بخاک او چو مگس بر شکر گرد — صد حسرت است در جگر انگبیں برد
بر قدر داد او نتوانیم گریہ کرد — گریند تا بحشر شہور و سنین برد

آہ ایں چہ ماتم است کہ خون جگر بسوخت
ہر لحظہ ام بہ درد و غم تازہ تر بسوخت

Marfat.com

فصل حضور کے سلسلہ شریف کے بیان میں

اس بے حاصل کا رابطہ مصافحہ اور سلسلہ نقشبندیہ قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے ذکر و مراقبہ سیکھنے کی حیثیت سے بصیرت اور بصارت کے صاحب حضور کے منبع۔ حدود کے مرجع۔ راہِ راست کے انتہا تک پہنچنے والے۔ خلقِ عظیم میں نزول فرمانے والے۔ مولانا خواجگی علیہ رحمۃ کی خدمت عالیہ کے ساتھ ہے۔ ان کا رابطہ اپنے والد بزرگوار خواجہ درویش محمد رحمۃ اللہ علیہ سے ہے انکی نسبت بزرگوں کے ختم کرنے والے۔ کامل نور۔ قیمتی موتی۔ شجرہ زیتونیہ کے کامل سایہ ؎

علم سے عزت و ناز بڑھانیوالے　　حلم سے حرص کی آگ بجھانیوالے

خواجہ عبید اللہ احرار رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ ان کی بیعت اور ذکر سیکھنے کی نسبت حضرت مولانا یعقوب چرخی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ ہے۔ حضرت مولانا کی بیعت اور ذکر و استفاضہ کا تعلق خواجہ بزرگ خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ خواجہ بزرگ کی ظاہر تربیت اور ذکر کی تعلیم سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ لیکن ان کے پیر باطنی اور استاد حقیقی خواجہ جہان عبد الخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ حضرت امیر کلال اور خواجہ عبد الخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہما کے درمیان۔ خواجہ محمد بابا سماسی اور خواجہ علی رامیتنی اور خواجہ محمد انجیر فغنوی اور خواجہ عارف ریوگری رحمۃ اللہ اجمعین اوپر سے نیچے تک ترتیب وار طریقہ اور فیض کا واسطہ ہیں۔ حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے خواجہ زندہ دلاں خواجہ خضر سے ذکر سیکھا۔ اور ذکر کی تربیت اور کمال و اکمال کی بلندی تک پہنچنے کا فیضان امام ربانی خواجہ یوسف علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کیا۔ خواجہ یوسف علی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ کی ارادت اور خدمت کی نسبت شیخ بوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ شیخ بوعلی رحمۃ اللہ کے باطنی ذکر اور فیضان کی نسبت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ لیکن شیخ بوعلی رحمۃ اللہ علیہ کو اس نسبت کے علاوہ خدمت و صحبت اور استفاضہ کی نسبت شیخ ابوالقاسم گورگانی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ بھی ہے چونکہ محققین کے نزدیک پیر تین ہیں ؎ ایک پیر خرقہ۔ دوسرے پیر ذکر۔ تیسرے پیر صحبت ان میں سے پیر صحبت اتم و اکمل ہے۔ اور رابطہ میں پیر حقیقی بھی یہی ہے۔ اس لئے شیخ ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت بھی درمیان لائی گئی ہے کیونکہ یہ بھی شیخ بوعلی فارمدی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

کے پیر صحبت ہیں۔ اور اُن کی تربیت میں بہت خدمت و ریاضت حاصل کی ہے۔ اور کام کو نہایت تک پہنچایا ہے۔ اور شیخ ابو القاسم رحمۃ اللہ علیہ سے لیکر حضرت امام علی موسیٰ رضا سلام اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ جمیع عباد اللہ الصالحین تک درمیان میں چھ واسطے ہیں۔ خواجہ ابو عثمان مغربی۔ خواجہ بوعلی کاتب۔ خواجہ بوعلی رودباری۔ سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی۔ سری سقطی۔ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ شیخ ابو القاسم رحمۃ اللہ علیہ کو امام علی موسیٰ رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت کے علاوہ حضرت داؤد طائی اور حبیب عجمی اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے ساتھ بھی نسبت حاصل ہوئی ہے۔ اور امام ہمام علی موسیٰ رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی معروف و معتبر نسبت مدینۃ العلم حضرت امیر المومنین العلی ابن ابیطالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک معروف و مشہور ہے۔ اب ہم پھر اپنی اصل بات کو بیان کرتے ہیں۔ شیخ ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ کے افاضہ اور طریقہ کی نسبت سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ سے ہے۔ جیسے کہ حضرت خواجہ اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم تھی۔ اسی طرح حضرت سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی نسبت بھی حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روحانیت سے ہے۔ اور یہ جو اُن کی خدمت اور صحبت مشہور و معروف ہے صحیح اور درست نہیں ہے۔ اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی نسبت اپنے باپ دادا کی وراثت کے باوجود اپنے نانا حضرت امام قاسم بن محمد بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے ہے۔ حضرت امام قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تابعین میں فقہائے سبعہ میں سے ہیں۔ ظاہری باطنی کامل عامل ہو گذرے ہیں۔ اور سلسلہ نقشبندیہ کے طریقہ مخصوصہ نے اسی راہ سے نزول کیا ہے۔ اور حضرت امام قاسم رضی اللہ عنہ کی نسبت اویسیہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس نسبت اور طریق میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہیں (اللہ تعالیٰ ان سب پر اور ان بزرگوں پر جو ان سے محبت رکھتے ہیں رحم کرے) اور حضرت صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں امام الایسر (دائیں طرف کے امام) تھے۔ یہ امام قطب کے بعد اپنے زمانہ کے سردار بادشاہ کا غلام ہوتا ہے۔ اور حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت صدیق رضی اللہ عنہ قطب ہوئے۔ قطب وہ ہوتا ہے۔ جو اپنے وقت میں واحد اور یگانہ ہوتا ہے جس کو غوث کہتے ہیں۔ وہ اپنے زمانہ کا سردار اور وقت کا امام ہوتا ہے انکے بعد حضرت عمر خطاب رضی اللہ عنہ اور ان کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور اُن کے بعد

Marfat.com

حضرت علی ابن ابیطالب کرم اللہ وجہہ جو شہر علم کے دروازہ ہیں یکے بعد دیگرے قطب ہوئے اور اُنہی پر خلافت کا خاتمہ ہوگیا۔ ان کے بعد حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہما بھی دونوں قطبیت کے مقام میں کامل و اکمل ہوئے ہیں۔ اسی طرح اہل کشف اور اہل مشاہدہ کے نزدیک مقرر ہے۔ اکثر دوست اپنے مشائخ کی اس ترتیب سے بے خبر تھے اگرچہ دوستوں کے دلوں میں گذرتا تھا۔ مگر ظہور احوال کے غلبہ اور مجلس عالی کے رعب و ادب کے باعث اس قسم کے مطلب اور مقصد خدمت عالیہ میں عرض نہیں کر سکتے۔ اتفاقاً اس وقت کے درویشوں میں سے ایک درویش نے التماس کی۔ کہ حضور اس سلسلہ شریفہ کے مشائخ کا بیان تحریر فرمائیں۔ اور ایک قاصد بھی اسی غرض کے لئے خدمت عالیہ میں بھیجا۔ حضور نے اپنی خاص قلم سے تحریر فرمایا۔ جو بڑی خوشی کا باعث ہوا +

فصل حضور کے مکتوبات میں

رُقعہ (۱)

یہ رُقعہ خلافت کے پناہ والے۔ الطاف الٰہی کے مظہر۔ اس خاندان کے مخلصوں اور مریدوں کی اُمید گاہ جناب میاں شیخ الداد (اللہ تعالےٰ ان کو مسند ارشاد پر ثابت قدم رکھے) کی جانب تحریر فرمایا ہے +

برادر ارجمند میاں شیخ الداد۔ دُعاء فاتحہ کی توجہ سے آپ اپنے اس معتقد دُعاگو کی امداد کرتے رہیں۔ اور ضائع و احوال کی پریشانی اور بے استقامتی کے باوجود بڑی بے حیائی ہے۔ کہ تصوف کی بات درمیان لائیں۔ طریق انجذاب بایک بائیں اور کشف کے منتہی کی حقیقتیں تحریر کریں۔ مصرع

جو کچھ تیرا مطلب ہے وہ اپنے سے طلب کر

البتہ ایک وصیت کرتا ہوں۔ آپ اسے یاد رکھیں۔ اور وہ یہ ہے کہ آپ ہماری طرح جنگل میں پھرو لے آوارہ گرد نہ بنیں۔ اور اپنے آپ کو اپنی نسبت پر لگائیں۔ اور اسی نسبت کو عزیز سمجھیں۔ کیونکہ یہ سُرخ گندھک یعنی کیمیا سے بھی زیادہ عزیز اور نایاب ہے انشاء اللہ العزیز

Marfat.com

جب بسط اور انبساط کی حاصل ہوگی تفصیل کے ساتھ لکھونگا تاکہ آپ کو اس نسبت کی عزت کما حقہٗ معلوم ہو جائے

رُقعہ (۲)

جناب عالی مقام میاں شیخ تاج الدین کی جانب تحریر فرمایا ہے۔ پیشتر اس کے شیخ موصوف حضرت خواجہ خواجگان یعنی حضور کی خدمت عالیہ میں رابطہ پیدا کریں۔ ایک دوست کی التماس پر یہ خط شیخ موصوف کی خاطر لکھا۔ اس وقت شیخ موصوف سلسلہ شریفہ عشقیہ میں سلوک تمام کر چکے تھے۔ اور پیر کامل و مکمل کی اجازت سے رخصت و اجازت بھی حاصل کر چکے تھے۔ لیکن سعادت اور استعداد کی بلندی کے باعث اس مکتوب کے پہنچنے کے بعد حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر بڑے اعلیٰ کمالات سے مشرف ہوئے۔ اور اس قدر ترقی اور تصرف سے بہرہ مند ہوئے کہ لکھنے سے باہر ہیں۔ جب اپنے وطن اقامت سے پیر دستگیر کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوتے اکثر دفعہ نہیں بلکہ ہمیشہ ہم خانگی اور مشرف حضور سے مشرف ہوتے تھے۔ اور اس قسم کی دائمی صحبت ان کے سوا ادنےٰ اعلیٰ دوستوں میں سے کسی کو نصیب نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس دروازہ کے تمام خادم اور خلیفے ان پر رشک کرتے تھے۔ مملکت کے سرگردان محمد باقی کو آگاہی کے راستہ پر چلنے والوں اور اللہ تعالےٰ کی بارگاہ کی طرف توجہ کرنیوالوں کی قدمبوسی کا بہت شوق ہے۔ حاجتوں کا پورا کرنے والا حق تعالےٰ بڑی آسان وجہ سے نصیب کرے۔ میں نے سنا ہے کہ آپ نے چند دن خواجہ حسام الدین احمد کے گھر کو اپنی تشریف آوری سے آباد رکھا ہے۔ اپنی باز ماندگی اور بعض دوستوں کی دریافت سے فیض اور بسط کی حالت باہم مل گئی۔ اِسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِہَ اللّٰہُ ہو (میں اللہ تعالےٰ سے بخشش مانگتا ہوں۔ اس چیز سے جس کو اللہ تعالےٰ مکروہ جانتا ہے) قلم اپنی عادت کے موافق ہر خشک و تر بات کے لکھنے پر آجاتا ہے۔ صرف اس سے اپنی باطن کی حیرانی اور خرابی کا ظاہر کرنا مقصود ہے۔ شاید کسی دل کو ہماری عجز و نیاز پر شفقت آجائے۔ اور ہمارے حق میں ہمت اور توجہ سے کام لے۔

بیت

خدا اور خاصانِ حق کی عنایت ۔۔۔ نہ ہو گر نہیں ملتی راہ ہدایت

برگزیدہ لوگوں کی عنایت اور ان کے دلوں کی التفات تمام سعادتوں کا مجموعہ ہے۔ دور والوں

Marfat.com

کو راہ پر لے آتی ہے۔ اور مستعدوں کو آگاہ کر دیتی ہے۔ خاصکر جبکہ یہ توجہ صحبت اور نشست و برخاست کے ساتھ جمع ہو جائے۔ آہستہ آہستہ یار تک لے جاتی ہے گویا اسرار و اطوار کی مقناطیس ہے۔ بیت

نارخنداں باغ کو خنداں کرے　　صحبتِ مرداں سے تو انسان بنے

میرے مخدوم۔ اس مقام کا ماحصل سلوک و جذبہ ہے جب خالص صحبت کی برکت سے طالب کا باطن جذبہ کی صفت یعنی میل اور محبت ذاتی کو حاصل کر لیتا ہے۔ اور قوی ہو جاتا ہے۔ تو سلوک جو صفاتِ بشریت کے دُور ہونے سے مراد ہے۔ جَذْبَۃٌ مِنْ جَذَبَاتِ الرَّحْمٰنِ تُوَازِیْ عَمَلَ الثَّقَلَیْنِ (اللہ تعالیٰ کے جذبوں میں سے ایک جذبہ دونوں جہاں کے عملوں کے برابر ہے) کے موافق حاصل جاتا ہے۔ بلکہ یہ طریقہ اس طریقہ سے کہ آپ لوازم بشریت کی نفی کریں بہت ہی اچھا ہے۔ صفات حد معتدل کام کا نگاہ رکھنا ہے سالک کی قوت بازو پر منحصر نہیں۔ غرض اس ایمان کے بموجب ہم اللہ تعالیٰ کے تمام دوستوں کی نسبت شوق و آرزومندی رکھتے ہیں اللہ تعم نصیب کرے۔ ایک بزرگ کہا کرتا تھا۔ کہ وہ شخص کیسا ہی سعادتمند اور نیک بخت ہے۔ جو ان لوگوں کی ملاقات کا طالب ہو۔ اگر اس سے کچھ پایا۔ تو سمجھو خدا کو پا لیا اور اگر کچھ نہ پایا شفاعت کرنے والا پا لیا۔ بہر حال اللہ تعالیٰ کی حمد ہے۔ التماس ہے کہ اس عمر کو ضائع کر کے سیاہ دل کی نیازمندی حضرت میاں قدس سرہٗ کے مزار کے سامنے ظاہر کریں۔ اور مدد طلب کریں۔ والسلام والاکرام +

رقعہ (۳)

چونکہ جناب عالی مقام ارشادِ پناہ میاں شیخ تاج الدین نے بعض واردات و احوال اور مستی اور بے نیازی کے وارد ہونے کے باعث حضرت کی صلاح و اجازت کے بغیر مریدوں کی بہتری اس امر میں دیکھی تھی۔ کہ بعض مریدوں کی تربیت دوسرے سلسلوں کے مطابق کی جائے۔ جن کے فیوض سے وہ آشنا تھے۔ نیز اپنے آپ کو بغیر ضوبت کے اویسی المشرب جانتے تھے۔ لیکن یہ بات کسی کے سامنے ظاہر نہیں کرتے تھے۔ اس لئے یہ مکتوب ان کی طرف لکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ تمہیں ان کاموں کی توفیق دے۔ جن کو وہ چاہتا اور پسند کرتا ہے۔ دوستانہ حقوق کے ادا کرنے کے بعد آپ کے روشن دل پر واضح ہو۔ کہ فقیر کو بعض خوابوں میں ایسا معلوم ہوا۔ کہ آپ کا

Marfat.com

باطن ایک طرح فقیر کا نافرمانبردار اور سرکش ہے۔ یہ واقعات فقیر کی بیماری کے بعد ظاہر ہوئے۔ اس دفعہ جب آپ تشریف لائے۔ تو شرم آئی کہ اس قسم کی باتوں پر کیا توجہ کریں۔ اور ان کو کیا ظاہر کریں۔ مقصود حق تعالیٰ ہے۔ اگر ہمارا حجاب اور واسطہ درمیان نہ ہو۔ تو نور علیٰ نور ہے۔ لیکن اللہ تعالےٰ کی عادت اور سنت واسطہ اور برزخ کے معتبر ہونے پر ہے۔ اس سے آنکھ بند کرنا اور اس کو درمیان نہ دیکھنا ترقی کا مانع ہے۔ اگر اتفاقیہ یقین کے بموجب واسطہ کے باطن میں کسی قسم کی تجردی اور انحراف پیدا ہو جائے۔ تو درمیان سے برکت اٹھ جاتی ہے۔ اگرچہ الفانی لا یرد الی اوصافہ (فانی اپنے اوصاف کی طرف پھر عود نہیں کرتا) مقرر اور ثابت ہے۔ لیکن کچھ شک نہیں کہ یہ طریق خدا تعالےٰ اور رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ناپسندیدہ اور نامقبول ہے۔ بچوں کے ساتھ کا ادب کہاں تک کیا جاتا ہے۔ طریقت کا استاد جو فیض کا چشمہ اور کشف و شہود کا منبع ہے۔ ضروری الوہیت کا برزخ ہوگا۔ پھر اس کا ادب کہاں تک ضروری ہوگا۔ مصرع

مرا پیر اور خدا میرا ملے حق سے ترے باعث

حدیث من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ (جو شخص لوگوں کا شکر ادا نہیں کرتا۔ وہ خدا کا شکر بھی ادا نہیں کرتا) یا اسی کے دو درجے ہیں۔ درجہ اوّل یہ ہے کہ ہمیشہ مدد اور فیض کے طالب و خواہاں رہیں تاکہ بے نہایت ترقیوں کا دروازہ کھلا رہے۔ اور اس امر کا ادب کما حقہٗ بجا لائیں۔ تاکہ سعادت اور برکت کامل ہو جائے درجہ دوسرا یہ ہے۔ کہ اگر بالفرض ہم کو درمیان نہ دیکھیں اور گمان کریں۔ کہ خواجگان قدس سرہم کے ارواح طیبہ سے بے واسطہ فیض پہنچ رہا ہے۔ تو اس سے بھی ہم انکار تو نہیں کرتے۔ گو اصل واقعہ کے برخلاف اور مریدوں کے اتباع میں بے برکتی کا باعث ہے۔ لیکن خواجگان قدس سرہم کے طریقہ کو نگاہ رکھنا اور توجہ میں ان سے فیض کا طلب کرنا اور دوسرے طریقوں سے نہ ملنا ضروری ہے۔ اس سے کسی طرح چارہ نہیں۔ یہ بزرگ بڑے غیرت والے اور نازک طبع ہوتے ہیں۔ آپ نے محقق لوگوں کی کتابوں کا مطالعہ نہیں کیا۔ ان کا طریقہ بعینہٖ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے۔ اپنے آپ کو پوشیدہ رکھنا۔ خلق سے اپنے آپ کو ممتاز نہ رکھنا۔ عاجز اور متواضع رہنا۔ اپنے آپ کو عام لوگوں کی طرح سمجھنا۔ معتاد اور معمولی سنتوں پر کفایت کرنا ظاہری اسباب کو وسیلہ بنانا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے۔ شیخ کبیر محی الملۃ والدین محمد

Marfat.com

ابن العربی قدس سرہٗ اپنی کتاب فتوحات مکیہ میں فرماتے ہیں۔ کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مشائخ میں سے حضرت بایزید بسطامی اور حمدون قصار اور ابوبکر سعید حراز رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا یہی مقام ہے۔ اور حضرت ابو مسعود رحمۃ اللہ علیہ بھی اس مقام کے سادات میں سے ہیں۔ اور یہی ہمارا حال ہے۔ ان باتوں کے علاوہ آپ اس باغ کے میووں سے پلے ہوئے ہیں۔ اور اپنے خزانچیوں کے نائب ہیں۔ آپ کو لازم ہے۔ کہ اسی دروازہ پر گرے ہیں۔ اور ان کی رضامندی پر جمے رہیں۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (اور سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کے راستہ پر چلا) ۔

رقعہ (۴)

یہ عنایت نامہ بھی ان دونوں میں کہ جناب مستطاب عالی مقدار میاں شیخ تاج اپنے کمالات کو دیکھ کر مستی میں آ گئے تھے۔ اور اس سبب سے ترقی سے رک گئے تھے۔ ان کی تربیت کے لئے صادر ہوا تھا۔ بعد ازاں ان خطوط کے لکھنے کا سبب یہ ہوا کہ حضور کی توجہ شریف کی برکت سے اپنے وسوسوں اور لغزشوں سے توبہ کی۔ اور انجام بخیر ہوا ۔

اللہ تعالےٰ آپ کو دائمی اور کامل برکتیں عطا فرمائے۔ آپ کا محبت نامہ جو آپ نے نظام کے ہمراہ روانہ کیا تھا۔ مطالعہ کیا۔ آپ کی شورش سے تعجب ہوا۔ ہم نے ایک بات لکھی تھی۔ اگر وہ واقعہ کے برخلاف ہے۔ تو بہتر ورنہ پھر بھی وصیت ہے۔ کہ اگر آپ ہماری کسی صفت کو اس امر کے مخالف معلوم کریں جس کو آپ نے اپنے خیال میں کمال ٹھان لیا ہے۔ تو آپ اس پر بھروسہ نہ کریں۔ کیونکہ حالات مختلف ہوا کرتے ہیں۔ نہایت کو بدایت کی طرف رجوع کرنے کو کمال جاننا۔ اور اس کو ترجیح دینا بے تکلفوں اور عوام کا طریقہ ہے ایسے ہی اگر آپ کے دل میں آئے۔ کہ اہل ارشاد کے لئے کشف اور الہام کا ہونا بھی ضروری ہے۔ تو اس کا بھی کچھ اصل نہیں۔ اہل ارشاد فنا اور بقا کے بعد علیم اور حکیم اور متکلم کا مظہر ہوتے ہیں۔ جیسے کہ طریقت والے لوگوں کی کتابوں میں لکھا ہے آپ کو ہمیشہ نیازمند اور مستفید رہنا چاہیئے۔ مرید کو ہمیشہ کے لئے اپنے پیر کی حاجت و ضرورت ہے۔ اور یہ جو کہتے ہیں۔ کہ اب فلاں شخص کو مرشد کی حاجت نہیں ہے۔ تو اس کے یہ معنی ہیں۔ کہ وہ اب وصل کے نور سے قائم ہے۔ اس وقت اگر مرشد اپنا آپ درمیان سے

Marfat.com

ہٹالے تو اس کے حق میں فتور اور نقصان کا باعث نہ ہوگا ؎

اگر دم میں پی لے ہزاروں ہی میا تو پھر بھی رہے عاشقِ حق پیاسا

طریقہ عالیہ احراریہ نقشبندیہ کے اداب بجا لانے میں پہاڑ کی طرح ثابت قدم رہیں۔ اور ہرگز ہرگز کسی اور طریق کو اس کے ساتھ نہ ملائیں۔ اور یہ جو آپ مختلف سلسلوں میں مرید بناتے ہیں۔ یہ بھی کچھ نہیں۔ جو کوئی خوشی سے آپ کا مرید ہو جائے۔ تو بہتر۔ ورنہ خیر۔ آپ کو چاہیئے۔ کہ تعلیم اور تلقین کے طریقہ نقشبندیہ ہی پر موقوف رکھیں۔ روٹی کسی کی کھائی اور دعا کسی اور کے حق میں کرنا اچھا نہیں۔ بھلا بتلائیں۔ کہ ایک شخص سلسلہ نقشبندیہ کا نور تو آپ سے حاصل کرے۔ اور سلسلہ مظہریہ کی طرف متوجہ ہو۔ تو اس میں کیا مزہ آئیگا۔ نیز مرید کو پیر کے سامنے ایسا ہونا چاہیئے۔ جیسے مردہ نہلانے والے کے ہاتھ میں ہوتا ہے مرید کو لائق نہیں ہے کہ یوں کہے کہ مجھے فلاں شغل یا فلاں طریق کی تعلیم دو۔ یہ بات بہت ہی بری ہے اور ایسی خود رائی اچھی نہیں ؎

کہدئے راز سارے خاص اور عام اب تو جانے نہ جانے تیرا کام

رقعہ (۵)

یہ بھی میاں شیخ تاج الدین کی طرف لکھا گیا ہے ؎

ہمیشہ وضو کے ساتھ رہنا۔ وضو کے شکرانہ نفل یعنی تحیۃ الوضو کا ادا کرنا۔ کھانے میں احتیاط کرنا۔ گناہوں سے بالکل بچنا۔ غیبت اور سخن چینی نہ کرنا۔ کسی مومن کو خواہ وہ آزاد ہو یا غلام حقارت کی نظر سے نہ دیکھنا۔ کسی مومن کے ساتھ بغض اور کینہ نہ رکھنا۔ اپنے سے عاجز اور زیردست پر غضب اور سختی نہ کرنا طریقت کی ضروریات میں سے ہے۔ انہی پر طریقت کی بنیاد ہے۔ ان کے بغیر کام مضبوط نہیں ہوتا۔ اگر ان امور میں کبھی فتور بھی آجائے۔ تو کام کو چھوڑ نہیں دینا چاہیئے۔ بلکہ توبہ و استغفار کر کے اس کام میں زیادہ زیادہ کوششیں کرنی چاہیئے۔ تاکہ حَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّئَاتِ (نیک کام برے کاموں کو دور کر دیتے ہیں) کے موافق کامل صفائی حاصل ہو۔ اِنْشَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ وَالسَّلَامُ وَالْاِکْرَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی۔ (سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کے راستہ پر چلا) ؎

Marfat.com

رُقعہ (۶)

اپنی نیازمندی اور عاجزی میں اپنے پیرزادہ جناب خواجہ ابوالقاسم رحمۃ اللہ علیہ کی طرف لکھا ہے:۔

جناب کی خدمت عالیہ سے دُور پڑا ہوا۔ اور نفسانی خواہشوں میں جکڑا ہوا بندہ محمد باقی جناب کی بارگاہ کے خادموں کی خدمت میں عرض کرتا ہے۔ کہ اس سعادت و اقبال کے سرچشمہ کی قدمبوسی کی خواہش ازحد ہے۔ لیکن تعلقات کی کثرت اور جسمانی کمزوری بڑا بھاری مانع ہے۔ اب کہیں جانے کی طاقت نہیں رہی۔ ہاں اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کی عنایت سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم پر بھروسہ ہے۔ اِنَّہٗ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (اللہ تعالیٰ ہر شئے پر قادر ہے) اُمید ہے کہ جناب اس فقیر کو اپنے خادموں کے سلسلہ میں شمار کر کے توجہ کے ساتھ امداد فرماتے رہا کرینگے۔ یہ فقیر اسی درگاہ کو اپنی ارادت اور سعادت کا دروازہ جانتا ہے۔ حضور قدس سرہٗ نے اس مفلس گدا کو خود بخود قبول فرمایا تھا۔ چنانچہ ابتدا میں کسی قسم کی طلب یا التماس کا واسطہ اور وسیلہ بھی درمیان نہ آیا تھا۔ اب بھی اس دروازہ سے یہی اُمید ہے ؎

تصرف دیا آپ کو ہے خدا نے ۔۔۔ ہٹانا ہے غائبوں کے نہ سر سے
مرے ہاتھ میں تیرا دامن ہے یکسر ۔۔۔ تری خاک ہوں خواہ اڑدوں میں فلک پہ

اس سے زیادہ لکھنا طول کلامی ہے۔ اوّل و آخر اللہ تعالیٰ کی حمد ہے ۔

رُقعہ (۷)

یہ رُقعہ مخدومی مُلّا ذی استادی میاں شیخ احمد سرہندی ادام اللہ برکاتہٗ کے عریضہ کے جواب میں صادر فرمایا تھا:۔

تیسرے مکتوب میں آپ نے لکھا تھا۔ کہ بعض مرضوں یا تکلیفوں کے دُور کرنے کے واسطے یہ توجہ کی جاتی ہے۔ کیا اس کے واسطے یہ شرط ہے۔ کہ پہلے اس بات کا علم ہو کہ یہ توجہ پسندیدہ۔ پوشیدہ نہ رہے۔ کہ توجہ اختیاری افعال میں سے ایک فعل ہے۔ اور فعل اختیاری یا ناپسندیدہ ہے یا مباح ہے۔ وہ توجہ جو ناپسندیدہ امور کے لئے کی جائے۔ وہ

Marfat.com

توجہ بھی ناپسندیدہ ہے۔ اور جو توجہ مباح امور کی طرف جائے۔ وہ توجہ بھی مباح ہے۔ لیکن عارفوں کے نزدیک بے ادبی ہے۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کو اپنے تابع بنانا اور فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا (پس اسی کو اپنا وکیل بنا) کے امر سے باہر نکلنا ہے۔ اسی واسطے بعض عارفوں نے تصرف کو ترک کیا ہے۔ اور اپنے آپ کو عجز اور انکسار کے مقام میں رکھا ہے۔ جیسے کہ ابو مسعود حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ کا حال تھا۔ یہ لوگ کبھی نبی یا رسول کے نائب ہونے کے باعث اس نبی یا رسول کے معجزہ کو ثابت کرنے کے لئے ثابت کرتے ہیں۔ اور اسی معجزہ جیسا کام ظہور میں لاتے ہیں۔ اور جب اس سے زیادہ بلند معرفت حاصل کر لیتے ہیں۔ تو محض عاجز ہو جاتے ہیں۔ ترک کا نام ان سے دور ہو جاتا ہے۔ اور اگر ان سے کوئی تصرف ظہور میں آئے بھی۔ تو وہ امراً اور جبراً ہوتا ہے۔ جیسے کہ خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ کے حالات سے معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ان کا باطن جو اللہ تعالیٰ کے ارادہ کا خاص مظہر تھا۔ بغیر ارادہ اور خواہش کے کسی امر کی طرف متوجہ ہو جایا کرتا تھا۔ اور اپنی غالب قوت سے اس کو دور کر دیا کرتا تھا۔ اور خواجہ رحمۃ اللہ خود بھی فرمایا کرتے تھے۔ کہ افسوس ہے۔ اس دن پر کہ میرا دل ایک کے آگے سیدھا کھڑا ہوا۔ ان کی اور اسی قسم کی باتیں ظاہر ہیں جو ان کی کلام کے ماننے والوں پر روشن ہیں۔ شیخ بزرگ اپنی کتاب فصوص میں اپنے آپ کو دوسرے درجہ میں لکھتا ہے۔ اور بو المسعود کے مقام کا کچھ نقص ظاہر کرتا ہے۔ اب پھر ہم اپنی پہلی بات کو بیان کرتے ہیں۔ کہ جو توجہ پسندیدہ امور کی طرف کی جائے۔ خواہ اس کا پسندیدہ ہونا شریعت میں ظاہر ہو یا کشف صریح اور صحیح میں ظاہر ہو۔ پس وہ توحید جس کا ہم بیان کر رہے ہیں۔ اور وہ ہمتوں کا جمع کرنا ہے۔ جس کو ہمت سے تعبیر کرتے ہیں۔ وہ ایک امر دیگر ہے۔ جو دوسرے اس علم کا محتاج ہے کہ آیا یہ پسندیدہ ہے یا ناپسندیدہ۔ حضرت ایشان قدس سرہٗ یعنی خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ کی باتوں سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ پسندیدہ ہے۔ اسی طرح معجزہ کے ثابت کرنے کے لئے تصرف کرنا یا تصرف کا ترک کرنا کچھ کچھ اس کی تائید کرتا ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ اِذَا اَمَرْتُكُمْ بِاَمْرٍ فَافْعَلُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ (جب میں تمہیں کسی کام کا حکم کروں۔ تو جتنا تم سے ہو سکے کر لو) اگر کوئی سوال کرے۔ کہ جب انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام میں تصرف کی طاقت بھی موجود تھی۔ اور جہاد اور کلمہ حق کے بلند کرنے کا امر بھی ان کو تھا۔ تو پھر وہ تصرف کیوں نہیں کرتے تھے۔ تو اس کا جواب یہ ہے

Marfat.com

کہ (مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (رسول پر صرف حکم کا پہنچانا فرض ہے) کے باعث وہ معذور تھے۔ یعنی وہ شریعت کے طریق سے نفس جہاد اور کلمہ حق کے بلند کرنے پر مامور تھے۔ نہ کہ تصرف کے طریق سے۔ یہ لوگ اہل عجز ہیں۔ اہل تصرف نہیں۔ کیا نہیں جانتے۔ کہ حضرت لوط علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمت اور قوت طلب کی ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ لَوْ اَنَّ لِیْ بِکُمْ قُوَّۃً (اگر تمہارے مقابلہ کی مجھ میں قوت ہوتی) جیسے کہ صاحب فصوص رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے۔ جب کسی امر کے لئے حکم الٰہی ہوتا ہے۔ تو اس وقت ہمت اور قوت ظہور کرتی ہے۔ اور فَاتَّقُوا اللّٰہَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (جتنا تم سے ہو سکے کرو) کے معنے جاری ہوتے ہیں۔ پس اہل ہمت کے لئے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اتباع کے باعث پسندیدہ امور میں ہمت کا صرف کرنا پسندیدہ ہے۔ اور اس کا ترک کرنا ناپسندیدہ ہے۔ اب ہم کچھ اصل بات کو بیان کرتے ہیں۔ کہ جو توجہ امور مشتبہ کی طرف کی جائے۔ یعنی معلوم نہیں کہ آیا پسندیدہ ہیں یا ناپسندیدہ۔ چنانچہ آپ کا سوال بھی اس قسم کے امور میں ہے۔ تو ایسے کاموں میں ہمت اور توجہ پر دلیری نہ کرنی چاہئے۔ بلکہ دعا کرنی چاہیئے اور وہ بھی اسم ذات مثلاً یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کے ساتھ۔ اگر پسندیدہ ہے تو دعا قبول ہو جاویگی ورنہ درجہ بلند ہو جائیگا۔ یا کسی گناہ کا کفارہ ہو جائیگا۔ اسماء الٰہی کے خواص جاننے والے کو مناسب نہیں کہ اس قسم کے امور میں کسی اسم کی دعوت کرے۔ لیکن یہ سوال کہ حضور کے ثابت ہو جانے کے بعد طالبوں کو ذکر سے باز رکھنا اور حضور کے نگاہ رکھنے کا امر کرنا لازم ہے یا نہیں۔ تو واضح ہو کہ ذکر کے ساتھ حضور کا جمع ہونا بہت ہی بہتر اور مناسب ہے۔ ذکر ایسی جمعیت کے وقت جو حضور کے فتور کا باعث ہو۔ منع ہے۔ اسی طرح نفس کی سستی اور غفلت کے وقت بھی منع ہے۔ حضور روح کا ذکر ہے۔ اور ذکر کے حقوق کا صحیح صحیح ادا کرنا جو خفیہ کے نزدیک صحیح قول کے مطابق تنہا آدمی کے حق میں اخفا کا درجہ ہے۔ خیال و نفس و زبان کا نصیب ہے کیونکہ زبان بھی نگہداشت کے وقت بے حرکت نہیں ہوتی۔ جیسے کہ اہل شعور پر ظاہر ہے۔ اور ذکر کی حقیقت یہ ہے کہ آدمی تمام اعضاء کے ساتھ ذاکر ہو۔ تاکہ ذکر کا اسم اس حقیقت جامعہ پر بولا جائے۔ حدیث اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ (کیا میں تمہیں ایسے عمل کی خبر نہ دوں جو سب عملوں سے اچھا ہے) میں اسی ذکر کی طرف اشارہ ہے۔ جیسے کتاب فصوص میں ہے۔ لیکن یہ سوال کہ ہمارے خواجہ علیہ الرحمۃ کے فقرات میں لکھا ہے۔ کہ اہل نسبت تو آخر ذکر کا امر کرتے ہیں۔ کیونکہ بعض ایسے مقصد ہیں جو ذکر کے بغیر حاصل نہیں ہوتے۔ وہ مقصد کونسے ہیں اور کس وقت ذکر

Marfat.com

کا امر کرنا پڑتا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ذکر کے امر کا وقت حضور کے ظہور کا وقت ہے۔ اور حضور کے ظہور کا وقت تکلف کے ساتھ رابطہ کا آنا ہے۔ اور ذکر کا نتیجہ فناء حقیقی اور اذکر کم کا ظہور ہے اور جو کچھ اس اس کے بعد ہے وہ حقائق اور معارف ہیں۔ اور لا الٰہ الا اللہ کے ذکر سے مراد جیسے کہ اہل طریقت کے نزدیک ظاہر ہے۔ ہو سکتا ہے کہ رابطہ یا توجہ کے وقت اذکار میں سے کوئی ذکر مرشد کے باطن سے سالک کے باطن میں عکس کے طور پر چمکے خواہ ذکر قلبی ہو خواہ ذکر روحی۔ اور یہی معارف ہیں۔ اور یہی میں نتیجہ ہے۔ جیسے کہ آپ نے کئی دفعہ مشاہدہ کیا ہے۔ اگر منتہی کی صحبت اور رابطہ اس قسم کی چیزوں کے ساتھ ہو جائے۔ تو پھر بھی درجات کی بلندی کے لئے نفی اثبات درکار ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ کشف بھی مرتبہ فوق کے ظہور کے باعث اس سیر تک پہنچا دیتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے اسباب مہیا کر دیتا ہے الغرض طلب ہونی چاہیئے۔ مَنْ قَرَعَ بَابَ الْكَرِيْمِ وَلَجَّ وَلَجَ (جس نے سخی کا دروازہ کھٹ کھٹایا۔ اور اصرار کیا۔ تو وہ دروازہ اس کے لئے کھل جاتا ہے) اور ثابت اور مقرر ہے کہ ہمت اور توجہ کا اثر ضرور ہوتا ہے۔ اور یہ جو فقرات میں لکھا ہے کہ بغیر ذکر کے حاصل نہیں ہوتا۔ ہو سکتا ہے کہ اس سے مراد سیر محبی ہو۔ کیونکہ محبوبوں کا سیر اور ہی ہے ؎

عشق محبوباں دلوں میں ہے چھپا — عاشقوں کا عشق شورش دے مچا
عاشقوں کا عشق تن لاغر کرے — عشق محبوباں سے تن فربہ بنے

اگرچہ ہم نے ذکر کی حقیقت جو اعراض اور اقبال ہے۔ اس سیر میں بھی درج کر دی ہے لیکن ذکر خفی پوشیدہ ہے جس پر فرشتوں کو بھی اطلاع نہیں ہے +

حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر بندہ مجھے اپنے نفس میں یاد کرتا ہے۔ تو میں بھی اس کو اپنے نفس میں یاد کرتا ہوں۔ یعنی اللہ تعالیٰ خود اس ذکر کا حافظ ہے۔ اور بلا واسطہ اس کی نگہبانی کرتا ہے۔ اور خلوت میں کہ جس میں اس کے سوا اور کوئی نہیں ہے۔ تجلی کا سبب ہے اگر بندہ مجھے فرشتوں کے گروہ میں یا انسانوں کے گروہ میں یاد کرتا ہے۔ تو میں اس کو اس گروہ سے اچھے گروہ میں یاد کرتا ہوں۔ کیونکہ اس گروہ میں اس کا اپنا نفس بھی داخل ہے۔ اور گروہ حساب میں کبریا کے ظہور کے باعث نفوس فانی ہو جاتے ہیں۔ اور ایک گروہ کا دوسرے گروہ کی نسبت بہتر اور اچھا نہ ہونا اس بات کے منافی نہیں ہے۔ کہ اجزاء خیر کی نسبت بعض اجزاء نازل اچھے ہیں۔ اب ہم پھر اصلی بات کو بیان کرتے ہیں۔ کہ ترقی صرف ذکر نفسی میں

Marfat.com

ہے۔ جیسے کہ ہم نے بیان کر دیا۔ ہر گروہ کا وہ ذکر جو ذکر نفسی سے خالی ہے۔ زیادہ درجہ نہیں کرتے ؎

دل میں ہو درد جان ہو جلتی ہر گھڑی آگ تازہ ہو لگتی

لیکن یہ سوال کہ بعض طالب طریقہ کی طلب ظاہر کرتے ہیں لیکن لقمہ میں احتیاط نہیں کرتے تو پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اس سے پہلے فقیر کے دل میں آتا تھا۔ کہ اس بارہ میں وسعت کی جائے لیکن اب اچھی طرح معلوم ہوا۔ کہ جو شخص احتیاط کو مدِ نظر رکھ سکتا ہے۔ اس میں ہرگز کوتاہی نہ کرے۔ آپ بھی اس بارہ میں ان کے ساتھ مبالغہ سے کام لیں۔ ایسا نہ ہو کہ بعض کی سستی اور فروگزاشت سب میں اثر کر جائے۔ اس بارہ میں ہرگز چشم پوشی نہ کرنی چاہیئے۔ کیونکہ جذبہ کا طریق اس روشنی کے بغیر طے نہیں ہوتا۔ اور وہ طالب جو رعایت نہیں کر سکتے۔ ان کے بارہ میں آپ درگذر کریں۔ لیکن شرعی حدود کے اندر اندر انہیں ایسا نہ کریں۔ کہ جو کچھ حلال و حرام مل گیا کھا جائیں۔ اور کوئی خوف نہ کریں۔ اللہ تعالےٰ اس سے بچائے۔ اگر کوئی شخص ایسا ہو۔ تو اللہ حاضرین کے معنی کا ملاحظہ کریں تاکہ آپ کی خدمت میں آنے جانے کے وقت شرمندہ ہو۔ اور اس کام سے ہٹ جائے۔ اور خدمت میں آنے جانے کے وقت لقمہ حرام کی مذمت اور اس کی بے خاصیتی کی نسبت گفتگو کریں۔ اور اگر بہت ہی بے باک ہے۔ تو اس کے لئے پناہ مانگنا بھی روا ہے۔ اور اس خرابی کے باوجود طریقہ میں داخل کر لینا چاہیئے امید ہے کہ خود آگاہ ہو جاویگا۔ اور پھر بھی آگاہ نہ ہو تو جب اس کو اس طریق کچھ یقین حاصل ہو جائے۔ اور کچھ نسبت اس کو اس طریق سے پیدا ہو جائے۔ تو اس کی نسبت کو سلب کر لیں تاکہ لقمہ کی برائی معلوم کرلے۔ غرض جہاں تک ہو سکے رحمت کا مظہر بنیں۔ اور خلق خدا کو فائدہ پہنچائیں۔ اور اگر بعض لوگ اس طریق کے ساتھ صرف نسبت ہی حاصل کرنا چاہیں۔ تو آپ ان سے مصافحہ اور معاہدہ کر لیں۔ یعنی وہ عہد کر لیں کہ ہم شریعت کی متابعت کرینگے اور ہوا و حرص اور بدعت کی کدورت اور یہاں سے عقیدہ کو محفوظ رکھیں گے۔ اور آپ آخرت کے ثواب اور نجات پر عہد کر لیں۔ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا۔ (پس جس نے وعدہ توڑا اس نے اپنی جان پر وبال کیا۔ اور جس نے اللہ تعالےٰ کے اپنے عہد کو پورا کیا تو اللہ تعالےٰ اس کو بہت اجر دیگا) اگر شجرہ طلب کریں تو مشائخ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے نام حضرت مولانا رحمۃ اللہ تک لکھدیں۔ تاکہ یاد کر لیں۔ ہمیں

Marfat.com

اپنے باطن کی باعث شرم آتی ہے۔ کہ ہمارا نام بھی خواجگان کے سلسلہ میں لیا جائے کبھی کبھی ہماری توفیق کے لئے دعاء فاتحہ کیا کریں۔ جو لوگ مصافحہ کرنا چاہیں۔ اگر ان سے ہو سکے تو بارہ رکعت تہجد اور چار رکعت اشراق دو سلام کے ساتھ اور بارہ رکعت چاشت اور چار رکعت سنت عصر اور مغرب کی سنت کے بعد چار رکعت نفل دو سلام کے ساتھ ادا کریں۔ اور جب مسجد میں آئیں۔ تو دو رکعت تحیۃ مسجد ادا کر کے بیٹھیں۔ ہاں اگر طلوع آفتاب کے وقت یا عصر کے بعد میں آئیں۔ تو پھر ادا نہ کریں۔ اور جب وضو کریں۔ تو وضو کا شکرانہ ادا کریں مگر ان دو وقتوں میں ادا نہ کریں۔ اور ہمیشہ وضو رہنے کا خیال رکھیں۔ ان سب باتوں سے جس قدر کر لیں کریں اگر سب کو ادا کریں تو بہت ہی بہتر ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ زیادہ کی توفیق دے۔ تو انہی نمازوں کو خاصکر رات کی نماز کو لمبی قرأت کے ساتھ ادا کریں۔ اگر لمبی سورت یاد نہ ہو تو سورۂ اخلاص کو جس قدر دل چاہے تکرار کر لیا کریں۔ اگر آرام اور فراغت ہو تو کھڑے ہو کر ورنہ بیٹھ کر ہی ادا کر لیں۔ اور نماز کو ملال اور سستی کے ساتھ جمع نہ کریں۔ اور اشراق کی پچھلی دو رکعت کو استخارہ کی نیت پر ادا کریں۔ اور دعا استخارہ کو اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ تک پڑھیں۔ اور آخر دعا کی بجائے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا مَوْتًا وَّلَا نُشُوْرًا وَّلَا اَسْتَطِیْعُ اَنْ اٰخُذَ اِلَّا مَا اَعْطَیْتَنِیْ وَلَا اَتَّقِیْ اِلَّا مَا وَقَیْتَنِیْ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ وَالْعَمَلِ فِیْ یُسْرٍ وَّعَافِیَةٍ اَللّٰهُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ وَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی اِخْتِیَارِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّلَا اَقَلَّ مِنْ ذٰلِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلِ الْخِیَرَةَ فِیْ كُلِّ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ اُرِیْدُهٗ فِیْ هٰذَا الْیَوْمِ وَاللَّیْلَةِ اِلٰی تِلْكَ الْوَقْتِ (یا اللہ میں اپنی جان کے لئے کسی قسم کے نفع اور ضرر اور موت و حیات اور نشر کا مالک نہیں۔ میں اپنے آپ کو کسی چیز کو نہیں لے سکتا جب تک تو مجھے نہ دے۔ اور میں اپنی ہمت کے ساتھ برے کاموں اور شیطان اور نفس کے مکر سے نہیں بچ سکتا۔ جب تک تو مجھے نہ بچائے۔ یا اللہ تو مجھے صحت و تندرستی اور فراغی میں ایسے قول و فعل و عمل کی توفیق بخش جن سے تو راضی اور خوش ہے۔ یا اللہ تو مجھے برگزیدہ کر لے اور اپنی حفاظت میں لے لے۔ اور مجھے ایک لحظہ بھی اپنے اختیار میں نہ چھوڑ۔ یا اللہ جو قول و فعل میں آج کے دن اس وقت تک کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں بہتری نصیب فرما) پڑھیں۔ اور لکھی ہوئی صحیح دعا میں جو حدیث کی صحیح کتابوں میں پڑھنی آئی ہیں۔ پڑھا کریں۔ اور جو دعائیں حدیث

Marfat.com

کی کتاب میں خاص خاص وقتوں میں مقرر ہیں۔ پڑھیں۔ اور نفلی روزوں سے جو علماء کے نزدیک مستحب ہیں۔ مثلاً سوموار اور جمعرات اور جمعہ کے دن کا روزہ رکھیں۔ لیکن جمعہ کو تنہا روزہ نہ رکھیں۔ اور ایام بیض کے روزے اور شوال کے سوا اور ہر مہینے کے اول تین دن کے روزے جس قدر رکھ سکیں رکھا کریں۔ والسلام والاکرام۔

حدیث فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِہٖ ذَکَرْتُہٗ فِیْ نَفْسِیْ وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ ذَکَرْتُہٗ فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٌ مِّنْہُ کو بعض علماء کے جہر کے جواز اور آدمی پر فرشتوں کی بہتری اور برتری کی دلیل ٹھیرایا ہے۔ جیسے کہ خود ظاہر ہے۔ لیکن اگر ذکر سے مراد نماز ہو۔ اور ذکر ملائ سے قرأت جہر مراد ہو۔ جیسے کہ شیخ رضی اللہ عنہ نے فتوحات مکیہ میں نماز استسقاء کے بارہ میں اشارہ کیا ہے۔ تو دونوں باتوں سے کچھ بھی لازم نہیں آتا۔ لیکن پہلی تو وہ ظاہر ہے۔ لیکن دوسری بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہرگز خادم و مقتدی مامُوم نہ تھے۔ لیکن شیخ کے نزدیک خواص انسانوں پر فرشتوں کی بزرگی ثابت ہے۔ اور یہ امر ولایت خاصہ کی بزرگی کی طرف راجع ہے۔ اور ولایت خاصہ سے مراد وہ قوت خاص ہے۔ جس میں کسی مقرب فرشتے اور نبی مرسل کی گنجائش نہیں۔ اور ولایت سے مراد ولی کی ولایت ہے۔ حالانکہ جامعیت کی فضیلت مسلم ہے۔ پس ملاء اعلےٰ کے مقرب فرشتوں کے گروہ میں مستغرق اور مستہلک اور فانی ہوتا ہے۔ اور بشر اسم جامع ہے۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ خواص بشر سے مراد رسولؑ اور نبیؑ ہیں اور عام علماء کے نزدیک خاص فرشتوں سے خاص انسان افضل ہیں۔ اور خاص انسانوں سے مراد نبی ہیں اس بات پر شیخ اور تمام علماء کا اتفاق ہے۔ فقط آپ نے لکھا تھا۔ کہ ہم ایک مقام پر پہنچے ہیں۔ اور اس مقام کو ختم الخلافۃ کے ساتھ مخصوص پایا۔ ہم کو اس میں دو شبہ ہیں۔ ایک تو یہ کہ پہلے پہل اپنے آپ کو نامناسب پایا۔ بعد ازاں آہستہ آہستہ چلکر اس کے متصل ہو گئے۔ اس مقام میں ترقی کس جہت میں ہوئی۔ جو وہاں تک پہنچنے کا باعث ہوئی۔ اگر آپ جذبہ کی جہت کہیں۔ تو ظن یہ ہے۔ کہ یہ جہت اس مقام سے پہلے ہی تمام ہو چکی تھی صفا اور غلبہ شہود اس مقام پر پہنچنے کا سبب نہیں ہے۔ چنانچہ آپ نے خود بھی اشارہ کیا ہے۔ کہ وہ مقام مجذوب سلوک تمام کئے ہوئے کا ہے۔ اور اگر سلوک کی جہت بیان کریں۔ تو معلوم ہونا چاہئے تھا۔ کہ کونسی صفت حاصل ہوئی۔ وہ مقام پیدا ہو گیا۔ شبہ دوسرا یہ ہے۔ کہ یہ

Marfat.com

کس طرح ہو سکتا ہے۔ کہ وہ مقام کسی اور کو حاصل نہیں۔ اقطاب وقت جو اپنے زمانہ میں زمانہ کے مستند ہوتے ہیں۔ جذبہ یا سلوک کی جہت میں ان کے حق میں کیسے نقص ہو سکتا ہے۔ غرض اس مقام کے شخصوں اور ان لوگوں کا کہ جن کے ساتھ اس کا قوام ہے۔ اور اس مقام سے نچلے درجہ والوں اور اس مقام کے نامناسب لوگوں کا حال پورا پورا لکھیں۔ شاید کوئی امر ثابت ہو جائے۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم کو اس مقام کے ساتھ کوئی مناسبت نہیں لیکھیں کہ مناسبت کا ہونا کس قسم کا ہے۔ دوسری یہ ہے کہ آپ پھر توجہ کریں۔ اور دیکھیں کہ لوگوں کی مشغولی کا ترک کرنا ہماری نسبت پسندیدہ ہے یا ناپسندیدہ۔ نیز یہ لوگ ہمارے ہمنشین ہیں ان کو دوسروں کی صحبت میں بھیجدیں اور آپ مجرد اور تنہا رہیں۔ یہ بھی پسندیدہ ہے یا نہیں۔ اور بادشاہ کی طرف سے کوئی اندیشہ دل میں نہ لائیں۔ پھر لکھا جاتا ہے۔ کہ خاص وقتوں میں اچھی طرح توجہ کریں۔ اور کسی معتبر آدمی کے ہمراہ لکھ کر روانہ کریں۔ اگر شیخ نور فقط فوق تک پہنچا ہو۔ تو شیخ نور ہی لے آوے۔ اور دوسرے اسرار کو محفوظ رکھیں۔ یعنی حضرت ختم الخلافت کے ساتھ اس مقام کی جو خصوصیت ہے ظاہر نہ کریں۔ ایسا نہ ہو کہ لوگ غلطی میں پڑ جائیں۔ اور ان کے عقیدے بگڑ جائیں ۔

رُقعہ (۸)

ایک خادم کی طرف لکھا ہے جس کو اپنی خدمت و ملازمت سے جدا کر کے وقت کے دوسرے مشائخ کی زیارت اور خدمت کے لئے روانہ کیا ہوا تھا۔ اور فرمایا تھا۔ کہ مشائخ میں سے جس کسی کی خدمت چاہے کرے۔ اور اس بیچارے نے محض کسی ضروری کام کے لئے اس سفر کو اختیار کیا تھا۔ اور اجازت کے بغیر وطن اقامت میں واپس نہیں آسکتا تھا ۔

حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ ابتداء حال میں مقصود حقیقی کی طلب میں ایک بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس بزرگ نے فرمایا۔ کہ جو کچھ تو طلب کرتا ہے۔ اسے پہلے ہی قدم میں چھوڑ آیا ہے۔ یعنی انہوں نے حضرت سلطان کردالدہ کی خدمت کے لئے امر کیا تھا۔ الغرض آپ کا واپس آجانا ہی بہتر ہے۔ آپ کو بھی اس قافلہ سالار شطار یعنی حضرت سلطان بایزید بسطامی قدس سرہٗ کی متابعت کر کے واپسی کا ارادہ کرنا چاہیئے۔ شاید ظاہری مشابہت سے باطنی مناسبت حاصل ہو جائے۔ اور معیت حق کی حقیقت اور وجود مطلق

Marfat.com

کی شمولیت ظاہر ہو جائے ؎

تو کیوں ڈھونڈھتا ہے اِدھر اُدھر ۔۔۔ بغل میں چھپا ہے ترا یار دلبر

رُقعہ (۹)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے۔ جس کو اسباب معیشت کے شغل کے باوجود شغل باطنی بھی فرمایا۔ اور وہ خود بھی اس بات کا طالب تھا :-

آپ کا محبت نامہ جو آپ نے روانہ کیا تھا مطالعہ میں آیا۔ اللہ تعالےٰ آپ کو زیادہ زیادہ توفیق دے۔ اور اپنا عشق اور درد عطا فرمائے۔ آپ نے جو کچھ مشغولی کی طلب کے بارہ میں لکھا تھا۔ فی الحال جو کچھ لکھا جا چکا ہے اور مقرر ہو چکا ہے۔ اسی پر قائم رہیں۔ ستر ہزار بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا ذکر ایک مہینہ یا اس سے کم یا زیادہ مدت میں بہت ہی اچھا ہے۔ کام کا مدار ربط اور سچے اعتقاد پر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عاجزی اور خاکساری اور بے تعلقی کے آثار ظاہر ہو کر مقصود حاصل ہو جائیگا۔ بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ دل کی توجہ دشمن کی طرف سے اُٹھا کے دوست کے طلب کرنے کی کیا حاجت ہے۔ وَالسَّلام ؏

رُقعہ (۱۰)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے :-

رات کے درمیان خواہ آخری تیسرے حصہ میں خواہ آخر نصف حصہ میں خواہ پچھلی دو تہائی میں خواہ درمیانی دو چوتھائی رات میں خواب سے بیدار ہو کر اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنی دونوں آنکھوں پر مل کر کسی ذکر میں مشغول ہو جائیں۔ خواہ تسبیح میں۔ خواہ تہلیل میں۔ خواہ تکبیر میں (یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَر) خواہ قرآن مجید کی کوئی آیت پڑھنے میں مشغول ہو جائیں اگر اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ اخیر تک پڑھیں تو بھی بہتر ہے۔ کیونکہ ان کا پڑھنا سُنّت ہے۔ اس کے بعد دو رکعت شکرانہ وضو ادا کریں۔ اور دُعائے جامع مثل رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ یا دوسرے ماثورہ اور منقولہ دُعاؤں سے کوئی دُعا پڑھیں۔ لیکن دُعا سے

Marfat.com

پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد اور ثناء اور رسالت پناہ صلے اللہ علیہ وسلم پر درود اور صلوٰۃ بھیج لیں۔ بعد ازاں بارہ رکعت نماز تہجد چھ سلام کے ساتھ ادا کریں۔ نماز تہجد کے نفلوں کی نہایت تعداد اتنی ہے۔ اور کم درجہ دو رکعت یا چار رکعت ہے۔ اگر بڑھاپا کمزوری لاحق ہو تو بیٹھ کر ادا کریں۔ نماز تہجد سے فارغ ہو کر کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو اس طرح آہستہ آہستہ ذکر کریں۔ کہ آپ بھی نہ سنیں۔ اور ذکر کے وقت حق جل جلالہٗ کو حاضر جانیں۔ گویا کہ اس کو دیکھ رہے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ انسان کی گردن کی رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہے۔ اور کلمہ لا متصرف الا اللہ کے معنی سوچیں۔ اور جس قدر ہو سکے اس سبق کا تکرار کریں۔ اور ایسا اعتقاد کریں۔ کہ ہر سانس میں از سر نو ایمان لا رہے ہیں۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں یَا اَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (اے ایمان والو پھر ایمان لاؤ) اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُمْ یَقُوْلُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (لا الہ الا اللہ کے ساتھ اپنے ایمان کو تازہ کرو) جب فجر کی نماز ہو چکے۔ پھر اسی تکرار میں مشغول ہو جائیں۔ جب سورج ایک نیزہ بھر چڑھ آئے۔ چار رکعت اشراق دو سلام کے ساتھ ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ توفیق دے۔ تو اپنے تمام اوقات کو اسی کام میں بسر کریں۔ کہ امید ہے کہ بڑے بڑے فیض حاصل ہونگے۔ مَنْ قَرَعَ بَابَ الْکَرِیْمِ وَلَجَّ وَلَجَ (جس نے سخی کا دروازہ کھٹکھٹایا اور اصرار کیا وہ داخل ہو گیا) ؎

اگر ہر سانس کی ہر دم کریگا تو نگہبانی ۔۔۔ تجھے دو جہاں کی بخشدینگے یار سلطانی

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْہُدٰی (سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا) +

رقعہ (۱۱)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے :-

اللہ تعالےٰ آپکے لئے کرم کا دروازہ اور سعادت کا راستہ کھلا رکھے۔ دونوں جہان کی سعادت شرعی احکام کے بجالانے میں ہے۔ اور فرمانبرداری اور متابعت کے حاصل ہونے کا بڑا بھاری سبب خدا تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہے۔ اور خدا تعالےٰ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت تب حاصل ہوتی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی محبت اور خدمت حاصل ہو ؎

خدا اور خاصان حق کی عنایت ۔۔۔ نہ ہو گر نہیں ہوتی حاصل ہدایت

Marfat.com

رُقعہ (۱۲)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ آپ کو نیک کاموں کی توفیق دے۔ آپ نے جو لکھا ہے کہ موجودات کی صورتیں ایک موجود دکھائی دیتی ہیں۔ سہل ہے۔ لیکن اللہ مِنْ وَرَائِہِمْ مُحِیْطٌ (اللہ تعالیٰ ان کو گھیرنے والا ہے) کے ظہور کی خوشخبری دینے والا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظہور کریگا۔ اور جو لکھا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے سوا اور کچھ نہیں رہا۔ بہت نیک ہے۔ اور ذاتی انوار میں فانی اور مستغرق ہونے کی خوشخبری دینے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے نصیب کرے۔ لیکن اس بات کا دریافت کرنا کہ اللہ کی محبت کے سوا کچھ باقی نہیں رہا۔ بہت مشکل ہے۔ جب ثابت ہو جائے۔ کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کے سوا کچھ باقی نہیں رہا۔ اور یہ بات یہاں تک غالب آجائے۔ کہ بے شعور مطلق بنا دے۔ تو یہ بھی ایک قسم کی فنا ہے۔ اور بہت ہی مبارک ہے۔ اور اس میں وصول کی سعادت ظاہر ہونے کی خوشخبری ہے لیکن اس کا سمجھنا اور تحقیق کرنا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ صورت آپس میں مل جل ہوتی ہیں غرض نہایت اہتمام کو مدِ نظر رکھنا چاہیئے۔ اور اس کام میں کوشش کرنی چاہیئے۔ ملاقات کے بعد تحقیق کی جائیگی۔ نیز واضح ہو کہ اس فنا اور وصول کے حاصل ہونے کے باوجود بھی بڑی کوشش کرنی چاہیئے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے انوار بے شمار ہیں۔ ہمت کو پست نہ کرنا چاہیئے وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْہُدٰی (سلام ہو اُس شخص پر جس نے ہدایت کا راستہ کیا) ۔

رُقعہ (۱۳)

جناب میاں شیخ احمد سرہندی کی طرف لکھا ہے:۔

آپ نے جو خط لکھا تھا۔ پہنچا۔ جو آپ نے کشفوں کے بارہ میں تحریر کیا تھا۔ ان کا طریق نہایت ہی پسندیدہ اور صحیح اور مستقیم اور مستحسن ہے۔ چونکہ آپ کا یہ اس طرح واقعہ ہوا ہے۔ کہ قول اور زبان کے بغیر چیزیں مکشوف ہوتی ہیں۔ تو پھر کیا حاجت ہے۔ کہ سب وجوہ کا بیان کیا جائے۔ جو کچھ کہنے کے لائق ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ملاقات کے وقت آپ کے سامنے کہا جائے گا۔ آپ پہلے استخارہ کریں۔ اگر ادھر آنا ظاہر ہو۔ تو آجائیں

Marfat.com

ورنہ نہ آئیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی الْاِحْسَان (اللہ تعالےٰ کے احسان پر اس کی حمد ہے) چونکہ ہمارا ضعف دن بدن قوی ہوتا جاتا ہے۔ اس لئے پہلے مکتوب کا جواب نہیں لکھا گیا۔ یہاں کے دوست بھی ایکطرح بیکار بیٹھے ہیں۔ ان کو کوئی ایسی صحبت میسر نہیں۔ جو ان کی سرگرمی کا باعث ہو +

رقعہ (۱۴)

جناب میاں شیخ احمد سرہندی کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالےٰ آپ پر اپنے کرم کے دروازے دن بدن زیادہ زیادہ کھولے۔ آپ کا وہ خط جس میں واقعات اور احوال لکھے تھے۔ پہنچا۔ لیکن اچھی طرح اس کے مطالعہ اور تحقیق کی فرصت نہ ملی۔ انشاء اللہ تعالےٰ تحقیق کے بعد کچھ لکھا جائے گا۔ جو کچھ سرسری اور اجمالی نظر میں آیا ہے۔ بہت ہی اچھا ہے۔ جامہ پارہ اور شخص اور پوست کی تعبیر اگر عین ثابتہ اور مرتبہ وجوب میں تعین کے ساتھ ہو تو بہت ہی نیک ہے۔ مرتبہ وجوب وہی وجہ خاص ہے۔ ظاہر وجود پر عین ثابتہ کے عکس پڑنے سے جو تعین پیدا ہوتا ہے۔ وہ وجود اور عدم کے درمیان برزخ ہے۔ کیونکہ ایک جہت سے اس کا تعلق وجود کے ساتھ ہے۔ اور ایک جہت سے عدم کے ساتھ۔ لیکن یہ جو آپ نے لکھا ہے۔ کہ اس جامہ پارہ کی تعبیر اپنے عین ثابتہ کے ساتھ کی ہے۔ اور اس پوست سے جس کو آخر کار اپنا آپ معلوم کیا ہے۔ اور اس جامہ سے کہ اپنے آپ سے الگ معلوم کیا ہے۔ برزخ ہونے کا اشارہ کیا ہے یہ تکلف سے خالی نہیں۔ ہاں آپ خود برزخ مذکور بن گئے ہیں۔ جو ہمارے لکھے ہوئے برزخ کے ماسوا ہے۔ اور اس کے ساتھ اتصال پایا ہے۔ لیکن اس جامہ پارہ کی بیگانگی اس جملہ سے بعید ہے۔ غرض جو کچھ بھی نیک ہے۔ اور وہ جو ہم نے رسالہ سلسلۃ الاحرار میں وجود اور عدم کے درمیان برزخ کے متعلق لکھا ہے۔ وہ ان کے سوا اور ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے اور دوسرے خط کا جواب مفصل لکھیں گے۔ سفر در وطن کی بہت رعایت کریں۔ کیونکہ مقامات سلوک کا حاصل کرنا ضروری ہے۔ مولانا عبدالہادی کو انہی چند دنوں میں اپنے گھر بھیجدیں۔ تاکہ اپنی والدہ کی خدمت میں جائے۔ سنا ہے کہ اس کی والدہ بہت اداس ہے۔ والدہ کی تسلی کے بعد پھر آپ کے پاس آجائیگا۔ محمد صادق جمعہ تمام

Marfat.com

دوستوں کی دُعا کے ساتھ مخصوص ہیں۔

رقعہ (۱۵)

جناب شیخ احمد سرہندی کی طرف تحریر فرمایا ہے:۔

اللہ تعالیٰ آپ کو بقا بخشے۔ جناب صدر جہان نے ذکر و مراقبہ سیکھنے کی خواہش ظاہر کی ذکر تو بتلا دیا گیا۔ لیکن چونکہ اس گروہ کا خاص مراقبہ درس اور بیان کی قسم سے نہیں ہے۔ اور ان کا ارادہ بھی یہی تھا۔ اس لئے یہی مناسب دیکھا کہ آپ کی خدمت میں اُن کی صحبت کرلے۔ کیونکہ تصرف کے ظہور کے بغیر اس کا حاصل ہونا مشکل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کی صحبت میں کامل طور پر ظاہر ہو جائے گا۔ اب فقیر پر ضعف بہت غالب ہے۔ صحبت کی فرصت اور توجہ کی طاقت نہیں رہی۔ آپ بھی استخارہ کے بعد ہی تشریف لائیں۔ جیسے کہ اس سے پہلے بھی لکھا گیا تھا۔ کہ اگر استخارہ میں آنا ظاہر ہو تو آجائیں۔ ورنہ خیر و شاہ حسین کو بھی اس طرح کرنا چاہیئے۔ وَالدُّعا۔

رُقعہ (۱۶)

جناب شیخ احمد سرہندی کی طرف لکھا ہے:۔

میاں شیخ محمدؒ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں۔ ان کے حال پر توجہ اور التفات فرمائیں۔ اور جو کچھ ان کے حال کے مناسب ہو۔ ہر کریں۔ جناب حاجی عبدالعزیز دُعا سلام عرض کرتے ہیں۔ قبول کریں۔ محمد صادق و محمد سعید۔ دوسرے عزیزوں کو ہماری طرف سے دُعا پہنچے۔ وَالدُّعا۔

رُقعہ (۱۷)

جناب شیخ الہ داد کی طرف لکھا ہے:۔

جناب مخدومی میاں شیخ الہ داد سیر و سلوک میں سالم و غانم (سلامتی اور غلبہ سے) رہیں۔ بیشک اللہ حقیقت میں ان لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جو سخن آقرب کے معانی میں جذب اور فنا حاصل کرنے کے فیض الٰہی کی مدد سے نفس کا تزکیہ پا جاتے ہیں اور دوسری طرف سے

Marfat.com

حقیقت کے اقتباسات کے ظاہر ہونے کا محل ہو جاتے ہیں۔ ان کا حال تیز ہوش ہم سبقوں اور کامل استادوں کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ وَلِعِبَادِیْ تَحْتَ قَبَائِیْ لَا یَعْرِفُهُمْ غَیْرِیْ عَلٰی رِوَایَتِ مَنْ قَرَءَ بِیَاءِ النِّسْبَةِ (میرے دوست میری قبا کے نیچے ہیں ان کو میرے سوا کوئی نہیں جانتا۔ بشرطیکہ یائے نسبت سے پڑھیں) البتہ ہم اس قدر جانتے ہیں۔ کہ طریقت والوں کے سلطان اور حقیقت کے خزانوں کے مالک قطب ارشاد اور پیر آگاہ خواجہ عبید اللہ احرار قدس سرہٗ نے فقرات میں فرمایا ہے۔ کہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت اور اہل سنت و جماعت کا اعتقاد اور خواجگان قدس سرہم کی باطنی نسبت دنیا اور آخرت کی نعمتوں سے بہتر ہے۔ عالم آخرت کا دیدار اسی نسبت کی صورت ہے جیسے کہ ظاہری ہیئت میں ظاہری اعمال کی صورت ہے۔ والسلام ؛

رقعہ (۱۸)

اس سلسلہ شریفہ کے ایک مخدوم زادہ کی طرف لکھا ہے۔ جو ولایت کی طرف تھا:۔

اللہ تعالیٰ آپ کو تمام ان ہونی اور نامناسب باتوں سے محفوظ رکھے۔ اپنے خاطر جمع رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بندگوں کی پاک روحوں کی برکت سے کوئی تکلیف نہ پہنچیگی جو کچھ کرنے کے لائق ہے وہ یہ ہے۔ کہ اپنے قصد اور اختیار سے ناپاک جگہوں میں نہ جانا چاہیئے۔ باقی تمام امور آفات سے محفوظ ہونگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ امید ہے کہ حضرات خواجگان قدس سرہم کی ہمت اور توجہ پر آپ کا پورا پورا بھروسہ اور اعتماد ہوگا۔ یہ کمترین مرید بھی اس بارہ میں ان کی موافقت کریگا۔ اور ان بزرگوں سے لطف کی التماس کریگا۔ اس کمترین کے لائق تو یہی تھا۔ کہ مولانا ترسوں کی خدمت میں حاضر ہو کر مشرف ملازمت سے مشرف ہوتا لیکن خدا جانتا ہے۔ کہ جسمانی کمزوری کے موانع رفع ہو گئے۔ اور اگرچہ اور بھی مانع ہیں لیکن اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا اور مانع رفع ہو گئے۔ تو دل و جان سے حاضر خدمت ہوگا۔ مخدوم زادہ برخوردار بندگی قبول فرمائیں۔ اور جناب شیخ ابوالحسن کو بھی آداب تسلیم۔ زیادہ دعا اور اخلاص ؛

رقعہ (۱۹)

ایک مخدوم زادہ کی خدمت میں تحریر فرمایا ہے:۔

Marfat.com

؎ وہی ہوں بیدل و عاجز میں آپکا نوکر وہی میں آپکا مسکین غریب ہوں چاکر

اس بیت نے ہم کو مجملاً دل کے تمام قسم کے غموں کے ظاہر کرنے سے فارغ کر دیا ہے مقصد المقاصد تک نہ پہنچنے کا حال کیا عرض کریں۔ اور چہرۂ دل کی خراش جو مرتبہ روح کی تفصیل ہے کیا بیان کریں۔ صفاتِ جمیلہ یعنی جمال ظاہری یا جمالِ باطنی کے ساتھ انس کے مقام سے جدائی کا کیا اظہار کریں۔ دلی معشوق کے چہرہ اور رُخ بہت سے ہیں۔ اور ہر چہرہ کے ساتھ اپنے مشاہدہ اور عاشق کی طرف مائل ہے۔ وہ لطیفہ روح ہی ہے۔ جس کا خاصا راستہ صرف احدیت کی طرف ہے۔ انسانوں کا مرنا جینا اسی پر موقوف ہے۔ اپنی کرم اور آراستگی اور بے عرفی نظر کر کے ہم کو اپنا مشتاق خیال کریں۔ اور نیاز مندانہ دُعا قبول فرمائیں۔ اور توجہ اور فاتحہ سے امداد فرماتے رہیں۔ مخدومی مولانا محمد صوفی اپنے نام کی حقیقت تک پہنچ جائیں۔ یعنی اسم با مسمیٰ ہوں۔ والسلام والاکرام۔

رقعہ (۲۰)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

وقت کی تنگی مخلصانہ مقدمات کی تمہید سے مانع ہے۔ اس لئے املاکی کوتاہی اور کاغذ کی کمی اور عبارت کی بے ربطی پر راضی ہو گیا۔ کیونکہ بات جب اپنے مرکز سے نکل جاتی ہے۔ تو اس کے تمام اسباب میں فتور آجاتا ہے۔ اور وہ مُدعا جو قوت مدرکہ سے نکلتا ہے۔ وہ دائرہ ملاحت کا قطب ہوتا ہے۔ خیال و تکلف کو بھی وہی سرانجام دے سکتے ہیں۔ جن کے حال کے لائق ہوتا ہے۔ فقیر کا حال آپ کو معلوم ہے۔ کہ ہمارے اندیشہ کے خلوت خانہ میں کیا کچھ آتا جاتا ہے۔ باوجود اس کے ہم خود اس کی تفصیل کرینگے انشاء اللہ تعالیٰ انہی چند دنوں میں شرف ملاقات سے مشرف ہوں گے۔ والسلام۔

رُقعہ (۲۱)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

اللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُخْرِجُھُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ (اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا دوست ہے۔ وہ ان کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سابقہ

Marfat.com

ہم پر برسائے۔ اور اپنے کمال کرم اور احسان سے ظاہری باطنی کوشش کے بغیر ہمارے نابود حجاب کو ہم سے دُور کرے۔ آپ کا عنایت نامہ جس میں نہایت ہی عجیب لطیف باتیں لکھیں تھیں۔ پہنچا۔ دِل نہایت خوش ہُوا۔ اور رُوح کو پرواز حاصل ہُوا۔ بیت

ہر نکتہ سے ہُوا عقل کا مطلب حاصل ہر خط سے تسلی ہوئی دل کی کامل

غرض باوجود مختصر اور کم سخن ہونے کے آدمیت کی تفصیل کا نسخہ تھا پیدائش کے مقصود کو جو اصل میں اصلی مقام کا طلب کرنا اور صحرا باز ماندگی کے وحشیوں کے ساتھ ملنے سے نفرت کرنا ہے۔ اچھی طرح ادا کیا ہُوا تھا۔ اللہ تعالیٰ سیاہ دِل اور طبعی سُستی کے اس شکستہ پا گوشہ نشین کو کو بھی اس درجہ تک پہنچائے۔ وَالسّلام ؛

رُقعہ (۲۲)

جناب ملاذی قبلہ گاہی شیخ تاج الدین کی طرف لکھا ہے:۔

یہ نیاز مند مخلص اور محب خالص آپ کا خیر خواہ اور آپ کی ملاقات کا خواہاں رہتا ہے آپنے بڑی مہربانی فرمائی ہے۔ کہ آگرہ کی طرف جانے کے لئے مشورہ طلب کیا ہے۔ آپ اپنے دل سے فتویٰ طلب کریں۔ خواہ اور مفتی کچھ کہیں۔ جو کچھ آپ کے الہام قبول کرنے والے دل میں آجائے۔ وہی درست اور راہ راست ہے۔ اس کے علاوہ استخارہ بھی مسنون طریقہ ہے اور جو عجیب و غریب مختلف خوابیں آپ نے لکھی تھیں۔ اپنے تجربہ کے رُو سے معلوم ہُوا ہے۔ کہ کبھی کبھی جسمانی قوتوں کی کمزوری بھی ایسی خوابوں کا باعث ہُوا کرتی ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص خواب میں کسی کو مردہ دیکھے۔ تو گویا اُس نے اپنی طبیعت کو دیکھا ہے۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ اس شخص کو اس وقت اپنی طبیعت اور ضعف کے موافق اس راہ کے ساتھ مناسبت حاصل ہوئی ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت و نگہبانی میں رکھے۔ انشاء اللہ کوئی ڈر نہیں۔ نیز بعض مقامات کی مناسبت موت کے ساتھ ہے۔ اس مقام میں افادہ کی صفت سالک سے دُور ہو جاتی ہے۔ مَنْ زَارَ حَیًّا وَلَمْ یَرْزُقْ مِنْهُ شَیْئًا فَکَمَا زَارَ مَیِّتًا۔ (جس شخص نے کسی زندہ شخص کی زیارت کی۔ اور اُس کو اس سے کچھ فائدہ نہ ہُوا۔ تو گویا اُس نے مردہ کی زیارت کی) شاید بعض اور مناسبتیں بھی ہوں۔ لیکن موت کو اس مقام کے ساتھ ضرور مناسبت ہے۔ دوسرے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے۔ کہ شاید ایسی خوابیں جمع کر چکنے کے

Marfat.com

بعد واقع ہوئی ہوں۔ اور اس اثناء میں بعض گرم دوائیاں بھی کھائی گئی ہیں۔ تو اس میں کچھ شک نہیں کہ اس قسم کا معاملہ شریف مزاج کی نسبت خواب کی پریشانی اور اس کی فراموشی کا باعث ہوتا ہے۔ اسی طرح فساد محرومیت کی حالت سے نیچے اترنا بھی اس کا سبب ہوا ہو۔ کیونکہ اس سے بھی خوابیں پریشان آتی ہیں۔ لیکن انشاء اللہ تعالیٰ خیر ہوگی۔ مخلص بھی نہایت ہی ضعیف اور ناطاقت ہوگیا ہے۔ ذرہ بھر طاقت و ہمت بھی نہیں رہی۔ وہ حکیم مطلق یعنی اللہ تعالےٰ کریم اور رحیم اور وہاب ہے کاموں کو مراد کے موافق کردیگا۔ اللہ تعالےٰ اپنی رضا پر ثابت رکھے۔ اور اسی پر مارے۔ اور اہل رضا کے گروہ میں اٹھائے آپ نے تحریر فرمایا تھا۔ کہ خبریں تو بہت ہیں۔ لیکن ان کا لکھنا خلل کا باعث ہے۔ اس کے متعلق التماس ہے۔ کہ جس قدر آپ لکھ سکتے ہیں تحریر فرمائیں۔ دوسرے سید بخاری جو ترقی کی طرف مائل ہے۔ جب آپ کی خدمت میں ہے۔ تو پھر اس کو یہاں آنے کی کیا حاجت ہے۔ ہاں اگر غیب سے اشارہ ہو جائے۔ اور ضروری آنا پڑے۔ تو وہ اور بات ہے ؎

من کیم دلیلی لیلی کیست من

مولانا یعقوب کو بھی اس ارادہ سے بھیجا ہے۔ کہ کوئی خبر لائے۔ اگر آپ کی مرضی کوئی خبر بھیجنے کی ہے۔ تو لے آئیگا۔ ورنہ خیر۔ اب یہاں اس معاملہ کی دکان اتنی گرم نہیں اور جو ہے وہ بھی عنقریب سرد ہونے والی ہے۔ اللہ تعالیٰ نگاہ رکھے۔ زیادہ دعا اور اخلاص۔ آپ کو تکلیف تو ضرور ہوگی۔ لیکن جو کچھ ہو لکھ کر روانہ فرمائیں ۔

رقعہ (۲۳)

وقت کے طالبوں میں سے ایک طالب یعنی نواب مرتضیٰ خاں کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ آپ کو اعلےٰ مطالب اور بلند درجہ تک پہنچائے۔ دانا اور محقق لوگ کہتے ہیں کہ مدرک کے آئینہ کے دو منہ ہیں۔ ایک خلق کی طرف ہے دوسرا خالق کی طرف۔ جب اس کا منہ خالق کی طرف ہو تو مقصود حاصل ہے۔ یہ سعادت ہر ایک وقت حاصل ہو سکتی ہے۔ سالک مجذوں کا یہی حال ہے غرض کسی وقت بھی امید کا رشتہ ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ بیت

نہ ہو نگا یار سے غافل کبھی میں ایک لحظہ بھر ۔ کہ شاید کس گھڑی اس کی نظر پڑ جائے عاجی پر

Marfat.com

رُقعہ (۲۴)

جناب شیخ تاج الدین کی طرف لکھا ہے :-

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَعَلٰی مَنْ لَدَیْکُمْ (آپ کو اور آپ کے حاضرین خدمت کو سلام ہو) اللہ تعالیٰ آپ کے گھر کے تمام چھوٹوں بڑوں اور دوسرے یاروں کو عافیت و آرام کے ساتھ رکھے مَا فِیْکُمْ یَنْفَدْ وَمَا عِنْدَ اللّٰہِ بَاقٍ (جو کچھ آپ کے پاس ہے وہ ختم ہو جائیگا۔ اور کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ باقی رہیگا) کوشش کرنی چاہیئے۔ کہ زندگانی اللہ تعالیٰ کی رضامندی میں صرف ہو جائے۔ اس کے سوا جو کچھ بھی ہے۔ وہ زائد اور بے اعتبار بلکہ مکروہ اور مردار ہے۔ آپ جانتے ہیں۔ کہ یہ ظاہری زندگی کب تک ساتھ دیگی۔ حاما آدمی کو اس منزل کی فکر کرنا بڑا ضروری ہے۔ زیادہ کیا لکھا جائے۔ والدعا +

رُقعہ (۲۵)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے :-

اللہ تعالیٰ آپ کو اس کام میں استقامت نصیب کرے۔ لقمہ پراگندہ یعنی حرام سے بچنا اور نفس کی بری صفتوں کو ظاہر نہ ہونے دینا شوق کو بڑھاتا ہے۔ کوشش کریں۔ لقمہ حرام اور مشتبہ نہ کھایا جائے۔ اور نفس کی بری صفتیں یعنی غضب اور بدخلقی اور ناجائز شہوت اور خواہش ظہور میں نہ آئیں۔ جب تک اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اچھی طرح عاجزی اور التجا نہ کریں ایسی ہلاک کرنیوالی چیزوں سے بچ نہیں سکتے۔ اس لئے ہمیشہ نیازمند اور خاکسار رہنا چاہیئے۔ اور ہر ذرہ کے آگے تواضع اور فروتنی کرنی چاہیئے ؎

خدا اور خاصانِ حق کی عنایت نہ ہو گر نہیں ملتی راہ ہدایت

دل کی حرکت جب ذکر کی حرکت کے موافق ہو جائے یا خیال کے کانوں سے کلمہ اللہ و سنا جائے تو یہ اس گوشت کے ٹکڑے صنوبری شکل دل کے ذکر سے مراد ہے۔ اس کو بھی ذکر قلبی کہتے ہیں لیکن اس کا کچھ اعتبار نہیں۔ ذکر قلبی حقیقت میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضور اور شہود حاصل ہو جائے۔ جب یہ بات آپ کو حاصل ہو جائیگی۔ تو آپکے دل سے سب غیر خطرے نکل جائینگے۔ اس وقت ذکر کو چھوڑ کر اس کی محافظت کریں۔ اگر کچھ سستی یا فتور آجائے۔ تو

Marfat.com

پھر ذکر شروع کریں۔ حتیٰ کہ یہ دائمی طور پر حاصل ہو جائے۔ اس کے بعد ذکر کو اس حضور کے ساتھ جمع کر کے اللہ تعالیٰ کی بے نہایت مہربانیوں کے منتظر رہیں۔ اس کے آگے کا معاملہ کہنے سننے میں نہیں آتا۔ جب آپ پہنچیں گے معلوم کر لیں گے۔ عرض جو کچھ ظاہر ہوتا رہے۔ ہماری طرف مفصل طور پر لکھتے رہا کریں ٭

رُقعہ (۲۶)

یہ خط مرض الموت سے پہلے جبکہ پرانی بیماریوں نے غلبہ کیا ہوا تھا۔ جناب ارشاد مآب مقرب درگاہ شیخ تاج الدین کی طرف لکھا ہے۔ لیکن آنحضرت قدس سرہٗ کے وصال کے بعد جناب مشارٌ الیہ کو پہنچا ٭

مصرعہ نیازمند ہوں تیرا اے ناز پروردہ

اللہ تعالیٰ کی حمد اور اُس کا احسان ہے کہ اس وقت سردی کا عارضہ کچھ کمی میں ہے لیکن دماغ کی گرمی اور خشکی کے باعث ایک عجب حالت طاری ہوتی ہے۔ جو بیان نہیں کی جا سکتی انشاء اللہ خیر ہوگی۔ اپنے اوقات کو بندگی۔ اور عاجزی اور نیازمندی سے آباد رکھیں۔ اور حمد و ثنا و استغفار اور تسبیح اور تہلیل اور درود اور تلاوت جس قدر ہو سکے بہت ہی اچھا ہے تلاوت قرآن مجید اور درود شریف کے سوا دوسرے اذکار میں پوشیدگی اور اخفا کو مدنظر رکھنا اس خاندان کا خاص طریقہ ہے۔ والسلام والاکرام ٭

رُقعہ (۲۷)

ایک خادم نے کسی امیر کی طرف جو آنحضرت قدس کا بہت ہی مخلص اور صاحب استعداد تھا خط لکھا تھا اس سے پہلے اس امیر نے کئی بار درگاہ عالیہ میں بڑی عاجزی سے عریضہ تحریر کئے تھے۔ لیکن حضور عالی نے اسکی طرف جواب لکھنے کی فرصت نہ پائی بعض دوستوں کی التماس پر اس خادم کے خط کی پشت پر چند کلمے تحریر فرمائے اور اس موقعہ پر اس امیر کے عریضہ کا جواب لکھا گیا۔ اس خط کے پہنچنے کے بعد سنا ہے کہ اس امیر مستعد کے حالات بہت اچھے ہو گئے۔ اور بہت اثر ظاہر ہوا:۔

خطیوں کا بخشنے والا یعنی اللہ تعالیٰ اپنے کمال کرم اور احسان سے آپ کے دلی خیر خواہوں کے

Marfat.com

ارادہ اور مراد سے کئی گنا زیادہ ظاہری باطنی عطیہ عنایت فرمائے۔ امید ہے کہ کچھ تھوڑی بہت مناسبت جو عالی فطرت اور بلند استعداد والوں کی روحانی جوہر کو حرکت میں لائے شعور کے میدان میں ظاہر ہو کر طبیعت اور خواہش کے لمبے ہاتھ کو بیکار اور کوتاہ کر دیگی۔ یہ سب عبارت آرائی ہے اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ (یا اللہ تو مجھے ایک لحظہ بھی نفس کے حوالہ نہ کر) کافی ہے ؎

من و تو ہم سے کب جدا ہوگا　　من و تو کی بجا خدا ہوگا

آپ نے اپنے محبت نامہ میں یہ جو لکھا تھا کہ یہ بے حاصل ایسے خاص طریق کو بیان کرے جو مقصود تک پہنچانے والا ہو۔ اگرچہ یہ بات مجھ بے حاصل کے حال و مقام کے لائق نہیں ہے ؎

عشق میں معروف ہوں پر وصل سے ہوں دور　　یوں نہی ہوا لوگوں میں ولی ہوں مشہور

لیکن رُبَّ حَامِلِ فِقْہٍ اِلٰی مَنْ ہُوَ اَفْقَہُ ایک سے ایک بڑھ کر دانا اور عالم ہوتا ہے) اس لئے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے نیاز نامہ کے ہمراہ ایک درویش کو بھیجا جائیگا۔ وہ آپ کو طریقہ بتلا دے گا۔ انشاء اللہ آپ کے موافق ہوگا۔ اور معرفت کا دروازہ کھل جائیگا +

رُقعہ (۲۸)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:-

اللہ تعالیٰ ہم کو ان عملوں کی توفیق دے۔ جن میں ان کی رضا مندی ہے۔ دنیا کمینی ایک پرانی دشمن ہے کہ کسی کو دو روز بھی ایک حال پر نہیں رہنے دیتی۔ ایک دن دوستوں اور خویشوں سے جدا ہونا پڑے گا۔ اور اس بے وفا دنیا سے قطع تعلق کرنا پڑیگا۔ عقلمند وہی ہے۔ جو اس چند روزہ عمر کو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں صرف کرے۔ اور ہمہ تن آخرت کی طرف متوجہ رہے۔ والسلام والاکرام +

رُقعہ (۲۹)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:-

تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ (یا اللہ تو مجھے مسلمان بنا کر مار اور نیکوں کے ساتھ

Marfat.com

ملا) مسلمانی کے معنی اللہ تعالیٰ کے حکموں کے آگے گردن جھکا دینے کے ہیں۔ رُباعی

دے چھوڑ خودی پھر تو صوفی بن جا — سب جائے نکل سر سے تیرے حرص اور ہوا
دیدے جو ہاتھ میں ہے مال تمام — آجائے بلا گر تو نہ گھبرائے ذرا

سلطان ابوسعید ابوالخیر قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ کہ تصوف یہ ہے۔ کہ جو کچھ تو سر میں رکھتا ہے دور کر دے اور جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے دیدے۔ اور جو کچھ تجھ پر آئے اس سے نہ گھبرائے مسلمان وہی ہے۔ جس کی دو جہاں میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی مراد نہ ہو۔ والسلام والاکرام ۔

رقعہ (۳۰)

یہ رُقعہ جناب عالی مرتبہ شیخ تاج الدین کی طرف ان کے ابتدا حال میں تحریر فرمایا تھا۔

واضح ہو کہ راہ حق کے سالک کے لئے سب سے اول لازم ہے کہ توجہ خالص کرے۔ اور اپنے عقیدہ کو اہل سُنّت و جماعت کے عقیدہ کے موافق درست کرے۔ چونکہ ان باتوں کا حاصل ہونا علم پر موقوف ہے۔ اس لئے مجھے ایسے کامل علماء کی خدمت میں رہنا چاہیئے۔ جن کے عمل خالص اور اعتقاد پاکیزہ ہوں۔ تاکہ حتی المقدور ضرورت کے موافق اپنے دین اور ملت کی تحقیق کرتا رہے۔ حقیقت کا ظاہر ہونا جذب اور کشش پر موقوف ہے۔ اور جذب اور کشش اس وقت حاصل ہوتی ہے۔ جب تجھے محبوبی کی صفت سے موصوف کریں۔ یہ بخشش اور عطیہ سید الاولین والآخرین صلے اللہ علیہ وسلم کی ظاہری اور باطنی متابعت پر موقوف ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (یا رسول اللہ لوگوں کو کہدو اگر تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت لگانا چاہتے ہو تو میری متابعت کرو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنا دوست بنالیگا) اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ کی یاد کے بغیر نہ آئے جائے۔ اگر کبھی غفلت آجائے۔ تو اس کو بڑا گناہ جانے اور بہت غمناک اور بیقرار ہو جائے۔ اور اس غم و الم کی حالت میں اللہ تعالیٰ کے حضور میں بڑے درد کے ساتھ روئے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ بشریت کی بُری صفتیں تجھ سے دور کر دے۔ تجھے چاہیئے۔ کہ ہمیشہ عاجز اور خاکسار اور بے چارہ بنا رہے۔ تاکہ وہ بیچاروں کی دُعا کو قبول کرنے والا تیرا بھی کام بنا دے۔ تجھے چاہیئے کہ کسی پر اعتراض نہ کرے۔ کسی کے دل کو نہ ستائے

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی محبت کو دونوجہان کی سعادت جانے۔ تجھے چاہیئے کہ جاہل صوفیوں کی مجلس سے دُور رہے۔ خدا تعالیٰ کے سوا کسی اور سے کچھ طلب نہ کرے۔ کیونکہ غیر سے طلب کرنا بڑا بھاری حجاب اور مانع ہے۔ جب کلمہ لا الہ الا اللہ کہے تو دل میں سوچے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ تجھے جاننا چاہیئے کہ جو کچھ تیرا محبوب اور مقصود ہے۔ وہی تیرا معبود ہے۔ اور جو کچھ تیری خواہش ہے وہی تیرا خدا ہے۔ اَفَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ (کیا تو نے ایسے شخص کو نہیں دیکھا جس نے اپنی خواہش کو خدا بنالیا ہے) پس تجھے چاہیئے کہ اس کلمہ کے کہنے میں تو سچا ہو تاکہ غیر کی محبت تیرے دل سے بالکل دُور ہو جائے۔ اور تیری توجہ صرف ذات الٰہی کی طرف لگی رہے۔ رُباعی

جاؤں میں کہاں یارب چھوڑ کے تجھ کو — شاہی سے گدائی تیری بہتر مجھ کو
ہر شخص طلب کرتا ہے تجھ سے حاجت — مَیں تجھ سے طلب کرتا ہوں یارب تجھ کو

خواجہ احرار قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ جو کچھ دیکھا گیا یا جانا گیا سب غیر ہے کلمہ لا سے اُسکی نفی کرنی چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ باوجود اس تنزہ اور تقدس کے ہر جگہ موجود ہے۔ کیا عالم معانی اور ارواح میں اور کیا اس کے ماسوا میں اس کی مثال اور اشباح ہے جس نے اطلاق سے تنزل کیا ہے۔ پس تجھے کوشش کرنی چاہیئے کہ پہلے اللہ تعالےٰ اپنی ذات کو تجھ میں تیرے بغیر ظاہر کردے۔ تاکہ جب تو اس مقام استقامت کو حاصل کرلے۔ تو اس کی تفصیل بھی سب میں بغیر سب کے سب اسی کو معلوم کرے۔ اور حق کو باطل سے جُدا کردے۔ نہ یہ کہ اندھوں کی طرح بغیر فرق اور تمیز کے سب کو حق جانے اور حق کہے۔ رُباعی

سوفسطائی جسے نہیں اپنی بھی خبر — کہتا ہے یہ عالم ہے خیال سراسر
بیشک یہ جہاں ہے خیال ہی لیکن — انوار حقیقت کا یہی ہے منظر

لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَهُوَ السَّمِیْعُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت کا راستہ اختیار کیا) +

Marfat.com

رقعہ (۳۱)

ایک مرید کی طرف لکھا ہے۔ جس نے اپنی اکثر عمر کا حصّہ بادشاہوں کی خدمت میں صرف کیا تھا۔ اور نفس کی طرح طرح کی بیہودگی اور مستی میں گرفتار تھا۔ حضور قدس سرہٗ نے اس کے حق میں بھی بہتری دیکھی۔ کہ قہر اور جلالیت کی صفت سے اُس کی تربیت اور پرورش کریں۔ اِس لئے اس کو مُدت تک ذلت اور بے اعتنائی میں رکھا۔ اور بظاہر بہت ہی کم اس کے حال پر التفات و توجہ فرمائی۔ حالانکہ حضور اکثر مریدوں کی تربیت میں ہمہ تن صفت جمال و عنایت سے موصوف تھے۔ صرف یہی ایک دولت اس قسم کی تربیت سے مخصوص ہوئی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی حمد ہے۔ کہ تین سال کے بعد اِس کی وہ سب سستی اور رعنائی جاتی رہی۔ اور حضرت پیر دستگیر علیہ الرحمۃ کی توجہ اور مہربانی کی برکت سے اس کا حال اچھا ہوگیا۔ اور اس قہر اور غضب کی بجائے اس کے حال پر بہت لطف و کرم فرمایا۔ جو بیان سے باہر ہے ؎

اللہ تعالےٰ ہم کو ہستی کی قید اور خود پرستی کے حجاب سے خلاصی بخشے۔

اللہ تعالےٰ کی بارگاہ تک پہنچنے کا بڑا بھاری سبب یہی ہے کہ اہل دل یعنی اللہ والے لوگوں کی دل کی آزاری اور ناراضگی سے بچتے رہیں۔ بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص عرش سے گر جائے۔ تو اس کا اِس قدر ڈر نہیں جتنا کہ کسی اہل دل کے دِل سے گر جائے۔ اس راہ میں خونِ جگر کھانا پڑتا ہے۔ اور ہمہ تن ادب بننا پڑتا ہے۔ جب تک عجز نیاز کا بچہ پیدا نہ ہو۔ تب تک مکرمت اور عزت کے پستان سے تربیت کا دودھ جوش میں نہیں آتا۔ خودسری اور خودپرستی سے کچھ نہیں بنتا۔ مَا عَلَی الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ (قاصد پر کہہ دینا ہی ہے) ہمارا کام کہہ دینا ہی ہے۔ چونکہ تمہارے دلی نعمت کا دِل تمہاری واپسی پر لگا ہوا ہے۔ اس لئے تم اپنے ارادہ کی باگ موڑ لو۔ جب تک تم نہ آؤ گے۔ ہمیشہ آرام نہ لینے دینگے۔ ہمیشہ تمہارے بلانے کی تکلیف اُٹھانی پڑیگی۔ مصرعہ۔

آمرے دِل سے غم کو دُور کرو

زیادہ کیا لکھا جائے۔ وَالسَّلَام ؎

Marfat.com

رُقعہ (۳۲)

یہ رقعہ فقر اور نیستی کے بارہ میں اور ہمت کو بلند رکھنے اور شرع شریف کے موافق بندگی کرنے کی ترغیب میں اور اس حال و شکر سے جو شریعت کے مخالف ہو۔ بچنے کے بارہ میں ایک طالب کے مناسب حال تحریر فرمایا ہے۔

میں بہتیرا چاہتا ہوں کہ اپنے آپ کو فقر اور نیستی کے خلوتخانہ میں ڈال کر اپنی موہوم ہستی کے ساتھ موافقت کروں۔ اور اپنی گرفتاری اور خرابی کی شکایت نہ کروں۔ مگر ہو نہیں سکتا۔ مصرعہ۔ دل کہتا ہے میں تنگ ہوں فریاد کر

عجیب بات یہ ہے کہ کوئی ایسا مطلب جو طلب اور قلق کی آگ بھڑکا کر بیقرار کر دے ہاتھ نہیں آتا۔ پیر جام علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں۔ کہ دونوں جہان میں سب لوگوں سے زیادہ آسودہ اور آرام والے وہ غافل لوگ ہیں۔ جو آخری دم میں تائب اور موفق ہو کر جاتے ہیں۔ واقعی بہت اچھا کہا ہے۔ اگر طلب حقیقی اس وقت ان کے دامنگیر نہ ہو۔ تو دونو جہان کا خسارہ ہے۔ مَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى۔ (جو اس جہان میں اندھا ہے۔ وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا) بہرحال جو کچھ اللہ تعالےٰ نے انعام فرمایا ہے اس کی حمد اور شکر ہے۔ مصرعہ

آسان ہیں سب بلائیں جب یار ہو موافق

اللہ تعالیٰ اپنے درد کے ساتھ رکھے۔ اور اسی درد کے ساتھ لے جائے۔ اور قیامت میں اسی درد کے ساتھ اُٹھائے۔ اگرچہ حقیقت کو پہچاننے والے دانا دں اور بلند ہمت والے لوگوں کی نظر میں امور کا ہونا یا نہ ہونا یکساں ہے۔ لیکن باطنی حقیقت کو فقر کے ساتھ ہی آرام ہے۔ اگرچہ نفس اور دل میں بعد اور غفلت کے بموجب اپنے مقاصد کے حاصل کرنے کے لئے کبھی کبھی حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ حرکت تجلی ذاتی اور غلبہ ہویت کے مطلب میں مغلوب ہو کر ناچیز ہو جاتی ہے۔ مصرعہ

صف مغلوب کو ہے کافی ہُو

حاصل کلام یہ کہ بعض عبادات مامورہ میں اخلاص کے حاصل ہونے کے لئے بلکہ فقر اور بندگی کی حقیقت حاصل ہونے کے لئے آدمی اس بات کا محتاج ہے کہ ایک وفد

Marfat.com

وہ خود یا اس کا ارادہ تجلی ذاتی کے غلبہ میں بالکل جل جائے جب شعور کا کچھ اثر باقی نہ رہے اور فنا اور بیخودی اپنے کمال تک پہنچ جائے۔ تو پھر اس مقام میں ٹھیرنا سراسر نقصان اور بیکاری ہے اصل معاملہ بندگی اور عجز اور لامتناہی شیون کا مظہر بننا ہے۔ غرض جہاں تک ہو سکے۔ اپنے آپ کو شعور کے مقام میں رکھنا چاہئے۔ بشرطیکہ شعور اور آگاہی محفوظ ہو۔ سیر فی اللہ بے نہایت ہے۔ ہرگز ہرگز نقصان اور کمی پر راضی نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ یہ بات اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ بلند ہمت والوں کو دوست رکھتا ہے۔ الغرض عبدالوہاب (وہاب کا بندہ) ہونا چاہیئے۔ اور بغیر کسی عوض اور غرض کے اس کی عبادت کرنی چاہیئے۔ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (کہو یا رسول اللہ اگر تم اللہ تعالیٰ کو دوست بنانا چاہتے ہو۔ تو میری متابعت کرو اور اللہ تمہیں دوست بنا لیگا) کا حکم بجا لانا ضروری ہے۔ جو جمال اور کمال ہے۔ وہ سب حضرت سید اولین و آخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت پر وابستہ ہے سید الطائفہ حضرت جنید بغدادی علیہ الرحمۃ فرمایا کرتے تھے۔ کہ میرے نزدیک شراب کا پینا اس حال سے بہتر ہے۔ جو شریعت کے کسی رکن کے بجالانے سے روکنے والا ہو۔ یہ ہے۔ حق صریح اور علم صحیح۔ زیادہ لکھنا گستاخی ہے۔ والسلام والاکرام +

رقعہ (۳۳)

ایک سپاہی کی طرف سے جس نے اخلاص کو ظاہر کیا تھا۔ اس بارہ میں کہ نامناسب باتوں سے بچیں اور شریعت کے موافق خلق پر شفقت کریں تحریر فرمایا ہے۔

حق جل جلالہ و عم نوالہ اپنے فضل و کرم کے موافق معاملہ کرے۔ اور محتاجوں کو اپنے روشن کیے ہوئے چراغ کی روشنی میں مقصود کا راستہ دکھائے۔ اِرْحَمْ تُرْحَمْ (رحم کر تجھ پر بھی رحم ہوگا) مشہور بات ہے۔ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ (جو شخص ایک ذرہ بھر نیکی کریگا وہ اس کو دیکھ لیگا) مثل مشہور ہے۔ کہ جو کچھ تو بوئیگا وہی کاٹیگا۔ بیت

دو کام سے ہے حاصل آرام دو جہاں کا ۔۔۔ کہ دوستوں پہ شفقت دشمن پہ رکھ مدارا

لیکن وہ ریاست جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روشن شریعت اور نورانی ملت کے موافق مقرر ہو چکی ہے۔ وہ ان دونوں باتوں کے برخلاف ہے۔ وہ ایک ایسا امر ہے جو دوستی

Marfat.com

دوست دشمن اور اپنے پرائے کے ساتھ یکساں برتنا پڑتا ہے۔ وہ سیاستِ حقیقت میں مروّت اور احسان ہے۔ ایک شخص نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ اللہ تعالےٰ نے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلق کی قرآن مجید میں ان لفظوں میں تعریف فرمائی ہے۔ کہ اِنَّکَ لَعَلیٰ خُلُقٍ عَظِیْمٍ (تحقیق تو یا رسول اللہ بڑے خلق پر ہے) وہ خلق کیا تھا۔ اس صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا۔ کہ کَانَ خُلُقُہُ الْقُرْاٰنُ (آپ کا خلق سراسر قرآن تھا) یعنی جہاں قرآن مجید میں نرمی اور لطف کرنے کا حکم آیا ہے۔ وہاں کرتے تھے۔ اور جہاں سختی کرنے کا حکم آیا ہے۔ وہاں سختی کرتے تھے۔ حضور صلے اللہ علیہ وسلم ہمہ تن اخلاقِ الٰہی کا نمونہ تھے ؎

تھے وہ شیشۂ جہاں وجود کا نور　　اصلی صورت میں کر چکا تھا ظہور

الغرض مسلمان بننا چاہیئے۔ اور ہمہ تن اللہ تعالیٰ کے حکم کے تابع ہونا چاہیئے۔ مصرعہ

یہ نہ ہو وہ نہ ہو مسلماں ہو

رُقعہ (۲۴۷)

ایک مسافر طالب علم نے نصیحت کی التماس کی تھی۔ اس کے لئے یہ چند کلمے لکھے گئے۔ یہ طالب علم حرمین شریفین (کہ اللہ تعالےٰ ان کی شرافت و کرامت کو زیادہ کرے) کی زیارت کے لئے جا رہا تھا۔ چنانچہ مدینہ منورہ ہی میں فوت ہو گیا۔ نیاز مانہ میں اس درگاہ عالیہ کے خادموں کی نسبت بڑی نیاز مندی ظاہر کی تھی۔ جس سے معلوم ہوتا تھا۔ کہ اس سفرِ مبارک کی نورانیت اور حضرت ارشاد پناہی قدس سرہٗ کے ساتھ خلوص و اعتقاد کے باعث اس طالب علم کو اس درگاہ کے ساتھ بڑا قوی رابطہ حاصل ہو چکا تھا۔ اَللّٰھُمَّ یَتَقَبَّلْہُ (یا اللہ تو اس کو اس کا نفع دے) ؎

ہم اس علم سے پناہ مانگتے ہیں۔ جس کا کوئی نفع نہ ہو۔ عاقبت کے پہچاننے والے عقلمند کو لازم ہے۔ کہ ان علموں کو حاصل کرے۔ جن کے مطابق عمل کرنا فرض ہے۔ اس کے بعد باقی عمر کو دل کے صفا اور نفس کے پاک کرنے میں صرف کرے۔ کیونکہ نفسانی وسوسے اور خطرے اور موجودات کی صورتوں کی طرف توجہ رکھنا اور نفسانی خواہشوں اور بیہودہ آرزوؤں میں گرفتار رہنا بندہ اور اللہ تعالےٰ کے درمیان بڑا بھاری حجاب ہے۔ اللہ تعالےٰ سب

Marfat.com

چیزوں کی نسبت سب چیزوں سے نزدیکتر ہے ؎

ہے خدا ہم سے ہماری رگ سے بھی نزدیکتر جانتا ہے وہ جسے ہو جائے کچھ اپنی خبر

انہی گوناگوں اندیشوں اور رنگا رنگ فکروں کے باعث انسان اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے دور اور پیچھے ہٹا رہتا ہے۔ اور یہ سب اندیشے اور خطرے صفات بشری سے پیدا ہوتے ہیں۔ ان اندھیروں اور سیاہیوں سے باطن کے صاف اور نورانی ہونے کا بڑا بھاری ذریعہ اس برگزیدہ اور جلے ہوئے دل والے کی توجہ اور التفات ہے۔ جو اپنے آپ سے فانی ہو۔ اور رد و قبول کا مظہر بن گیا ہو۔ جس کا مقبول اللہ تعالیٰ کا مقبول اور اس کا مردود اللہ تعالیٰ کا مردود ہوتا ہے۔ پس تجھے چاہیئے۔ کہ ایسے دل والوں کا گدا بنے۔ اور بڑے عجز و نیاز کے ساتھ اپنے دل کا درد ظاہر کرے ؎

تو ہر درویش کی کر لے زیارت دل و جان سے تو اُس کی خدمت

تری جب چشم باطن میں نہیں ہے سمجھ لے گنج وحدت بس یہیں ہے

دوسری وصیت یہ ہے۔ کہ جس شخص کے دل میں معرفت الٰہی کی طلب دیکھو۔ تو اس کے ساتھ صحبت نہ رکھے۔ اور دنیا کے عالموں سے جنہوں نے علم کو جاہ و مرتبہ اور فخر و شہرت کا وسیلہ بنایا ہے۔ ایسا بھاگے۔ جیسے شیر سے بھاگتا ہے۔ ہمیشہ تو قربات و عبادات کو اپنا وسیلہ بنائے اور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجکر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگے۔ تاکہ اپنے سوا اور تمام خواہشوں کو تیرے دل سے دور کر دے۔ اور لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار (آج یہ ملک کس کا ہے۔ اسی واحد قہار کا ہے) کی صورت ظہور میں آئے ؎

ہو فائدہ نہ جس میں وہ کام تو نہ کرنا ہو معرفت نہ جس میں اس کا نہ یار بننا

رُقعہ (۳۵)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے۔

رباعی

تو نے اے یار جو دیکھا سب ہیچ جو کچھ کہا اور سنا سب ہیچ

یہ جو ساری دنیا میں پھرا سب ہیچ اور جو گوشہ میں رہا تنہا سب ہیچ

یہ رباعی کس بلند فطرت اور لطیف استعداد سے ظاہر ہوئی ہے شاعر اس مطلب کے ادا کرنے میں اصیل تھا۔ یا اصیل کے ساتھ اس کا رابطہ ہوگا۔ اس کے باطن سے حالت تفریق

Marfat.com

طرح شعلہ مارتی ہے۔ جیسے کاتب وحی کے باطن میں کلام الٰہی کا ظہور۔ بہرحال اس کے لئے مبارک۔ جو تفرید جمال پاک کے دیکھنے کے بغیر ہو وہ جمال کی قسم سے ہے۔ کیونکہ یہ نعمت دید کی نسبت کے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ میں صاف کہتا ہوں۔ کہ جب تک حقیقت ذات کی تجلی نہ ہو۔ تب تک یہ حالت متصور نہیں ہوتی۔ خبردار ایسا کما خیال نہ کرنا۔ اس سعادت کا نشان یہ ہے۔ کہ دنیا اور آخرت کی تمام نعمتوں سے دل سرد ہو جائے۔ اور تمام احوال و مشاہدات اور خواب احدیت کی طرف انجذاب اور دائمی قلق سے بے نیازی اور بے پروائی حاصل ہو جائے۔ حالت تفرید کے حاصل ہو چکنے کے بعد پھر بھی مشاہدات کی خواہش کا باقی رہنا بے وقوفی اور بے سمجھی ہے۔ انسانی محبت اور ظلم اور جہل سے اس قسم کے حیلے اندر بہانے پیدا ہوتے ہیں۔ یعنی شاید میری مراد اس دروازہ سے حاصل ہوگی یا میرا بند ہوا ہوا دروازہ اس طرف سے کھلے گا۔ یا محبوب اپنے لطف و بزرگی کی نظر ڈالیگا۔ یا امور کی حقیقتوں پر اطلاع نہ پانے کے باعث ایسی باتیں کر گذرتے ہیں۔ غرض عارف مفرد کے لئے اس حالت سے کہ جس سے وہ ہوتا ہے۔ منزہ اور منقطع ہونا ضروری ہے اب ہم اس سعادت عظمیٰ کے حاصل ہونے کا طریق بتلاتے ہیں۔ سب سے اقرب اور بہتر طریق یہ ہے۔ کہ ایسے شخص کی خدمت میں حاضر ہوں۔ جس کی باطنی توجہ کامل طور پر جناب الٰہی کی طرف لگی ہو۔ اور اس نے اس توجہ میں اپنے آپ کو برباد کر دیا ہو اور پھر اس توجہ سے بھی مفلس ہو گیا ہو۔ ایسے شخص کے حضور میں بڑی نیازمندی اور عاجزی کے ساتھ رہیں اور جہاں تک ہو سکے۔ اس کے ساتھ بڑے ادب سے پیش آئیں۔ پھر اس متمکن عزیز الوجود سے ذکر یا مراقبہ سیکھیں۔ والسلام والاکرام ۔

رقعہ (۳۶)

ایک مخلص مرید کی طرف جو اپنے آپ کو توبہ کرنے والوں کے لباس میں ظاہر کرتا تھا۔ بڑی مہربانی سے لکھا ہے:۔

کام سے گیا گذرا بے حاصل محمد باقی عرض کرتا ہے۔ کہ اپنے پریشان دل کو ہمیشہ اس جناب کا منتظر جان کر حق تعالیٰ سے جناب کی حقیقی عافیت و صحت طلب کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے امید ہے۔ کہ جناب بھی اس عاجز کے لئے اپنے فضل و کرم سے یہی دعا مانگیں گے اور

Marfat.com

راستے کے واقفوں کی ملاقات سے مشرف ہونے تک دلی توجہ سے دریغ نہ فرمائیں۔ میرے مخلص پناہ۔ وجود کی نفی (اپنے آپ کو فانی کر دینا) اور موجود کا خرچ کر دینا (جو کچھ مال ہو اس کا خرچ کر دینا) سالکوں کے لئے دو پہر ہیں۔ جن کی مدد سے نیستی کے میدان میں پہنچ کر فقر کے جنگل میں پہنچ جاتے ہیں۔ وہ شخص بہت ہی خوش وقت ہے جس کو ان دو غیبی مسافروں کی قبولیت کی توفیق حاصل ہو۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (سلام ہو اُس شخص پر جس نے ہدایت کی راہ اختیار کی) ؎

رُقعہ (۳۷)

مُصیبت پُرسی کے بارہ میں اپنے کسی قدیم دوست کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ رکھے اور اپنے غیر و ماسوا کے اندیشہ سے بخشے۔ اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ (خبردار اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شے باطل اور فانی ہے) ؎

زندہ ہے ہمیشہ جو فقط ذات خدا ہے — اور جو ہے اس کے سوا سب کو فنا ہے

ایمان کی حقیقت کندن اور پیوستن (یعنی توڑنا اور جوڑنا) ہے۔ یعنی غیر کی طرف سے دل کو ہٹا کر خدا کے ساتھ ملا لیں۔ ایک درویش نے اپنے پیر سے یہی سوال کیا۔ اور اس کے جواب میں ماسوا کا قطع کرنا سُنا۔ اس سائل درویش نے اپنے حال مستی کے باعث فوراً جواب دیا کہ اگر اس سے پہلے اس حقیقت کو جانتا یا سُنتا تو آپ سے بھی ہرگز نہ ملتا۔ بیشک ؎

تعلق سے ہوگا نہ کچھ تجھ کو حاصل — جو توڑے تعلق تو پھر ہوگا حاصل

زیادہ لکھنا گستاخی ہے۔ اپنی تقصیر اور کوتاہی کا عذر خواہ قبول ہو یا نہ ہو کرنا تو پڑتا ہے۔ مخلص طفال جو ہمارے ضعف اور کمزوری سے واقف ہیں۔ اور تکلف سے بری ہیں۔ ہمارا عذر بیان کر دینگے۔ ورنہ خدا جانتا ہے کہ کبر اور غرور سستی اور خویشتن بینی یا محبت و اخلاص کا نہ ہونا اور حقیقت کو نہ جاننا۔ مانع نہیں ہے۔ والدعاء ؎

رُقعہ (۳۸)

ایک مخلص عالم نے اپنی ضروری معاش کے لئے لشکریوں کی ہمراہی اختیار کی ہوئی تھی کیونکہ ان دنوں مُلک ہند میں اس صورت کے بغیر معاش کا ملنا مشکل تھا۔ اور اس تعلق کا توڑنا

Marfat.com

عالم لوگوں کی نظروں اور عقلوں میں مشکل اور محال ہوتا تھا۔ اس عالم مذکور نے چاہا کہ معاش کے اسباب کو چھوڑ کر حضور قدس سرہٗ کی بارگاہ کی طرف رجوع کرے۔ لیکن ان سپاہیوں نے جو اس عالم کے ہمراہ تھے۔ اور اس سے سبق پڑھا کرتے تھے۔ درگاہ عالیہ کے ایک مخلص کی خدمت میں جو اس شہر میں رہتا تھا۔ حاضر ہو کر عرض کی کہ کوشش کرنی چاہیئے۔ تاکہ حضرت ارشاد پناہ قدس سرہٗ اس عالم کو اس خیال سے منع فرمائیں۔ اور یہ تجویز فرمائیں۔ کہ ہم بھی ساتھ رہیں۔ اور درس بھی ہوتا رہے۔ اس مخلص نے ایک عریضہ اس مضمون کا حضور اقدس کی خدمت میں لکھا کہ اچھی طرح معلوم نہیں کہ اس عالم مذکور کا ترک ملازمت کا یہ حوصلہ اور شوق مستحکم اور مضبوط بھی ہے یا نہیں۔ ایسا نہ ہو کہ عیالداری کے اخراجات کی پراگندگی جمعیت مطلوبہ کے حاصل ہونے سے روک دے بلکہ اس مخلص کا گمان غالب بھی تھا۔ کہ یہ عالم فقر کی تکلیف برداشت نہیں کر سکے گا۔ اور درس بھی جواب منعقد ہے۔ درہم برہم ہو جائیگا۔ اگر حضور اقدس اس عالم کو اسباب معاش کے ترک کرنے سے منع فرمائیں تو بہتر ہے۔ اس مخلص کے عریضہ کے جواب میں یہ رقعہ لکھا گیا ہے ؎

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ (بعض ظن گناہ ہوتا ہے) آخرت کو دیکھنے والے داناؤں کے ساتھ حسن ظن ایسا ہونا چاہیئے۔ کہ انہوں نے دنیا کی فنا اور دنیا داروں کی بے حاصلی کا مطالعہ کیا ہوتا ہے۔ اور ان کی توجہ بلند ہمت والے لوگوں کے اعلیٰ مطلب کے جمال کی طرف لگی ہوتی ہے یعنی اپنے آپ سے اور اپنی مرادوں سے گذرے ہوئے اور ننگ مطلب سے قاصر اور کوتاہ اور بے حاصل ہوتے ہیں۔ اور وجود کے دائرہ سے بالکل نکلے ہوئے ہوتے ہیں۔ تو پھر جس شخص کا یہ حال ہو۔ وہ اگر لشکر کی ہمراہی میں شریعت کی صحیح نیت کے بغیر جائز نہیں۔ اپنے اصلی مقصد اور مطلب کے حاصل کرنے میں فتور اور نقصان دیکھے تو کس طرح لشکر میں رہ سکتا ہے۔ فرزندوں کے رزق اور روزی کا غم کرنا توکل کے حال کے لائق نہیں اگر اپنے آپ میں اس حال کو معلوم کر لیں۔ تو بہتر ورنہ ایسے اسباب کو شریعت نے جائز قرار دیا ہے ضرورت کے موافق اختیار کرنے چاہئیں۔ غرض جہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت پورے طور پر ادا ہو سکے۔ اور تفرقہ اور باطنی پراگندگی کا خوف نہ ہو۔ تو اس جگہ کو چھوڑنا نہیں چاہیئے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ کہ دینی علوم کا پڑھانا بھی عبادت ہے خاصکر جبکہ متعلم اور شاگرد دین کے حکموں کو ماننے والا ہو۔ اور عالم کی مرضی اور رائے کے

Marfat.com

موافق امور شرعی کو بجا لاتا ہو۔ جناب مولوی صاحب فقرا کی نسبت خود اس بات کو زیادہ جانتے ہیں والسلام ؛

فرمایا

رُقعہ (۳۹)

یہ رُقعہ مخدومی ملا استاذی میاں شیخ احمد جیو سلمہ اللہ تعالیٰ کے جواب میں صادر فرمایا ہے جس میں میاں محمد صادق اور میاں محمد مسعود کے احوال بھی درج ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ پہلا خط جو حضرت ارشاد پناہی قدس سرہٗ نے حضرت شیخ احمد جی قدس سرہٗ کی طرف تحریر فرمایا ہے۔ یہی ہے۔ مولد محمد صادق مذکور جو استاذی مشارالیہ کا بیٹا ہے۔ اس سے بچپن ہی میں بڑے بڑے آثار اور احوال ظاہر ہیں۔ اس عنایت نامہ کے لکھنے کے وقت بہت ہی چھوٹا تھا کسی حکمت اور مصلحت کے لئے اس شریف بچے کے نام اس مکتوب کو لکھا ہے :۔

نورِ چشم محمد صادق کو اللہ تعالیٰ ظاہری باطنی برخوردار کرے۔ اس کے احوال جیسے کہ ظاہر ہیں۔ حمد کے لائق ہیں۔ اپنے اسی حضور پر رہے۔ اور غیبت اور استغراق کا اندیشہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شکر صحو میں اور فنا شعور میں مندرج ہو جائیگا۔ مولانا محمد مسعود کشف قبور کا کچھ اعتبار نہ کریں۔ صورتوں کے کشف میں خطا اور لغزش بہت ہو جاتی ہے۔ کوشش کریں۔ کہ حضور مع اللہ ظاہر ہو اور دائمی طور پر حاصل۔ اگرچہ عالم صاف ہو چکا ہو۔ اور نورانیت کے معنی بھی چشم بصیرت سے دور ہو گئے ہوں پھر بھی کوشش کرنی چاہیئے۔ کیونکہ خواجگان قدس سرہٗ کا جذبہ ان کا ظہور اور ہے۔ اس مقام میں ماسوا کا نام و نشان نہیں۔ ان کی توجہ کبھی بالکلیہ اور اکثر بالاصالہ چھ طرفوں سے معرّا ہوتی ہے۔ کبھی اس خصوصیت کے باعث جو عرش مجید کو حاصل ہے، فوق کی جہت بھی اس میں آجاتی ہے۔ اور کبھی تمام جہات کو گھیر لیتی ہے۔ اور وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُحِیْطٌ (اللہ تعالیٰ ان سب کو گھیرنے والا ہے) کے معنی ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر معنوی صورتیں اور ظاہری شکلیں ابھی محو نہیں ہوئی ہیں۔ اور سراب و خیال کی طرح بے اعتبار پڑی ہیں۔ تو خیالی صورتوں کے دریافت ہونے کے وقت ہو الاول والآخر بھی درمیان آجاتا ہے۔ اور اگر وہ توجہ تمام جہات کو یا اکثر کو گھیر لے اور اس وقت

Marfat.com

اور شکلیں بالکل محو ہو جائیں۔ اور کامل طور پر صفائی حاصل ہو جائے۔ اس وقت لَیْسَ فِی الدَّارِ غَیْرُہٗ دَیَّارٌ (گھر میں گھر والے کے سوا کوئی نہیں) کے معنی جلوہ گر ہوتے ہیں۔ کوشش کرنی چاہیے کہ ابھی کسوت معنویہ یعنی باطنی حجاب درمیان ہیں۔ کم از کم حیات اور ہستی کی صفت تو ضرور درمیان رہتی ہے۔ اب ایک اور بات اور یاد رکھنے کے لائق ہے اور وہ یہ ہے۔ کہ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِہِمْ مُحِیْطٌ کے ظہور کے وقت بھی ہو سکتا ہے۔ کہ یہی کسوت اور حجاب درمیان ہو۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس کی محبت کی نظر بالکل مجرد ہو گئی ہو۔ غرض مقصود کی حقیقت دریافت و ادراک یعنی عقل و فکر نہیں آ سکتی۔ وہاں صرف عشق اور محبت اور ماسوی سے باطن کا تصفیہ ہے۔ اور وہ تحقیقات جو رسالہ رسالہ اسرار میں لکھے ہیں۔ بہت ہی باریک اور پوشیدہ ہیں۔ اس بحث میں ان کو چھوڑ دیں۔ اور کام کا مدار ادراک متعارف پر رکھیں۔ حضرت خواجہ نقشبند ؒ

خواجہ پاک نقش و پاک نفس　　قدس اللہ سرہ الاقدس

نے فرمایا ہے۔ کہ جو دیکھا اور سنا گیا۔ وہ سب غیر ہے۔ کلمہ لَا سے اس کی نفی کرنی چاہیے میاں شیخ احمد بھی اسی صحیفہ میں اپنے حال کا مطالعہ کر لیں۔ اور جان لیں۔ کہ جب تک حضور ذاتی اور وحدت صرف میں استغراق اور فنا حاصل نہ ہو۔ تب تک اس سلسلہ والے لوگ اس کا نام فنا نہیں رکھتے۔ اور جو ہم نے کہا تھا۔ کہ ایک درجہ اور درمیان ہے۔ یہی ہے۔ ان باتوں کی حقیقت تب معلوم ہوتی ہے۔ جب آمنے سامنے ہوں۔ لیکن تمہارے لئے لکھی گئی ہیں۔ والسلام والاکرام ؛

رُقعہ (۴۰)

ابتدا میں کسی مخلص کی طرف لکھا تھا:۔

وہ عبارت جو اس بے حاصل کے حال کی ترجمان ہو سکے سراسر تکلف کا باعث ہے۔ اس لئے اس طرف سے قطع نظر کر کے دل کی سلامتی اور عمل کی استقامت کے لئے دعا مانگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ظاہر کو شریعت کے موافق اور باطن کو حقیقت کے غلبہ میں فائق کرے۔ تمام سعادتوں سے بڑھ کر یہی ایک سعادت ہے۔ دعا کا قبول ہونا اور تصرف کا ظاہر ہونا کمال کے لئے ضروری نہیں۔ مصرعہ

Marfat.com

رہے تو نہ ہرگز یہی ہے گماں

جب تو عمل میں ہمہ تن طاعت و متابعت بن جائے اور علم میں بے تعین اور بے نہایت ہو جائے تو تیرا وجود درمیان سے اُٹھ جائے گا۔ اس کے بعد اگر تعین کرے گا۔ تو پھر بھی تیرا وجود نہ ہو گا۔ مصرعہ

تو ہو جائے گم بس یہی ہے وصال

وصال کی حقیقت ظاہر ہونے کے بعد واصل کی صحبت مُرغ گندہک یعنی کیمیا ہے۔ اور کاملوں کو فائدہ دینے والی ہے۔ تصرف کا مظاہر خواہ ہو یا نہ ہو کچھ پرواہ نہیں۔ غرض جو کچھ ہم نے دین کے بزرگوں کی باتوں سے سمجھا ہے۔ اور جو کچھ ہمارا مطلب ہے۔ وہ یہی ہے کہ یہ سعادت حاصل ہو جائے۔ اللہ تعالےٰ ہمارے اور آپ کے بھی نصیب کرے۔ چونکہ آپ کے عنایت نامہ سے اس قسم کی بو آتی ہے۔ کہ آپ کے نزدیک دعا کا قبول ہونا اور تصرف کا ظاہر ہونا اصلی مطلب میں داخل ہے۔ اس لئے اس خیال کے دور کرنے کے لئے یہ چند لفظ لکھے گئے ہیں۔ میرے اُمید گاہ دوست۔ آپ اس امر کی کوشش کریں۔ کہ حقداروں کے دلوں کو نہ ستائیں۔ خاص کر اپنی والدہ کو ناراض نہ کریں۔ بخدا ہم سچ کہتے ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ کی بخشش و کرم کے نازل ہونے کا بڑا بھاری سبب یہی خلق ہے۔ آگے آپ خود حاکم اور دانا ہیں۔ ایسی کیفیت کا جذبہ الٰہی اور وہ قوی حال جو بالکل بے اختیار کر دے وہ اور ہے۔ ہم کو اس پر اطلاع نہیں۔ اگر حاصل ہو بھی تو عذر چاہتا ہے۔ الغرض اس راستہ کا مدار تیز ہوشی اور تیز گوشی پر ہے۔ کہ نہ اپنی مرضی سے واقف ہوں۔ نہ اپنا حال بیان کر سکتا ہوں۔ فقط مجھے اپنے شیخ طریقت کے وجود پر ناز ہے۔ یہ بھی بڑا بھاری مرض ہے ؎

جو کچھ بھی کھائے بیمار اس کا مرض بڑھتا

یہ سب کچھ ایک طرف۔ میں نے اپنے آپ کو محض فضل و کرم کے راستہ پر ڈالا ہوا ہے ؎

تو نے علم ازل میں دیکھا تھا ۔۔۔ دیکھ کر عیب بھی خرید لیا
میرے عیبوں کو جانتا ہے تو ۔۔۔ رد نہ کر جس کو خود پسند کیا

بڑا بھاری وسیلہ یہی قبولیت ہے۔ حق تعالےٰ اس کے آثار اور برکات ظاہر کرے +

Marfat.com

رُقعہ (۴۲)

ایک مخلص نے اللہ تعالیٰ کی عنایت اور حضور قدس سرہٗ کی صحبت عالی کی برکت سے کسب اور معیشت کو چھوڑ دیا تھا۔ لیکن بادشاہ وقت کے حکم اور کسی ضروری کام کے باعث شرفِ صحبت سے دور پڑا تھا۔ یہ رقعہ اس کی طرف لکھا گیا ہے:۔

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَلِکُلِّ اِمْرِءٍ مَّا نَوٰی فَمَنْ کَانَ ھِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَاِلٰی رَسُوْلِہٖ فَھِجْرَتُہٗ اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ (عمل نیتوں پر موقوف ہیں اور ہر شخص کے واسطے وہی ہے جو اس نے نیت کی۔ پس جس شخص کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف ہو۔ پس اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور رسول کی طرف ہے) آپ کو مبارک ہو۔ جس کی جیب زیادہ خالی ہوگی۔ وہی زیادہ آرام میں رہے گا۔ خاصکر اس وقت جبکہ دنیا کا طلب کرنا اور عزت کا ڈھونڈنا سراسر بے دینی اور آخرت کی طرف سے چشم پوشی اور روگردانی کا باعث ہے۔ جو کچھ پہلے لکھا گیا تھا۔ اس میں ہمارا اختیار نہ تھا۔ خلق کی شکستہ دلی نے دفعۃً ہمارے دل کو کھینچ لیا۔ اور شفقت کے غلبہ میں آکر (التعظیم لامر اللہ تعالیٰ کے امر کے لئے تعظیم ہے) کہ علم نے اپنے جمال کو ہم سے پوشیدہ کر دیا۔ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَیْنَ اِصْبَعَیْنِ مِنْ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ یُقَلِّبُھَا کَیْفَ یَشَآءُ (مومن آدمی کا دل، اللہ تعالیٰ کی دو انگلیوں کے درمیان ہے جس طرح چاہتا ہے پلٹا دیتا ہے) اب ہم اصلی بات کو بیان کرتے ہیں۔ کہ والدہ کے حکم کی تعظیم جن امور میں علماء دین نے جائز قرار دی ہے نہایت ہی ضروری ہے۔ بڑی تحقیق اور تفتیش کر کے اپنی والدہ کی خدمت میں حاضر رہیں۔ آپ کے ولی نعمت کی مرضی یہ ہے کہ خود کابل کی طرف جائے۔ اور اس طرف کے دوستوں کی مدد سے آپ کے لئے وجہ معاش مقرر کرے۔ چنانچہ مزار کو کہ اور اس کی والدہ اور بعض اور عورتوں کے آگے اس بات کو ظاہر کیا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوگا۔ وہی ظہور میں آئے گا۔ خواجہ عبدالانصاری قدس سرہٗ کا کلام ہے۔ کہ جب تو نہیں مانگتا تھا۔ تو دیتے تھے۔ اور اب تو مانگتا ہے تو نہیں دیتے (بن مانگے موتی ملیں مانگی ملے نہ بھیک) غرض اس راہ میں کئی ناز و ادا اور کرشمے ہیں۔ یہ بھی ایک قسم کی خواہش ہے۔ مثنوی

عجب دلبروں کی ہیں ناز و ادائیں ۔۔۔ کبھی جان نکالیں کبھی دل لبھائیں

Marfat.com

نگاہ ایک سے سو کرشمے دکھائیں فطرت دوسری سے بہانے بنائیں

اگر تو بھی طرح غور کرے۔ تو تجھے معلوم ہو جائے گا۔ کہ تیرے پیدا کرنے سے مقصود یہی طلب اور نیاز مندی اور بے آرامی ہے۔ محبت کا اعلےٰ مرتبہ یہی ہے۔ کہ محب کے سوا اور کوئی طلب نہ رہے۔ مثنوی

عشق عاشق کا جب ہوا کامل ہو گیا ہر طرف سے وہ غافل
بن گیا عشق قبلہ گاہ اس کا ہو گیا یار سے بھی بے پروا

یہی وصال ہے کہ تو عین مراد کے وقت اپنی مراد سے نامراد رہے ؎

ماجرا ذات کی تجلی کا کیا کہوں کچھ کہا نہیں جاتا

انہی دنوں میں ولایت کی سیر کا پختہ ارادہ ہے۔ امید ہے کہ چند روز کے بعد متوجہ ہونگے۔ میاں شیخ الہ داد نے خویشتن داری کر کے رہنے سہنے سے اپنے آپ کو قرار آرام دیا ہے۔ وہ شخص بڑا ہی مبارک اور خوش قسمت ہے۔ جو ان کی صحبت میں رہ کر ظاہری باطنی فائدے حاصل کرے۔ بیت

بے دلی کا درد بے یاری کا داغ اس جہاں سے ساتھ اپنے لے چلے

غرض جس شخص کو ان کی صحبت و خدمت نصیب ہو جائے بڑی غنیمت ہے۔ بخدا میں سچ کہتا ہوں۔ اس میں ذرا بھی تکلف نہیں ؎

مجھے گنج مقصود بتلایا ہم نے ملا گر نہیں ہم کو شاید تو پالے

والسلام +

رقعہ (۴۳)

ایک مرید کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالےٰ اس انسانی لطیفہ کو سیدھے راستہ پر رکھے۔ توجہ راست جس سے مقصود یہ ہے۔ کہ رائی غیب کے گرفتار ہو جائیں۔ اور توحید کی حقیقت اور اس کی روشنی سے بچ جائیں۔ بڑی اعلےٰ درجہ کی سعادت ہے۔ انشاء اللہ العزیز اسکی صفائی اور استقامت حاصل ہو جائیگی +

Marfat.com

رُقعہ (۴۴)

یہ رقعہ ایک امیر کی طرف جو بڑا اخلاص و شوق ظاہر کرتا تھا۔ ایک مخلص کے التماس اور مبالغہ پر جو اپنے آپ کو صالحین میں سے سمجھتا تھا۔ تحریر فرمایا ہے:۔

اللہ تعالیٰ ہم کو اعلیٰ درجہ کے مقصد اور مطلب تک پہنچائے۔ یعنی اس کے حکم کے آگے ہمہ تن امر اور فرمان بن جائیں۔ مناسب تو یہی ہے۔ کہ ہم اور ہماری خواہش درمیان سے دور ہو جائے۔ اور اُس کی بجائے شرع اور اُس کی مرضی آجائے۔ انسانی حقیقت کو جو محققین کے نزدیک مجرد روح سے مراد ہے۔ اپنے معبود کی مخالفت کی مجال نہیں کیونکہ وہ عالم امر سے ہے۔ اور عالم امر اس عالم کو کہتے ہیں جس میں ناجائز اور ناپسندیدہ فعل سے نہی واقع نہیں ہوئی کیونکہ اس میں نافرمانی کی قدرت اور طاقت ہی نہیں۔ لیکن جب اس مادی شکل کے ساتھ اس کا حسی تعلق ہوگیا۔ تو اس نے اپنے آپ کو اس میں گم کر دیا۔ اور اسی کے احکام کے رنگ میں رنگا گیا۔ اور اسی کی صفت سے موصوف ہوگیا حتیٰ کہ بہت سے تو اپنے وجود کے منکر ہو گئے۔ اور اس میں ہیکل محسوس کو خود بخود پیدا ہوا خیال کر لیا۔ اور اپنے آپ سے فانی اور دائمی بقا کے ساتھ جیتے رہے۔ بعض ان سے بھی آگے بڑھ گئے۔ اور ان سے زیادہ ظلمت اور سیاہی حاصل کی انہوں نے اپنی نفسانی خواہش کو اپنا خدا بنا لیا۔ اور ہمہ تن اسی کے حکم کے تابع بنے رہے غرض اصلی مقصود یہی ہے۔ کہ آدمی بن جائیں۔ انسان بننے کے لئے پوری پوری فرمانبرداری اور تسلیم ضروری ہے۔ اور جب تک نفس اور ارواح کو فناء حاصل نہ ہو یہ فرمانبرداری اور تسلیم حاصل نہیں ہوتی۔ یہ فنا اگرچہ محض اللہ تعالیٰ کی بخشش ہے۔ لیکن اس کی بہت سی شرطیں ہیں۔ وہ سبق بھی جو بعض بزرگوں کے سلسلہ عالیہ میں پایا جاتا ہے مجمل طور پر انہی شرائط میں داخل ہے۔ جن کے بغیر سلوک کے طور پر مقصود کا حاصل ہونا بہت مشکل اور محال ہے۔ اور یہ جو ہم نے کہا ہے کہ اصلی مقصود انسان بننا ہے۔ وہ اس لئے کہا ہے کہ باقی جو احوال و مقامات ہیں۔ وہ سب اسی کے نتیجے ہیں۔ اگر اس جہان میں ظاہر نہ ہونگے تو عالم آخرت میں جو نتیجوں کے ظاہر ہونے کا مقام ہے پورے طور پر ظاہر

Marfat.com

نہ ہوں گے۔

سبحان اللہ! احوال و مقامات کا کیا ذکر ہے۔ جو صاحب دولت نفس اور روح کے فنا سے مشرف ہو جاتا ہے۔ اس کا باطن ہمیشہ وجہ مطلق کے شہود کے غلبہ میں مغلوب رہتا ہے۔ اور اس ربانی کی حقیقت جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے۔ کہ مصرعہ

آج اس گھر میں صرف ایک ہی ہے

اس کے روح کی غذا بن جاتی ہے۔ باطنی حیثیت سے نہ اس کو اپنی خبر ہوتی ہے۔ نہ ماسوا کی اگرچہ ظاہری بہت سے جو کچھ کہ اس پر گذرتا ہے۔ اس سے واقف اور حاضر ہوتا ہے۔ جیسے کہ اہل اللہ لوگوں کے نزدیک مقرر ہے۔ فنا و روح کا نشان یہ ہے کہ دنیا اور آخرت اُسکی ہمت کی نظر میں نہیں آتے۔ اور حق تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی کے کشف کے وقت کرامات و مقامات اس کے دل سے محو ہو جاتے ہیں۔ راہ حق کے طالبوں اور سالکوں کا پہلا قدم طریقت میں توبہ خالص ہے۔ کیونکہ دل کے جوہر کو مقصود کے جمال ظاہر ہونے کا آئینہ ہے۔ گناہ اور نافرمانی اور غفلت و پریشانی کے اندازہ کے موافق سیاہی اور زنگار لگ جاتا ہے۔ اور جوں جوں سیاہی اور زنگار بڑھتا جاتا ہے۔ نابینائی اور تردد زیادہ ظہور کرتے ہیں۔ سب خرابیوں کی جڑ یہی بات ہے۔ یہ لوگ گناہوں کے دھوئیں سے سیاہ ہوئے ہوئے چراغ کے ساتھ اپنے مطلب اور مقصد کو ڈھونڈھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسم مضل کے مظہروں کے پیچھے پڑھ کر حیرانی اور بیکاری اور بیہودگی کے جنگلوں میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔ عارف ربانی حضرت ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ راستے دو ہیں۔ ایک وہ ہے جو بندہ کی طرف سے حق کی طرف جاتا ہے۔ دوسرا وہ جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندہ کی طرف آتا ہے۔ پہلے راستے میں گمراہی ہی گمراہی ہے۔ اور دوسرا راستہ سراسر ہدایت ہی ہدایت ہے۔ ہاں جب دل کا آئینہ خوب صاف ہو جاتا ہے۔ اور حق تعالیٰ کی ہستی کے ظہور کا نور چمکتا ہے یَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاءُ (اللہ تعالیٰ جسے چاہتا اپنے نور کی ہدایت دیتا ہے) کے معنی روشن ہو جاتے ہیں۔ اور ایمان کی حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے۔ اس وقت دل کے ساتھ جس چیز کی طرف رجوع کرتا ہے۔ گویا حق تعالیٰ کے ساتھ کرتا ہے۔ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ (مومن کا دل اللہ تعالیٰ کا عرش ہے) یہی وجہ ہے کہ یہ دل ہزارہا اسرار اور انوار کا خزانہ ہے۔ حضرت رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خطاب

Marfat.com

اِستَفتِ قَلبَکَ (اپنے دل سے فتویٰ لے) ایسے ہی صاحب دولت کے ساتھ ہے۔ الغرض جب ہادی کی تاثیر سے کسی صاحب دولت کے دل میں مقصود حقیقی تک پہنچنے اور ایمان حقیقی کے ساتھ مشرف ہونے کا ارادہ پیدا ہو جاتا ہے۔ تو اس کا پہلا قدم یہ ہے۔ کہ وہ نور ایمان اور معرفت کی روشنی سے دیکھ لیتا ہے۔ کہ گناہ زہر قاتل ہے۔ اور اس قسم کے زہر اس نے بہت کھائے ہیں۔ اور جب وہ مرنے کے قریب ہے۔ تو وہ ضرور پشیمان ہوتا ہے۔ اور اس کے دل میں خوف پیدا ہو جاتا ہے۔ اور اس کا نہ کوئی تدارک کرتا ہے۔ اور علاج کے درپے ہوتا ہے جیسے کہ کوئی شخص زہر قاتل کھا کر پشیمان ہوتا ہے۔ اور موت کے ڈر سے انگلی گلے میں ڈالتا ہے یا کوئی دارو کھاتا ہے تاکہ اس زہر کا اثر دور ہو جائے۔ اسی طرح وہ توبہ کرنے والا بھی جب دیکھتا ہے کہ جس شہوت و حرص کا وہ مرتکب ہوا ہے وہ اس شہد کی طرح تھے جس میں زہر ملا ہوا تھا۔ اس وقت تو میٹھا معلوم ہوا تھا۔ مگر آخر کار زہر نے اپنا ظاہر کر دکھایا ہوگا۔ تو اس کو ضرور اپنے گذشتہ گناہوں پر پشیمانی حاصل ہوگی۔ اور خوف اور پشیمانی کی آگ شہوت گناہ کی حرص کو جلا دیگی۔ اور وہ حرص حسرت سے بدل جائیگی۔ اور وہ ارادہ کریگا۔ کہ گذشتہ کا تدارک کر کے آئندہ کے لئے ایسا نہ کریگا۔ اس کے تمام حرکات و سکنات بدل جاتے ہیں اس سے پہلے گروہ رنج و راحت والوں میں سے ہوتا ہے۔ تو پھر معرفت والوں میں سے ہو جاتا ہے۔ پس اصل توبہ پشیمانی ہے۔ اور اس کا اصل نور معرفت و ایمان۔ اور اس نور کی روشنی کا نشان یہ ہے۔ کہ اس کے احوال بدل جاتے ہیں۔ اور اس کے تمام ظاہری باطنی اعضاء اللہ تعالےٰ کی معصیت اور مخالفت سے ہٹ کر اللہ تعالیٰ کی طاعت اور موافقت کی طرف آجاتے ہیں۔ پس جب تک کسی صاحب نفس سے یہ باتیں ظاہر نہ ہوں۔ تب تک جو رنج اور محنت اٹھاتا ہے سب ضائع اور بیہودہ ہے۔ اسے آگاہ ہونا چاہیے۔ کہ ابھی وہ طالب بھی نہیں بنا۔ کیونکہ حق تعالیٰ کی حقیقی طلب معرفت اور ایمان سے پیدا ہوتی ہے۔ اور اس کا نور اس مطلب کو ضرور ظاہر کرتا ہے۔ اور اگر طلب کی صورت اسکی نظر میں آتی ہے۔ تو وہ اس کی اپنی طبیعت سے پیدا ہوتی ہے۔ جو نفسانی اور روحانی حظوظ سے خوگر ہو چکی ہے کیونکہ اس گروہ کے مقامات و احوال اور ان کے شان کی بزرگی سن کر اپنے آپ کو اور اپنے احوال کو ناقص اور ناچیز معلوم کرتا ہے۔ اور لوگوں کے نزدیک یا حق تعالیٰ کی بارگاہ میں مرتبہ والا بننے کی محبت و حرکت میں آکر اس میں قلق و درد پیدا کر دیتی ہے لیکن اس کا

Marfat.com

کوئی ثمرہ اور فائدہ نہیں ثمرہ اور فائدہ اس وقت حاصل ہوتا ہے۔ جب اپنے یقین سے جان لے کہ یہ احوال و مقامات محض شریعت حقہ کی متابعت سے حاصل ہوتے ہیں۔ اور پھر وہ بھی شریعت کے احکام بجالائے۔ اور شریعت کے مخالف کاموں سے ہٹ کر شریعت کے موافق اپنا عمل درست کرلے۔ تب اس کو توبہ کی صورت حاصل ہوگی۔ ہاں سچ ہے توبہ کی صورت کے سوا طلب کی صورت کچھ فائدہ نہیں دیتی۔ اور شریعت کے ساتھ نور ایمان حاصل کرنے کے سوا توبہ کی صورت بھی بیفائدہ ہے۔ ان مقدمات سے ظاہر ہوا کہ توبہ بھی حق تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ کیونکہ نور ایمان و معرفت کا ظہور بھی حق تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ اس بیان سے قطب وقت شیخ ابوالحسن خرقانی قدس سرہٗ کے کلام کے اور معنی حاصل ہوئے۔

پوشیدہ نہ رہے کہ توبہ کے بھی بہت درجے ہیں۔ پہلا درجہ کفر سے توبہ کرنا پھر ایمان تقلیدی سے پھر گناہوں سے۔ پھر ان صفات سے جن سے یہ گناہ پیدا ہوتے ہیں جیسے کھانے کھانے کی حرص۔ کلام کی خواہش۔ مال و جاہ کی دوستی۔ حسد۔ کبر۔ ریا وغیرہ وغیرہ جو سب کی سب ہلاک کرنیوالی ہیں۔ پھر نفسانی وسوسوں اور خطروں اور ناجائز اور بیہودہ اندیشوں سے پھر ذکر الٰہی کی غفلت سے خواہ ایک ہی دم ہو۔ چونکہ ذکر (جس سے مراد حضور اور آگاہی ہے) کے درجات بے نہایت ہیں۔ اس لئے توبہ کے درجات بھی بیشمار ہیں۔ کیونکہ ہر ناقص امر سے توبہ کرنا واجب ولازم ہے۔ پس پہلے قدم میں اپنے گذشتہ گناہوں سے پشیمان ہونا۔ اور اس بات کا ارادہ کرنا کہ حتی المقدور ایسا کام پھر نہ کرونگا۔ طلب کی ضروریات میں سے ہے۔ ایسی توبہ اگرچہ پہلے ہی قدم میں ظاہر ہو جاتی ہے۔ لیکن کسی وقت بھی سالک سے دور نہیں ہو سکتی حضرت سہل تستری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ توبہ یہ ہے کہ تو گناہ کو نہ بھولے۔ یہ بات بھی مذکورہ بالا کلام کی تائید کرتی ہے۔ کیونکہ جب تمام حجابات اور منازل سے پشیمانی ہوگی۔ تو توبہ بھی ہرگز ختم نہ ہوگی۔ اَلْمُرِیْدُ ھُوَالرَّاجِیْ بِاَوَّلِ قَصْدِہٖ اِلَی اللّٰہ (مرید وہ ہے۔ جو اپنے پہلے ہی ارادہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف جانیوالا ہو) چونکہ یہ انجذاب صدر حقیقی سے اس کو حاصل ہوکر اس کی باطنی نظر وہاں پڑتی ہے۔ اس لئے جو کچھ درمیان ہے۔ اس کو گناہ جانتا ہے۔ اسی بات پر نظر کرکے اکثر بزرگوں نے مشاہدہ کو مجاہدہ پر مقدم سمجھا ہے۔ اور نصوح جو توبہ کی صفت واقع ہوئی ہے۔ فعول بمعنی فاعل یعنی کَثِیْرَۃُ النُّصْحِ (بہت نصیحت والی) اسی اعتبار سے ہو سکتی ہے اگرچہ اس کے اور بھی معانی ہیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے۔ کہ توبہ کی حسرت اور پشیمانی اس طرح توبہ

Marfat.com

کرنے والے کی دامنگیر ہو جاتی ہے۔ کہ گناہ کرنے کے ارادہ پر بھی قادر نہیں ہوتا۔ اور یہ جو اس بزرگ نے کہا ہے۔ کہ توبہ یہ ہے۔ کہ گناہ فراموش نہ ہوں۔ اسی کے مطابق ہے۔ اور وہ جو سید الطائفہ جنید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ توبہ یہ ہے۔ کہ گناہ بھول جائیں۔ یہ بھی اسی کے موافق ہے۔ وہاں حسرت کی یادداشت ہے۔ اور یہاں ملامت کی فراموشی۔ پس نصوح کے یہ معنی ہوئے۔ کہ بڑے مبالغہ سے نصیحت کرنیوالی توبہ یا زیادہ نصیحت کرنیوالی توبہ اس طرح پر کہ توبہ کرنے والے کو ہر گھڑی اور ہر لحظہ نصیحت کرتی ہے جس کے باعث اُس کو نصیحت کی باتیں سُننے کی حاجت نہیں رہتی۔ اور شیطان کے مکر اور وسوسہ سے بچ جاتا ہے۔ جو اچھی اچھی صورتوں میں جلوہ گر ہو کر ہلاک کرنیوالے کبیرہ گناہوں کے ارتکاب کا باعث ہوتا ہے +

رُقعہ (۴۵)

ایک خلیفہ کی طرف اُس کے عریضہ کے جواب میں لکھا ہے:۔

حق تعالیٰ دن بدن اپنی عنایت کے آثار اور ہدایت کے انوار زیادہ نازل فرمائے آپ نے ایک درویش کے بارہ میں جو رابطہ کے طریق میں مشغول تھا اور اس کے غلبہ میں مغلوب اور غائب تھا۔ کچھ لکھا تھا ہم سے اس قسم کی باتیں پوچھنے کی کیا ضرورت ہے۔ اپنے صاف اوقات میں مشائخ طریقت یا فقیر کی روحانیت سے تحقیق کر لیا کریں۔ اور اگر اس طرح تحقیق نہ ہو۔ تو اس طرح پوشیدہ لکھا کریں۔ کہ دوسرے طالبوں کو خبر نہ ہو۔ خیر جو کچھ ہوا سو ہوا اب اس طرح کے مغفول درویش کا علاج یہ ہے۔ کہ وہ چند دن کے لئے دنیاوی کاموں کو چھوڑ دے۔ اور بڑی کوشش سے اپنے تمام اوقات کو اسی شغل میں صرف کرے۔ تاکہ صورتوں اور شکلوں کے مراتب سے گذر کر حضور کے شرف سے مشرف ہو۔ اور اس میں تمکین حاصل کرے۔ اور ایک شخص کو مقرر کر دیں۔ تاکہ اس کو خاص اوقات میں حاضر کر دیا کرے اور اگر اس کی مشغولی کے وقت بار بار توجہ اُس کے حال پر پہنچائی جائے۔ تو اُمید ہے کہ جلدی عبور کر لیگا۔ بشرطیکہ اہل و عیال کے حقوق اس کے دامنگیر نہ ہوں۔ ورنہ وہی پہلو توجہ ہی کافی ہے۔ لیکن اثنائے شغل میں اگر کشف کا دروازہ اس پر کھول دیں۔ اور اس کو عالم مثال کی سیر کرائیں۔ تو اس حال میں اس کے لئے بہتر یہی ہے۔ کہ اس کو کہیں کہ ان واقعات و احوال کی نفی کرتا رہے۔ اور اپنی نظر کو اپنے وجود کے دائرہ سے باہر نہ جانے دے اور ہمیشہ

Marfat.com

اپنی صفا اور فنا میں کوشش کرتا رہے۔ ہاں جب غیبت حاصل ہو جائے۔ تب اپنے آپ کو اس بے شعوری میں رہنے دے۔ ہاں جب غیبت حاصل ہو جائے۔ تب اپنے آپ کو اس بے شعوری میں رہنے دے۔ اور اگر اس بے شعوری کی حالت میں بھی مثالی صورتیں ظاہر ہوں۔ تو پھر اس نفی سے ان کو دور کرے۔ کلمہ بازگشت کو (یعنی خداوندا تو اور تیری رضا میرا مقصود ہے) واقعات کے دور کرنے میں بہت دخل ہے۔ مگر فنا سے پہلے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اور خاص خاص اولیائے کرام کے ارواح ظاہر ہوں۔ تو ان کا کچھ اعتبار نہ کرے۔ کیونکہ اکثر ان کے لطیفے ان کی شکلوں میں ظہور کرتے ہیں۔ نہ کہ ان کی اصلی صورتیں اور ثابت ہو چکا ہے۔ کہ انسان کامل میں سات لطیفے ہیں۔ (۱) لطیفہ قالب (۲) لطیفہ نفس (۳) لطیفہ قلب (۴) لطیفہ روح (۵) لطیفہ سر (۶) لطیفہ خفی (۷) لطیفہ اخفی۔ ان سب لطائف سے زیادہ معتبر لطیفہ روح ہے۔ جو انسان کا مظہر اور تمام لطیفوں کا جامع ہے۔ ہر لطیفہ کے احکام و آثار کا الگ الگ حاصل ہونا چنداں معتبر نہیں۔ اگرچہ ان کا ظہور بھی سعادت کا موجب ہے۔ والدعاء

رُقعہ (۴۷)

ایک مخلص ارادت کے ادب اور خدمت کے حقوق جانتا تھا۔ اسی سبب سے اس کو تکلیف پہنچتی تھی۔ یہ خط اس کے لئے لکھا گیا۔ ابھی قاصد یہ خط نہ لے گیا تھا۔ کہ اسی موقعہ پر غیب سے پیش آیا۔ اور اس توجہ عظیمہ قریبہ کا وعدہ جو اس خط میں درج ہے ایک دوسرے دوست کو پہنچ گیا۔ جو اس وقت حاضر تھا۔ یہ خط بھی اسی عزیز کو دیدیا جس سے اس کے حق میں طرح طرح کی ہدایت و ارشاد کے دروازے کھل گئے ؎

کرنا نہ کام ایسا جو رشک بڑھ جائے　　مجھ سا شکار تیری ہاتھوں سے یوں ہی جائے

تمہارا ہاتھ کا سکھایا ہوا جانور بہت ہی نازک مزاج ہے۔ واللہ کہ اس مسکین کے ہاتھ میں بھی نہیں۔ بہت ہی کم پرواز ہے۔ اس نے اس میدان کی گرمی اور سردی نہیں دیکھی جہاں تک ہو سکے۔ اس کو نیاز میں رکھنا چاہیئے۔ عادت اللہ اسی طرح جاری ہے۔ کہ واسطہ اور وسیلہ کی عزت و تعظیم کا بجا لانا بے شمار فیض کا باعث ہے۔ بیت

چھوڑ کر ہم کو غیر سے تو ملے　　خوف غیرت کا تو ذرا نہ کرے

Marfat.com

زیادہ لکھنا گستاخی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ انہی پانچ چھ دنوں تک تمہاری طرف متوجہ ہونگی اس سے پہلے بھی ایک دن اشارہ ہوا۔ کہ تمہاری طرف توجہ کرنے میں سستی نہ کریں۔ اور یہیں سے تمہاری ترقی کے لئے نائبانہ توجہ سے کام لیں۔ اگر اللہ تعالیٰ نے توفیق بخشی تو دریغ نہ کرینگے۔ خیر ظاہر ہوا۔ کہ ابھی تمہارا کچھ لڑائی جھگڑا میان ہے۔ ایسے وقت میں یہ بات مناسب نہیں۔ کوشش کرنی چاہیئے۔ تاکہ عین الیقین سے حق الیقین تک پہنچ جاؤ۔ اور بقا باللہ کی بلندی میں نزول کرو۔ تاکہ عاشق میں معشوق کے سیر کے آثار ظاہر ہوں (وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى (نہیں مارا تو نے جس وقت کہ مارا تو نے لیکن اللہ تعالیٰ نے مارا) کا ذوق حاصل ہو۔ اور (كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ (ذات الٰہی کے سوا سب شے فانی ہے) کا راز کھل جائے جب تک اس مقام پر نہ پہنچیں۔ خلافت الٰہیہ حاصل نہیں ہوتی۔ سلطنت تحقیق کے بادشاہ خواجہ احرار قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ کہ جب تک (مَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ) کا عکس باطن میں نہ پڑے تب تک واصل نہیں کہہ سکتے۔ کوئی شخص یہ گمان نہ کرے۔ کہ یہ بات توحید کے انوار ظاہر ہونے پر بھی حاصل ہو جاتی ہے۔ ہرگز نہیں۔ سب کو کثرت کے طور پر دیکھنا اور ہے اور سب کو واحد کے طور پر دیکھنا اور۔ جاننے والے جانتے ہیں۔ یہ بات (كَانَ اللّٰهُ وَلَمْ يَكُنْ مَعَهٗ شَيْءٌ (اللہ تعالیٰ موجود تھا اور کوئی شے اس کے ساتھ موجود نہ تھی) کا ظہور ہے جیسے کہ ازل میں تھا۔ ابھی الآن کما کان (اب بھی ویسا ہی ہے۔ جیسے کہ تھا) کا راز اور ہے۔ وہ بہت ہی دقیق ہے۔ جو تحریر اور تقریر میں نہیں آسکتا۔ والسّلام والاکرام ٭

مکتوب (۴۷)

ایک خلیفہ کی طرف صادر فرمایا ہے:۔

اس برگزیدہ دوست کا محبت نامہ صادر ہوا۔ احوال و آثار معلوم ہوئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو نہایت اعلیٰ درجہ اور مقصد تک پہنچائے۔ آپ کو یاد ہے کہ وقت بہت ہی نازک ہے۔ اب تمام کاموں کو چھوڑ دینا چاہیئے۔ اور تمام ظاہری باطنی باتوں اور طاقتوں کے ساتھ اس طلب مقصود کو قلب صنوبری تک پہنچانا چاہیئے۔ تاکہ حق الیقین کا کمال ظاہر ہو۔ اب بھی ان پانچ چھ دنوں تک آپ کی طرف متوجہ ہوں گے۔ خواجہ بزرگ قدس سرہٗ کا حکم یہی ہے۔ کہ ہم آپ کو تنہا چھوڑیں گو ہم یہاں بھی آپ کے حال سے غافل نہیں ہیں۔ لیکن کیا کریں۔ ہمیں آپ کا خادم

Marfat.com

بنا دیا ہے۔ یا دَاوٗدُ اِذَا رَئَیْتَنِیْ طَالِبًا فَکُنْ لَہٗ خَادِمًا (اے داؤد جب تو میرے کسی طالب کو دیکھے تو اس کا خادم بن جا) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالْمِنَّۃُ ۔

رُقعہ (۴۸)

ایک خلیفہ کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ آپ کے شہود اور معرفت کو زیادہ کرے۔ واقعہ کی صورت بہت اچھی ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا ثمرہ یعنی فنا جو تعینات کے جل جانے اور آتش تجلی کے ظاہر ہونے سے مراد ہے۔ پورے طور پر ظاہر ہو جائیگا۔ آپ معلوم کرتے رہیں۔ کہ وجود کی توحید نے پہلے کی نسبت کیا رنگ پیدا کیا ہے، اور کس قدر فرق ہو گیا ہے۔ اگر اور رنگ ہے۔ اور ترقی اس کے درجات میں ہے۔ تو جان لیں کہ نئے معنی کی صورت ہے۔ ورنہ پہلے حال کی صورت مطالعہ میں آئی ہے۔ یہ بات ملاقات کے وقت ثابت ہو جائیگی۔ نیز مصرعہ

وہ ہماری جان سے ہے نزدیک تر

یہ اشارہ کمال قرب کی طرف ہے۔ جو صفات سلبیہ سے ہے جس سے مراد عدم بعد ہے یا تفرقہ باعتبار صورت اور حقیقت کے ہے۔ یا دوسرا مراد صورت سے ہے۔ اور اول مراد حقیقت سے۔ لیکن یہ قرب صفات سلبیہ سے مقید قرب اور صفات ثبوتیہ مقید قرب کی نسبت مطلق اور عام قرب ہے۔ بلکہ قرب مخصوص محض وہمی ہے اَلْعَالَمُ غَیْبٌ لَا یُظْہِرُ قَطُّ (عالم غیب ہی غیب ہے جو کبھی ظاہر نہیں ہوا) مانی ہوئی بات ہے۔ وَالسَّلَام ۔

رُقعہ (۴۹)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

اِنَّ اللّٰہَ یَحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِہٖ (اللہ تعالیٰ انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے) یہ ایک ایسا کلام ہے۔ جو ان امور کے ظہور کا جامع ہے۔ جو ظہور حق اور فنا مطلق (کہ شعور کو بھی شعور نہ رہے) کو اسکی عادت کے برخلاف ہیں۔ خواہ مرء (انسان) کو اندیشہ سے تعبیر کرو خواہ قلب کو۔ یعنی شعور کا بالکل رفع ہو جانا ذات الٰہی کے شہود کے سوا میسر نہیں ہوتا۔ اگرچہ ضعیف الحال ابتدا میں اسباب سے مطلع نہ ہو۔ اسی طرح مرء (انسان) سے تعین اول مراد لو خواہ

Marfat.com

متعین۔ اور اگر قلب سے مراد وہ حقیقت جامعہ لو جسے عرش الرحمٰن کہتے ہیں۔ تو یہ بھی ہو سکتا ہے کیونکہ پراگندہ خطرات اور بیہودہ مرادیں ہی اس حقیقت کو ظاہر ہونے نہیں دیتیں۔ اور یہ سب کی سب تجلیات حق کی صورتیں ہیں مَنْ لَمْ یَمْلِکْ عَیْنَہٗ، فَلَا قَلْبَ کہ، (جو اپنی آنکھ کا مالک نہیں اس کا قلب بھی نہیں) اہل دل وہ آدمی ہے جو مرتبہ عین تک پہنچا ہے۔ اور ثابت ہے کہ وجہ باقی کا ارادہ مسخر ہے۔ کیونکہ جب تک مراد کی شعور نہ ہو۔ تب تک ارادہ متصور نہیں ہو سکتا ہے۔ اسی شعور سے مراد عین ہے +

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ سالک کی وہ توجہ جو شعور کے دور ہو جانے کے وقت اس کے ظہور کے بعد ہوتی ہے۔ حالانکہ مطلق بے شعور نہیں ہوتا۔ اور وہ بھی ایک حال ہے جو علم میں مندرج ہے بغیر اس کے اس کے ساتھ ہے۔ وہ توجہ حقیقت میں وجہ باقی کا ارادہ ہے۔ بلکہ اس کے حصول کا ارادہ ہے۔ پس جس شخص کی نظر الٰہ باطلہ (جھوٹے خداؤں) کے تصرفات کی طرف منصرف ہو۔ وہ ہلاک ہو گیا۔ کیونکہ آدمی دل ہی کے باعث آدم کے ساتھ نسبت رکھتا ہے ؎

جو رکھتا ہے صرف آدمی کی سی صورت — نہیں اس میں کوئی بھی آدم کی سیرت
نہیں ملتا ہر سر سے رازِ حقیقت — مگر جس میں ہو گی یقین کی سعادت

رقعہ (۵۰)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے :-

حضرت سہل تستری رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے پوچھا۔ کہ یقین کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یقین اللہ ہی ہے۔ طریقہ علیہ نقشبندیہ کے مشائخ قدس سرہم نے فرمایا ہے۔ کہ ہمارا طریقہ دائمی حضور اور آگاہی ہے۔ بغیر اس بات کے کہ ارادہ کی پراگندگی اور فتور حائل ہو خواہ ذکر کے لباس میں خواہ توجہ کی صورت میں خواہ رابطہ کے وسیلہ میں۔ خواہ کچھ بھی ہو۔ مقصود حضور مع اللہ ہے۔ جب اس کیفیت کا حضور حاصل ہو جائے۔ کہ غیر کے وجود کا خطور اس کا مزاحم اور مانع ہو۔ اس حضور کو وجود علام کہتے ہیں۔ جب یہ امر سالک کا ملکہ ہو جائے تو اسے مشاہدہ کہتے ہیں۔ اور جب حضور کی کیفیت کو بھی اپنی کیفیت سے نہ دیکھے۔ تو گویا وہ فنا حقیقی سے مشرف ہو گیا۔ اس مقام میں لَا یَعْرِفُ اللّٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ ہی پہچانتا ہے) کے معنی ظاہر ہوتے ہیں۔ اس مقام میں نہ ارواح ہیں نہ اشباح۔ شہود مشاہدہ کی طرف جا پڑتا ہے۔ جب وجود حقانی کا لباس

Marfat.com

پہن کر ظاہر ہوتا ہے۔ اور اپنی تمام صفات کو حضور کی طرح اپنے آپ میں معلوم نہیں کرتا۔ تو اس وقت فضل الٰہی کی مدد سے اجسام کے فضول اور اجناس کو سراسر اعراض دیکھتا ہے اور اعراض کے وجود کو معقولات ثانویہ سے جانتا ہے۔ اور اَلْاَعْیَانُ مَا شَمَّتْ رَائِحَۃَ الْوُجُوْدِ۔ (اعیان نے وجود کی بُو بھی نہیں پائی) کا راز اس میں ظاہر ہو جاتا ہے۔ اور زبان حال سے یہ گیت گاتا ہے۔ رُباعی

جب تک میں چشم سر سے حق کو نہ دیکھ لونگا — اُس کی طلب سے ہرگز اک دم نہ میں تھموں گا
کہتے ہیں چشم سر سے حق دیکھنا ہے دشوار — مرا ہے حال ایسا ان کا ہے ویسا اے یار

اور یہ جو بعض نے راہ سلوک میں تجلیات کی تین قسمیں مقرر کی ہیں۔ اور پہلی قسم کو جو تجلی صوری ہے۔ مبتدیوں کے مناسب کہا ہے اور دوسری قسم کو جو تجلی معنوی ہے۔ متوسطوں کے حال کے مناسب جانا ہے۔ اور تیسری قسم کو جو تجلی ذاتی ہے منتہیوں کے حال کے مناسب کہا ہے اور بعض نے ان کی چار قسمیں مقرر کی ہیں۔ اس طرح پر کہ قسم اول کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ اور ان کا نام تجلی صوری اور تجلی نوری رکھا ہے۔ یہ بات ہمارے سلسلہ کے بزرگوں کے طریقہ میں صریح طور پر کہیں نہیں ہے یہ بزرگ الحاد اور حلول اور تشبیہ سے فارغ ہیں۔

حاصل کلام یہ کہ وجود عدم کے ظہور میں بہت سی پوشیدہ اسرار ہیں۔ نہایت تک پہنچنے کے بعد اس کے بعد اسرار ظاہر ہو جاتے ہیں۔ اور تجلی صوری اور نوری اور معنوی سب اسی مشہد میں مندرج ہو جاتی ہیں۔ چونکہ ہمارے بزرگوں نے اپنی کتابوں میں اس امر کو صریح طور پر بیان نہیں کیا۔ اس لئے ہم بھی ان کی متابعت کر کے قلم کو اس کے لکھنے سے روکتے ہیں۔ والسلام ۔

رُقعہ (۵۱)

یہ خط ایک بزرگ زادہ مخلص کی تقریب پر اس کی استعداد کے موافق لکھا گیا ہے

یہ بزرگ زادہ توحید کے مرتبہ بلند کی طرف مائل تھا۔ چونکہ اس سلسلہ شریفہ کی نسبت تمام نسبتوں کی جامع ہے۔ توحید کی راہ سے بھی مقصود حقیقی تک پہنچا دیتے ہیں۔ ورنہ توحید کے مقید کو ان بزرگوں کی نسبت کے ساتھ جمع کرنا ممکن نہیں ۔

اللہ تعالیٰ اطلاق سے متنزل کر کے ارواح کے لباس میں جلوہ گر ہوا۔ اور نہایت لطافت کے باعث ارواح کو یہ قوت دی ہے کہ جس چیز کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اسی کا

Marfat.com

حکم پکڑ لیتے ہیں اور اسی کے رنگ میں رنگے جاتے ہیں۔ اور کے ساتھ اس طرح مل جاتے ہیں۔ کہ پہچانتا ہے۔ چنانچہ عام لوگ اپنے آپ کو مادی اور جسمانی شکل سے متمیز نہیں کر سکتے۔ نیز ہر مخلوق میں تمام مخلوقات کو مندرج کیا ہے۔ جب یہ مقدمہ معلوم ہو چکا تو اب جاننا چاہئے کہ جب چاہیں کہ اس روح مقید گرفتار سے تعلق اور تقلید کا لباس اتار کر اس کو اپنے اصلی وطن کی طرف لیجائیں۔ تو بعض ان اذکار کو جو برزخ کا حکم رکھتے ہیں یعنی وصفی حیثیت سے وہ اطلاق کے مناسب ہیں۔ اور تلفظ اور تخیل کی حیثیت سے تقلید کے مناسب ہیں۔ اس کا غمخوار اور مونس بنا دیتے ہیں۔ روح اپنی استعداد کے موافق جلدی یا دیر سے اس طرف متوجہ ہوتی ہے۔ چونکہ روح کا تعلق اس بدن عنصری کے ساتھ بہت ہی محکم اور مضبوط ہے۔ اس لئے پہلے قلب صنوبری کی طرف جو اس کے ارکان میں سے بہت بڑا رکن ہے۔ توجہ فرماتے ہیں وہ بھی اسی راہ پر آجاتا ہے۔ جس سے بیرونی شغل دور ہو جاتے ہیں۔ حواس بیکار ہو جاتے ہیں۔ قوت لامسہ جس کے ذریعے صورت دریافت ہو سکتی ہے۔ کمزور ہو جاتی ہے۔ چونکہ بدن کے ساتھ روح کی معیت ثابت ہے اس لئے بدن کا وجود حقیقی جو صفت حیات کا پرتو ہے تجلی کرتا ہے اور چونکہ حقائق الٰہی کے احکام کے ساتھ ظاہر وجود کامل جانا وجود کے متعدد ہونے کا باعث نہیں۔ اس لئے حقیقت منکشف ہو جاتی ہے اور فنا حاصل ہو جاتی ہے۔ کیونکہ یہ معیت ہی تجلی معنوی ہے اور بقا جو اس پر مترتب ہے وَلِیْ یُبْصِرُ وَبِیْ یَسْمَعُ (میرے ساتھ دیکھتا ہے اور میرے ساتھ سنتا ہے) کے کمال کا موجب ہے۔ جو اس رباعی کے مصداق ہے۔ رباعی

دلبر کا عشق مجھ میں ہے اس طرح بسایا ہستی جلا کے میری اپنا ہے رنگ جمایا
میرا وجود اس نے سب اپنا ہے بنایا ہے نام صرف میرا باقی سب اس کی کایا

اور چونکہ اَلْکُلُّ یَنْدَرِجُ فِی الْکُلِّ (کل کل ہی میں مندرج ہوتا ہے) اس لئے اس مقام میں متمکن آدمی حالت شعور میں اپنے اختیار سے تجلی نوری کے ساتھ جو نور بیرنگ بے خبر و بے شکل کی صورت میں تجلی سے مراد ہے۔ مشرف ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ نیچے کی منزل ہے۔ یہ ہیں وجود عدم کی منزل کے دقائق۔ لیکن وجود فنا لَا یَعْرِفُ اللّٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (اللہ کو اللہ تعالیٰ ہی پہنچاتا ہے) کے مقام میں ہے۔ اس فناء کو فناء اتم اور اکمل کہتے ہیں۔ جناب ارشاد مآب مخدومی و قبلہ گاہی مولانا خواجگی قدس سرہٗ فناء اتم کے بارہ میں یہ بیت پڑھا کرتے تھے۔ بیت

Marfat.com

مدح و ذم کا تجھ میں گر ہے کچھ اثر خود پرستی ہے تری یہ سر بسر

نیز فرمایا کرتے تھے کہ جب مدح و ذم کی تاثیر اس توجہ اور شکستگی میں جو حق تعالیٰ کی طرف ہوتی ہے۔ مزاحم نہ ہو۔ اس وقت فنا و اتم حاصل ہوتی ہے۔ اس بیان سے خواجہ بزرگ قدس سرہٗ کے اس کلام کے معنی معلوم ہو جاتے ہیں۔ جو آپ نے فرمایا ہے۔ کہ وجود عدم وجود بشریت کی طرف عود کرتا ہے۔ لیکن وجود فنا ہرگز عود نہیں کرتا۔ والسلام والاکرام ٭

رقعہ (۵۲)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

دعاگو محمد باقی نے آگرہ میں گستاخی کر کے اس بند کے لکھے ہوئے خط کو کھول لیا۔ اور اپنی نیاز مندی خط بھیجنے والے کی عرض کے ضمن میں درج کر دی۔ انشاء اللہ العزیز مقبول ہوگی۔ اگرچہ یہ پروانے اور سفارشیں سب کی سب بر محل اور کثیر الاجر ہیں۔ اور ان کی قبولیت اور اجر میں دخل دینا بہت ثواب کا موجب ہے۔ لیکن چونکہ میاں شیخ رفیع الدین کے ساتھ ہماری سابقہ محبت اور معرفت ہے اس لئے ان کی پروانہ سفارش کے بارہ میں زیادہ تر یاد دہ التماس کی جاتی ہے۔ کہ ایک شخص درویشوں کے علم اور عمل سے آراستہ پیراستہ ہے۔ اور مشائخ قدس سرہم کے ساتھ رابطہ و نسبت بھی رکھتا ہے۔ لیکن احتیاج اور بعض ضروری حادثوں کے باعث دو سو روپیہ کا محتاج ہے۔ جس کے باعث وہ بیچارہ درویش نہایت ہی بیقرار اور پراگندہ دل ہے۔ اگر اس خیر کو بھی ان خیرات کے ساتھ جمع کر لیں۔ جو خواجہ حسام الدین نے پوشیدہ مقرر کی ہیں۔ اور لائق جگہ دیکھ کر آسان طریقہ سے بانٹ دیا کریں تو اس سے مومنوں کے دل بہت خوش ہوں گے ٭

رقعہ (۵۳)

یہ رقعہ نظام تھانیسری کی طرف جو وقت کے مشائخ میں سے ہیں۔ لکھا گیا ہے۔ چونکہ ہر ایک شخص کی زبان سے سنا جاتا ہے کہ اس وقت ہندوستان کے مشائخ اور درویشوں خاصکر چشتیوں میں سے کسی کا بھی سلوک شیخ کے سلوک کے برابر نہیں ہے۔ لیکن چونکہ خود اہل دین کے عقائد اور اہل طریق کے راستہ کی تحقیق نہیں کرتے یا قوت فہم اور روشنی باطن

Marfat.com

سے طریقت کی باتوں کو جو اصطلاح پر وابستہ ہوتی ہیں سمجھ سکیں۔ اس لئے صرف بزرگوں کی تصنیفات کو اپنی مجلس میں حاضر کر کے بعض زباندان عالموں اور طالب علموں سے ان کا ترجمہ سن سنا کر اپنے ادراک اور سلوک اور مشرب کے مطابق اس بحث کی تحقیق کر لیتے ہیں۔ چونکہ علماء مذکورہ ترجمہ اور اصطلاح کے سمجھنے میں غلطیاں کر جاتے ہیں۔ کیونکہ بزرگوں کی باتوں کا سمجھنا بہت مشکل ہے۔ اور شیخ کی تمام تحقیقات اور تصنیفات اس قسم کے ترجمہ پر مبنی ہیں جن میں بہت نقص اور غلطیاں پائی جاتی ہیں۔ چونکہ اپنے ہمعصروں سے ممتاز اور برگزیدہ ہونے کے باعث شیخ مذکور مرجع خلق بنے ہوئے ہیں۔ اور نیز ان ترجموں کو دیکھ کر بعض بزرگوں اور گذشتہ مشائخ کی طرف نقص اور غلطی عاید ہوتی تھی۔ اس لئے حضرت ایشان نور مرقدہٗ نے حق بات کے ظاہر کرنے کے لئے کھلم کھلا سچی باتیں ظاہر کر دیں۔ اور یہ خط اس بارہ میں تحریر کر کے شیخ موصوف کی خدمت میں بھیجدیا۔ اس خط کے پہنچنے کے بعد ان مسائل مذکورہ میں اس شیخ مذکور کے یاروں میں تغیر و تبدل دیکھا گیا۔ لیکن یقیناً معلوم نہیں ہوا کہ شیخ مذکور نے جو دراصل جوہر عالی رکھتے ہیں۔ اصلی مقصود حاصل کیا ہے یا نہیں۔ اللہ تعالےٰ اپنی اور اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی مہربانی سے شیخ مذکور اور اپنے تمام طالبوں کو شریعت کے راستہ پر ثابت قدم رکھے۔ اللہ تعالےٰ اعلےٰ درجہ کے مقصد تک پہنچائے۔ اس گستاخی سے مقصود یہ ہے۔ کہ فرقہ ناجیہ کا مذہب رائج ہو۔ جو کتاب و سنت کے متوسل اور عامل ہیں۔ اور مَا اَنَا عَلَیْہِ وَ اَصْحَابِیْ (جس پر میں ہوں اور میرے یار) کے مشرف ہے نیز اس گروہ کے مشائخ کی تحقیق منظور ہے۔ جن کو صوفیہ عالیہ کہتے ہیں۔ تاکہ ایسا نہ ہو کہ کوئی بے سمجھ غلطی میں پڑھ جائے اور ان بزرگوں پر طعن کرے۔ یا آپ ہی بداعتقادی کے بھنور میں ڈوب کر ہلاک ہو جائے۔ الغرض اس روز ہم نے آپ کی خدمت میں بیان کیا تھا۔ کہ ملکوت اور جبروت کا کشف تجلّی صوری میں داخل ہے۔ اور آپ کا کشف لاہوت بھی صاحب لمعات کے طور پر تجلّی صوری میں داخل ہے۔ کیونکہ تجلّی صوری اس بزرگ کے نزدیک خارج میں موجود ہوئی ہوئی ممکنات میں سے کسی ممکن میں حق تعالےٰ کے ظہور سے مراد ہے۔ خواہ وہ صورت حواس ظاہری کے عالم سے ہو۔ خواہ عالم مثال سے۔ خواہ بیرنگ، بے شکل بے خبر نور کی صورت ہو۔ خواہ کوئی امر ہو۔ اور ابوالبرکات شیخ علاؤالدولہ سمنانی قدس سرہٗ کے نزدیک یہ تجلّی نور ہے۔ جو سلوک کے متوسطوں کو توسط

Marfat.com

کے ابتداء میں حاصل ہوتی ہے۔ آپ نے مہربانی کر کے خود فرمایا تھا کہ وہ تجلی جو نور سبز رنگ بے شکل بے چیز کی صورت میں ہے۔ وہ ذات مطلق کی تجلی ہے۔ نیز اس مشہد اور مقام میں بصیرت کے ساتھ روایت اور دریافت کو ثابت کرتا ہے یہ بات بھی دوسرے مذہب کے موافق اس جہان میں تجلی صوری کے خاصوں میں سے ہے۔ قطب المحققین اور برہان الموحدین خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ نے اپنی کتاب تحقیقات میں مفصل طور پر اس جہان میں رویت کی نفی کا بیان کیا ہے اس کتاب کی بعض عبارات درج کی جاتی ہے۔ تمام مشائخ کا اس بات پر اتفاق ہے۔ کہ وہ شخص گمراہ ہے جو یہ بات کہتا ہے۔ اور جو یہ دعویٰ کرتا ہے وہ جھوٹا ہے۔ اور وہ خدا کو نہیں پہچانتا حضرت ابو سعید خراز اور جنید اور دوسرے مشائخ قدس سرہم نے ایسے مدعی کے گمراہ اور جھوٹا ہونے کے بارہ میں بہت گفتگو کی ہے۔ اور بہت کتابیں اور رسالے لکھے ہیں۔ ان کی یہ کتابیں اور رسالے اس امر کے کافی گواہ ہیں۔ خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ کا کلام ختم ہوا +

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ تجلی معنی علوم و معارف اور اذواق کی صورت میں ہوتی ہے۔ اور علم اور صورت مثالی میں بہت فرق ہے۔ اس علم سے مراد سالک کا علم ہے۔ اور تجلی ذاتی اس اسم کی صورت میں جو صاحب تجلی کا مبدء تعین ہے۔ ذات کے ظہور سے مراد ہے۔ لیکن جمال مطلق کا مشاہدہ جس کو فنائی اللہ کہتے ہیں وہ اور ہے۔ وہ ہستی حقیقی کے جمال کی طرف (جو صفات کی حیثیتوں میں سے ایک حیثیت ہے) اس کیفیت کے ساتھ روح کے کھچ جانے سے مراد ہے۔ کہ اس کا انجذاب شعور بھی نہ رہے۔ جیسے کہ وہ خواص کی طرف متوجہ ہونے والوں کا حال ہوتا ہے۔ اور اسی اسم کے پردہ میں ذاتی جمال کا مشاہدہ ہے۔ جیسے کہ طریق تربیت کے سالکوں کو ہوتا ہے۔ جبکہ اس اسم تک پہنچ جائیں اور اس کا مطلق کہنا تعینات سے اس کے اطلاق کے باعث ہے۔ اور تعین اس معنی سے مراد ہے جو معقولات ثانویہ میں سے ہے۔ کہ امر مشکل وغیرہ وغیرہ۔ نیز مثالی صورتوں کو جنہیں عالم جبروت کہتے ہیں۔ حق تعالیٰ کی صفات نہیں جانتے صفات حقیقیہ علم و قدرت ہیں۔ اور صفات اضافیہ خالقیت و رازقیت وغیرہ وغیرہ ہیں نیز ملکوت و جبروت کا وہ کشف جو آپ کی اصطلاح کے مطابق ہے۔ اور عالم حس اور مثال کے کشف سے مراد ہے۔ یہ کشف اس عالم میں ہے۔ جو حقیقت میں موجود ہے۔ اور جس کا وجود صوفیہ موحدہ کے نزدیک حق تعالیٰ کے وجود کا عین ہے۔ اور علماء و بعض صوفیہ کے نزدیک وجود حق کا غیر ہے۔ اگر کسی نے نہ عین کہا ہے اور نہ غیر۔ تو وہ بھی

Marfat.com

اِن معنوں میں نہیں ہے۔ جیسے کہ آپ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ معنی عقل کے مخالف ہیں۔ بلکہ اِن معنوں میں ہے کہ نہ عین ہے اطلاق کی حیثیت سے۔ اور نہ غیر ہے وجود کی حیثیت سے۔ اور جو کچھ بزرگوں نے صفاتِ الٰہی کے بارہ میں بیان کیا ہے۔ کتابوں میں درج ہے۔ اگر آپ کو اِن باتوں میں توقف و تردد ہو۔ تو آپ فرمائیں تاکہ چند محقق عالموں اور صوفیوں کو جمع کر کے اِن امور کی تحقیق کرلیں۔ بمنہ وکمالہٖ ۔

رُقعہ (۵۴)

ایک عالم کی سفارش میں جس کو ایک دولتمند نے بُلایا تھا۔ تحریر فرمایا ہے۔ یہ دولت مند نہایت ہی عابد اور صالحین کے زمرہ میں شامل تھا۔ اور ضروریات کے باعث بادشاہ کا ملازم ہو گیا تھا۔ اب تحریر سُنا جاتا ہے۔ کہ اس کے احوال و اوضاع اچھے ہیں اور کثیر العبادت ہے:۔

اللہ تعالیٰ اپنے پسندیدہ اور اچھے کاموں میں ہمارا انجام بخیر کرے۔ اَنْتَ وَلِیِّیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ (یا اللہ تو ہی دُنیا و آخرت میں میرا دوست ہے مجھے مُسلم بنا کر مار اور صالحین کے ساتھ مِلا) بیت

تو نے کرم سے اتنے مسلم کئے مُسلماں ۔۔۔ کیا ہو اگر بنائے مجھ کو بھی ایک مسلماں

اصلی مقصد یہی ہے اُمید ہے کہ آپ دُعا و توجہ کریں گے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ اس گرے ہوئے عاجز کو اس اعلیٰ مطلب تک پہنچائے۔ باقی مقصود یہ ہے کہ جناب مخدومی اخوندی نے آپ کے ارادہ کے موافق اس قدر مسافت کو طے کر کے آپ کی رضا اور خوشنودی کو اپنے آرام اور فراغت پر اختیار کیا ہے۔ اس عمل کی جزا یہی ہے۔ کہ آپ بھی اپنی مراد کے موافق اُن کی خوشنودی اور رضا مندی اختیار کریں۔ اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ (احسان کر جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان کیا ہے) مالی ہوئی بات ہے۔ والدعا مع الاخلاص ۔

رُقعہ (۵۵)

ایک دوست کی طرف لکھا ہے:۔

نشانِ بحرِ محبت سے صرف دیکھا ہی ۔۔۔ کہ ہڈیاں ہیں عزیزو نکی اسکے پاس پڑی

مَیں اللہ تعالیٰ کی مدد سے علاقہ بلخ میں پہنچا۔ ان لوگوں سے جو مسند ارشاد پر مقرر ہیں۔ مناسبت

Marfat.com

ذاتی کے نہ ہونے کے علم کی تاثیر نہ پائی۔ شمر خاں کے ساتھ ملا کی ملاقات کے لئے گیا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد ہے۔ کہ اپنی اپنی منزل صاف صاف نظر آئی۔ جناب مولوی صاحب باطن کی کمال تجرید سے موصوف ہیں۔ ان کے دیوان اشعار کے سے جو ابھی دنوں پورا ہونے والا ہے۔ معرفت کے آثار نظر آتے ہیں۔ میں دو تین دن تک وہاں رہا۔ برہان المحققین اور حجۃ المرشدین حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ کے مزار فیض انوار کی زیارت کا ارادہ دل میں پختہ تھا۔ وہاں بھی نہ پہنچ سکا۔ شکستہ دل اور مایوس ہو کر منزلوں کو طے کر رہا ہوں۔ دیکھئے اس کے بعد کیا ظاہر ہوتا ہے۔ فاتحہ و دعا سے امداد کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اعلیٰ درجہ کے مقصد تک پہنچائے۔ طریقہ کے منتظم درویش نظر مجذوب الحال آداب بندگی قبول فرمائیں۔ نفسوں کی فریاد کشف سے دور ہو گئی ہے۔ آپ بھی ہمارے حال سے غافل نہ رہیں۔ والسلام ؛

رقعہ (۵۶)

ایک صالح عورت حضور کی ہدایت کی نشان والی بارگاہ کے غلاموں میں داخل تھی۔ اور حضرت عالیہ میں اس کا حاضر ہونا مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ کسی موقعہ پر اس کے خاوند سے اس کا حال پوچھا اور خط لکھ کر اس کو دیا۔ اور فرمایا۔ کہ اپنی بیوی کے پاس جا کر پڑھ دینا اور سمجھا دینا۔ اس کا خاوند حیران ہوا۔ کہ ایک ان پڑھ نامراد عورت جو اچھی طرح فارسی نہیں جانتی۔ اس مضمون کو کیسے سمجھ سکے گی۔ لیکن حضور کے حکم کے موافق اس کے سامنے جا کر خط پڑھ دیا۔ اور ہندی زبان میں معنی بیان کر دیئے۔ پھر ظاہر ہوا کہ اچھی طرح سمجھ گئی اس بات کو اس کے خاوند نے کرامت سمجھا ؛

ملاحظہ کرو کہ دل کی صفائی کے وقت نفی اثبات کے مراتب ہو یا فقط اثبات کے۔ اگر نفی اثبات ہے۔ تو تحقیق کرو۔ کہ نفی معلوم اور اثبات مجہول ہے یا نفی معلوم اور اثبات معلوم ہے۔ یا نفی موہوم اور اثبات معلوم ہے۔ اور اگر اثبات تنہا ہو۔ تو پھر بھی تفتیش کرو۔ کہ اثبات کی معلوم ہے یا اثبات مجہول۔ پہلی صورت میں معلوم جدید ہے۔ یا قدیم۔ غرض ہر صورت اثبات کی تنہا کو شش کریں۔ تاکہ اثبات مجہول ہو جائے۔ بیت

اپنی ماں جانتا ہے نابینا پر نہیں جانتا کہ ہے وہ کیا

الغرض نفی میں بہت کوشش کرنی چاہئے۔ اور کسی معلوم کو دل میں نہ رہنے دینا چاہئے ؛

Marfat.com

مکتوب (۵۷)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:-

اللہ تعالےٰ کرامت کا تاج اور محبت کا لباس کامل طور پر عطا فرما کر سیدھے راستہ پر ثابت قدم رکھے۔ اور اس عاجز گرفتار کو بھی اس کے پرتو سے مشرف فرمائے۔ جناب خواجہ حسام الدین کے عنایت نامہ میں لکھا تھا۔ کہ فلاں شخص کی طرف خط نہ لکھنے کا باعث احوال و مقامات کا ظاہر نہ ہونا ہے۔ کیونکر ہی حکایت کو کیا لکھوں آپ پر تعجب ہے۔ محبت و دوستی کی نسبت زیادہ خبروں کی محتاج نہیں۔ صرف شریعت کی درستی اور استقامت اور بارگاہ الٰہی کی طرف صاف طور پر متوسط ہونا اور محبت کا غالب رہنا اور ماسوی سے تعلق توڑ لینا مطلوب ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے نبی اور اس کی آل کی طفیل نصیب کرے +

رُقعہ (۵۸)

جناب مستادی میاں شیخ احمد محمد صادق کی طرف لکھا ہے:-

برادرانِ عزیز میاں شیخ احمد اور محمدؐ صادق مخلصانہ دُعا قبول کریں۔ ان کا مکتوب جس میں دونوں عزیزوں کا حال لکھا تھا۔ پہنچا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے کہ دوستوں کو اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ ارادہ تو یہی تھا۔ کہ ہر مقدمہ کا جواب الگ الگ مفصل طور پر لکھوں۔ لیکن جب تک آمنے سامنے بیان نہ کیا جائے۔ تب تک پوری پوری تسلی اور شفا حاصل نہیں اس لئے ترک کر دیا گیا۔ مختصر یہ کہ محمد صادق کا حال بہت ہی اصل ہے۔ اور شیخ احمد کا حال جو لکھا تھا۔ کہ کبھی توحید ہے اور عبارت غایت شاہد ہے۔ کہ علم سے عین میں آگیا۔ اور اس مقام میں گوش سے آغوش تک معاملہ پہنچ گیا۔ تفتیش کا محل ہے۔ کہ یا تو کثرت میں احدیت کا مطالعہ ہے۔ یا توحید صوری ہے۔ اول ہے۔ تو مبارک ہے۔ اور کمال ہے۔ اور اگر دوم ہے تو ایک حیثیت سے اصیل ہے۔ اور ایک حیثیت سے معلول۔ لیکن اب ہم حیثیتوں کی تفصیل کا موقعہ نہیں دیکھتے اگر سوم ہے خود البتہ معامل ہے۔ لیکن ان کی ظاہر عبادت دوم درجہ میں ناظر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قسم اصیل سے ہوگی۔ اور وہ رُباعی ملحدانہ جو انہوں نے لکھی تھی۔ بہت ہی بے سمجھی اور کم عقلی ہے۔ ایسی

Marfat.com

رباعی[1] کا کہنے والا ہرگز مقبول نہیں ہے۔ ادب کو نگاہ رکھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ بڑا غنی اور غیرت مند ہے والسلام۔

رقعہ (۵۹)

مخدومی ملاذی میاں شیخ احمد کے عریضہ کے جواب میں لکھا گیا ہے:۔

اللہ تعالیٰ کمال اور تکمیل کے مدارج میں بے نہایت ترقیاں عطا فرمائے۔ آپ کا وہ خط جو قاضی زادہ لائے تھے۔ مطالعہ میں آیا۔ دل چاہتا تھا کہ مفصل طور پر اس کا جواب لکھیں۔ لیکن جب لکھنے کا وقت آیا۔ تو خطا نہ ملا۔ جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور ہو وہی بہتر ہے۔ واقعی اس قسم کی باتوں کی تحقیق اور تشخیص حضور اور ملاقات کے سوا نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ آپ کئی دفعہ تجربہ کر چکے ہیں۔ البتہ جس قدر لکھنا ضروری ہے۔ وہ یہ ہے کہ حضرت خواجہ احرار قدس سرہٗ نے نہایت کو فنا و نیستی مقرر کیا ہے۔ اور ان کی کلام پاک سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جب تک سالک تجلی ذاتی کی حقیقت تک نہیں پہنچتا۔ تب تک اسی مشاہدہ کا گرفتار ہے۔ اگرچہ دوام شہود میں ہے۔ اور استقامت جو شاہد اور مشاہد کے اتحاد سے مراد ہے۔ اور فنا وجود عدت کے طلب میں اس کے چھپ جانے سے مراد ہے۔ اس گرفتار کی نظر میں نہیں آتی۔ کیونکہ صفت ارادہ کی بقا اور مرادات کی فنا کا کشف اسی کا مقام ہے۔ پس جب پردے دور ہو جائیں یعنی ان کی پوشیدگی عینی طور پر ظاہر ہو جائے اور ساتر اور مستتر کے درمیان علم مندرج ہو جائے تو یہ بات حاصل ہو جاتی ہے۔ جس کی طرف شیخ کامل سید احرار قدس سرہٗ نے اپنے وقت میں اشارہ فرمایا ہے۔ پس مبارک ہے وہ شخص جس شخص نے اس کو پالیا۔ نیز علاء الدولہ سمنانی علیہ الرحمۃ

---

[1] وہ رباعی ملحدانہ یہ ہے۔ رباعی

ملت ما کافری و ملت ترسائی است — کفر و ایمان ہر دو زلف روئے آں ترسائی است

ترجمہ

یہ شریعت آتی ہے ماں باپ سے یونہی چلی — سب کا مذہب ہمارا شرک ہے یا کافری

کفر و ایماں درحقیقت زلف و منہ ہے یار کا — کفر ایماں ہے ہمارے حق میں بالکل ایک سا نعوذ باللہ منہا ترجمہ

Marfat.com

کا مشروب وحدت وجود نہیں۔ ہاں ان کا شہود کاملین کا شہود ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ بعض علماء اشیاء کو معدوم خارجی جانتے ہیں۔ اور خارج میں ان کے ظہور کو آئینہ میں صورتوں کے ظہور کی طرح جانتے ہیں۔ اور راز روئے ذوق کے صرف ایک ہی کو موجود سمجھتے ہیں۔ لیکن حضرت شیخ قدس سرہٗ اپنے شہود کے قوی اور بلند ہونے کے باعث اشیاء کو موجود خارجی جانتے ہیں۔ نیز اشیاء کی حقیقت میں فرق ہے۔ کہ پہلی جماعت کے لوگ اشیاء کو اصل کے شیون کا مظہر جانتے ہیں شیخ قدس سرہٗ کا بھی یہی مذہب ہے۔ اور یہ جو حال کے قوی ہونے کے باعث اشیاء بالکل فراموش ہو جائیں۔ یہ اور بات ہے۔ صفات و افعال علمی طور پر اپنے اصل کی طرف منسوب ہیں۔ اور مقام لَا تُبْقِیْ وَ لَا تَذَرُ (نہ باقی رکھتا ہے نہ چھوڑتا ہے) احوال کی قسم سے ہے۔ اور جو کچھ شیخ محی الدین قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔ وہ علوم کی قسم سے ہے۔ حال کی علم کے ساتھ مخالفت ہے۔ لیکن علم حال کے مخالف نہیں۔ بیت

میں بڑے شہر کا ہوں تو ہے وہ کا ساری خلقت سے مرا رہتا ہے دار و مدار

حضرت شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ متمکنین اہل ادب سے ہیں۔ بہت ہی حق شناس ہیں ہر مرتبہ میں اس کے حق کے موافق قیام کرتے ہیں۔ اور جو کچھ شیخ رضی اللہ قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔ وہ سائل کے جواب میں ہے۔ چونکہ سائل نے حال سے سوال کیا تھا۔ انہوں نے بھی حال سے جواب دیا والدعاء۔

رُقعہ (۶۰)

ایک دوست کی طرف لکھا ہے:۔

بیت میں ہیچ ہوں ہیچ مقدار کیا ہیچ سے ہو سکے کار

مجھ بے سعادت۔ بدنصیب۔ عمر ضائع کردہ کو شرم آتی ہے۔ کہ بزرگوں کا نام لوں۔ چہ جائیکہ ان کی نسبت گفتگو کروں۔ لیکن چونکہ بعض مومن بھائیوں کا اس فقیر پر حسن ظن ہے کہ اس نے بزرگوں کی خدمت اور ملازمت کی ہے۔ اور حضراتِ خواجگان قدس سرہم کی مزارات کی زیارت سے فیضیاب ہے۔ اس لئے التماس کرتے ہیں۔ اور مجبوراً ان کا کہا ماننا پڑتا ہے۔ حضرت ایشان قدس سرہٗ فرماتے ہیں۔ بیت

خدا کے ماسوا گر قدر بھی مقصود ہے تیرا اسے کر قتل تیغ لا سے وہ معبود ہے تیرا

Marfat.com

ہمہ تن اس بات پر ہمت لگانی چاہیئے کہ تیرے دل میں حق تعالیٰ کے سوا اور کوئی خواہش باقی نہ رہے اللہ تعالیٰ کے سوا اور جو چیز تیرے دل کو اپنی طرف مشغول کرے۔ لا الہ الا اللہ کہنے سے اس چیز کو اپنے دل سے اس طرح دور کرے۔ کہ اس چیز کو اپنا دشمن جانے۔ اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بڑی عاجزی اور سے دعا مانگتا رہے کہ اپنے سوا کسی اور چیز کا گرفتار نہ کرے۔ بیت

یہی بات کافی ہے تیرے لئے کہ اک دم بھی غافل نہ حق سے رہے

پس اگر مبتدی مشغول ہونا چاہے تو اسے چاہیئے۔ کہ اپنی امیدوں کو کم کردے۔ اور جان لے کہ میری زندگی بس یہی ایک سانس ہے۔ جو آجا رہا ہے۔ اور اسی سانس کو آخری سانس سمجھ کر لا الہ الا اللہ کے ذکر میں اس طرح مشغول ہو جائے۔ کہ لا الہ کے کہنے کے وقت جو کچھ اللہ تعالیٰ کے سوا ہے سب دل سے دور کردے۔ اور الا اللہ کے وقت حق تعالیٰ کو معبود اور محبوب بلاحظہ کرے۔ چنانچہ جتنی دفعہ لا الہ الا اللہ کہے اتنی دفعہ دل سے کہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اس ذکر میں ہمیشہ مشغول رہے۔ کبھی ترک نہ کرے۔ پہلا قدم طریقت میں یہی ہے کہ خالص توبہ کرے۔ اور اہل سنت وجماعت کے عقائد کے موافق اپنے عقیدہ کو درست کرے اور کتاب وسنت کے مطابق عمل کرے اور شریعت نے جس بات سے منع کیا ہے۔ ہٹ جائے۔ فرضوں اور سنتوں کے ادا کرنے کے بعد نفل تحیۃ الوضو۔ اشراق۔ چاشت تہجد بھی ادا کیا کرے۔ جیسے کتابوں میں لکھے ہیں۔ حضرت ایشان قدس سرہٗ فرمایا کرتے تھے کہ جب تک اللہ تعالیٰ بندہ پر ارادہ کی صفت میں تجلی نہ کرے۔ تب تک وہ بندہ اہل اللہ کا سلوک نہیں کر سکتا۔ اور نہ ہی کسی کا مرید ہو سکتا ہے۔ اہل اللہ کے رسالوں میں اسی طرح لکھا ہے۔ جب ارادت اللہ تعالیٰ کی طرف ہو۔ تو یہ بہت ہی اعلیٰ نعمت ہے۔ اور ان بزرگوں کی روحوں سے ہمت واستقامت طلب کرتا ہے۔ بیت

خدا اور خاصانِ حق کی عنایت نہ ہو گر نہیں ملتی راہِ ہدایت

تجھے گنج مقصود بتلایا ہم نے ملا گر نہیں ہم کو شاید تو پالے

اللہ تعالیٰ اپنی رضامندی کے کاموں میں ہمارا انجام بخیر کرے۔ اور یہ جو ہم نے اپنی قرابت کی نسبت کا ذکر نہیں کیا۔ اس کی وجہ یہی ہے۔ کہ قریبی رشتہ داروں خاصکر اس طرح کے قرابت والوں کے لئے طلب اپنے پاس ہی ہے۔ نفس امارہ کو اچھا معلوم نہیں ہوتا۔ کہ

Marfat.com

طلب کی خواری اُٹھائے۔ سب کام اللہ تعالیٰ کے حوالہ کردیں۔ دیکھئے پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے اللہ تعالیٰ کافی مہمات اور کارساز ہے۔ اسی پر بھروسہ اور اسی کی طرف توجہ ہے ۔

رُقعہ (۶۱)

ایک دوست کی طرف لکھا ہے :-

سرہند میں شیخ احمد نام ایک آدمی بڑے علم والا ہے۔ چند دن فقیر کی مجلس میں رہا۔ فقیر نے اس کے روزگار اور اوقات سے بہت عجیب باتیں مشاہدہ کیں۔ اُمید ہے۔ کہ وہ ایسا چراغ روشن ہوگا۔ جس سے تمام جہان روشن ہوجائیگا۔ اس کے احوال کاملہ یقینی ہیں۔ اس کے کامل احوال دیکھ کر میرا پختہ یقین ہے کہ وہ ایسا ہی ہوگا۔ الحمدللہ شیخ مذکور کے جتنے بھائی اور قریبی رشتہ دار ہیں۔ سب کے سب نیک اور عالم آدمی ہیں اس دُعاگو نے بعض کی مُلاقات کی ہے۔ سب بیش قیمت موتی ہیں۔ اور بڑی عجیب استعداد رکھتے ہیں۔ اس شیخ کے فرزند جو اپنے بچے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اسرار ہیں۔ غرض سب کے سب شجرۂ طیبہ یعنی پاک درخت کی طرح ہیں۔ جس سے پاک ہی شاخیں نکلی ہیں۔ لیکن عیال کی کثرت اور فقر اور تنگدستی کی زیادتی اور وجہ معاش کے نہ ہونے کے باعث ان سب کے اوقات میں پراگندگی آرہی ہے۔ اگر ہر سال چالیسویں حصہ کے طور پر ان لوگوں کے لئے کچھ معین ہوجائے اور تقسیم کرنیوالا منتظم ان کے درمیان مناسب طور پر بانٹ دیا کرے۔ تو بہت ہی اچھا ہے۔ اور بہت ہی نیکی اور اجر کا باعث ہے۔ تھوڑا بہت جس قدر بھی مقرر ہوجائے۔ خیرات اور نیکیوں کا رکن عظیم ہوگا۔ فقیر اللہ تعالیٰ کے دروازے ہوتے ہیں۔ اور بہت ہی عجیب دِل رکھتے ہیں۔ زیادہ لکھنا بے ادبی ہے ۔

رُقعہ (۶۲)

اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل جو دل بیابد اور دست بکار ہونے سے مراد ہے۔ ہمارے نصیب کرے۔ اگرچہ ان دونوں خزانوں کے درجے بے شمار ہیں۔ اور انکے کمال تک پہنچنا بہت مشکل ہے۔ لیکن اپنی ہمت اور طاقت کے بموجب ان سے باز رہنا بڑے خسارے اور نقصان کا باعث ہے۔ شریعت اور طریقت کے عالموں نے ان دونوں کلموں کی شرح بہت

Marfat.com

اچھی طرح بیان کی ہیئے۔ مختصر یہ کہ دوسرا کلمہ جو شریعت کے ساتھ تعلق رکھتا ہے۔ اور جس پر پہلے کلمہ کا مدار ہے۔ تمام سعادتوں کی جڑھ اور تمام عقل والوں کے نزدیک ضروری اور واجب العمل ہے۔ یعنی احکام شرعی کے ساتھ اپنے آپ کو مکلف کرنا۔ شریعت کی جائز باتوں پر آپ عمل عمل کرنا اوروں کو بھی ترغیب دینا۔ ناجائز باتوں سے بھی آپ بچنا۔ اور غیروں کو بھی ان کے کرنے سے منع کرنا۔ اور قل اِن کُنتُم تُحِبُّونَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُونِی یُحبِبکُمُ اللّٰہُ (کہو یا رسول اللہ اگر تم اللہ تعالےٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو۔ تو میری متابعت کرو اللہ تعالےٰ تم کو اپنا دوست بنالیگا) کی حکمت اور بصیرت کے موافق عمل کرنا وغیرہ وغیرہ +

رُقعہ (۶۳)

ایک خط کے حاشیہ پہ جو حاضرین یاروں میں سے ایک یار نے جناب مخدومی میاں تاج الدین کی طرف لکھا تھا۔ یہ چند سطریں لکھی گئیں۔

دوستوں اور مخلصوں کا دل آپ کے فیض کی برکتوں والی ملاقات کا خواہاں رہتا ہے اللہ تعالےٰ اچھی طرح نصیب کرے۔ میں نے ضعف اور سستی کے باعث خط علیحدہ نہیں لکھا۔ میں چنداں بیمار رہا ہوں۔ ابھی کچھ بیماری باقی ہے۔ خلق کی گرفتاری اور حق تعالیٰ کی غیرت دیکھ کر ڈر لگتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے باطن سے شفقت کی صورت ظاہر کی ہے۔ بندہ بن کر اس کا بوجھ اٹھانا چاہیئے۔ اس جہان میں انسان پر جو کچھ ضروری ہے۔ وہ یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات پر شفقت کرے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعظیم بجالائے۔ اس سے زیادہ کیا لکھوں +

رُقعہ (۶۴)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

آپ کو اپنے حاضرین کو سلام ہو۔ اس طرف کے دیوانے کہتے ہیں۔ کہ دو سال تک اور رہو گے۔ اس کے بعد مختار ہو۔ فقیر سابقہ اہتمام کی تعبیر کے سبب میں بہت باتیں بناتا ہے غرض میرا ارادہ یہی ہے۔ کہ تین ماہ تک اور ٹھہروں گا۔ بعد ازاں پھر دیکھا جائیگا۔ مصرعہ

دیکھئے کیا خدا کی مرضی ہے

Marfat.com

لیکن آپ رمضان شریف کے بعد ضرور اس طرف تشریف لاویں۔ اور اس جوان طیار کو بھی ہمراہ لائیں۔ اور اس کے سیر اور طیر (پرواز) کے وقت اُس کے دل کی خبر رکھیں۔ مثلاً جب اُس نے وہ صورت کرسی پر دیکھی تھی۔ تو وہ اس کے دل کے حال کے شعور کے بعد تھی۔ اوّل اس کو حق تعالیٰ کی صفات یعنی حاضری اور ناظری میں سے کونسی صفت کے ساتھ یقین حاصل ہوا تھا۔ اسی طرح کشف کے بارہ میں بھی اس کے حال کی خبر لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ اس کو منتہی کر کے دوسرے مستعدوں کو بھی ضائع نہ چھوڑینگے۔ اس جوان انصاری کو جانے نہ دینا چاہیئے۔ خواہ نرمی سے۔ خواہ سختی سے اسکی نگہداشت میں کوشش کرنی چاہیے۔ انشاء اللہ کہاں جائیگا۔ اب آپ اپنے دل کو اس کے آنے کی طرف متوجہ کریں +

رُقعہ (۶۵)

شیخ تاج الدین کی طرف لکھا گیا ہے:۔

میرے بھائی سعادت مند شیخ تاج الدین مخلصانہ دعا اور مشتاقانہ سلام قبول کریں اور تعلق اور گرفتاری کے جنگل میں حیران و پریشان پھرنے والوں کی طرف توجہ اور التفات فرمائیں۔ بیت

سو ملک دل کے ملتے ہیں یونہی اک نظر سے
پر نازنین ایک سودا نہیں ہیں کرتے

میرے عزیز۔ ہدایت مطلق کا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (نہ آنکھ نے کجی کی نہ سرکشی) کے پرتو میں ہے۔ جبکہ سالک کا باطن ذاتِ بحت کا گرفتار ہو۔ اس کا نشان یہ ہے کہ درد وجدی کے باوجود تمام مقامات اور مشاہدات اور ظہور کے مراتب اس کی نظر ہمت میں حقیر دکھائی دیتے ہیں۔ بیت

ہیں چند رند ایسے مخفی ہے جنکی حالت
بھاتی نہیں ہے انکو دونو جہاں کی نعمت

ایسی حالت والا شخص بشرطیکہ اس حالت کا سر سے قطع تعلق کرے۔ بندگی کے مقام میں پہنچکر اسم غنی کا مظہر بن جاتا ہے۔ اور اس کا فقر نہایت تک پہنچ جاتا ہے۔ اَلْفَقْرُ اِذَا تَمَّ هُوَ اللّٰهُ (فقر جب تمام ہوا تو پھر اللہ ہی اللہ ہے) کے یہی معنی ہیں۔ یہ مقام کشش الٰہی کے استغراق اور اسباب کے جاننے کے بغیر کہ یہ کشش بھی اسی کی طرف سے ہے۔ حاصل نہیں ہوتا۔ موجودات کی صورتیں اور جہان کی شکلیں محض سراب

Marfat.com

ہی سزاوار ہیں۔ والدعاء ۔

رقعہ (۶۶)

ایک بلند طبیعت والے سید کی طرف جو حضرت ارشاد پناہ قدس سرہٗ کی درگاہ کا مقبول تھا۔ مگر مرتبہ و جاہ کی بلندی کے باعث خادموں اور خانقاہیوں کے گروہ میں داخل ہوا۔ لیکن نشست و برخاست اور صحبت سے جو اس کو حاصل ہو چکی تھی۔ اس کو بہت فائدے حاصل ہوئے۔ اگرچہ اس کو خود ان کا علم نہیں۔ اور یہ بھی احتمال ہے۔ کہ بعض بیہودہ صحبتوں کے باعث کچھ فائدے دور ہو گئے ہوں مگر بعض میں مستقیم رہا۔ بہرحال دنیا میں گرفتار ہونے کے باعث نصیحت اور شفقت کا مستحق تھا ۔

اللہ تعالیٰ آپ کو کمال میراث سے بہرہ مند کرے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی میراث علم و حال و مقام ہے۔ آپ کو جاننا چاہیئے۔ کہ اللہ تعالیٰ یگانہ اور یکتا۔ حاضر و ناظر کامل قدرت والا۔ بندوں کا وکیل۔ فرمانبرداروں اور مطیعوں کے حق میں لطیف اور رؤف یعنی لطف اور نرمی کرنیوالا۔ سرکشوں اور نافرمانوں کے حق میں قہار اور جبار یعنی قہر اور جبر کرنیوالا۔ عاجزوں اور نادموں اور عذرخواہوں کے حق میں غفور اور رحیم ہے۔

آپ کو یہ بھی جاننا چاہیئے۔ کہ دونوں جہان کی سعادت اس بات میں ہے کہ شریعت پر چلیں۔ سنت کے موافق عمل درست کریں۔ حال آپ کا یہ ہونا چاہیئے۔ کہ خدا اور رسول اور ان کے فرمانبرداروں اور نیازمندوں کے ساتھ محبت رکھیں۔ اور جس بات میں خدا اور رسول راضی ہوں۔ ان کو خوشی سے بجا لائیں۔ شریعت اور اہل شریعت کی تعظیم اور ادب کریں۔ مقامات میں سے مقام رضا۔ جود و سخاوت۔ بندوں پر شفقت۔ اپنی طاقت کے بموجب لطف و قہر سے شریعت کو رواج دینا وغیرہ وغیرہ حاصل کریں۔ اور جو کچھ ضروری ہے۔ وہ مَنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اِلَیْہِ ہَرْوَلَۃً (جو شخص میری طرف پیادہ آئے میں اس کی طرف دوڑتا ہوا آتا ہوں) کے موافق عمل کرتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو بے نہایت علوم و احوال و مقامات حاصل ہوں گے ۔

Marfat.com

رُقعہ (۶۷)

ایک عالیشان امیر کی طرف لکھا ہے۔ جس نے حضرت مغفرت پناہ ارشاد دستگاہ قدس سرہٗ کی برکت سے بہت اچھی صنعتیں حاصل کرا تھیں :-

اللہ تعالیٰ اپنی بے علت عنایت سے کامل حصہ عطا فرمائے۔ اصل بات یہی ہے جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے عنایت کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ سر یعنی باطن اللہ تعالیٰ کی عظمت کو دیکھ لیتا ہے۔ روح اس کی محبت سے چمک اٹھتا ہے۔ دل کتاب و سنت کے احکام کو مان لیتا ہے۔ تن استقامت کے مقام میں قائم ہو جاتا ہے۔ انسان کی پیدائش سے مقصود یہی ہے کہ باقی سب معارف و کمالات اگر وہ اس حاصل ہوں۔ کہ ان اصول میں خلل نہ ڈالیں۔ تو نورٌ علیٰ نور ہیں۔ ورنہ ہیچ و بے سود ہر جو شخص غایت اور نہایت کمال کے ظہور کا طالب ہے۔ اس کو حتی المقدور اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ اگر تم اللہ تعالےٰ سے محبت کرنا چاہتے ہو تو میری تابعداری کرو۔ اللہ تعالےٰ تمہیں دوست بنا لیگا) کے موافق ہمیشہ متابعت میں ثابت قدم رہنا چاہیے اگر بشریت کے باعث اس سعادت میں کسی قسم کا نقصان ہو جائے تو ہمیشہ نیازمند ہو کر اہل اللہ کے دلوں سے دعا کا طالب رہے۔ شاید کوئی دعا اس کے حق میں کارگر اور مفید ہو جائے۔ اللہ تعالےٰ کی حمد اور اس کا احسان ہے۔ کہ آپ اس طریقہ پر اچھی طرح عمل کرتے ہیں۔ اور بہت سے پاک دلوں کو اپنا خیر خواہ بنا لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ زیادہ زیادہ نصیب کرے۔ کاتب کا حال بہت ہی شورہ اور پریشان اور بے سرانجام ہے۔ اب جو بات اس سے نکلتی ہے۔ اچھی نہیں نکلتی۔ صرف اپنے علم کے موافق کہ جس پر ایمان رکھتا ہے۔ کوئی بات لکھ دیتا ہے۔ کیا کیا جائے۔ چونکہ آپ نے اس قسم کی باتوں کے لکھنے کے لئے اشارہ کیا ہوا تھا۔ اس لئے جرأت کی گئی۔ ورنہ میں اپنے آپ کو جانتا ہوں۔ میں کون ہوں۔ جو ایسی نصیحتیں کر سکوں۔ میرے لئے تو یہ ضروری ہے۔ کہ میں اپنے پہلے برے بھلے حال سے کہ جس پر رہا ہوں توبہ کروں۔ اور ہمیشہ عام مسلمانوں کی طرح کلمہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ سے از سر نو ایمان لاؤ۔ تاکہ اسی طرح دم نکل جائے۔ اور اس شیطانی جال سے ایمان کی صورت سلامت لے جاؤں۔ لیکن ہائے افسوس جسمانی کمزوری اور نفس سرکش کی نافرمانی کے

Marfat.com

کے باعث مجھ سے یہ بھی نہیں ہو سکتا۔ دیکھئے انجام کیا ہوتا ہے۔ صرف اتنا جانتا ہوں کہ بس ارحم الراحمین کے ساتھ معاملہ ہے۔ مصرعہ

کسی نے تیرا نہ کچھ بگاڑا تو مجھ سے کیسے یہ ہو سکیگا

اول آخر ظاہر باطن اللہ تعالیٰ کی حمد ہے ۔

رقعہ (۶۸)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے :-

اللہ تعالیٰ ہمارے کاموں کو اپنی مرضی کے موافق سرانجام دے۔ بیت

کوئی مراد نہیں مانگتا ہوں میں تجھ سے مگر یہی کہ تو مجھ کو کبھی جدا نہ کرے

الغرض دل بیمار تن بکار رہنا چاہئے۔ تصوف کا مقصود یکسو دیکھنا اور یکساں جینا ہے۔ اللہ تعالیٰ کامل توفیق کرے ۔

رقعہ (۶۹)

ایک امیر کی طرف لکھا ہے :-

اللہ تعالیٰ ظاہر کو کرم کے ساتھ اور باطن کو نور کے ساتھ محفوظ رکھے۔ اور شکستہ دل اور مشتاق جان عطا فرمائے جو فنا وجود کے تمام علائق کو بندگی کے سیدھے راستہ پر ثابت و قائم رکھے۔ اور اپنے فضل و کرم سے اس گرفتار کو قیامت کے دن آزاد لوگوں کے گروہ میں اٹھائے ۔

رقعہ (۷۰)

اسی امیر مذکور کی طرف لکھا ہے :-

شیخ حمید کے بڑی عزت والے خادم جنہوں نے اپنی عمر طریقت کے درویشوں اور معتقدوں کی خدمت میں صرف کی ہے۔ اور مشائخ نقشبندیہ کے طریقہ میں صاحب اجازت بھی ہیں۔ حرمین شریفین کی اجازت کا ارادہ کر رہے ہیں۔ چونکہ اس ملک کے حالات سے ناواقف اور ناآشنا ہیں۔ غریب اور تنگدست بھی ہیں۔ اس لئے بہت متفکر اور متردد ہیں

Marfat.com

چونکہ آپ کی عزت و شرافت والی بارگاہ کو اللہ تعالیٰ اس کو زیادہ پاک و صاف کرے)
فقراء کی جائے پناہ غریبوں کی مشفق بیچاروں کی چارہ ساز ہے۔ اس لئے آپ کی خدمت
میں حاضر ہوتے ہیں۔ امید ہے کہ ان سے اچھی طرح ملاقات کر کے ان کو اپنی عزت
و سخاوت سے محفوظ فرمائیں گے +

رقعہ (۱۷)

ایک مخلص کی طرف لکھا ہے:-
اللہ تعالیٰ اعلیٰ مطلب تک پہنچائے۔ بیت

نہ ہو ایک دم بھی کبھی اس سے دور — کہ دوری میں ہوتا ہے پیدا فتور
تو جس حال میں ہو کر حق سے غفلت — کہ نزدیک رہنے سے بڑھتی ہے الفت

فَاِذَا قَالَ الْعَبْدُ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اُحِبَّہٗ کُنْتُ سَمْعَہٗ وَبَصَرَہٗ الی آخر الحدیث۔
یعنی ہمیشہ بندہ فرضوں کے علاوہ نفلی عبادت کے ساتھ میرا تقرب ڈھونڈھتا ہے۔ اور
چاہتا ہے۔ کہ میرا مقبول اور محبوب ہو جائے۔ حتیٰ کہ اس کوشش و سعی کے باعث میں
اس کو دوست بنا لیتا ہوں جب میں اس کو اپنا دوست بنا لیتا ہوں۔ تو میری عنایت کا
جذبہ اس کو اپنے آپ سے کھینچ لیتا ہے۔ اور میں اس کی عین قوت اور اعضا بن جاتا ہوں
میرے ہی ساتھ دیکھتا ہے۔ میرے ہی ساتھ پکڑتا ہے۔ میرے ساتھ ہی چلتا ہے۔ الغرض
سعی المقدور حق تعالیٰ کی طرف مراقب اور متوجہ رہنا چاہیئے۔ اور تمام امور میں اللہ تعالیٰ کو
حاضر و ناظر سمجھنا چاہیئے۔ اور تمام خیرات اور مبرات یعنی نیک اور اچھے کاموں میں
اللہ تعالیٰ کا دیدار اور اس کی رضا مقصود ہونا چاہیئے۔ تاکہ بلند ہمت والے لوگوں کے
درجہ تک پہنچ جائیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل بزرگ
کی طفیل اس عاجز بیکس کی دلی مراد بر لائے +

رقعہ (۱۸)

ایک مخلص کی طرف لکھا ہے:-
اللہ تعالیٰ آپ کو ان عملوں کی توفیق بخشے۔ جن کو وہ چاہتا اور پسند کرتا ہے۔ جن کاموں کو

Marfat.com

اللہ تعالیٰ پسند کرتا اور دوست رکھتا ہے۔ وہ حقیقت کے جاننے والے دانا ؤں کی کتابوں میں لکھے ہیں۔ اِن کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ اپنے عقیدے کو سلف صالحین یعنی گذشتہ نیک لوگوں کے عقیدوں کے مطابق کریں۔ اور ائمہ حق یعنی مجتہد اماموں میں سے کسی ایک امام کے مذہب کے موافق عمل کریں۔ یہ سعادت تب حاصل ہوتی ہے۔ جب ان لوگوں کے ساتھ جو دربار نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف منسوب اور مقبول ہیں۔ یعنی دینی عالم اور سادات اور سچے فقرا کے ساتھ جو اپنے قول و فعل میں بدعت، اور الحاد سے بچتے ہوں محبت رکھیں۔ اور ان کے مخالفوں کی تحقیر اور اُنکے عقیدوں کی تردید کریں۔ اسی طرح اس کی روشنی میں مظلوموں کی مدد کریں۔ محتاجوں کی حاجت پوری کریں۔ مجرموں کے قصور معاف کریں۔ عاجزوں کے حساب اور لین دین میں نرمی اور درگذشت سے پیش آئیں مگر خیال رہے کہ شریعت کا کوئی حق فوت نہ ہو جائے۔ ان سب باتوں میں سے جس قدر بھی حاصل ہو سکیں غنیمت اور سعادت ہیں۔ بعض کے ترک ہونے سے سب کو ترک نہ کرنا چاہیئے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (اور سلام ہو اس شخص پر جو ہدایت کی راہ پر چلا)

رُقعہ (۷۳)

ایک سید دوست کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ اپنے کرم اور احسان سے اس سیادت اور طہارت کے درخت کو اصلیہ ثمروں اور پھلوں سے سرسبز اور پھلا پھولا بنائے۔ اگر بخشش اور کرم کا چشمہ جوش میں آئے۔ تو لاحق یعنی خلف سابقین یعنی خلف کے ساتھ مل جائیں۔ اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اس سعادت کے حاصل کرنے کا بہتر ذریعہ نیک اور عام خاص لوگوں کے ساتھ نیاز مندی اور عاجزی اور دلجوئی سے پیش آنا ہے۔ آپ کی نسبت اس قسم کی باتوں کا لکھنا فضول اور بے فائدہ ہے۔ لیکن نصیحت اور یاد دلانے کی خاطر کچھ نہ کچھ لکھنا پڑتا ہے +

رُقعہ (۷۴)

ایک عورت کی طرف لکھا ہے۔ جس کے باطن میں طلب کا ارادہ غالب تھا۔ چونکہ محبت

Marfat.com

کا شرف اس کو حاصل نہ ہو سکتا تھا۔ اور نہ ہی طریقت میں داخل ہوئی نہ عورتوں سے کچھ فائدہ اُٹھا سکتی۔ کیونکہ اس قسم کی عورتیں جو صحبت کے لائق ہوں یا دوسری عورتوں کو فائدہ پہنچا سکتی ہوں۔ اس شہر میں نہ تھیں۔ اس لئے شفقت اور محبت سے یہ چند سطریں اس کی طرف لکھیں +

اللہ تعالیٰ اپنی کامل توفیق تمہاری رفیق بنائے۔ تمام سعادتوں کا سرمایہ یہی ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ کے حکموں کو بجا لاؤ۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت کی پیروی کرو۔ اور جن باتوں کا کرنا ناجائز ہے۔ ان سے اپنے آپ کو بچاؤ۔ کسی پر غم و غصہ نہ کرو۔ کسی مسلمان کے کے حق میں برائی نہ سوچو۔ دُنیا کے بے وفا مال و متاع پر نظر نہ ڈالو۔ اپنے آپ کو تمام مخلوقات سے بزرگ نہ جانو۔ اور آخرت کے سفر کو نہ بھولو۔ ان صفتوں کے حاصل ہونے کے بعد اگر اللہ تعالےٰ فضل فرمائے۔ اور توفیق بخشے۔ تو کلمہ لا الٰہ الا اللہ کا آہستہ آہستہ تکرار کرتے رہو۔ اور دل کے حضور اور فراغت سے تکرار کے وقت جہان اور جہان والوں کو اعتبار کی نظر سے ہٹا رکھو۔ اس سے بہت عمدہ فائدے اور نتیجے حاصل ہوتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ تمام ظاہری اور باطنی احوال میں ہمیشہ حاضر مناظر رہے۔ طالب صادق کے لئے نہایت ضروری ہے۔ کہ مخلوقات کی طرف سے آنکھیں بند کر کے ہمیشہ خدا کی نظر رحمت کا منتظر رہے۔ بیت

نہ ہونگا یار سے غافل کبھی میں ایک لحظہ بھر ۔۔۔ کہ شاید کس گھڑی اُسکی نظر پڑ جائے عاصی پر

تمہیں جاننا چاہئے۔ کہ دل کو اطمینان اور فراغت اور حضور تب حاصل ہوتا ہے۔ جب بقدر حاجت پاک اور حلال کھانا کھایا جائے۔ اور بیہودہ گو اور دُنیا کے طالبوں کا ملنا جُلنا چھوڑ دیا جائے۔ اگر ہزار سال ذکر کرتے رہو۔ اگر تمہارا کھانا حلال نہیں۔ تو تمہیں کبھی مقصود حاصل نہ ہوگا۔ بیت

بھوک خاموشی و تنہائی و بس ذکر مدام ۔۔۔ ناقصوں کا ان سے بن جاتا ہی اچھا سارا کام

والسلام والاکرام +

رقعہ (۷۵)

ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

Marfat.com

تمام سعادتوں کا سرمایہ۔ اللہ تعالیٰ کی ذاتی محبت ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اچھی طرح حاصل ہو جائیگی اگر کرم اور فیض کا چشمہ جوش مارے تو پچھلے لوگ بھی پہلے لوگوں کی طرح بن جائیں۔ بیت

نہ ہو ہرگز تو اس درگاہ سے ناکام — کریموں پر نہیں مشکل کوئی کام

ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امیدوار اور منتظر رہنا چاہیئے اور کسی کام کو اس نگرانی اور توجہ کا مانع نہیں بنانا چاہیئے۔ غرض اور کسی چیز کا غم نہ کرنا چاہیئے۔ اس کے سوا اور جتنے کام ہیں۔ اُن میں نقصان ہوتا ہو تو ہونے دو۔ بزرگوں نے فرمایا ہے۔ کہ جمعیت یہی ہے کہ سب کی طرف سے ہٹ کر تو واحد حقیقی کے مشاہدہ میں لگا رہے۔ خواجہ محمد پارسا قدس سرہٗ کے کلمات میں لکھا ہے۔ بعض لوگوں نے گمان کیا ہے۔ کہ جمعیت اسباب کے جمع کرنے میں ہے۔ یہ لوگ ہمیشہ تفرقہ میں رہے۔ اور جنہوں نے یقیناً جان لیا۔ کہ اسباب کا جمع ہونا سراسر تفرقہ کا موجب ہے۔ تو انہوں نے سب اسباب سے ہاتھ اُٹھائے۔ اللہ تعالیٰ حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم اور اُن کے محبوں اور دوستوں کی طفیل اس گرفتار کو اس جمعیت کے کمال تک پہنچائے۔ ایمان کی حقیقت کندن (توڑنا) اور پیوستن (ملنا اور جوڑنا) ہے۔ مصرعہ

غیروں سے توڑ کر دل کو تو لگائے حق سے

ہر کام کا انجام اُس کے سپرد ہے۔ بیت

گر آجائیگا تو خوشی سے تو بہتر — وگرنہ بلا لینگے خود تجھ کو آکر

رُقعہ (۷۶)

ایک دوست کی طرف لکھا ہے:۔

اللہ تعالیٰ فرمانبرداری کے اعلےٰ مرتبہ تک پہنچائے۔ ایک بزرگ اپنے دوست کو کہا کرتا تھا۔ کہ صوفی۔ مُلّا۔ یہ وہ نہ بن۔ صرف مسلمان بن جا۔ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ (یا اللہ تو مجھے مسلمان بنا کر مار اور نیکیوں کے ساتھ ملا) غرض کبھی کبھی ہمارے لئے اس مطلب کے حاصل ہونے کے لئے دُعا مانگتے رہا کریں۔ اس بات کو بالکل تکلف اور بناوٹ نہ جانیں۔ کیونکہ مسلمان بننا بہت مشکل ہے۔ اللہ تعالیٰ کی محض مہربانی اور بخشش کے سوا کچھ نہیں ہو سکتا کسب کا وہاں کچھ دخل نہیں۔ تصوف کی حقیقت صرف مسلمان بننا ہے۔ تصوف کا

Marfat.com

مقصود یکسو دیکھنا اور یکساں جینا ہے۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت اختیار کی)۔

رقعہ (۷۷)

اپنے وقت کے کسی درویش کی طرف لکھا ہے:۔

سبحان اللہ! میں نہیں جانتا کیا لکھوں۔ اس بارگاہ عالی کا پایا کمال اس سے کئی گنا بلند ہے کہ کسی پست کی دانائی کی نظر میں اس کا سراغ آسکے یا کسی وقت اس کی کیفیت کی تعریف اور بیان کر کے اپنے وقت کو آباد کر سکے۔ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً اِلَیْکَ (میں تیری پوری پوری ثنا نہیں کر سکتا) تو آپ ہی اپنی زبان حال سے اپنے وجود کے خلوت خانہ میں اپنی زیبائی کی داستان اپنے ساتھ بیان کرتا ہے۔

ہاں تجھے ہی لائق ہے۔ کہ عزت کے خیمہ کے پردہ نشین کا نظارہ کرے۔ لَا یَحْمِلُ عَطَایَاہُ اِلَّا مَطَایَاہُ (اس کے عطیوں کو اسی کے اونٹ اٹھا سکتے ہیں) اگر تو نے کوتاہ نظروں میں فضل و کرم فرما کر ان کی استعداد کے موافق اپنے آپ کو ان پر ظاہر فرمایا ہے۔ تو ان کو بھی تیرے ساتھ نہیں گن سکتے۔ اس لئے اپنی عاجزی ظاہر کر کے یہی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ کلمہ جامعہ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ (تو ویسا ہی ہے جیسے کہ تو نے خود اپنی تعریف کی ہے) پر کفایت کریں۔ کیونکہ عاجزی کا ظاہر کرنا بھی جو اصل میں اپنے جمال کا اظہار ہے ثناء کی حقیقت ہے۔ بیشک یہی بات اچھی ہے۔ جب تو اس راز کو جو تیری ذات کے لائق ہے اپنے ساتھ رکھتا ہے۔ تو ہم بھی اس راز کو جو ہمارے لائق ہے بیان نہیں کرتے۔ بیت

جو نہیں ہمرنگ اپنے یار کا ۔۔۔ عشق کا اس کو نہیں ہے کچھ پتا

ہائے افسوس! میں کیا کہوں۔ یہ وہ امانت ہے۔ جو تو نے ہمیں عنایت فرمائی تھی جس کو ہم نے نَسْیًا مَنْسِیًّا کر دیا۔ اور بھلا دیا۔ اور حق کو چھوڑ کر ظلومی اور جہولی کے داغ میں مبتلا ہو گئے ہیں شاید اسی واسطے فرمایا ہے کہ لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَۃَ لَہٗ (جو امانتدار نہیں وہ ایماندار بھی نہیں) اس مقام میں کا عَرَفْنَاکَ حَقَّ مَعْرِفَتِکَ (ہم نے تجھے نہیں پہچانا جیسے کہ پہچاننے کا حق ہے) ہمارا کافی گواہ ہے۔ وہ شخص بہت ہی اچھا ہے۔ جو کذب اور جھوٹ کے ننگ سے پاک ہے۔ بیت

Marfat.com

جس کا فنا ہو شیوہ اور فقر جس کی حالت — نے کشف و دین عرفان یقین کی ہے حاجت

اگر اس مقام والا ثناء کے شمار کو اس نسبت مائی اور منی سے سلب کرے۔ یعنی ثناء جمالی سے منسوب نہیں۔ تو کوئی تعجب نہیں۔ اگرچہ یہ کار مقصود کے ساتھ کچھ تعلق نہ رکھتا تھا۔ لیکن چونکہ کلام کا سلسلہ اسی طرف شروع ہو گیا تھا۔ اور حدیث کے معانی کی تحقیق میں دخل رکھتا تھا۔ اس لئے قلم کی باگ ہاتھ سے نکل گئی۔ اب رجوع اور بازگشت کا وقت ہے۔ مصرعہ

ہم سے ہے عجز و نیستی مطلوب

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ۔ (تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پاک ہے میں ظالموں میں ـــ ہوں) اس صحیفہ میں حدیث لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ اَنْتَ كَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ تاویل کے طور پر پانچ طرح بیان ہوئی۔ چنانچہ کافی تامل کے بعد معلوم ہو جائیگا تمام جہان کے مخدوم زادے جو سراپا نیک اخلاق کا مجموعہ ہیں۔ آداب بندگی قبول فرمائیں۔ اُن کے حق میں یہی بات کافی ہے۔ بیت

کرتی ثنا ہے اس کی ہر آدمی کی سیرت — اس سے زیادہ بڑھ کر کیا ہے ثنا کی حاجت

رُقعہ (۷۸)

عقائد کے بیان میں ایک طالب کی طرف لکھا ہے:۔

واضح ہو کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم آدمی تھے۔ مگر آدمیوں کی نسبت زیادہ پاک تھے۔ ان پڑھ تھے جس ملک میں پیدا ہو کر بڑے ہوئے۔ اس ملک کے لوگ بھی ان پڑھ تھے۔ لیکن ان کے پہلے باپ دادا سب چیزوں میں جو آدمی کے لئے درکار ہیں دانا تو تھے۔ اور روئے زمین کے تمام لوگوں سے بہتر تھے۔ مگر رفتہ رفتہ علم ان سے جاتا رہا۔ پس خدا تعالےٰ نے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو پیدا کیا۔ اور اپنا دوست بنایا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا تعالیٰ کو اچھی طرح پہچانا اور پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتہ کو بھیجا۔ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کہدو کہ میری صفتیں جنوں اور انسانوں کو بتلائیں۔ اور جن کاموں سے میں راضی نہیں ہوں ان سے منع کریں۔ اور ان کو نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ اور کافروں کے ساتھ لڑائی کرنے کی تعلیم دیں۔ پہلے پہل فرشتہ نے ان سب باتوں کو جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا۔ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم تک پہنچایا۔ پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو آپ کے دیدار

پاک سے مشرف تھے۔ یہ باتیں بتلائیں۔ اسی غرض کے لئے اللہ تعالیٰ نے ایک کتاب جس کا نام قرآن شریف ہے۔ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ذریعے انسانوں اور جنوں کی ہدایت کے لئے بھیجی۔ ہر بندہ مومن کو لازم ہے کہ دل کے ساتھ یقین کرے۔ کہ جو کچھ اس کتاب میں ہے۔ اور جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خدا تعالیٰ کے پیغمبر اور برگزیدہ ہیں۔ فرمایا ہے سب سچ ہے۔ اور زبان سے اقرار کرے کہ خدا ایک ہے۔ اور حضرت محمد صلی اللہ وسلم سچے نبی ہیں۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اس قدر جان لینے کے بعد ضروری ہے۔ کہ عالموں اور دانا سے تحقیق کرے کہ ہمارے لئے اس کتاب میں کیا فرمایا ہے کہ کیا جاننا چاہیئے کیا کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کتاب میں فرمایا ہے۔ کہ میں زندہ ہوں۔ ہمیشہ سے ہوں۔ ہمیشہ رہوں گا۔ سب کچھ جانتا ہوں۔ سب چیز پر قادر ہوں۔ جو چاہوں کرتا ہوں۔ سب کچھ سنتا ہوں۔ سب کچھ دیکھتا ہوں۔ ہر شخص کے ساتھ اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ نزدیک ہوں۔ جبار و قہار ہوں۔ رحیم کریم بھی ہوں۔ تمام جہان کو اور جو کچھ اس میں ہے انسان۔ پری۔ فرشتہ۔ زمین آسمان پہاڑ لکڑی وغیرہ سب کچھ میں نے ہی بنایا ہے۔ اور میں ہی بناتا ہوں۔ جو چیز پیدا ہوتی ہے۔ اسے میں ہی پیدا کرتا ہوں۔ جو چیز فنا ہوتی ہے اسے میں ہی فنا کرتا ہوں۔ لیکن اس کے بنانے کے لئے کوئی نہ کوئی بہانہ بنایا ہے۔ تاکہ دنیا میں ہر شخص اس کو پہچان لے۔ اور اس کے کام کو نہ دیکھے۔ نیز جان لے کہ وہ یگانہ ہے۔ ان کاموں میں اس کا کوئی شریک۔ وزیر و کارکن۔ مددگار نہیں ہے۔ جو کچھ اس کے سوا ہے سب کو اسی نے پیدا کیا اور بنایا ہے۔ نیز اللہ تعالیٰ نے اس کتاب میں فرمایا ہے۔ کہ میری بندگی کرو۔ بندگی نماز۔ روزہ۔ حج زکوٰۃ اور کافروں کے ساتھ لڑائی کرنا ہے۔ نیز حقداروں یعنی ماں باپ وغیرہ کے حق ادا کرو۔ کسی پر ظلم نہ کرو۔ ان باتوں کا علم بہت سے دلیلوں سے تحقیق کرو۔ نیز جان لو۔ کہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم تمام آدمیوں سے زیادہ خوبصورت۔ خوش رو۔ خوش خلق تھے۔ ان کی ذات سب انسانوں کی ذات سے زیادہ پاک تھی۔ ان کا دل سب لوگوں کے دلوں سے زیادہ روشن تھا۔ تمام پیغمبر انہی کے کوچہ کے گدا ہیں۔ جو صفتیں اور کمال تمام انسانوں میں ہونے ممکن ہیں۔ سب سے زیادہ ان میں موجود تھے۔ انہی کو اللہ تعالیٰ نے انسان کے عمل کو بتانے کا گھر بنایا ہوا تھا۔ جو کچھ کہتے تھے خدا سے کہتے تھے۔ جو کچھ جانتے تھے خدا سے جانتے تھے۔ جو کچھ کرتے تھے۔ خدا کی قدرت سے کرتے تھے۔ اب

Marfat.com

بھی ویسے ہی ہیں جیسے کہ تھے۔ اور ویسے ہی رہینگے۔ جس طرح کسی کو جن پکڑ لیتا ہے۔ تو اس وقت جو کچھ وہ کہتا ہے یا کرتا ہے جن ہی کہتا اور کرتا ہے۔ یہ مثال بعینہٖ نہیں ہے۔ یہ مثال اس لئے ہے تاکہ جان لو کہ اس کا قرب کسی قرب کے مانند نہیں ہے۔

مرقعہ (۷۹)

بعد ازانکہ جناب مخدومی استاذی میاں شیخ احمد سرہندی کس تو کیس کے درجہ تک پہنچ گئے۔ اور حضرت مقصود عزّ قدرہٗ کی عظمت اور بے نہایتی اور زیادہ طلب دیکھ کر لو کہ آخری دم تک حضرت ارشاد پناہی قدس سرہٗ اپنے آپ کو مبتدی دیکھتے تھے) اپنے حاصل شدہ کمالات کو نظر میں نہ لاتے تھے۔ اس لئے مذکورہ طریق پر مخدومی مذکور کی طرف مکتوبات صادر ہوا کرتے تھے۔ اور ظاہر و باطن میں اسی مضمون کے موافق گفتگو کرتے تھے اور جناب مشارٌ الیہ کے کمالات حضرت ایشان قدس سرہٗ سے اس قدر سننے میں آتے تھے کہ احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ ایسے وقتوں میں یہ عنایت نامہ اُن کی طرف لکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ ہم کو کمال اور اکمال کے اعلےٰ مرتبہ تک پہنچائے۔ مصرعہ

ہے کاسۂ کریم سے حصۂ زمین کا

اس میں کوئی تکلیف نہیں جو کچھ حقیقت حال ہے لکھی جاتی ہے۔ پیر انصاری قدس سرہٗ فرمایا کرتے تھے۔ کہ میں خرقانی کا مرید ہوں۔ لیکن اگر خرقانی اس وقت زندہ ہوتے۔ تو باوجود پیر ہونے کے میرے مرید ہوتے۔ جب ان بے صفتوں کی صفت یہ ہے۔ تو وہ لوگ صفات کے آثار میں گرفتار ہیں۔ وہ اپنی جان طلبگاری کے لوازم میں کیونکر قربان نہ کریں۔ اور جہاں کہیں سے انکے دماغ میں خوشبو پہنچے۔ کیونکہ اُس کے پیچھے نہ جائیں۔ اب یہ توقف اور فروگذاشت استغنا اور بے نیازی کے باعث نہیں ہے۔ بلکہ اشارہ پر موقوف ہے۔ بیت

جب طمع چاہتا ہے مجھ سے شاہ دیں ۔۔۔ پھر قناعت کیوں کریں ہم بعد ازیں

بس ہمارے حال وارد کی کیفیت یہی ہے۔ اللہ تعالیٰ بہتر اور مناسب راستہ کی طرف ہدایت فرمائے۔ اور تکبر اور غرور سے نجات بخشے۔ باقی مقصود یہ ہے کہ جناب سیادت مآب امیر صالح سلمہ اللہ تعالیٰ نے طلب کا اظہار کیا تھا۔ چونکہ فقیر کا وقت اس کا مقتضی نہ تھا۔ اس لئے ان کے اوقات کو ضائع کرنا اسلام سے دور جانا ہے۔ ان کو آپ کی صحبت میں بھیجا جاتا ہے۔ امید ہے

Marfat.com

استعداد کے موافق فائدہ حاصل کریگا۔ اور لطف کمال کی توجہ پائیگا۔ والدعاء ۔

رُقعہ (۸۰)

مشیخت کے ترک کرنے اور گوشہ نشینی کے اختیار کرنے کے بعد بعض خاص دوستوں کے سوا تمام حاضرین دوستوں کو پہلے فرما دیا تھا۔ کہ استاذی میاں شیخ احمد سلمہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں جائیں۔ چونکہ ایسے مخلصوں کا دفعۃً درگاہ سے قطع تعلق کرنا نہایت ہی مشکل تھا۔ اس لئے سب ملول اور رنجیدہ خاطر ہوئے۔ آخر کار بعض دوستوں کو بڑی مہلت اور تعجب سے رامنی کر کے بھیجدیا۔ اور وہ دوست جو بغیر رضا کے محض امر عالی سے جاتے تھے۔ ان کو منع کر دیا۔ اس وقت یہ عنایت نامہ دیکھا گیا ۔

اللہ تعالیٰ کمال صفا نصیب کرے۔ وہ دوست جو ہمارے بارِ وجود کے گرفتار تھے۔ چونکہ ہم وَمَا مِنَّا اِلَّا لَہٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ (ہم میں سے ہر ایک کا مقام معلوم ہے) کی تنگی میں ہیں۔ اس لئے ہماری عقل و فکر نے ان کے حق میں یہ بہتر معلوم کیا۔ کہ اس موسم برسات میں اس بوقلموں (رنگ رنگ) کے مقابلہ سے دور ہو کر آفتاب شہود کی شعاعوں میں زندگی بسر کریں۔ انشاء اللہ العزیز نیکی و پاکی سے انجام ہوگا۔ جماعت و صحبت کے فائدے ثابت اور روشن ہیں۔ انکے بیان کی حاجت نہیں۔ بیت

ہم گرفتاروں کو اپنے ظلم کے تو تیر مار ۔۔۔ سنبل و گل کیجیو آزاد مردوں پر نثار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنْ جَمِیْعِ مَا کَرِہَ اللّٰہُ (اللہ تعالیٰ تمام باتوں سے جن سے اللہ تعالیٰ ناراض ہے توبہ کرتا ہوں) دیر ہوئی ہے۔ کہ آپ نے اپنے احوال شریف کچھ نہیں لکھے۔ امید ہے بخیریت ہوگا۔ موسم برسات کے بعد اگر استخارہ سے اجازت ہوئی۔ تو آجائیں۔ ورنہ خیر۔ لیکن جو کچھ استخارہ میں ظاہر ہو۔ ہماری طرف لکھیں۔ اور اگر تعبیر بھی آپ ہی لکھیں۔ تو نور علیٰ نور۔ دوست ہی بہتر ہے والدعاء ۔

رُقعہ (۸۱)

ایک دوست کی طرف لکھا ہے ۔

اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ اور نیک لوگوں کی برکت سے دین بیمار فقراء اور مساکین کا علاج

Marfat.com

فرمائے۔ مدت گذری ہے۔ کہ ہم نے اپنی نیاز مندی اس بارگاہ ولایت میں عرض نہیں کی۔ ہاں صرف اسی ایک کلمہ کو سچے قاصد اٹھا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی حمد ہے کہ اس قسم کی بات خود بخود حاصل ہو سکتی ہے۔ زیادہ کیا لکھوں۔ درویشوں کی باتیں آپ کی طرف لکھنا بہت بے شرمی ہے اور ظاہری حالات کا بیان کرنا بہت بے جا ہے۔ غرض ہم کو اپنی حد نگاہ رکھنی چاہیئے۔ اور فضول باتوں سے بچنا چاہیئے۔

رقعہ (۸۲)

جن دنوں حضور قدس سرہٗ نے مشیخت کو ترک کر دیا تھا۔ اور گوشہ نشینی اور تنہائی ترقی پر تھی۔ اور تمام یار پرانے دستور کے موافق تعظیم و تکریم بجا لایا کرتے تھے۔ گھر سے مسجد والے دوستوں کی طرف یہ رقعہ تحریر فرما کر مسجد میں بھیجدیا۔ تاکہ مریدانہ تعظیم کو ترک کر دیں۔

بندہ مخدوموں کی خدمت میں عرض کرتا ہے۔ کہ بندہ چند دن اپنی بہتری اس بات میں دیکھتا ہے۔ کہ حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی قدس سرہٗ کی پاک کلام کے موافق عمل کیا جائے۔ حضرت خواجہ قدس سرہٗ نے فرمایا ہے۔ کہ اب شیخی کا دروازہ بند کر دو۔ اور یاری کا دروازہ کھول دو۔ ترک کر دیا ہے۔ اسی طرح مسجد میں تواضع اور تعظیم کو بھی چھوڑ دیں۔ اور مسجد میں نشست و برخاست اور آمد و رفت کے وقت فقیر کے ساتھ بھی ویسا ہی معاملہ کریں۔ جیسے کہ مرزا حسام الدین اور مولانا یوسف وغیرہ دوستوں کے ساتھ کرتے ہیں۔ ولہ سے میاں شیخ الہداد تک چھوٹے بڑے دوست اسی طرح عمل کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو انشاء اللہ تعالیٰ اجر اور ثواب دیگا۔ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (اور سلام ہو اس شخص پر جس نے ہدایت اختیار کی)۔

رقعہ (۸۳)

ایک مستعد حضور کی بارگاہ میں کبھی کبھی حاضر ہوا کرتا تھا۔ اور بارگاہ کے خادموں اور دوستوں کے ساتھ میل جول نہ رکھنے کے باعث قاصر اور کم ہمت رہتا تھا۔ اور امیدواروں اور فرزندوں کی کثرت کے باعث فقر کی برداشت نہیں کر سکتا۔ اور وجہ معاش کے اسباب اختیار کرنے میں بھی اس کی بہتری متصور نہ تھی۔ وہ مستعد ناچار ہو کر وجہ معاش کے حاصل

Marfat.com

کرنے کے لئے چلا گیا تھا۔ ایک بزرگ عالم نے جو باطنی نور اور بہتری رکھتے تھے۔ اور اس مستعد درویش کے رشتہ دار تھے۔ درگاہ عالیہ میں عرض کی کہ وہ مستعد اس سفر سے واپس آکر کمال حاصل کرنے میں مشغول ہو اس لئے اس عالم مذکور کے خط کی پشت پر جو اس نے اس مستعد کی طرف لکھا تھا۔ اس کی واپسی کے لئے چند سطریں تحریر فرمائیں ۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ (اللہ تعالیٰ ایمان والوں کا دوست ہے۔ ان کو اندھیرے سے نکالکر نور اور روشنی میں لے آتا ہے) جو کچھ لکھنے کے مناسب تھا۔ وہ حضرت مخدومی کے خط میں لکھا جا چکا ہے۔ زیادہ کیا لکھا جائے۔ فرصت و قوت بلکہ وقت اور نفس کو غنیمت جان کر اس کے موافق زندگی بسر کرنی چاہئے افسوس کہ اس عاجز گرفتار میں اب کام کی طاقت نہیں رہی۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس دو روز عمر میں اپنی باقی زندگی اور کم ہمتی کا ماتم کرنا۔ اور کیمیاء مقصود کی تلاش میں ہاتھ پاؤں پاؤں مارتا۔ اور اس راہ میں اپنی زندگی قربان کرتا۔ اللہ تعالیٰ اس گئی گذری حالت میں بھی درد اور شوق عطا فرمائے۔ تاکہ اپنے دونوں جہاں کے کاموں کو اس کے قبضہ اقتدار میں رکھ کر تمام تعلقات اور گرفتاریوں سے آزاد ہو جاؤں آمین! یا رب العالمین ۔

اس بھائی سے امید ہے۔ کہ عاجزی کا منہ خاک پر رکھ کر فقیر کی اس آرزو کے حاصل ہونے کے لئے بارگاہ الٰہی میں دعا مانگیں گے۔ کیونکہ غائب کی دعاء غائب بھائی کے لئے بہت جلدی قبول ہوتی ہے۔ وَالدُّعَاء ۔

رقعات تمام ہوئے

Marfat.com

رسالہ طریقت کی ضروری باتوں میں

یہ رسالہ ایک خاص رابطہ والے عظیم القدر دوست کی التماس پر حضور قدس سرہ نے شروع فرمایا تھا۔ جب وہ عزیز دوست حضور کی خدمت سے وطن کی طرف واپس چلا گیا۔ پھر کسی اور ذریعہ سے اس قسم کی التماس نہ کر سکا۔ اور حضور کو بھی اس قسم کے امور کا چند دن خیال نہ تھا۔ بلکہ پڑھنے احتیاط احتراز کرتے تھے۔ اس لئے یہ رسالہ ناتمام رہا ✦

میرے دوست! حق تعالیٰ پاک قدس سے تیری مدد فرمائے۔ واضح ہو۔ کہ فنا حقیقی تک پہنچنے کے لئے دو راستے ہیں۔ ایک نفی کا دوسرے اثبات کا۔ اگرچہ طریق اثبات میں طریق نفی بھی شامل ہے۔ طریق نفی کی قسموں میں سے ایک غیبت اور بیخودی کا طریق ہے۔ یعنی اپنے وجود جسمانی کے لوازم اور اس کے صفات سے بے خبر ہو جائیں۔ جب اس غیبت اور بے خودی کے کمال تک پہنچ جاتے ہیں۔ تو پیدا ہوئی ہوئی ظلمت نورانیت سے بدل جاتی ہے۔ اور جناب الٰہی میں آگاہی اور حضور کا شعلہ ظہور کرتا ہے۔ جب باطنی جذب اس نور کے کمال سے قوی ہو جاتا ہے۔ تو جو روحانی کے لوازم اور صفات سے بھی بے شعوری حاصل ہو جاتی ہے۔ اور حجاب بالکل دور ہو جاتے ہیں۔ اور سر کا شجرہ سب کا سب اس آتش حقیقی میں جل جاتا ہے۔ اب ہو سکتا ہے کہ اس خلوت خانہ میں اس کو معرفت کا لباس پہنا دیں۔ اور اس بحضور سے نکلکر اپنے پہلے حاصل کو بھی پانی میں بہا دے۔ اور لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ (آج اس ملک کا مالک کون ہے۔ وہی واحد قہار ہے) کا مفہوم ظاہر ہو یہ خاص طریقہ ہے۔ اور تمام طریقوں کی نسبت زیادہ قریب اور درست اور راست ہے) وقوف قلبی کی پابندی جو قلب صنوبری کی طرف توجہ کرنے سے مراد ہے۔ اس راستہ کی طرف پہنچانے والی ہے۔ اسی طرح بازگشت کی رعایت بھی ذکر میں وجدان مذکور کے ساتھ اس راہ کی مدد دینے والی ہے ایسے ہی سینہ کے میدان سے قلب صنوبری کی طرف رابطہ کا پوری ہمت کے ساتھ لے جانا اس راستہ کا حال ہے۔ اسی طرح واصل آدمیوں کے ساتھ صرف محبت اور نشست و برخاست بھی اس راہ تک پہنچانے والی ہے۔ اور ابتدا میں انتہا کے درج ہونے کے معنی اس طریق میں

Marfat.com

خلوت در انجمن جو طریقہ علم نقشبندیہ کے ضروری اصول میں سے ہے۔ درحقیقت اسی طریقہ میں ہے۔ کیونکہ ابتدا میں اس معیت کے باعث جو اللہ تعالیٰ کو بندہ کے ساتھ ہے۔ محض حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اور دوسرے طریقوں میں جیسے کہ بیان کروں گا۔ صرف حق تعالیٰ کے ساتھ خلوت نہیں ہوتی۔ بلکہ مکشوفہ انوار اور تجلیات کی صورتوں کے ساتھ خلوت ہوتی ہے۔ اس طرح نظر بر قدم کا حال ہے۔ کیونکہ انوار اور ارواح کا ظہور نظر کی پراگندگی کے بغیر نہیں ہوتا۔ اس طریق میں چونکہ اس کا سیر ستدیر ہے اس لئے اس کی نظر بالکل قدم پر بلکہ قدم ہے۔ چونکہ سالک کا قدم یہی نظر ہے۔ اس لئے دونوں سے ایک ہی مراد ہے۔ ایسے ہی سفر در وطن ہے کہ اس کا سیر بھی ستدیر ہے ظاہر ہے۔ کہ ابتدا میں اس سالک کی توجہ اس وجہ اور ذات کی طرف ہے جو شیون کا منبع اور انسان کا منشا ہے۔ اور اس کا سارا سیر اس کے نور کے ظہور کے مراتب میں ہے نیز اسی سیر میں بری صفتوں کی جڑ باطن کی زمین سے اکھڑ جاتی ہے۔ بغیر اس بات کے کہ سالک آپ ان کے دور کرنے کے درپے ہو۔ اور دل کو پراگندہ اور متفرق کرے۔ پس حقیقت میں قدموں کی حرکت کے بغیر یہی سیر حاصل ہے۔ ایسے ہی ہوش در دم ہے جو اللہ تعالیٰ کی جناب میں دائمی توجہ سے مراد ہے۔ وہ غیبت جو اس طریق کے ابتدا میں حاصل ہوتی ہے۔ وہ یہی توجہ کی قسم سے ہے۔ اگرچہ باطن کی کمزوری کے باعث سالک کو خبر نہ ہو۔

پوشیدہ نہ رہے کہ وہ باتیں جو اس طریق کے مناسب نہیں ہیں۔ صوفیہ کی کتابوں کا مطالعہ اور ان کی بلند باتوں کا سننا ہے۔ کیونکہ ان امور جیسہ کا جمال جو سالک کے فہم میں آتے ہیں۔ اس کے دل کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اور اس طریقہ علیہ کی ورزش میں فتور آجاتا ہے۔ کیونکہ اس نسبت کا جمال صرف منتہی ہی دیکھ سکتا ہے۔ اس بیان سے جان لو۔ کہ ان کلمات اور اشعار کا سننا جن سے توحید کی بو آتی ہو کیا نسبت رکھتا ہے۔ یہ بھی اس وقت کہ نغمہ کے لباس میں نہ ہو۔ ورنہ بحث سے خارج ہے۔ وہ سماع جو مقبول ہے۔ وہ روحانی سماع ہے۔ جو معانی کا سماع ہے۔ لیکن طبیعی سماع جو نغمہ کا سماع ہے اس میں بہت اختلاف ہے۔ عام علماء اس کو حرام جانتے ہیں۔ بعض مشائخ نے اس کو صرف علاج کے طور پر بقدر ضرورت

Marfat.com

جائز قرار دیا ہے۔ نہ یہ کہ اس کو قربات سے جانیں۔ اور الٰہی کہیں۔ بعض مشائخ نے صرف طریقت کی رواج اور زینت کے لئے پسند کیا ہے۔ لیکن مبتدی کو اس کا اہل اور لائق نہیں جانتے۔ کیونکہ ابھی وہ صاحب دل اور اہل محبت نہیں ہوا۔ اس کی طبیعت اسی نغمہ پہ ڈال دیتی ہے۔ اور وہ کلمات کے معانی اور ان کے ذوق سے بے بہرہ اور خالی ہاتھ رہ جاتا ہے۔ بعض مشائخ گو اس کو مباحا جانتے ہیں۔ لیکن اس کے ترک اور چھوڑ دینے کو اولیٰ اور بہت بہتر کہتے ہیں۔ چنانچہ قطب طریق خواجہ بہاء الحق والدین قدس سرہٗ کی نسبت مشہور ہے۔ کہ فرمایا کرتے تھے۔ کہ میں نہ یہ تمام کرتا ہوں۔ اور نہ اس سے انکار کرتا ہوں۔ یہی مذہب فتوحات مکیہ والے کا ہے۔ رضی اللہ عنہٗ اس کامل نور والے شیخ کے نزدیک نغمہ کا سماع ہرگز روحانی نہیں ہے۔ اس سماع سے جو رقت اور نرم دلی حاصل ہوتی ہے۔ اس کو طبیعت کی رقت کہتے ہیں۔ اور اس کی حرکت کو حرکت طبیعیہ۔ ان کے نزدیک اس اونٹ کے درمیان جو سماع نغمہ سے متحرک ہو۔ اور اس سالک کے درمیان جو سماع نغمہ کی حرکت دوری سے متحرک ہے کوئی فرق نہیں ہے۔ اسی کتاب میں حضرت بایزید بسطامی قدس سرہٗ کی نسبت جو اس سلسلہ عالیہ کے مشائخ میں سے ہیں فرماتے ہیں۔ کہ حضرت بایزید قدس سرہٗ سماع نغمہ کو مکروہ جانتے تھے۔ نیز اسی کتاب میں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت جو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے سردار اور قطب ہیں لکھتے ہیں کہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سماع نغمہ کے قائل نہیں ہیں۔ اور نغمہ کے ساتھ مقید سماع کو دین خالص نہیں جانتے اور الا للہ الدین الخالص (دین خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہے) کے بموجب اس کو ترک کیا ہے۔ نیز اسی کتاب میں حضرت صدیق و سلمان فارسی و بایزید بسطامی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو ہمارے پیروں کے شجرہ میں داخل ہیں۔ ملامتیہ بزرگوں کے گروہ میں لکھتے ہیں۔ اور ملامتیہ ان بزرگوں کو کہتے ہیں۔ جو عام مسلمانوں کے لباس میں ہیں۔ اور ظاہر میں کسی عمل کے ساتھ ممتاز نہیں ہیں۔ اور ہمہ تن شریعت کے مقام میں ہیں۔ اور سنت کے تابع ہیں۔ چنانچہ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس گروہ کا پیر لکھتے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ سماع نغمہ ہرگز ہمارے طریق کے مناسب نہیں۔ اور جن لوگوں نے علاج طور پر تجویز کیا ہے۔ وہ اس طریق میں سند اور معتبر نہیں۔ کیونکہ سماع نغمہ عابدوں اور حال والوں

Marfat.com

اور شغل والوں کا علاج ہے۔ لیکن اس طریق کے سالکوں کی مزاج مقربین کے چشمہ سے سیراب ہے۔ عابدوں اور اہل حال کو اس مشرب کوئی حصہ حاصل نہیں۔ چونکہ یہ لوگ لَا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (تجارت اور خرید و فروخت ان کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے نہیں روکتے) مقام میں آجاتے ہیں۔ اور صبر مع اللہ کی رعایت کرتے ہیں۔ اس لئے شغل والوں میں سے بھی نہیں ہیں۔ ادھر بات لمبی ہوگئی۔ اور خلاصہ مقصود سے دور جا پڑی۔ اب ہم پھر اصلی مقصود کو بیان کرتے ہیں۔

طریق نفی کی دوسری قسم اجسام عالم کی صورتوں سے بے شعوری کا طریق ہے۔ اس طریق والا تمام جہان کو محض خالی کرتا ہے۔ وحدت کا غلبہ اس کی بصیرت کو کثرت کی طرف سے اپنی طرف کھینچ لے جاتا ہے۔ چونکہ طبیعت کی ظلمات اس کی آنکھوں کا غبار اور پردہ بنی ہوتی ہے۔ جس کے باعث وہ حیرت کے مقام میں مقید اور بیکار رہا ہوتا ہے۔ جب وہ کشش قوی ہو کر اس کی اپنی صورت کو بھی برباد کر دیتی ہے۔ اور اس مقام کی غرابت سے نکل جاتا ہے۔ تو مقصود کی دلہن نور صاف کے لباس میں جلوہ گر ہوتی ہے۔ اور تمام جہان میں حق تعالیٰ کو ہی پاتا ہے۔ اور جہان کو نقوش اور شکلوں اور رنگوں اور تعدد اور کثرت سے خالی دیکھتا ہے۔ اس کے بعد جوں جوں کشش قوی ہوتی جاتی ہے۔ ہستی کے پردے توں توں کم ہوتے جاتے ہیں۔ اور جس قدر وہ نور زیادہ زیادہ لطیف ہوتا جاتا ہے۔ سالک کی آنکھ زیادہ زیادہ روشن ہوتی جاتی ہے۔ اس فناء جسمانی کے مقام میں بھی جو کمال لطافت کے بعد ظہور میں آتی ہے۔ اس معیت کے باعث جو روح اور بدن کے درمیان ثابت ہے۔ دیکھنے والا صرف حق تعالیٰ ہی کو دیکھتا ہے۔ لیکن وجود روحانی کے باعث ابھی پوشیدہ اور خفیہ حجاب باقی ہے۔ جب سالک اس طریق میں عروج کرتا ہے۔ تمام جہات اور نورانیت کے معنی بلکہ اس کی یہ دید بھی کم ہو جاتی ہے۔ محض حیران رہ جاتا ہے۔ نہ عالم نظر آتا ہے۔ نہ خلا وہمی نہ نور حضور۔ جب یہ حیرت غالب آجاتی ہے۔ تو وجود روحانی کے مراتب میں بھی فنا حاصل ہو جاتی ہے۔ اس فناء سے افاقہ کے بعد اگر بقاء حضور کے مراتب تک اس کی ترقی ہو جائے اور اپنے آپ میں اتنا فرق معلوم کرے کہ اس کے سوا اور کوئی نہ جانے۔ اس وقت اس کی

Marfat.com

معرفت کا حال یہ ہے۔ کہ وجود کے میدان میں صرف ایک ہی ذات دیکھتا ہے اِلیٰ رَبِّکَ الْمُنْتَہیٰ (تحقیق تیرے رب کی طرف سب کی انتہا ہے) اکثر یہ ہے کہ اس دیدوا لا شخص جہان کی صورتوں کو وہم وخیال جانتا ہے یہ محض نمود بے بود سمجھتا ہے۔ اگر اسی طریق دل اس دید تک پہنچ جائے۔ تو متحیر ہو جاتا ہے۔ یہی محبت کی توحید اور غلبہ کا کشف ہے۔ یعنی محبت کے غلبہ سے اس کی کشفی نظر میں ایک ذات کے سوا کچھ نہیں رہتا۔ اس سالک پر صرف حیرت غالب ہے۔ یہ نہیں کہ جہان کی صورتوں کو نرا وہم وخیال ہی کہتا ہے۔

پوشیدہ نہ رہے کہ طریق نفی کے دوسرے قسم کے طریق پر چلنے والے کے حق میں اکثر اس طرح ہوتا ہے۔ کہ اس کا سر رابطہ کی راہ سے مرشد واصل کے سر سے مل جاتا ہے۔ اور اس اتصال سے آگاہی اور حضور کا نور حاصل کر لیتا ہے۔ اور پہلے طریق کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ لیکن پیشتر اس کے کہ وہ حاصل کیا ہوا نور قوی ہو جائے طالب کی نظر مرشد کی نظر کے تابع ہو کر عالم کی طرف پڑتی ہے۔ جب وہ نور وحدت سے آشنا ہو جاتا ہے۔ اور مقصود کی بو اس کی ارادت کے چہرہ کو صورتوں کے پردہ سے اپنی طرف کھینچ لیتی ہے۔ تو وہی تحیر اور حیرانی کے مراتب ظاہر ہو جاتے ہیں۔ جیسے کہ گذر چکا۔ لیکن اگر اللہ تعالیٰ کا فضل مدد فرمائے۔ اور تحقیق کا دروازہ اس کے لئے کھول دے۔ تو اس قسم کے طالب کے لئے وسعت دائرہ کی بہت ہی بشارت ہے جب ایسا طالب جذبہ کی انتہا تک پہنچ جاتا ہے۔ تو وحدت کو کثرت میں سرایت کئے ہوئے دیکھتا ہے۔ اور وحدت صرف میں فانی اور مستغرق ہو جاتا ہے۔ اس وقت شاہد اور شہود اور مشہود متحد ہو جاتے ہیں۔ بیت

کہاں غیر ہے اور کہاں ما سوا نہیں اور کچھ بھی خدا کے سوا

یہی تجلی تجلی ذاتی۔ جو انسانوں میں سے بعض کامل فردوں کے ساتھ مخصوص ہے۔ سالک یہاں پہنچکر تعین اول سے حظ حاصل کرتا ہے۔ اور جب اس مقام سے تنزل کرتا ہے۔ اور مرتبہ شہادت تک پہنچ جاتا ہے۔ تو تمام موجودات اس کی چشم بصیرت کی عینک بن جاتی ہیں۔ اور صفات اصل کا آئینہ ہو جاتی ہیں یقین ثانی بھی غیبت ثانیہ کے موافق اس کے احاطہ میں آجاتا ہے۔ اس وقت یہ ہو سکتا ہے۔ کہ عین ثابت

Marfat.com

کشف میں آجائے۔ اور اپنے آپ کو تمام موجودات کا عین معلوم کرے۔ اور ظاہر میں بھی تمام موجودات کو اپنا آئینہ دیکھے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے۔ کہ اسم باطن فوق وحدت کی جہت سے تجلی کرے۔ اور مقصود کے سر رشتہ کو گم کر دے۔ بیت

حق کے جمال ذات میں حیراں ہیں سب سیانے ۔۔۔ اس کے کمال کو پھر کیا عقل فہم جانے

یہ تجلی تجلی احدیت کا مقدمہ ہے۔ تجلی احدیت میں اسم ظاہر ظاہر علم کی طرف توجہ کرتا ہے پس حق تعالےٰ اب بھی ویسا ہی ہے جیسے کہ پہلے تھا۔ پس جو کچھ اہل سنت و جماعت نے الٰہیات میں تنزیہہ اور تقدیس کے مراتب بیان کئے ہیں۔ وہ ظاہر ہو جاتے ہیں حالانکہ تنزیہہ بہت بلند ہے اور اس نے وجود میں سب طرح کی شرکت دور کر دی ہے پس توحید قدم کا ثابت کرنا اور حادث کا گرانا ہے۔ یہاں پہنچ کر درویش بیچارہ عاجز محض اور مفلس صرف رہ جاتا ہے۔ اس کے بعد اس راہ کی کوئی نہایت نہیں یا اللہ تو ہمیں محروم نہ کر۔ آمین!

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اس سیر و سلوک کے اثناء میں بعض طالبوں کو واقعات اور کشف حاصل ہوتے ہیں۔ چنانچہ اپنے آپ کو اور تمام جہان کو پانی معلوم کرتا ہے۔ یا ہوا یا آگ جیسے کہ لطافت ہو۔ اسی طرح اس پانی کو خشک دیکھتا ہے۔ اور شعور سے مطلق دور ہو جاتا ہے۔ یہ کشف پہلے قدم میں ہے۔ اس سے مقدم جہان کی صورتوں کا گم کرنا ہے۔ ہو سکتا ہے۔ کہ اسی کشف کے اثناء میں حق تعالیٰ مثالی صورتوں میں تجلی کرے۔ بلکہ حسی صورتوں میں بھی ممکن ہے اور توحید صوری اس کو حاصل ہو جائے چنانچہ اپنے آپ کو عروج میں دیکھے۔ اور عرش کے نور میں محو و ناچیز ہو جائے۔ یہ امر احاطہ شہود کا مقدمہ اور کثرت میں وحدت کا مطالعہ ہے۔ چونکہ بات عروج تک پہنچ گئی ہے اس لئے واقعہ اور کشف کا بیان چھوڑ دیتے۔ اور اب نفی کے طریقوں میں سے ایک اور طریق بیان کرتے ہیں۔ اللہ تجھے سعادت بخشے۔ واضح ہو کہ نفی کے طریقوں میں سے تیسرا طریق معراج تحلیل کا طریق ہے۔ اس طریق میں صفات بشریت کی نفی ہو جاتی ہے۔ چنانچہ کام کے اثناء میں اپنے آپ کو عروج میں دیکھتا ہے۔ اور خفت اور ہلکا پن کے موافق آسمانوں کے طبقوں تک پہنچ جاتا ہے۔ اور بعض کے لئے ملکوت کے عجائبات مکشوف ہوتے ہیں۔ اور بہشت و دوزخ و لوح محفوظ وغیرہ میں آجاتے ہیں۔

Marfat.com

حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے عرش تک پہنچ جاتے ہیں۔ اور عرش والے کے انوار میں محو نما چیز ہو جاتے ہیں جب اس مقام میں تمکین حاصل کر لیتے ہیں۔ اور جذبات قوی پا لیتے ہیں۔ تو پھر طبیعت کی ماں کی گود سے بالکل نکل جاتے ہیں۔ تو دوسرا تولد ظہور میں آتا ہے۔ اور واللہ من ورائہم محیط کا نور محیط ظاہر ہوتا ہے۔ اور فنا و وجدی حاصل ہو جاتی ہے۔

پوشیدہ نہ رہے کہ یہ طریق کبھی درجات میں دوسرے طریق کے ساتھ مل جاتا ہے لیکن چونکہ بعض کو خالص یہی طریق پیش آتا ہے۔ اس لئے اس کو دوسرا طریق کہا۔ ورنہ تحقیق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف اتنے راستے ہیں جتنے مخلوقات کے سانس۔ ہر ایک شخص کو ایک ایک الگ الگ چیز پیش آتی ہے۔ لیکن سالک کی توجہ کے موافق تین قسموں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ اس کی توجہ ذات خاص کی طرف ہے یا نور محیط کی طرف فوق العرش کی طرف۔ پس پہلی وہی قسم ہے۔ اسی طرح دوسری اور تیسری ہے۔ اسی واسطے ہم نے اثبات کے طریق کو چوتھا طریق بنایا ہے۔ کیونکہ اس میں سالک کی توجہ اسم ظاہر پر ہے۔ پہلا قدم توحید صوری میں پڑتا ہے۔ کیونکہ اس کے اور اس کے مقصود کے درمیان کوئی شے نہیں۔ جس کی نفی کرے اور مقصود تک پہنچے۔ یہ بات صرف اُسکی اپنی نظر کے موافق ہے نہ کہ واقعہ میں ایسی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مرشد کی توجہ اور سالک کے دلی رابطہ کے باعث مقصود کی طرف اس کا انجذاب قوی ہو جاتا ہے۔ اور تمام حواس سے غائب ہو جاتا ہے۔ اور صورتوں کے امتیازی میں شکست آجاتی ہے۔ اور جہاں مختلف رنگ کے نوروں کی صورتوں میں یعنی میلا۔ سرخ۔ سفید۔ زرد۔ سیاہ اور بیرنگ سالک کے تصفیہ کے مراتب کے موافق آہستہ آہستہ ظہور کرتا ہے۔ لیکن ہر مرتبہ میں اس کی نظر اسی پر بند ہے اور اسی کو حق جانتا ہے۔ جب اس کی غیبت اور بیخودی قوی ہو جاتی ہے۔ تو نور بیرنگ کے لباس میں حق کا مشاہدہ کرتا ہے۔ لیکن عالم شہادت بالکل درمیان سے اُٹھ جاتا ہے۔ اس کا وجود اور عدم اس کی نظر میں نہیں آتا۔ اس وقت دوسرے طریق میں آجاتا ہے۔ اگر کشش اس طرح قوی ہوتی جائے۔ تو دوسرے طریق سے بھی عروج کر جاتا ہے۔ اور پہلے طریق میں آجاتا ہے۔ لیکن اس منزلوں میں سے اخیر کی منزل کے نزدیک جب اس مقام میں رسوخ پیدا کر لیتا ہے۔ اور شعور میں آجاتا ہے تو پھر اُس کی نظر طریق

Marfat.com

اول پر جا پڑتی ہے۔ اور سب کو حق معلوم کرتا ہے یعنی بے چون و بیچگوں دیکھتا ہے۔ نہ نور ہوتا ہے نہ بے رنگ۔ اور ہو سکتا ہے۔ کہ اسی دوسرے طریق میں آخر تک پہنچ جائے۔ اگرچہ آخر میں طریق دوم کے سالک کی نظر حضور کے غلبہ میں طریق اول کے سالک کی نظر کے ساتھ یکساں ہے۔ کیونکہ اوّل طریق کے سالک کا سلوک اس کے سر کے مرتبہ میں ہے اس کا راستہ راہِ راست ہے۔ اور جب طریق کے سالک کی بھی نظر راست ہو جاتی ہے۔ اور اس کو بھی راہِ راست حاصل ہو جاتا ہے۔ تو دونوں کی نظریں ایک ہو جاتی ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے۔ کہ ایک کی نظر وسیع ہوتی ہے۔ دوسرے کی تنگ۔ بشرطیکہ وہ اسی طرح تنگی میں رہے۔ اور اگر ترقی کر جائے۔ اور وسعت حاصل کرے۔ تو پھر دونوں ایک ہیں۔

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ ترقی کی قسموں میں سے ایک ترقی وہ ہے۔ جو کشف کے طریق میں ہے۔ جس میں عالم مثال۔

اللہ تعالیٰ کا ہزار ہزار شکر ہے کہ حضرت قدوۃ الواصلین زبدۃ العارفین حضرت خواجہ محمد باقی باللہ فانی فی اللہ قدس سرہٗ کے رسالہ اور رقعات و واقعات کا ترجمہ اس ناچیز بیمقدار گنہگار مسکین عالم الدین عفی عنہ غلام غلامان حضرت غوث صمدانی قطب ربانی قبلہ عالم و عالمیان حضرت خواجہ عبدالکریم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ سے تمام ہوا۔ اللہ تعالیٰ ان کے مصنف اور ان کے جامع اور مترجم اور ان کے والدین اور مشائخ تمام پڑھنے والوں اور چھپوانے والوں اور درست کرنے والوں کو اپنے فضل و کرم سے بخشے۔ آمین۔ ثم آمین۔

شعر

اِلٰہی بخشی من کل ضیق ۔ بجاہ المصطفٰی مولی الجمیع
وھب لی فی مدینتہ قرارا ۔ بایمان و وفقنا بالبقیع

آمین!

ترجمہ

الٰہی تو بچالے ہر بلا سے ۔ طفیل اس مصطفٰے خیر الوریٰ کے
مجھے لے چل مدینے میں خدایا ۔ مروں اس جا دیں جاؤں وہ یا

آمین!

تمام شد ۔ بندہ مسکین عالم الدین عفی عنہ

Marfat.com

تصوّف کی کتابوں کا اشتہار

مرۃ العارفین

یہ کتاب عربی میں تصنیف لطیف جگر گوشہ رسول مقبول احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم نور دیدہ علی المرتضیٰ جناب سید الشہدا حضرت امام حسین علیہ السلام کی راہ سلوک میں ہے۔ جناب امام علیہ السلام نے طریق سلوک کو نہایت عمدگی سے بتایا ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ عربی کے نیچے ساتھ ساتھ ہے۔ خوبی اور برکت پڑھنے سے معلوم ہوتی ہے۔ نہایت عمدہ لکھائی۔ اعلیٰ چھپائی۔ نفیس کاغذ پر چھپوائی گئی ہے + قیمت صرف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عہ

اُردو ترجمہ کتاب مجمع الاسرار

جناب پیر بہادر شاہ رحمۃ اللہ علیہ نے طریقہ قادریہ کے اذکار اور اوراد کے علاوہ سلسلہ نقشبندیہ و سلسلہ چشتیہ کے ذکر اذکار وغیرہ بھی تفصیل بیان فرمائے ہیں بلکہ بعض عملیات بھی بوضاحت لکھے ہیں۔ اور اس کے ساتھ طریقہ اویسیہ کے حالات پر نہایت عمدہ بحث فرما کر طالب کی تسلی فرمائی ہے۔ قابل دید کتاب ہے۔ قیمت للہ ر

اردو ترجمہ کتاب مجالس السحنہ

از ارشادات و حالات خاندان حضرت خواجہ کمال الدین علامہ چشتی رضی اللہ عنہ و ملفوظات حضرت خواجہ حسن محمد چشتی رضی اللہ عنہ جمع کردہ حضرت مظہر اللہ تمام المصمم حضرت خواجہ محمد رحمۃ اللہ علیہ چشتی مصنف چہل و دو رسائل متبرہ حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلوی چشتی رحمۃ اللہ علیہ

قیمت صرف تین آنے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (عہ ر)

المشتہر

ملک فضل الدین ملک چنن الدین کگے زئی تاجران کتب قومی کشمیری بازار لاہور

(طابعہ اسلام پریس لاہور)

Marfat.com

اُردو ترجمہ جواہر علویہ

یہ کتاب حضرت زبدۃ العارفین قدوۃ السالکین مولانا شاہ رؤف احمد صاحب نقشبندی۔ مجددی خلیفہ خاص حضرت شاہ غلام علی صاحب نقشبندی۔ دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف سے ہے۔ اس کتاب میں جناب مصنف علیہ الرحمۃ نے جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے لے کر حضرت شاہ غلام علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تک بزرگان نقشبندیہ کے حالات قلمبند فرمائے ہیں۔ قیمت :-

مکتوباتِ غوثیہ

اس رسالہ نادرہ میں جناب غوث پاک قطب ربانی غوثِ صمدانی میراں محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات کا ترجمہ کیا ہے حضرت نے ان مکتوبات شریف میں نہایت انصاف سے سالکِ تصوف کو ظاہر فرمایا ہے۔ قیمت :- ۰/۵۰

سکینۃ الاولیا (اردو)

یہ کتاب تصنیف حضرت خواجہ شہزادہ محمد دارا شکوہ رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ اس میں مصنف علیہ الرحمۃ نے اپنے مشائخ عظام کے حالات نہایت عمدگی سے لکھے ہیں۔ اور چہار طریقہ عالیہ کی نسبت نہایت محبت اور اخلاق سے اظہارِ عقیدت فرما کر وہ رموز باریک بیان فرمائے ہیں۔ جن کی تلاش میں طالبانِ مولیٰ اپنی عمریں کھو دیتے ہیں اور انہیں اس سے واقفیت تک نصیب نہیں ہوتی۔ نہایت سلیس اور بامحاورہ اردو ترجمہ کرا کر شائع کی گئی ہے۔ قیمت :- مجلد ۱۶/۰۰

اُردو ترجمہ کتاب دلیل العارفین

یعنی ملفوظات ملک المشائخ سلطان المساکین منہاج المتقین قطب الاولیاء شمس الفقراء ختم المہتدین، خواجہ معین الملت والدین حسن سنجری نور اللہ مرقدہٗ جس کو حضرت مقتداء العارفین، مرشد المومنین قطب الاقطاب والمسلمین جناب خواجہ قطب الدین بختیار کاکی اوشی قدس اللہ تعالیٰ سرالعزیز نے جمع کیا اور اپنے پیشوائے عالیمقام کی محبت اور جان نثاری کا اعلیٰ ثبوت دیا ہے۔ خوشخط نہایت اعلیٰ کاغذ پر چھپ کر تیار ہے۔ قیمت :- ۱/۲۵

المشتہر
اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ)۔ بازار کشمیری ۔ لاہور
تہران

Marfat.com

عربی سے اردو ترجمہ

کتاب الشفا یعنی سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم

یہ ایک بہت بڑی اور مشہور عربی زبان میں حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محاسن و مناقب میں تصنیف فرمائی ہوئی ہے۔ اس کتاب کی خوبی اور مقبولیت عام احاطۂ تحریر میں نہیں آسکتی کیونکہ ذات باری جس محبوب کی صفت و ثنا قرآن کریم میں اپنی زبان مبارک سے فرمائے۔ اور جملہ فرشتگان کو اس پیارے نام پر صلوٰۃ و سلام پڑھنے کے لئے حکم دے تو دوسرا کون بشر یا جن و ملک ہے کہ وہ اس ثنا کو پورے طور پر ادا کر سکے حضرت قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اس کتاب کو جس خوبی اور حسن اعتقاد و دل بستگی سے لکھ کر اپنے ایمان اور محبت مصطفوی صلی اللہ علیہ وسلم کا ثبوت دنیا ہے۔ یہ اسی مبارک ہستی کا کام تھا چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر میں تحریر فرمایا ہے کہ اس کتاب الشفا سے کوئی کتاب جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نہ تو اب تک کسی نے لکھی ہے اور نہ آئندہ کوئی لکھے گا یہاں تک کہ حضرت نے تحریر فرمایا ہے کہ جس گھر میں یہ مبارک کتاب کتاب الشفا موجود ہوگی وہاں تصدیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کوئی بیماری نہ ہوگی۔ اس کتاب کے مصنف علیہ الرحمۃ نے وہ وہ باریک مسائل تحریر فرمائے ہیں۔ جو آج تک بعض علمائے کرام کی زبان مبارک سے کم سننے میں آئے ہیں اس کتاب کے مطالعہ سے ہر ایک سچے مسلمان کا ایمان تازہ ہوتا ہے اور برکات الٰہی سے بہرہ یاب ہو کر جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضان سے فیضیاب ہوتا ہے۔ لہٰذا پاس خاطر عام مسلمانوں کے حال ہی میں اردو ترجمہ کرا کر نہایت اعلیٰ کاغذ پر خوشخط چھاپی گئی ہے۔ حجم کتاب ہذا ۵۱۲ صفحات مجلد سہ رنگی۔ قیمت صرف چھتیس ۳۶/- روپے

المشتہر: اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ) بازار کشمیری لاہور

Marfat.com

Marfat.com

تصوف پر اللہ والوں کے خاص تحفے

اردو ترجمہ کتاب

مناقب سلطانی

مناقب و حالات زبدۃ العارفین سرتاج مشتاقان
عشق و فقر خاندان عالیہ قادریہ جناب حضرت
سلطان باھو رحمۃ اللہ مع مفصل سوانح عمری
قیمت نیا ایڈیشن مجلد -/۲۵ روپے

اردو ترجمہ کتاب

کتاب الشفاء

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی سیرت پاک پر قاضی عیاض رح
کی عربی کتاب کا اردو ترجمہ
قابل دید کتاب ہے

ملفوظات
خواجگانِ چشت اہل بہشت

ہشت بہشت

آٹھ اکابر حضرات چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم
کے حالات و ملفوظات کا مجموعہ۔ اس کے
پڑھنے سے نورِ ایمان حاصل ہوتا ہے۔ قیمت روپے
۲۷/۵۰

حالات مشائخ نقشبندیہ مجددیہ

عربی سے اردو ترجمہ کتاب
حضرات خواجگان نقشبندیہ مجددیہ رح
کے حالات و مناقب پر یہ
کتاب ایک مستند خزانہ
ہے۔ قیمت مجلد

حالات مشائخ چشتیہ رح

اردو ترجمہ
کتاب ہر سہ دفتر
بزرگانِ عظام چشت اہل بہشت کے
حالات و مناقب پر یہ ایک خاص
اردو
ترجمہ کتاب
نعمت ہے۔ نیا ایڈیشن
قیمت مجلد

بہجۃ الاسرار

یعنی

تذکرہ غوث اعظم

حالات و کرامات جناب
غوث پاک پر روایتاً
محرر شدہ کتاب
نہایت مستند کتاب

مکتوبات شریف

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے اُن خطوط
کا مکتوبات کا مجموعہ جو آپ نے وقتاً فوقتاً اپنے پیر
دستگیر حضرت باقی باللہ قدس سرہ اور دیگر
احباب کی طرف ارقام فرمائے یہ
کتاب ایک نعمت غیر مترقبہ ہے
مجلد مکمل تین حصے

جواہر فریدی

یعنی

تذکرہ فریدی

حضرت بابا فرید الدین صاحب
گنج شکر رح کی تصنیفات
میں سے ایک شاہکار
کتاب....
خزانہ ہے
قیمت

حیاتِ جاودانی

عربی سے
اردو ترجمہ کتاب
جناب غوث پاک رح کے حالات و کرامات پر
نہایت مستند جامع کتاب ہے۔ قیمت ۷/۵۰ روپے

نفحات الانس

۱۲۵ چھ سو پچیس اولیائے کرام و بزرگان عظام رح کے
حالات مع سوانحعمری مولانا جامی رح۔ قیمت ۲۵/ روپے

فتح الربانی والفیض الرحمانی

مجموعہ خطبات و وعظ حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی
غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی رح
نہایت دلچسپ اور پُر از نصیحت
کتاب ہے۔ قیمت ۱۲/ روپے

نو ترمیم

تذکرہ غوثیہ

یعنی

شجرۂ معرفت

شریعت۔ طریقت۔ حقیقت اور معرفت
کے مسائل پر مکمل اور مدلل کتاب۔ قیمت ۱۲/ روپے

تعلیم غوثیہ

موسومہ بہ

مرآۃ الوحدت

مولانا و مرشدنا حضرت سید غوث علی شاہ
قلندر پانی پتی کی لاجواب تصنیف
قیمت۔ ۲۰/ روپے

ملنے کا پتہ:- اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ) بازار کشمیری لاہور

محمد اکرم مفتی

Price Rs. 2-00

Marfat.com

تصوف پر اللہ والوں کے خاص تحفے

اردو ترجمہ کتاب

مناقب سلطانی

مناقب و حالات زبدۃ العارفین سرتاج مشتاقان
عشق و فقر خاندان عالیہ قادریہ جناب حضرت
سلطان باھو رحمۃ اللہ مع مفصل سوانح عمری
قیمت نیا ایڈیشن مجلد -/۲۵ روپے

اردو ترجمہ کتاب

کتاب الشفاء

سرکار دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی سیرت پاک پر قاضی عیاض رح
کی عربی کتاب کا اردو ترجمہ
قابل دید کتاب ہے

ملفوظات
خواجگانِ چشت اہل بہشت

ہشت بہشت

آٹھ اکابر حضرات چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم
کے حالات و ملفوظات کا مجموعہ۔ اس کے
پڑھنے سے نورِ ایمان حاصل ہوتا ہے۔ قیمت روپے
۲۷/۵۰

حالات مشائخ نقشبندیہ مجددیہ

عربی سے اردو ترجمہ کتاب
حضرات خواجگان نقشبندیہ مجددیہ رح
کے حالات و مناقب پر یہ
کتاب ایک مستند خزانہ
ہے۔ قیمت مجلد

حالات مشائخ چشتیہ رح

اردو ترجمہ
کتاب ہر سہ دفتر
بزرگانِ عظام چشت اہل بہشت کے
حالات و مناقب پر یہ ایک خاص
اردو
ترجمہ کتاب
نعمت ہے۔ نیا ایڈیشن
قیمت مجلد

بہجۃ الاسرار

یعنی

تذکرہ غوث اعظم

حالات و کرامات جناب
غوث پاک پر روایتاً
محرر شدہ کتاب
نہایت مستند کتاب

مکتوبات شریف

امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے اُن خطوط
کا مکتوبات کا مجموعہ جو آپ نے وقتاً فوقتاً اپنے پیر
دستگیر حضرت باقی باللہ قدس سرہ اور دیگر
احباب کی طرف ارقام فرمائے یہ
کتاب ایک نعمت غیر مترقبہ ہے
مجلد مکمل تین حصے

جواہر فریدی

یعنی

تذکرہ فریدی

حضرت بابا فرید الدین صاحب
گنج شکر رح کی تصنیفات
میں سے ایک شاہکار
کتاب....
خزانہ ہے
قیمت

حیاتِ جاودانی

عربی سے
اردو ترجمہ کتاب
جناب غوث پاک رح کے حالات و کرامات پر
نہایت مستند جامع کتاب ہے۔ قیمت ۷/۵۰ روپے

نفحات الانس

۱۲۵ چھ سو پچیس اولیائے کرام و بزرگان عظام رح کے
حالات مع سوانحعمری مولانا جامی رح۔ قیمت ۲۵/ روپے

فتح الربانی والفیض الرحمانی

مجموعہ خطبات و وعظ حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی
غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانی رح
نہایت دلچسپ اور پُر از نصیحت
کتاب ہے۔ قیمت ۱۲/ روپے

نو ترمیم

تذکرہ غوثیہ

یعنی

شجرۂ معرفت

شریعت۔ طریقت۔ حقیقت اور معرفت
کے مسائل پر مکمل اور مدلل کتاب۔ قیمت ۱۲/ روپے

تعلیم غوثیہ

موسومہ بہ

مرآۃ الوحدت

مولانا و مرشدنا حضرت سید غوث علی شاہ
قلندر پانی پتی کی لاجواب تصنیف
قیمت۔ ۲۰/ روپے

ملنے کا پتہ:- اللہ والے کی قومی دکان (رجسٹرڈ) بازار کشمیری لاہور

محمد اکرم مفتی

Price Rs. 2-00

Marfat.com